his opinion the greatest enemy of Islam was nationalism in the Western sense. (ibid. p.154), Spiritual life ought to form the basis of all political expression, Territorial patriotism was innate in man, yet his belief, traditions and culture had a greater significance. It was for these that man should live or lay down his life rather than for that portion of earth with which he had developed a kind of temporary attachment. (Islam and Nationalism. The Daily Ehsan. March 9, 1938; Islam and Ahmadism p.43; Harf-i-Iqbal pp.60,61). However, there was nothing wrong, he wrote, in saying that the nations were usually associated with the territories they occupied. Indians were called Indians because they inhabited that part of earth which was called India. Territory as a geographical concept did not come into conflict with Islam because in that sense its boundaries were changeable. The people of Burma, for instance, were considered Indians but since the inauguration of the Government of India Act 1935 which separated Burma from India, became Burmese. Thus nationalism came into contlict with Islam only when as a political ideal it demanded that Islam should cease to exist as a living factor in the national life. Muslims could not forsake their communal unity for any narrower system based exlusively on race, language or territory. In the Quran were used the terms Ummah or Milla for the Muslim community instead of Qawm (nation), for the reason that whereas many nations could belong to a community of faith, a nation did not necessarily include a community. A nation was a group of people formed on the lines of tribe, race, colour, language or territory. Such a group could appear in numerous forms and in a variety of places. The Muslim community on the other hand assimilated this multiplicity of groups and transformed their aggregate into a single people possessing a self-consciousness of their own. Islam drew its followers from mutually repellent tribes and races and was, to a great extent, successful in creating a conscience and a collective will in this hetrogeneous mass. Being non-racial, non-linguistic and non-territorial, Islam furnished a model for human unity. (Islam and Nationalism; Islam and Ahmadism

P.43; The Reconstrucition of Religious Thought in Islam P.167).

In the opinion of Iqbal, by accepting nationalism, the Muslim states could never cease to be Islamic because so long as the Muslims believed in Tawhid (Unity of God) and the Prophethood of Muhammad, they could not step out of the fold of Islam, howsoever faulty might be their interpretation of the Quran or the Shariah law. Islam as a religion had no territorial attachment and as a culture had neither any mode of dress nor any language or script. Consequently, the adoption of any specific mode of dress or script in the Muslim states could not imply renunciation of Islam. (Islam and Ahmadism pp. 35,36. Iqbal however, observes that the adoption of the Swiss Code by Turkey with its rule of inheritance was an error which had arisen out of the youthful zeal for reform excusable in a people furiously desiring to go ahead. p.37)

In his opinion the problem of nationalism could not arise in Turkey, Iran, Egypt or other Muslim countries because those countries were overwhelmingly Muslim and their minorities belonged to the 'People of the Book'. There existed no social barriers between the Muslims and the 'People of the Book', for a Jew or a Christian did not pollute the food of a Muslim by touching it and moreover, the law of Islam permitted social connections with them. The problem of nationalism arose for the Muslims only in such countries where they constituted a minority or where nationalism demanded that they should merge themselves into the majority. In the countries where Muslims predominated, Islam assimilated nationalism; but in those countries where Muslims formed a minority, they would be justified in seeking self-determination as a cultural unit. (Islam and Ahmadism pp.43,44,45). It was with this background that Iqbal emphasized the fact that since India was numerically the largest Muslim country in the world, it was necessary to centralize Islam as a cultural unit in a specified territory. Consequently in 1930 he suggested the creation of an amalgamated Muslim state as a national homeland for the Muslims of North-West and East India. Islam was thus utilized by Iqbal as a

nation-building force and it was on the basis of Muslim nationalism that Islam seceded from India through the carving out of the Islamic Republic of Pakistan. (Thoughts and Reflections of Iqbal pp.171, 172; Letters of Iqbal to Jinnah p.22). He had stated earlier in 1910 that "nations are born in the hearts of poets; they prosper and die in the hands of politicians." (Stray Reflections. p 125).

Iqbal pointed out that the uniform spiritual atmosphere in the world of Islam could facilitate the 'political combination' of Muslim states. Such combination could assume the form either of a confederal international state, or a league of Muslim nations, or a multiplicity of independent Muslim states inter-linked with one another through treaties, pacts or alliances. Politically, the solidarity or unity of Muslim community would break up if the Muslim states were to go to war against one another, and religiously it would break up if the Muslims rebelled against the foundational principles of Islam. (Islam and Ahmadism p.45)

Iqbal felt that the 'Political combination' of Muslim states was necessary for the realization of his meta-physical and moral ideal i.e. the perfect Muslim individual and the perfect Islamic society.

Conclusion

It has already been shown that the retention of unity of Muslim community is above all other considerations in Islam. Governmental or constitutional structures have a secondary importance for these are only means for realizing the objective i,e, the governance of Muslim community in accordance with the Quran and Sunnah. We have noted that the Prophet did not nominate any successor and that if the institution of Caliphate was created in the republican form, at least in early Islam, it was on the basis of human reason. The principle, therefore, which can be deduced from the original practice is that governmental structure in Islam ought to be laid on the republican foundation and that the head of the Muslim community is only the mandatory of the community for his authority is limited by the will of the community. The institution of Caliphate passed through changes in substance as well as form, but it was

never considered a religious office for it signified, like other forms of rulership known to Islam, only the temporal authority. In mediaeval Islam the appointment of Caliph was considered an exclusive right of the Muslim community because under the conditions prevalent at that time this was the only method by which the jurists could emphasize the Islamic character of Muslim community. After the abolition of Caliphate in Turkey and the emergence of Muslim states on national lines, it was argued that the Muslim community in its respective countries could govern itself through its elected representatives in assemblies. This was not a novel view as it had been held already by the Mutazillite jurists in mediaeval Islam who regarded the universal Caliphate only as a matter of expediency. Consequently the modernist position in Islam is that it was not obligatory on the part of Muslims to institute the Caliphate. They were free to evolve any form of constitutional structure suited to their needs and requirements provided that their choice of form of government was in conformity with the concept of community which Islam intended to establish. It has already been pointed out that the development of nationalism in the Muslim world was a part of defensive mechanism and had resulted from the struggle for independence of Muslims in specific territories which had fallen into the hands of European colonial powers. The growth of nationalism, therefore, was not a product of national rivalries among Muslims. Consequently in the countries of the Midle East, generally speaking, nationalism was not sundered from Islam.

The position of Muslims of the Indian subcontinent was somewhat different. They constituted majorities in specific areas, viz, North-West and East India, and had shared a common history of struggle for independence from the British as well as the Hindu majority. Although Muslims of the East and the West of the subcontinent were geographically non-contiguous, they voluntarily decided through their elected representatives to secede from India and to join the federation of Pakistan. Hence Pakistan came into being purely on the basis of Muslim nationalism. However, the separation

of Bangladesh from Pakistan came about due to the growth of regional nationalism as opposed to Muslim nationalism, the armed intervention of India, and the geographical non-contiguity of that region, But who can tell about the continuance of such state of affairs if in due course Muslim nationalism there was to supercede regional nationalism.

Iqbal's main object was to integrate his philosophy of Individual and Collective Ego with the traditional concept of Muslim community. The problem of relationship between individual and society was resolved by him through corelating his concept of individualism with the Islamic concept of community. He, therefore, found the philosophic basis of Islamic polity in the idea of Tawhid (Unity of God). It was with this background that he preached that Islam was itself a nation-building force and suggested that the Muslim states, for the time being, should concentrate on themselves, so that they could become strong individually, in order to form a living family of republics by adjusting their mutual rivalries through the unifying bond of Islam.

The accuracy of insight of Iqbal can be judged in terms of the conditions prevailing at present in the world of Islam. Almost all the former semi-independent or subjugated Muslim states, have regained their political independence and sovereign status. Alliances like the Baghdad Pact, CENTO or RCD have cemented the relations among Turkey, Iran and Pakistan. The holding of Islamic Summit Conferences, the creation of Islamic Secretariat, the establishment of Islamic Bank etc, were significant steps in the direction of bringing about the political unification of Muslim states. Even for the resolution of mutual disputes between two Muslim states, the mediation of a third Muslim state has proved successful in experience. The dispute between Pakistan and Bangladesh about the recognition of Bangladesh was resolved at Lahore through the mediation of President Sadat of Egypt. The reconciliation between Iran and Iraq respecting the Kurds was achieved at Algiers through the mediation of President

سہ ماہی
علمی و تحقیقی مجلہ

اقبال

بیادِ ڈاکٹر جاوید اقبال



مجلسِ اِدارت

مجلسِ مشاورت

مجلسِ اِدارت

مجلسِ مشاورت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مشمولات

☆☆☆

قلمی معاونین

محمد رفیق تارڑ (سابق صدرِ پاکستان)	:	چیئرمین نظریۂ پاکستان ٹرسٹ، مال روڈ لاہور
ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی	:	28/D منصورہ، لاہور
ڈاکٹر اسلم انصاری	:	۱۱۔ خیابانِ جناح، سبزہ زار کالونی، بوسن روڈ، ملتان
ڈاکٹر شفیق احمد	:	سابق صدر شعبۂ اُردو، اسلامیہ یونی ورسٹی، بہاولپور
امجد اسلام امجد	:	این 275 ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور
مرزا بشیر شاکر	:	کشمیر یونی ورسٹی، سری نگر
جسٹس (ر) منظور حسین سیال	:	صدر انجمن حمایت اسلام، لاہور
جسٹس (ر) منیر احمد مغل	:	125-B جوڈیشل کالونی، لاہور
ڈاکٹر ظہیر احمد بابر	:	ڈائریکٹر جنرل لائبریریز، قائد اعظم لائبریری، لاہور
امجد علی شاکر	:	سابق پرنسپل، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، ریلوے روڈ، لاہور
اسلم کمال	:	جہانزیب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
ڈاکٹر ثاقف نفیس	:	صدر شعبۂ اُردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، لاہور
محمد عامر اقبال صدیقی	:	محلہ گلاب والا، وارڈ نمبر ۵، جھنگ شہر
ڈاکٹر زاہد منیر عامر	:	پروفیسر اُردو، اورینٹل کالج، پنجاب یونی ورسٹی، لاہور
ناصر زیدی	:	جی پی او بکس نمبر 887، راولپنڈی کینٹ
سید محمد عبداللہ قادری	:	16Ev-71 واہ کینٹ
ڈاکٹر محمد آصف اعوان	:	چیئرمین شعبۂ اُردو، گورنمنٹ کالج یونی ورسٹی، فیصل آباد
پروفیسر محمد حنیف شاہد	:	ناظم بزمِ اقبال، لاہور
ڈاکٹر قمر سلطانہ	:	شعبۂ فلسفہ، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج، سرگودھا
محمد اسلم بھٹی	:	شعبۂ اُردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، سول لائنز، لاہور
ڈاکٹر محمد نعیم بزمی	:	صدر شعبۂ اُردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، سول لائنز، لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِداریہ

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال (۵/اکتوبر ۱۹۲۴ء تا ۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء) نے زندگی کی اکیانوے بہاریں دیکھیں اور حُسنِ فکر وعمل کی بدولت بجاطور پر فرزندِ اقبال ہونے کا اعزاز واعتبار حاصل کیا۔

حضرت علامہ اقبالؒ نے زندگی کی آخری ساعتوں میں اپنے فرزند جاوید اقبال سے فرمایا تھا: ''جاوید بن کر دکھاؤ تو جانیں۔'' آج ڈاکٹر جاوید اقبال کی متنوع خدماتِ جلیلہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ جاوید اقبال نے واقعی جاوید بن کر دکھا دیا ہے۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ جو سلوک بحیثیت قوم ہم نے حضرت علامہ اقبالؒ سے روا رکھا، کم وبیش ویسا ہی سلوک ہم نے فرزندِ اقبال سے بھی روا رکھا ہے۔ ہم نے حضرت علامہ اقبالؒ کو عقیدت واحترام کے سنگھاسن پہ بٹھایا، سجایا لیکن اُن کے روشن افکار کو دل اور نظام میں کماحقہٗ جگہ نہ دی۔ فرزندِ اقبال سے محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے بچوں کے نام ''جاوید اقبال'' تو رکھے لیکن الیکشن (۱۹۷۰ء) میں انھیں ووٹ کے قابل نہ سمجھا۔ زیادہ افسوس تو اس بات کا ہے کہ اہلِ لاہور نے فرزندِ اقبال کو مسترد کیا۔ (صد افسوس کہ اس قوم نے یہی سلوک مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناحؒ سے بھی روا رکھا!) کاش کہ حضرت علامہ اقبالؒ نے قوم کے محسن شناس ہونے کی دعا کی ہوتی!

عوام نے (سیاسی حوالے سے) فرزندِ اقبال سے جو سلوک کیا وہ یقیناً ایک المیہ ہے۔ بالا دست اشرافیہ (حکمران طبقے) نے بھی اُن کے اصل مقام کو نہ جانا۔ کیا ڈاکٹر جاوید اقبال درآمدہ/ نگران وزرائے اعظم سے بھی گئے گزرے تھے؟ کیا وہ صدرِ مملکت کے عہدے پر فائز ہونے کے لائق بھی نہ تھے؟

ڈاکٹر جاوید اقبال کے درجِ ذیل بیانات میں بالا دست اشرافیہ کی ستم ظریفی اور بے حسی کی ایک جھلک ملاحظہ کیجیے:

۱۔ ''مجھے علامہ اقبال کے حوالے سے میوزیم پیس کی طرح پاکستان کے اکثر حکمران بیرونی مہمان شخصیات سے متعارف کراتے رہے۔''

۲۔ ''مجھے کسنجر سے علامہ اقبالؒ کے فرزند کی حیثیت سے ملوایا گیا لیکن کسنجر کی پاکستان کے بارے میں لاعلمی کا یہ عالم تھا کہ وہ مجھے ہی علامہ اقبال سمجھا۔''

ڈاکٹر جاوید اقبالؒ نے اپنے والد (حضرت علامہ اقبالؒ) کے نام ایک فرضی خط (مشمولہ اپنا گریباں چاک) میں پاکستان کے مسائل کا نقشہ کھینچتے ہوئے نئی نسل کو بیدار کرنے کی کوشش کی ہے۔ حضرت علامہ اقبالؒ سے اُن کے سوالات اصل میں قوم سے سوالات ہیں اور ان سوالوں کا مقصد قوم کو خود احتسابی اور اجتہاد کی راہ بجھانا ہے۔

الغرض، ڈاکٹر جاوید اقبال، فکر و فلسفہ کے شاہسوار، شارحِ خطبات و کلام اقبال، مجتہدانہ سوچ کے حامل مایۂ ناز قانون دان، صاحبِ اسلوب ادیب، ناکام نسل کے کامیاب دانش ور اور سب سے بڑھ کر سچے اور کھرے انسان تھے۔ اُن کی رحلت اس لیے بھی ایک سانحہ ہے کہ وہ پاکستان کے مسائل کا قابلِ عمل حل تلاش کرنے والوں کے لیے مشعلِ راہ اور کارواں سالار کا مقام رکھتے تھے۔ افسوس! اب یہ قافلہ اپنے قائد اور سالار سے محروم ہو گیا ہے!

اللہ مرحوم کے درجات بلند کرے اور قوم کو صبرِ جمیل عطا فرمائے! آمین!

طالبِ دعا:

محمد نعیم بزمی

mn_bazmi@yahoo.com

محمد رفیق تارڑ (سابق صدرِ پاکستان)

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

تحریک پاکستان کے کارکن، ممتاز دانشور، محقق، قانون دان، فرزند اقبال جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال ایک بھرپور زندگی بسر کرنے کے بعد اس دنیائے فانی کو ہمیشہ کے لیے الوداع کہہ گئے۔ فرزند اقبال ہونے کی نسبت سے لوگ ان سے بہت پیار کرتے تھے۔ پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ میں انتہائی اعلیٰ مناصب پر تعیناتی کے دوران انھوں نے ہمیشہ عدل وانصاف اور انسانی حقوق کے تحفظ کا پرچم سربلند رکھا۔ وہ انصاف کی فراہمی میں کبھی کسی دباؤ کو خاطر میں نہ لائے۔ انھوں نے نہایت باوقار انداز میں اپنی مدت ملازمت پوری کی اور بعد ازاں خود کو علم و تحقیق کے لیے وقف کر دیا۔ اللہ کریم نے انھیں اس قدر فراست سے نوازا تھا کہ فکر اقبال کے بعض دقیق پہلو بھی حاضرین کی ذہنی سطح کے مطابق بڑے عام فہم انداز میں بیان کر دیتے تھے۔ وہ اپنی سوچ میں روایت اور جدت کا حسین امتزاج تھے۔ ان کی گفتگو علم و دانش کا ایسا مرقع ہوتی تھی کہ ان کے روبرو چند گھڑیاں گزارنے والے افراد خود کو علمی وادبی لحاظ سے پہلے سے زیادہ بلند مقام پر محسوس کرتے تھے۔ فرزند اقبال ہونے کا اعزاز اپنی جگہ قابل رشک ہے، تاہم انھوں نے مسلسل محنت سے دنیائے علم و تحقیق میں اپنے لیے بھی ایک ممتاز مقام حاصل کر لیا تھا۔ آپ نے تحریک پاکستان میں سرگرم کردار ادا کیا تھا۔ جب جمہوریت کی بازیابی کی خاطر مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح نے فوجی آمر جنرل محمد ایوب خان کے خلاف صدارتی انتخاب لڑنے کا فیصلہ کیا تو آپ نے ان کے ہمراہ ملک کے گوشے گوشے کا سفر کیا۔ آپ سولہ برس تک تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے چیئرمین کے منصب پر فائز رہے اور اس دوران بابائے قوم کے بے لوث سپاہیوں کی فلاح و بہبود کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ نظریۂ پاکستان ٹرسٹ کے بورڈ آف گورنرز کے معزز رکن کی حیثیت سے بھی آپ نے پاکستان کے اساسی نظریہ کی ترویج کے لیے بھرپور کاوشیں کیں۔ ایوانِ کارکنان پاکستان لاہور میں منعقدہ تقریبات میں وہ باقاعدگی سے شرکت کیا کرتے تھے۔

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال ہمہ جہت شخصیت تھے۔ انھوں نے تحریک پاکستان میں سرگرم کردار ادا کیا۔ آپ نوجوانوں کو علامہ محمد اقبال کے فلسفۂ خودی پر عمل کرنے اور جہد مسلسل کی تاکید کیا کرتے تھے کہ یہی فکرِ اقبال کا نچوڑ ہے۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے کارکنان تحریک پاکستان کی فلاح و بہبود کے لیے گراں قدر خدمات سر انجام دیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال ایک محقق، دانشور، مصنف غرضیکہ ہمہ جہت انسان تھے۔

علامہ محمد اقبال کے فرزند ہونے کے ناتے لوگ ان سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔انھوں نے عدلیہ میں بھی باوقار مقام حاصل کیا۔مقدمات کی سماعت کے دوران وہ انتہائی صبر و تحمل سے وکلاء کا موقف سنتے اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فیصلہ کیا کرتے تھے۔آپ شگفتہ مزاج انسان تھے اور عدلیہ کے ماحول کو خوشگوار رکھتے تھے۔چائے کے وقفے میں آپ اپنی شگفتہ مزاجی کی بدولت محفل کو کشت زعفران بنا دیتے تھے۔مجھے بھی لاہور ہائی کورٹ بنچ میں ان کے ساتھ بیٹھنے کا امتیاز حاصل ہے۔وہ سولہ سال تک تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے چیئر مین رہے اور کارکنان تحریک پاکستان کی فلاح و بہبود کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ایوان کارکنان تحریک پاکستان میں منعقدہ تقریبات کو باقاعدگی سے رونق بخشتے تھے اور مختلف النوع موضوعات پر ان کے خطبات علم و دانش کا مرقع ہوا کرتے تھے۔ان کی گفتگو کا مرکزی نکتہ یہ ہوتا تھا کہ پاکستانی قوم اپنے اسلامی تشخص کو برقرار رکھتے ہوئے کس طرح عہد جدید کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔

☆☆☆

ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

فرزندِ اقبال ہونے کے ناطے سے ڈاکٹر جاوید اقبال مرحوم (وفات: ۳/ اکتوبر ۲۰۱۵ء) کا احترام بھی کیا جاتا تھا اور انھیں عزت بھی دی جاتی تھی، مگر اس وجہ سے ان کے افکار و خیالات پر تنقید بھی کی جاتی تھی اور بعض اوقات تنقید بہت سخت ہوتی تھی۔۔ان کی وفات پر بیسیوں مضامین لکھے گئے اور بہت سے تعزیتی جلسے ہوئے، جن میں صرف ان کی خوبیوں کو یاد کیا گیا۔ یہ ہماری تہذیب ہے کہ جو زندگی کی سرحد عبور کر گیا، اسے اچھے لفظوں سے یاد کیا جائے، چنانچہ جاوید صاحب کی وفات پر ان کی شخصیت کے کمزور پہلوؤں کا ذکر نہیں کیا گیا، نہ اُن کے بعض خیالات پر تنقید کی گئی یا ماضی میں کی جانے والی تنقید کو دُہرایا گیا۔

ان کی شخصیت اور ان کے خیالات و افکار کے تفصیلی اور غیر جانب دارانہ تجزیے کا وقت غالباً ابھی نہیں آیا، مگر کچھ عرصے بعد، چند ماہ بعد یا چند سالوں بعد، ان کے بچھڑنے کا غم ہلکا ہوگا تو پھر وقت ہوگا کہ ان پر معروضی نقد کیا جائے۔ اور ان کے خیالات و افکار کا تجزیہ کیا جائے۔

....

ڈاکٹر جاوید اقبال کا ذکر ہمیشہ ان کے والد علامہ محمد اقبال کے حوالے سے ہوتا ہے۔ (اخبارات میں ان کی وفات کی خبر کی سرخیوں میں ان کے نام کے ساتھ ''علامہ اقبال کے فرزند'' کا سابقہ لگا ہوا تھا۔) اگرچہ علامہ اقبال سے نسبی تعلق بھی جاوید اقبال کے لیے ایک گونہ فخر و امتیاز کا باعث تھا، مگر کبھی کبھی انھیں یہ احساس ہوتا تھا کہ میری اپنی کوئی حیثیت کچھ نہیں ہے۔ حالانکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ جاوید اقبال خود بھی ایک دانش ور، قانون دان، ادیب، سکالر اور اقبال شناس تھے اور ان کا شمار پاکستان کی ممتاز شخصیات میں ہوتا تھا۔ اپنے والد کی طرح جاوید اقبال بھی کیمبرج اور لنکنز اِن سے ڈگری یافتہ تھے۔ اگرچہ علامہ اقبال نے تین سال میں تین ڈگریاں حاصل کیں اور جاوید اقبال نے تین ڈگریوں کے حصول میں سات سال صرف کیے۔

....

وہ ۵/ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ بچپن زیادہ تر لاہور میں گزرا۔ ان دنوں اقبال کا گھرانا میکلوڈ روڈ پر قیام پذیر تھا۔ آج کل یہ مکان محکمہ آثار قدیمہ کی تحویل میں ہے اور یہاں اقبال اکادمی پاکستان کا محلِ فروخت قائم ہے۔ جاوید اڑوس پڑوس کے لڑکوں سے مل کر کرکٹ کھیلتے اور کبھی کنکوّے اڑاتے۔

ان کی والدہ سردار بیگم اپنے اکلوتے بیٹے کی صحت کے بارے میں فکر مند رہتیں۔ اگر بیمار پڑ جاتے تو طرح طرح کے علاج اور ٹونے کیے جاتے تھے۔

میٹرک تک جاوید اقبال کی تعلیم لاہور کے مختلف سکولوں (سیکرڈ ہارٹ مشنری سکول، سینٹ فرانسس سکول، سنٹرل ماڈل سکول اور اسلامیہ ہائی سکول بھاٹی گیٹ) میں ہوئی۔ گیارہ برس کے تھے کہ ۲۳ر مئی ۱۹۳۵ء کو ان کی والدہ (سردار بیگم) فوت ہوگئیں۔ اقبال نے بعض دوستوں کے مشورے سے علی گڑھ سے ایک جرمن خاتون مسز ڈورس احمد کو بلا کر جاوید اور ان کی بہن منیرہ کی دیکھ بھال ان کے سپرد کی۔ مسز ڈورس، علامہ اقبال کی وفات کے بعد بھی یہ ذمہ داری ادا کرتی رہیں۔ والد کی وفات (۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء) کے بعد جاوید اقبال کی تعلیم و تربیت چودھری محمد حسین کی نگرانی میں ہوئی۔ وہ علامہ اقبال کے مقرر کردہ پانچ سرپرستوں (خواجہ عبدالغنی، میاں امیر الدین، شیخ اعجاز احمد، چودھری محمد حسین، منشی طاہر الدین) میں شامل تھے۔ وہ ایک طرح سے علامہ کے ''دستِ راست'' سمجھے جاتے تھے۔

جاوید اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے آنرز کے بعد ایم اے انگریزی کا امتحان درجہ دوم میں پاس کیا، پھر ایم اے فلسفہ کا امتحان اعزاز کے ساتھ پاس کیا اور یونی ورسٹی میں پہلی پوزیشن کے نتیجے میں طلائی تمغا حاصل کیا۔ ۱۹۴۹ء میں وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے، جہاں وہ سات سال مقیم رہے۔ اس طویل عرصے میں انھوں نے کیمبرج سے پی ایچ ڈی اور لنکنز اِن لندن سے بیرسٹر ایٹ لا کی ڈگری حاصل کی۔ کیمبرج میں ان کے تحقیقی کام کا موضوع تھا: ''برصغیر میں مسلم سیاسی فلسفے کا ارتقا''۔

ستمبر ۱۹۵۶ء میں وہ انگلستان سے واپس وطن پہنچے۔ یہ ایک دلچسپ اتفاق ہے کہ انگلستان سے واپسی پر جاوید اقبال نے اپنے والد کی تقلید میں، ایک تو وکالت کو ذریعۂ معاش کے طور پر اپنایا، دوسرے وہ لا کالج میں جز وقتی لیکچرار کے طور پر کام کرنے لگے۔ (علامہ اقبال بھی انگلستان جانے سے پہلے اور بعد میں بھی اورینٹل کالج لاہور، گورنمنٹ کالج لاہور اور اسلامیہ کالج لاہور میں درس و تدریس کا فریضہ انجام دیتے رہے تھے۔ واپسی پر وکالت کرنے لگے مگر کچھ مدت کے لیے گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفے کی تدریس بھی کی۔)

۱۹۶۴ء میں جاوید اقبال کی شادی معروف علمی اور اشاعتی ادارے، فیروز سنز کے مالک ڈاکٹر عبدالوحید کی صاحب زادی ناصرہ سے ہوگئی۔ ناصرہ اقبال بھی ایک مستند وکیل ہیں اور ہائی کورٹ کی جج رہ چکی ہیں۔ ۱۹۷۰ء میں جاوید اقبال نے کونسل مسلم لیگ کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لیا، علامہ اقبال سے محبت رکھنے والی بہت سی شخصیات اور حلقوں نے ان کی تائید کا اعلان کیا۔ مولانا مودودی بھی ان کے مؤید تھے (اور اس وجہ سے نواب زادہ نصر اللہ خان مولانا سے ناراض ہوگئے) مگر پیپلز پارٹی کے ''روٹی، کپڑا اور مکان'' کے طوفان کے سامنے کوئی مخالف نہ ٹھہر سکا۔ جاوید اقبال بھی ذوالفقار علی بھٹو کے مقابلے میں کامیاب

نہ ہو سکے۔ ۱۹۷۱ء میں حکومت نے انھیں لاہور ہائی کورٹ کا جج مقرر کر دیا۔ ۱۹۸۲ء میں وہ لاہور ہائی کورٹ کے قائم مقام اور دو سال کے بعد مستقل چیف جسٹس مقرر ہوئے۔ ۱۹۸۶ء میں ہائی کورٹ سے سبک دوش ہوئے تو انھیں سپریم کورٹ کا جج مقرر کیا گیا۔ ۴/ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو تقریباً ۱۹/ برس تک منصفی کی خدمات انجام دینے کے بعد، وہ اس منصب سے سبک دوش ہو گئے۔

جاوید اقبال بہت خوش قسمت ہیں کہ انھیں علامہ کی قربت، توجہ اور محبت سے بہرہ وافر ملا۔ علامہ اقبال کو جاوید اقبال سے جتنی محبت تھی، اسی قدر وہ اس کی ذہنی اور اخلاقی تربیت کے بارے میں فکر مند رہتے تھے۔ علامہ کی کوشش ہوتی تھی کہ جاوید ہمیشہ ان کے پاس بلکہ نظروں کے سامنے رہے، کیونکہ والدہ جاوید کی وصیت تھی کہ "بچوں کو ایک دن کے لیے بھی اپنے سے جدا نہ کرنا"، چنانچہ علامہ جب کہیں بیرونِ لاہور سفر پر جاتے تو جاوید اقبال کو بھی ہمراہ لے جاتے، مثلاً بھوپال کے دوسرے اور تیسرے سفر میں وہ جاوید کو ساتھ لے گئے تھے۔ ایک بار جاوید کو ساتھ لے کر سرہند شریف بھی گئے۔

جاوید اقبال نے اپنی آپ بیتی "اپنا گریباں چاک" میں بتایا ہے کہ اقبال کی کوشش رہتی تھی کہ جاوید سادہ طرزِ زندگی اختیار کرے، مثلاً وہ اسے مغربی لباس کے بجائے مقامی اور مشرقی لباس پہننے کی تاکید کرتے۔ کوٹ پتلون یا نیکر پہننے کی ممانعت تھی۔ ہیٹ پہننے کی اجازت بھی نہ تھی، اس لیے جاوید اقبال عموماً رومی ٹوپی پہن کر سکول جایا کرتے تھے۔ والد نے یہ ہدایت بھی کر رکھی تھی کہ جاوید شام کو اندھیرا ہونے سے قبل واپس گھر آ جایا کریں۔ علامہ، جاوید کو بھی فقر و استغنا، درویشی اور قلندری کے راستے پر گامزن دیکھنا چاہتے تھے۔ اگر کبھی انھیں یہ معلوم ہو جاتا کہ جاوید پلنگ پر سونے کے بجائے زمین پر سویا ہے تو بہت خوش ہوتے۔ غرض وہ اپنے پیارے بیٹے کے بارے میں طرح طرح کی آرزوئیں رکھتے تھے۔ اس کا اندازہ "بالِ جبریل" کی نظم "جاوید کے نام" سے ہوتا ہے، خصوصاً اس شعر سے:

حیا نہیں ہے زمانے کی آنکھ میں باقی
خدا کرے کہ جوانی تیری رہے بے داغ

بالِ جبریل ہی کی ایک اور نظم (ص ۱۴۷) بھی اہم ہے جس کے ساتھ یہ وضاحت درج ہے: "لندن میں اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا پہلا خط آنے پر"۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ علامہ اقبال دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے لندن گئے تو جاوید اقبال نے اپنے ہاتھ سے اقبال کو پہلی بار ایک خط لکھا۔ اس وقت وہ سات سال کے تھے۔ خط میں جاوید نے فرمائش کی تھی کہ میرے لیے ایک گراموفون لے کر آئیں۔ بے شک یہ سات سالہ بچے کی ایک معصوم سی خواہش تھی، مگر اقبال اپنے بیٹے کو ان مشاغل سے بہت بلند تر دیکھنا چاہتے تھے، اس لیے راموفون لانے کے بجائے، انھوں نے مذکورہ نظم لکھ بھیجی، جس کا عنوان ہے: "دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر"

اس نظم کے حسبِ ذیل دو شعر خصوصیت سے قابلِ توجہ ہیں:

اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں
سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر
مِرا طریق امیری نہیں، فقیری ہے
خودی نہ بیچ، غریبی میں نام پیدا کر

۱۹۳۲ء میں اقبال نے اپنی شاہکار فارسی کتاب ''جاوید نامہ'' شائع کی۔ اس کے آخر میں ''خطاب بہ جاوید'' کے نام سے ایک مختصر مثنوی بھی شامل ہے۔ اگرچہ اس وقت جاوید کی عمر آٹھ برس تھی، وہ ان باتوں کو سمجھ نہیں سکتے تھے اور شاید اسی لیے علامہ اقبال نے مذکورہ مثنوی پر ''سخنے بہ نژادِ نو'' کا عنوان قائم کرنا ضروری سمجھا، تاکہ اس میں عمومیت پیدا ہو جائے، لیکن یہ امر بالکل واضح ہے کہ علامہ اقبال شدید طور پر آرزومند تھے کہ جاوید کی ذات اور شخصیت میں وہ خوبیاں اور صفات پیدا ہوں، جن کا ذکر اقبال نے اس مثنوی میں کیا ہے، مثلاً اقبال کی نصیحت یہ ہے کہ اگر جاوید اپنی زندگی میں کلمۂ توحید کو بنیاد بنائیں گے تو لا الہٰ الا اللہ کی تیغِ بے نیام سے وہ ہر رکاوٹ کو دُور کرتے اور ہر مخالف کو زیر کرتے چلے جائیں گے۔

۱۳۷ اشعار کی اس مثنوی میں وہ کہتے ہیں کہ اگرچہ میں اپنی شاعری میں سیکڑوں نکتے وضاحت کے ساتھ پیش کر چکا ہوں لیکن ایک نایاب نکتے کی نشان دہی باقی ہے۔ جاوید کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ تمھاری والدہ نے تمھیں جو پہلا سبق دیا تھا، وہی تمھارے لیے متاعِ حیات کی حیثیت رکھتا ہے۔ اقبال کی مراد کلمہ طیبہ (لا الہٰ الا اللہ) سے ہے۔ یہی سبق ہے جو مسلمان مائیں اپنے بچوں کو سب سے پہلے سکھاتی ہیں۔ اقبال کہتے ہیں کہ اسی کلمے سے ہمیشہ رہنے والی دولت، یعنی دین و ایمان میسر آتا ہے۔ لا الہٰ الا اللہ بظاہر دو الفاظ ہیں، لیکن ان میں جو قوت پوشیدہ ہے، اگر انسان اس کا اِدراک کر لے تو اقبال کے بقول: یہ باطل قوتوں کے لیے ایک ''ضرب کاری'' ہے:

لا الہٰ ضرب است و ضربِ کاری است

پھر وہ اس پر اظہارِ افسوس کرتے ہیں کہ دورِ حاضر کے مسلمانوں نے معمولی فوائد کے لیے دین و ملت کو بیچ دیا ہے، وہ نماز، حج اور جہاد جیسے فرائض سے غافل ہو گئے ہیں اور ان کے دل حرارتِ قرآن سے خالی ہیں۔ جاوید اقبال کو ان سب باتوں کا خیال رکھنا ہو گا۔ آگے چل کر علامہ اقبال دور حاضر کے نوجوان کی کم نگاہی، دولت یقین سے محرومی اور ان کی مایوسی و ناامیدی پر اظہار افسوس کرتے ہیں۔ وہ جاوید کو نصیحت کرتے ہیں کہ:

شیوۂ اخلاص را محکم بگیر
پاک شو از خوفِ سلطان و امیر

جس کا اختتام اس طرح ہوتا ہے کہ جاوید میری بے قرار جان کے لیے تسکین کا باعث ہے اور میں اس کے لیے ہمیشہ دُعا گو رہوں گا۔ علامہ نے چودھری محمد حسین کو وصیت کی تھی کہ جاوید جب بڑا ہو گا تو اسے ''سخنے بہ نژادِ نو'' ضرور پڑھوا دیجیے۔

....

یہ فطری بات ہے کہ ہر باپ اپنی اولاد کے لیے ہمیشہ نیک تمناؤں اور آرزوؤں کا اظہار کرتا ہے۔ اقبال نے بھی اپنے بیٹے کے لیے بہت کچھ سوچا اور بہت کچھ تحریری نصیحت نامے کی شکل میں چھوڑا، مثلاً ان کی حسب ذیل تحریری وصیت بہت اہمیت رکھتی ہے: ''جاوید کو میری عام وصیت یہی ہے کہ وہ دنیا میں شرافت اور خاموشی کے ساتھ اپنی عمر بسر کرے۔ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ خوش گوار تعلقات رکھے۔ میرے بڑے بھائی کی اولاد سب اس سے بڑی ہے، ان کا احترام کرے اور اگر ان کی طرف سے کبھی سختی ہو بھی تو برداشت کرے۔ دیگر رشتہ داروں کو اگر اس سے مدد کی ضرورت ہو اور اس میں ان کی مدد کی توفیق ہو تو اس سے کبھی دریغ نہ کرے۔ جو لوگ میرے احباب ہیں ان کا احترام ہمیشہ ملحوظ رکھے اور ان سے اپنے معاملات میں مشورہ کر لیا کرے۔ باقی اپنے معاملات میں صرف اس قدر کہنا چاہتا ہوں کہ میں اپنے عقائد میں بعض جزوی مسائل کے سوا، جو ارکان دین میں سے نہیں ہیں، سلف صالحین کا پیرو ہوں اور یہی راہ، بعد کامل تحقیق کے، محفوظ معلوم ہوتی ہے۔ جاوید کو بھی میرا یہی مشورہ ہے کہ اسی راہ پر گامزن رہے۔''

غالباً اسی وصیت کا اثر ہے اور کچھ جاوید سے منسوب متعدد نظموں، خصوصاً ''خطاب بہ جاوید (سخنے بہ نژادِ نو)'' کا، ان کے علاوہ نتیجہ تھا: جاوید کی ابتدائی تربیت، چودھری محمد حسین کی صحبت اور تعلیم اور علامہ کی نصیحتوں اور دعاؤں کا، کہ جاوید اقبال نے سات برس یورپ میں بسر کیے اور وہاں کے تہذیبی اور تمدنی اثرات بھی قبول کیے، مگر واپس پاکستان پہنچتے ہی، وہ اثرات زائل ہو گئے۔ ان کے بقول: ''سب کا سب ایک لمحے ہی میں ختم ہو گیا''۔ اقبال کی نصیحتوں اور توقعات نے، ایک نہ ایک درجے میں جاوید اقبال کی ذہنی نشو و نما پر گہرا اثر ڈالا۔ ان کے باطن کا مسلمان یا اُن کے اندر کی اسلامیت ہمیشہ موجود رہی۔ علامہ کی مندرجہ بالا نصیحت کے پاس خاطر سے شیخ عطا محمد کی اولاد سے جاوید صاحب کے تعلقات اچھے رہے، حتیٰ کہ انھوں نے بڑے بھائی آفتاب اقبال اور ان کی اولاد سے بھی تعلقات قائم کر لیے۔

....

جاوید اقبال بنیادی طور پر ایک قانون دان تھے، مگر ان کی اتنی ہی اہم حیثیت ایک ادیب، مصنف، دانش ور اور ایک عالم (Scholar) کی بھی تھی۔ سیاسی اعتبار سے وہ مسلم لیگ سے وابستہ رہے۔ وہ پاکستان کے ایوان بالا (سینٹ) کے رکن بھی رہے۔

وہ ابتدا ہی سے کتابیں پڑھنے کا شوق رکھتے تھے، مطالعے کے اسی شوق نے انھیں لکھنے لکھانے کی طرف مائل کیا۔ تحریر وتصنیف کا سلسلہ کالج کے زمانے ہی سے شروع ہو گیا تھا۔ طالب علمی کے دور میں متعدد افسانے، ڈرامے، انشائیے اور مضمون لکھے۔ ڈراموں سے نسبتاً زیادہ لگاؤ رکھتے تھے۔ ان کی تحریریں راوی، سویرا اور ماہ نو میں شائع ہوتی رہیں۔ (اس زمانے کی تحریروں کو جہان جاوید کے نام سے دو جلدوں میں شائع کیا گیا ہے۔) افسانوی ادب کے ساتھ انھیں سنجیدہ فکری موضوعات سے بھی دل چسپی تھی، مثلاً ۱۹۴۸ء میں انھوں نے "اقبال کا تصور اجتہاد" کے موضوع پر ایک مقالہ اسلامیہ کالج لاہور میں منعقدہ یوم اقبال کے موقعے پر پیش کیا۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک گئے تو اردو ادب سے ان کا رابطہ برقرار نہ رہ سکا۔

انگلستان سے واپسی پر مرکزیہ مجلس اقبال کے زیر اہتمام وہ ہر سال یوم اقبال (۲۱/اپریل) کی تقریب میں شریک ہوتے اور اس میں ایک مقالہ پیش کرتے۔ یہ ایوب خاں کا دور آمریت تھا۔ جبر اور گھٹن کے اس دور میں اقبال کے برمحل اشعار سے مرصع، جاوید اقبال کے مقالات کو بہت پذیرائی ملی۔ مرکزیہ مجلس اقبال کے جلسوں میں پڑھے گئے یہ مقالات "مے لالہ فام" میں شامل ہیں۔ دَورِ ایوبی میں اُن کا ڈراما نویسی کا پرانا شوق عود کر آیا۔ ان ڈراموں میں فیلڈ مارشل ایوب خاں کے بعض رویوں کو ہدف تنقید بنایا گیا تھا، اس لیے ان پر پابندی لگ گئی اور وہ نشر نہ ہو سکے۔ اگرچہ تقریباً ۲۵ سال بعد جاوید صاحب نے بیان دیا کہ: "ایوب خان واحد حکمران تھے، جنھوں نے اسلام کے اصلاحی نظام کو نافذ کرنے کی کوشش کی، مگر ان کا ساتھ نہ دیا گیا۔"

"مے لالہ فام" (اشاعتِ اوّل: ۱۹۶۶ء) کے زیادہ تر مضامین میں علامہ اقبال کی فکر اور شاعری کے حوالے سے عصرِ حاضر کے مسائل ومشکلات کا تذکرہ وتبصرہ ہے۔ فکری مقالات کے علاوہ شخصی حوالے سے دو مضامین بہت اہم ہیں، اول: "اقبال، ایک باپ کی حیثیت سے"۔ دوم: "چودھری محمد حسین"۔ یہ دونوں مضامین ایک طرف اقبال اور چودھری صاحب کی شخصیتوں کے بعض نئے گوشوں کو سامنے لاتے ہیں، دوسری طرف ان اثرات کا بھی پتا چلتا ہے، جو جاوید اقبال نے علامہ اور چودھری صاحب سے قبول کیے۔ کتاب کے تفصیلی "پیش لفظ" (۳۴ صفحات) سے جاوید اقبال کے ذہنی وفکری ارتقا کی مختلف منازل کا اندازہ ہوتا ہے۔

۱۹۷۶ء میں انھوں نے اقبال کی ایک مفصل سوانح عمری زندہ رُود کے نام سے لکھنی شروع کی، جو یکے بعد دیگرے تین حصوں میں شائع ہوئی۔ اس کا نظر ثانی شدہ یک جلدی اڈیشن ۲۰۰۴ء میں شائع کیا گیا۔ اقبال کے سوانح پر زندہ رُود سب سے مفصل، جامع اور مستند سوانح عمری تسلیم کی گئی ہے۔ اس ضمن میں پروفیسر اسلوب احمد انصاری لکھتے ہیں: "یہ ڈاکٹر اقبال کے حالات زندگی کا محض سلسلہ وار، بے مزہ اور سپاٹ خاکہ نہیں ہے، بلکہ ان کے نجی حالات پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ہی اس سوانح عمری کا تعلق اور واسطہ اس وسیع معاشرتی، سیاسی اور علمی پس منظر یا ان معنی خیز خارجی محرکات سے بھی گہرا ہے جو اُن کی شخصیت کے خدوخال کی تعمیر وتشکیل

میں ممد و معاون ہوئے۔"

....

ملازمتی مصروفیات سے فارغ ہو کر ایک طرف تو وہ تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہوئے اور انھوں نے علامہ اقبال کی شاعری، فکر اور سیاسی نظریات پر بہت سے مقالات لکھے، دوسرے انھوں نے ملک اور بیرون ملک علمی اداروں اور جامعات میں لیکچر بھی دیے۔ یوم اقبال کے جلسوں میں بھی بکثرت تقریریں کیں۔ علامہ اقبال کے علاوہ پاکستان، نظریہ پاکستان، قائداعظم، اسلام، فقہ اور دیگر سیاسی اور فکری موضوعات سے بھی انھیں دل چسپی رہی ہے۔ اس سلسلے میں ان کی فکر و تحقیق کو ان کی مختلف تحریروں اور کتابوں میں دیکھا جاسکتا ہے۔

"اپنا گریباں چاک" (۲۰۰۲ء) ان کی ایک اہم تصنیفی کاوش ہے۔ متعلقاتِ اقبالیات کے ضمن میں بھی یہ ایک اہم کتاب ہے۔ جاوید اقبال کی شخصیت، ان کے ذہنی ارتقا، علمی سرگرمیوں، ذاتی رجحانات اور معتقدات کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب بہت اہمیت رکھتی ہے۔

۲۰۰۳ء میں ان کی ایک اور اہم تصنیف Islam & Pakistan's Identity شائع ہوئی۔ جاوید اقبال اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان گئے تو کیمبرج کی تعلیم و تحقیق اور وہاں کے ماحول کے زیر اثر وہ سیاسیات، فلسفے اور فقہ جیسے فکری اور علمی موضوعات کی طرف متوجہ ہوتے گئے۔ اس تسلسل میں یہ کتاب نظریاتی جہت سے پاکستان کا ایک تاریخی اور فکری مطالعہ ہے۔ اس میں انھوں نے اس مذہبی صورت حال اور سیاسی ارتقا کا مطالعہ کیا ہے جس کے نتیجے میں پاکستان وجود میں آیا۔ اس سلسلے میں جاوید اقبال صاحب نے کچھ سوال اٹھائے اور پھر ان کے جواب دیے ہیں، مثلاً کیا پاکستان دو قومی نظریے کی فوری تخلیق تھا؟ یا یہ برعظیم کی دو تہذیبوں کے درمیان ایک مسلسل آویزش کا نتیجہ ہے؟ کیا اس خطے کے لوگ نسلی، لسانی اور تمدنی اعتبار سے باقی ہندوستان سے مختلف ہیں؟ کیا اسی وجہ سے وہ ایک الگ قوم ہیں اور ایک الگ تشخص رکھتے ہیں؟ اگر پاکستان کی بنیاد اسلام ہے تو پھر اسلام کی کون سی تعبیر اس کی بنیاد بنی ہے؟ اور ہمارے زیادہ تر مذہبی علما نے پاکستان کی مخالفت کیوں کی؟ اس کتاب میں وہ اس دلچسپ نکتے کی نشان دہی بھی کرتے ہیں کہ مذہب کی بنیاد پر ماضی میں جو سیاسی تحریکیں شروع ہوئیں، وہ اپنے مقاصد میں ناکام رہیں، لیکن پاکستان کی تحریک علما کی مخالفت کے باوجود کامیاب رہی۔ اسلامی ریاست جاوید اقبال کا ایک مرغوب موضوع ہے۔ ان کا سوال ہے: کیا پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے؟ کیا یہ اقبال اور جناح کے تصورات کے مطابق ہے؟ اور کیا "اسلامی ریاست" کبھی عملاً بھی وجود میں آئی یا مسلمانوں کا فقط ایک آئیڈیل ہے؟

اسی طرح جاوید اقبال کہتے ہیں کہ "دارالاسلام" کا تصور، جس کی بنیاد شرعی قوانین ہوں، بعد کے فقہا کی تخلیق ہے۔ موجودہ دنیا میں اسلامی ریاست کی حیثیت کیا ہوگی؟ کیونکہ ہمارے مسلم فقہا کے نزدیک تو

اسلامی ریاست میں حاکمیت عوام کی نہیں، خدا کی ہوتی ہے۔ پھر پاکستان میں قومیت کا مسئلہ کیسے حل ہوگا؟

وہ ایک ایسے مفکر تھے جو روایت اور جدیدیت کا امتزاج چاہتے تھے، تاکہ بہتر اور نئی بنیادوں پر معاشرے کو تعمیر و تشکیل کیا جا سکے۔ ان کا جھکاؤ جدیدیت کی طرف نسبتاً زیادہ تھا۔ جاوید اقبال کے مطابق پاکستان ایک قومی ریاست ہے۔ ان کے نزدیک پاکستانی مسلمانوں کے لیے ریاست کا وہ نمونہ قابل قبول نہیں جو ہمیں ترکی، سعودی عرب، ایران یا افغانستان میں طالبان کے ہاں ملتا ہے، بلکہ وہ اپنے ذہن میں اسلامی ریاست کے بارے میں ایک نوتعمیری اور نوتشکیلی (re-constructive) اور ترقی پسندانہ تصور رکھتے تھے۔ بایں ہمہ وہ پاکستانی نیشنلزم کی وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس کا تعلق موہن جودوڑو اور ہڑپا سے نہیں جوڑا جا سکتا، کیونکہ اس کا نتیجہ اکھنڈ بھارت کے سوا کچھ نہیں۔ وہ کہتے ہیں: ''اس قوم کی اگر کوئی تاریخ اور اس کا کوئی ماضی ہے تو وہ اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ ہے۔ اس کا رشتہ اگر کسی سرزمین سے جوڑا جا سکتا ہے تو وہ مکہ اور مدینہ کی زمین ہے۔ اس کا ماضی بھی وہی ہے اور اس کا حال بھی وہی۔ پاکستان اس کا وطن ہے، لیکن ایسا وطن جو اپنی بقا کے لیے بیت اللہ سے پھوٹنے والی روشنی کا محتاج ہے۔''

ڈاکٹر جاوید اقبال مختلف اوقات میں بہت سے ایسے مسائل و معاملات (شریعت کا نفاذ، اسلامی ریاست، خواتین کے حقوق، پردہ وغیرہ) پر لگی لپٹی رکھے بغیر اپنے خیالات ظاہر کرتے رہے جو جمہور مسلمانوں کے نزدیک درست نہیں تھے۔ اسی لیے جاوید صاحب پر بعض حلقوں کی جانب سے شدید تنقید ہوئی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ ان کے بیانات و آرا میں بعض اوقات تضاد نظر آتا تھا۔ دوسری وجہ ان کا فرزندِ اقبال ہونا تھا۔ اقبال کے مداح فرزندِ اقبال کے منہ سے ایسی باتیں نہیں سننا چاہتے تھے۔ بہرحال وہ اپنے خیالات ہمیشہ بلاخوف و خطر ظاہر کرتے رہے۔

جاوید اقبال نے ایک جگہ لکھا ہے: ''ہر شخص میں فکری صلاحیت ہے اور ہر شخص کی فکری زندگی ہی اس کی باطنی زندگی ہے۔'' یہی نکتہ ان کی ادبی زندگی کی بنیاد ہے۔ ان کی ادبی تحریروں میں ڈرامے اور تمثیلیں نسبتاً زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ وہ کہتے ہیں: ''میرے ڈراموں کے کردار میری باطنی زندگی کی مختلف جہتیں ہیں، یعنی وہ سب میرے ہی مختلف روپ ہیں۔''

•

علامہ اقبال کی ہدایت کے مطابق چودھری محمد حسین نے جاوید اقبال کو جاوید نامہ میں ''خطاب بہ نژادِ نو''، سبقاً سبقاً پڑھایا۔ بعد ازاں جاوید اقبال نے خود بھی اقبال کی اردو فارسی شاعری اور نثری تحریروں کا بغور مطالعہ کیا اور ان سے گہرا اثر قبول کیا۔ ان کے بقول: ''میری میراث دولت یا جاہ و حشمت نہیں، علم ہے۔ علم ہی وہ میراث ہے، جو مجھے باپ سے ملی ہے''۔ جیسا کہ انھوں نے کئی جگہ لکھا ہے، وہ فکرِ اقبال کی روایتی تعبیر کے بجائے ایک نئی اور جدید تعبیر کے قائل ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ علامہ اقبال دین کی روایتی تعبیر کے قائل نہیں

تھے۔ وہ ایک جدید اسلامی ریاست وجود میں لانا چاہتے تھے، جس میں عصرِ حاضر کے جدید تقاضوں کا خیال رکھا گیا ہو۔ اگرچہ بعض سیاسی اور فقہی مسائل پر آپ کے نظریات سے پوری طرح اتفاق مشکل ہے، مگر ایک اقبال شناس کی حیثیت سے آپ کا مقام و مرتبہ مسلّم ہے۔

....

ڈاکٹر جاوید اقبال سے راقم کا تعلق ۱۹۷۶ء میں قائم ہوا۔ ان دنوں میں گورنمنٹ کالج سرگودھا میں تدریس کے فرائض انجام دے رہا تھا۔ اقبال پر میری پہلی کتاب ''اقبال کی طویل نظمیں'' دو سال پہلے چھپ چکی تھی اور اب میں ''کتابیاتِ اقبال'' مرتب کر رہا تھا۔ یہ کام مجھے حکومتِ پاکستان کی ''نیشنل کمیٹی برائے صد سالہ تقریباتِ ولادتِ علامہ محمد اقبال'' نے تفویض کیا تھا۔ اس سلسلے میں، میں نے ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کو خط لکھا کہ مجھے بیرونِ ملک مطبوعہ اقبالیاتی کتابوں کے حوالے مطلوب ہیں اور اس سلسلے میں لاہور آنے کے لیے تیار ہوں۔ جواب آیا: کسی چھٹی کے روز جاوید منزل آ کر حوالے نوٹ کر لیں۔ چنانچہ ایک تعطیل کے دن لاہور آیا۔ یہ جاوید صاحب سے پہلی بالمشافہہ ملاقات تھی۔ بہت خوش دلی سے ملے۔ ان کے پاس جو غیر ملکی اقبالیاتی کتابیں تھیں، وہ دکھائیں۔ میں نے ان کے حوالے نوٹ کیے۔ ''اقبال کی طویل نظمیں'' انھیں پیش کی، دیکھ کر خوش ہوئے۔ دراصل وہ اقبالیات پر ہر نئے کام سے خوش ہوتے تھے۔ خصوصاً نئے مصنفین کو اقبالیات کی طرف رجوع کرتے دیکھ کر ان کی حوصلہ افزائی کرتے۔ پہلی ملاقات میں ان کی حوصلہ افزائی سے میں بہت اچھا تاثر لے کر آیا۔

۱۹۷۶ء میں جو تعلق قائم ہوا تھا، وہ ان کی وفات تک جاری رہا۔ اس ۳۹ سالہ تعلق کے بہت سے زاویے ہیں۔ ان سے خط کتابت رہی، اقبالیات کے مختلف منصوبوں اور کاموں کے متعلق مشاورت بھی ہوتی رہی۔ راقم نے ''زندہ رود'' کی پہلی جلد کا صحت نامہ تیار کر کے انھیں بھیجا۔ انھوں نے شکریے کے ساتھ رسید بھیجی۔ دوسری جلد کے صحت نامے کو بھی حسبِ سابق خوش آمدید کہا۔ تیسری جلد کا مسودہ مجھے اور پروفیسر محمد منور صاحب کو دیا۔ راقم نے بعض مقامات پر تصحیح کی نشان دہی کی اور کچھ نیا لوازمہ بھی بھیجا جسے انھوں نے کتاب میں شامل کیا۔ جن دنوں وہ اپنی آپ بیتی (''اپنا گریباں چاک'') لکھ رہے تھے، میں نے ان کے حسبِ خواہش مسودے پر اِملا اور زبان و بیان کے لحاظ سے بعض تصحیحات کیں (اور بعض حصوں کے بارے میں اپنی رائے بھی دی)۔ میرے لیے ان کی تحریر پر نظرِ ثانی کرنا اعزاز کی بات تھی۔ انھوں نے کتاب کے شروع میں بہت نمایاں طور پر میرا شکریہ ادا کیا جو میرے لیے ایک قیمتی سند ہے۔

مرحوم، لمبے عرصے تک اقبال اکادمی پاکستان کے نائب صدر رہے۔ راقم اکادمی کی مجلسِ حاکمہ، مجلسِ انتظامیہ، اقبال ایوارڈ کمیٹی اور دیگر کئی مجالس کا رکن رہا۔ ان حیثیتوں میں بیسیوں مرتبہ ان مجالس اور

کمیٹیوں میں شریک ہو کر ان کی آرا سے استفادہ کیا۔ کئی بار ملکی اور غیر ملکی مہمانوں کے ساتھ، ان کے گھر پر ملاقاتیں ہوئیں۔ آخری ملاقات تقریباً پانچ ہفتے پہلے 'دبستان اقبال' کی ایک نشست میں ہوئی، جس میں وہ تقریباً دو گھنٹے تک احباب کے سوالوں کے جواب دیتے رہے۔ اس روز انھوں نے بتایا کہ اُن کا آپریشن ہونے والا ہے۔ غالباً یکم اکتوبر کو وہی آپریشن تھا جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، آمین۔

☆☆☆

ڈاکٹر اسلم انصاری

ترجمانِ بے مثال: ڈاکٹر جاوید اقبال

ان کی ذات اقبال اور ہمارے درمیان ایک زندہ رابطے کی حیثیت رکھتی تھی۔ اگر ہم ان کی ہستی کو اقبال کی شخصیت کی توسیع سمجھتے تھے تو یہ کچھ ایسا غلط بھی نہ تھا۔ آخر وہ اقبال کے عزیز ترین فرزند تھے۔ اقبال نے اپنی ذات کے حوالے سے مستقبل سے زیادہ امیدیں وابستہ نہیں کی تھیں، لیکن ان کی ساری امیدیں فرزندار جمند جاوید اقبال سے وابستہ ہو گئی تھیں۔ یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ جناب جاوید اقبال کے حوالے سے ان کی کم وبیش تمام امیدیں برآئیں۔ تعلیمی مدارج، عہدے، مناصب ایک طرف اور عظیم والد کی فنی اور فکری وراثت کو کمال ہوش مندی کے ساتھ سنبھالنا دوسری طرف۔ ان سب باتوں سے بڑھ کر انھوں نے فکر اقبال کی ترجمانی میں گزشتہ نصف صدی کے دوران جو سعی بلیغ کی وہ اپنی جگہ ایک کارنامہ ہے۔ اس عرصے میں وہ صف اول کے اقبال شناس بن کر ابھرے، اور سچ تو یہ ہے کہ سب پر سبقت لے گئے۔ فکر اقبال کے حوالے سے انھوں نے بعض باتوں کو اس عمدگی سے بیان کیا کہ باید و شاید۔ اپنے بارے میں انھوں نے جس دیانت داری، حقیقت پسندی اور حوصلہ مندی سے کام لیا اس کی مثال اردو کے خودنوشت سوانحی ادب میں شاید ہی مل سکے۔ انھوں نے اپنے بارے میں کسی قسم کی پُراسراریت یا myth making کا راستہ یہ کہہ کر روک دیا کہ:

> ''مجھے کبھی کوئی روحانی تجربہ نہیں ہوا۔ طالب علمی کے زمانے سے ہی میری زیادہ وابستگی ادب اور فلسفہ سے رہی ہے۔ ویسے آنسو ہمیشہ میرے خاندان میں ہر کسی کی ناک پر دھرے ہوتے ہیں۔ کوئی ذرا سا جذباتی ماحول پیدا کر دے تو امڈ آتے ہیں۔ بنیادی طور پر میں مذہبی سے زیادہ ثقافتی مسلمان ہوں۔ مجھے خواب بھی بہت کم آتے ہیں۔'' (اپنا گریباں چاک ۲۰۰۴ء ص ۱۳)

اسی ضمن میں اپنے ایک خواب کا ذکر کرتے ہیں جس میں انھوں نے دیکھا کہ وہ سرہند میں حضرت شیخ احمد (مجدد الف ثانی) کے مزار کی دیوار کو ہاتھوں سے تھامے زار و قطار رو رہے ہیں۔ علامہ اقبال کے منشی اور بعد ازاں ڈاکٹر جاوید اقبال کے ولی منشی طاہر الدین کے صاحبزادے شیخ بشیر احمد نے (جو منشی طاہر الدین کی وفات کے بعد جاوید اقبال کے ولی نامزد ہوئے) اس کی تعبیر یہ بیان کی کہ: ''حضرت صاحب کے مزار کی دیوار کو ہاتھوں سے تھامے آہ و زاری کرنے کا مطلب تو یہی ہے کہ تم عصبیت کے مسلمان ہو۔'' ڈاکٹر جاوید

اقبال مرحوم اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''مجھے اپنی اس عصبیت پر یقیناً فخر ہے۔ بلکہ میں تو اپنے سال ولادت یعنی ۱۹۲۴ء کو بھی عالم اسلام کے لیے نہایت اہم سال سمجھتا ہوں۔ پس میں اپنے سال ولادت کو احیائے اسلام کی ابتدا کا سال سمجھتا ہوں جب اندھی تقلید، تنگ نظری کے بندھنوں سے آزاد ہو کر مذہبی، معاشرتی، سیاسی، اقتصادی اور قانونی سطح پر اجتہاد کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اسلام کی ایک روشن خیال، وسیع النظر، کشادہ دل اور روادار تعبیر نے جنم لیا۔'' (ص ۱۴)

محولہ بالا آخری سطور میں ڈاکٹر جاوید اقبال مرحوم کا اشارہ یقیناً اقبال کی تعلیمات اور اسلام کے حوالے سے ان کے افکار، خیالات کی طرف ہے لیکن اس میں ان کی اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کا عکس بھی تھرتھرا رہا ہے۔ عصر حاضر کے سیاسی، سماجی اور تاریخی سیاق و سباق کے حوالے سے انھوں نے اسلام کے بارے میں بہت کچھ لکھا، جس میں صاف نظر آتا ہے کہ وہ اسلام کی اسی تعبیر پر پورا اترنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس تعبیر کے خدوخال نمایاں کرنے میں انھوں نے بہت کاوش کی۔ آج کل ''بیانیہ'' کا لفظ نہ جانے کن کن معنوں میں استعمال ہو رہا ہے (اس سے قبل لفظ سیناریو بہ معنی منظرنامہ استعمال ہو رہا تھا) لیکن میں یہ لفظ خالص ادبی اور فنی معنوں میں استعمال کرنا چاہتا ہوں۔ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر جاوید اقبال اولاً فکرِ اقبال کے مختلف پہلوؤں کے حوالے سے اور بالآخر حضرت علامہ کے سوانحی حالات کے بارے میں ایک ایسا منفرد بیانیہ وجود میں لے آئے جو ان کی تصنیف ''زندہ رود'' سے پہلے موجود نہیں تھا لیکن جس کی ضرورت شدت سے محسوس کی جاتی تھی۔ اگر علامہ اقبال کے بارے میں ان کی تصنیفات اوپر تلے رکھی جائیں تو جو کتاب چوٹی پر رکھی جائے گی وہ ''زندہ رود'' ہی ہے جو سلاستِ بیان، بیانِ واقعات اور ابلاغِ معنی کے اعتبار سے جدید اردو نثر کے عمدہ ترین نمونوں میں شمار کی جاسکتی ہے۔ البتہ جو کتاب اس سے نیچے یعنی دوسرے نمبر پر ہوگی وہ ان کی خودنوشت سوانح ''اپنا گریباں چاک'' ہوگی جو اردو کی خودنوشت سوانح عمریوں میں بہت دیر تک اپنی انفرادیت برقرار رکھے گی۔

''زندہ رود'' کے بیانیہ کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں کہیں بھی ابہام، اغلاق، الجھاؤ یا پیچیدگی نہیں ہے۔ جہاں کہیں ذرا بھی غلط فہمی یا ابہام کا احتمال ہوسکتا تھا، مصنف نے اس کو مختصر ترین عبارت یا وضاحت سے رفع کر دیا ہے۔ یہ خصوصیت آپ ہر نثر نگار کے ہاں نہیں پائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی عبارت کی روانی اور سلاست اور عصر حاضر کے جدید علمی اور ادبی لحن کے ساتھ مطابقت اس کی نمایاں ترین خصوصیات ہیں۔ باوجودیکہ ''زندہ رود'' میں اقبال کے والد شیخ نور محمد کی روحانیت کے واقعات کو تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے اور خود اقبال سے وابستہ مکاشفاتی کیفیات کو بھی پوری طرح بیان کیا گیا ہے۔ ''زندہ رود'' اور ''اپنا گریباں چاک'' کے طویل بیانیے پڑھتے ہوئے کئی بار احساس ہوتا ہے کہ ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کا غیر اعلانیہ مطمحِ نظر علامہ اقبال کے حوالے سے بعض روایات کی de-mystification بھی ہے۔ یعنی وہ چاہتے ہیں کہ اقبال کی

شخصیت کے گرد روایات کی جو دھند چھائی ہوئی ہے وہ چھٹ جائے اور پڑھنے والے اقبال کی روشن اور تابندہ شخصیت کو خالص انسانی حوالوں سے دیکھیں۔

چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

۱۔ (گورنمنٹ کالج لاہور کے) ہوسٹل میں قیام کے دوران بعض اوقات اقبال اپنے احباب کے ہاں بھی جایا کرتے تھے۔ضیاء الدین احمد اور نیرنگ کو ورزش کا بہت شوق تھا۔ یہ شوق مکان کے ایک کونے میں بنے ہوئے اکھاڑے میں کشتی لڑ کر پورا کیا جاتا تھا۔ کبھی کبھی اقبال کو شوق چراتا تو وہ بھی لنگوٹ باندھ کر اکھاڑے میں اترتے اور نیرنگ کے ساتھ دنگل کرتے۔ (زندہ رود' ص ۱۰۰)

۲۔ میں نے چند بار ماں باپ میں تکرار ہوتے بھی دیکھا ہے۔ایک مرتبہ تو میری والدہ کا اصرار تھا کہ والد باقاعدگی سے وکالت کریں کیونکہ گھر کے اخراجات پورے نہیں ہوتے۔ نیز کرایہ کی کوٹھی میں رہنے کی بجائے اپنا گھر بنوائیں۔ یہ منظر اب تک میری نگاہوں کے سامنے ہے کہ والدہ میرے والد کے ذاتی کمرے میں کھڑی انہیں کوس رہی ہیں اور روتے ہوئے کہہ رہی ہیں کہ میں اس گھر میں ایک لونڈی کی طرح کام کرتی ہوں اور ساتھ ہی پیسے بچانے کی کوشش میں لگی رہتی ہوں' دوسری طرف آپ ہیں کہ بجائے نیک نیتی سے کچھ کرنے کے بستر پر دراز شعر لکھتے رہتے ہیں اور جواب میں میرے والد لیٹے ہوئے بغیر کچھ منہ سے بولے کھسیانی ہنسی ہنس رہے ہیں۔ (اپنا گریباں چاک' ص ۲۰)

۳۔ والد کی عادت سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر بستر پر ایک طرف سونے کی تھی۔اس حالت میں ان کا ایک پاؤں اکثر ہلتا رہتا جس سے دیکھنے والا یہ اندازہ کر سکتا کہ وہ ابھی سوئے نہیں بلکہ کچھ سوچ رہے ہیں' لیکن جب گہری نیند سو جاتے تو خراٹے لیا کرتے اور نہایت بھیانک قسم کی آوازیں نکلتیں۔ کئی بار میں ان کے خراٹوں سے ڈر جایا کرتا۔ (اپنا گریباں چاک' ص ۳۲)

۴۔ گرمیوں میں باہر رکھے ہوئے تخت پر ہی فجر کی نماز پڑھ لیتے۔ دھوتی اور بنیان زیب تن ہوتی اور سر پر تولیہ رکھ لیتے۔ ان کے کمرے کی حالت پریشان سی رہتی تھی۔ دیواریں گرد و غبار سے اٹی ہوتیں۔ بستر ان کی اپنی دھوتی اور بنیان کی طرح میلا ہو جاتا مگر انہیں بدلوانے کا خیال نہ آتا۔ منہ دھونے اور نہانے سے گھبراتے اور اگر کبھی مجبوراً باہر جانا پڑتا تو کپڑے بدلتے وقت سرد آہیں بھرا کرتے۔ وہ فطرتاً سست تھے اس لیے اگر کہیں وقت کی پابندی ہوتی تو انھیں ہمیشہ دیر ہو جایا کرتی۔ ویسے چارپائی پر نیم دراز پڑے رہنے میں بڑے خوش تھے۔ (اپنا گریبان چاک' ص ۳۳)

مولانا ابوالکلام آزاد نے ''غبار خاطر'' کے ایک مکتوب (نمبر ۱۷) میں انانیتی ادب (Egoistic Literature) کے حوالے سے لکھا ہے کہ اس کی نسبت زمانہ حال کے نقادوں نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ وہ یا

تو بہت زیادہ دلپذیر ہوں گی یا بہت زیادہ ناگوار' کسی درمیانے درجے کی یہاں گنجائش نہیں۔ (''غبار خاطر'' مرتبہ مالک رام' ص ۱۷۹) اس مبحث میں مولانا موصوف کا زاویہ گفتگو یہ رہا کہ صیغہ واحد متکلم کا استعمال کرنے والے مصنف بعض اوقات اپنی ذات کے آئینے میں خود کو بڑا دیکھتے ہیں لیکن جب اپنے آپ کو اپنے سے باہر دیکھتے ہیں تو خود کو چھوٹے دکھائی دیتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ''جو مصنف اپنی انانیت کی بے ساختہ تصویر کھینچ سکتے ہیں وہ اس معاملے کی ساری مشکلوں پر غالب آ جاتے ہیں۔ انھوں نے اپنی تصویر خود اپنے قلم سے کھینچی لیکن یہ بات اس کی دلآویزی میں کچھ مخل نہ ہو سکی کیونکہ تصویر بے تکلف اور بے ساختہ کھینچی۔ وہ لوگوں کو باعظمت دکھائی دے یا نہ دے' لیکن اس کی بے ساختگی کی گہرائی سب کی نگاہوں کو لبھا لے گی۔ ایسے ہی مصنف ہیں جو اپنی انانیت کو لافانی دل پذیری کا جامہ پہنا دیتے ہیں۔'' (''غبار خاطر'' محولہ بالا' ص ۱۸۳)

ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنے گرامی قدر والد کے علاوہ اپنی تصاویر بھی بے تکلفی اور بے ساختگی کے ساتھ کھینچی ہیں اس لیے ان کی بے ساختگی سب کو لبھاتی ہے۔ اقبال کی ذاتی زندگی اور احوال کے بیان میں انھوں نے جس حقیقت پسندی سے کام لیا ہے اس سے اقبال کی شخصیت اور بھی دل پذیر ہو گئی ہے۔ ان کی وفات کے دو تین ماہ بعد میں نے ان کے حوالے سے ایک نظم لکھی ہے' اس مضمون کو اسی پر ختم کرتا ہوں:

وہ فرد زندۂ آفاقِ جہانِ اقبال — عصر حاضر میں رہا بن کے نشانِ اقبال
زندہ رود اس کے قلم سے ہوئی اک زندہ کتاب — اس نے آراستہ کی کاہکشانِ اقبال
اس نے میخانۂ اقبال کا در باز رکھا — اس سے خورسند رہے بادہ کشان اقبال
وہ کہ فرزندیٔ اقبال پہ نازاں نہ ہوا — منکسر اور خود آگاہ بسان اقبال
کوئی کرتا ہے کہیں چاک قبا ایسے بھی — کھول کر رکھ دیے سب عیب و ثواب اپنے بھی

☆☆☆

ڈاکٹر شفیق احمد

حق مغفرت کرے......

جسٹس جاوید اقبال کے حوالے سے چند لفظ

Abstract:

We desired to invite Justice (R) Javed Iqbal to The Islamia University Bahawalpur but he departed for a better place: "the Heaven".

۱۹۷۹ء کے دورانیے میں بہاول پور کے اندر سواری کے لیے صرف دو تین چیزیں دست یاب تھیں۔ شہر میں اوّل اور زیادہ تعداد میں سائیکل رکشے تھے، آٹھ دس تانگے اور دو چار موٹر رکشے چلتے تھے۔ میں پروفیسر مرزا محمد منور کو مذکورہ بالا دونوں سواریوں میں بٹھا نہیں سکتا تھا اور کوئی موٹر رکشا تا حال نظر نہیں آیا تھا۔ میں انھیں لے کر سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے کمرشل ایریا سے محکمۂ جنگلات کی طرف جا رہا تھا اور ایسے میں، میں نے انھیں ذہنی طور پر مصروف رکھنے اور اُن سے اپنی بے بسی چھپانے کے لیے ڈاکٹر جاوید اقبال کے حوالے سے ایک سوال کر لیا۔ سوال کا سبب یہ تھا کہ میں نے ڈاکٹر صاحب کی ایک کتاب ''مئے لالہ فام'' پڑھی تھی جس سے علامہ اقبال کے حوالے سے کوئی خاص بات معلوم نہیں ہوئی تھی جب کہ اورینٹل کالج کے زمانۂ طالب علمی میں پڑھی ہوئی پروفیسر مرزا محمد منور کی کتاب ''میزانِ اقبال'' کے ایک ہی مضمون نے مجھے علامہ اقبال کے حوالے سے بہت سی روشنی فراہم کی تھی۔ اس کے علاوہ میں اُستادِ محترم پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی ترجمہ کی ہوئی علامہ اقبال کی ڈائری ''شذراتِ فکرِ اقبال'' مرتبہ جسٹس (ر) جاوید اقبال کا مطالعہ بھی کر چکا تھا اور اس حوالے سے میں پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی کاوش کا زیادہ معترف تھا۔ زمانۂ طالب علمی میں ''بانگِ درا'' تو ہمارے نصاب میں تھی ہی لیکن میں نے دونوں کلیات بھی دیکھ لیے تھے جو در حقیقت علامہ اقبال ہی کا کام تھا جسے جسٹس جاوید اقبال نے مولانا غلام رسول مہر کی رہنمائی میں از سرِ نو ترتیب دیا تھا اور اس میں اُن کا حصہ صرف اس قدر نظر آتا تھا کہ ''ارمغانِ حجاز'' کے اُردو حصے ''کلیاتِ اقبال اُردو'' میں شامل ہو گئے تھے اور فارسی حصے ''کلیاتِ اقبال فارسی'' کا حصہ بن گئے تھے۔ اُس وقت تک ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال کا وہ کام ابھی سامنے

نہیں آیا تھا جو بعد ازاں ''خطباتِ اقبال'' کے حوالے سے شائع ہوا اور نہ ہی جسٹس جاوید اقبال کے وہ خطبات اور لیکچر سامنے آئے تھے جو انھوں نے مختلف اداروں اور یونیورسٹیوں میں عنایت فرمائے۔ بہر حال میں نے پوچھا: ''سر! جسٹس جاوید اقبال کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟'' اُن کا جواب بہت مختصر بھی تھا اور گفتگو ختم کر دینے والا بھی لیکن میں وہ جواب نقل کرنے سے قاصر ہوں کہ اس سے ان دونوں بزرگوں کی روحوں کو تکلیف پہنچ سکتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں بزرگ میری سادگی پر مسکرا پڑیں، اور مجھے دونوں چیزیں قبول نہیں۔ ویسے مرزا صاحب اپنی عمر کے فرق اور اقبالیات پر اپنے کام کی وجہ سے جسٹس صاحب کے بارے میں ایسا جملہ کہہ بھی سکتے تھے۔

ایک دو برس بعد غالباً ۱۹۸۱ء میں پروفیسر ڈاکٹر رفیق احمد کی طرف سے یومِ اقبال ذرا بڑے پیمانے پر منانے کا اہتمام کیا گیا اور اس کے لیے بہاول پور کے ایک آدھ اقبال شناس کے علاوہ لاہور سے پروفیسر مرزا محمد منور اور ڈاکٹر معز الدین کو بھی مدعو کیا گیا جب کہ پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، صدر شعبۂ اُردو کے طور پر اسلامیہ یونیورسٹی میں آ چکے تھے۔ سو یہ جلسہ بہت شان دار ہوا اور رات کا کھانا پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی رہائش گاہ، 206۔سی سیٹلائٹ ٹاؤن میں تھا۔ کھانے کے دوران میں میری حیثیت بیرے کی سی تھی اور میں اس پر خوش بھی تھا، لیکن خدا جانے کیوں دو انتہائی ناخوش گوار باتیں وقوع پزیر ہو گئیں۔ پہلی بات کا تعلق عبد القیوم قریشی کی ذات سے تھا جس کے بعد مرزا صاحب نے کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا اور دوسری بات جسٹس جاوید اقبال کے حوالے سے تھی۔ مذکورہ بالا تینوں بزرگ جسٹس صاحب کی نالائقی اور ناخلفی کے حوالے سے یکساں رائے رکھتے تھے اور میں سنی سنائی پر یقین رکھنے والا شخص ان تینوں بزرگوں سے ہم رائے ہو گیا تھا۔ اس اتفاق میں شاید میرے شخصی مطالعے اور ۱۹۷۹ء میں پروفیسر مرزا محمد منور کے جملے کا اثر بھی شامل تھا۔ لیکن ''زندہ رُود'' کی پہلی جلد آئی تو میری رائے میں تبدیلی پیدا ہونے لگی جب کہ دوسری اور تیسری جلد کے حوالے سے تو رائے یکسر بدل گئی اور مجھے اندازہ ہوا کہ جسٹس جاوید اقبال میں آزادانہ طور پر سوچنے اور معاملات کی تنقیح و تجزیہ کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ وہ نہ اپنے والد گرامی کے زر خرید غلام ہیں اور نہ اُن کے باغی بلکہ جو درست سمجھتے ہیں وہ کہہ ڈالتے ہیں۔ اسی بناء پر میں نے سجاد حسین شیرازی کو علامہ اقبال کی سوانح عمریوں پر تحقیقی و تنقیدی مقالہ لکھنے کا کام دیا جو انھوں نے بہت خوش اسلوبی سے مکمل بھی کیا لیکن اس وقیع کام کی اشاعت بوجوہ ممکن نہیں ہو سکی جس کی بہت بڑی وجہ شیرازی کی اچانک وفات بھی تھی۔ بہر حال اسی کام کے دوران میں جسٹس صاحب کی ایک اور شان دار کتاب ''اپنا گریباں چاک'' آ گئی۔ ناقدین کو ''اپنا گریباں چاک'' کی بہت سی تصاویر اور کئی ایک واقعات پر بہت اعتراض تھا لیکن اگر تصاویر حقیقی اور واقعات سچے ہیں تو پھر اعتراض کیوں؟

رہا مسئلہ حقیقت اور سچ کی کیفیت کا، تو سیدھی سی بات ہے کہ میں نے خود ایک مرتبہ سورج کو مغرب سے طلوع ہوتے دیکھا تھا۔ یہ میرے بہت بچپنے کی بات ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ سورج ہمیشہ مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب سے طلوع نہیں ہو سکتا لیکن میں مظفر گڑھ کے سول ہسپتال میں گزرنے والے اپنے اُس لمحے کو بھی کیسے بھول سکتا ہوں؟ اس کے علاوہ اُلٹے بانس بریلی کو جاتے اور بہت سے ماہرین اقبال مثلاً پروفیسر مرزا منور، ڈاکٹر معز الدین یا پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کو اپنے خاص مائنڈ سیٹ کے باعث علامہ اقبال کی محبت میں جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کو بُرا بھلا کہتے سنا تھا۔ مسئلہ افراد کا نہیں، اقوام اور حکومتوں کا بھی ہے۔ ہم نے بہت سے مسلمانوں کو تحریکِ پاکستان کی حمایت اور پھر مخالفت کرتے سنا اور دیکھا۔ ہم نے بہت سے ثقہ لوگوں کو ایوب خان، ذوالفقار علی بھٹو، ضیاء الحق، بے نظیر بھٹو، نواز شریف اور حال ہی میں طالبان کے حق میں قصیدے پڑھتے اور مخالفت میں تبرے بھیجتے دیکھا اور سنا۔ اس حوالے سے ہمارے چھوٹے بڑے اخبارات کے صفحات آج بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر ہماری اسمبلیوں نے ہر زمانے میں ہر طرح کا کردار ادا کیا ہے۔ ہماری تاریخ میں جمہوری حکومتوں کو گرا کر شخصی حکومتیں قائم کرنے اور اپنی مرضی یا ضرورت کے مطابق آئین میں تبدیلیاں کرنے کا اختیار اسمبلیوں ہی کا عطا کردہ ہے۔ اگر یہ سب کچھ درست ہے تو پھر جسٹس جاوید اقبال ہی نشانہ کیوں اور انھی کو ہدفِ تنقید کیوں بنایا جانا چاہیے؟

ہمارے ہاں ہر بڑے آدمی کو عقیدت کی کھونٹی پر لٹکا کر رحمت اللہ علیہ بنانے کی رسم عام ہے۔ اگر آپ عقیدت کی کھونٹی پر نہ لٹکائے جا سکیں تو پھر آپ بڑے آدمی نہیں۔ لیکن مجھے یہ بات سمجھنے میں دیر لگی اور اتنی دیر کہ وقت ہمارے ہاتھ سے نکل گیا اور ہم جسٹس جاوید اقبال کو اسلامیہ یونیورسٹی میں نہ بلا سکے۔ اس کا بہت بڑا سبب وہ حالات بھی تھے جو یونیورسٹیوں میں راست گو اور خطِ مستقیم پر چلنے والے لوگوں کو پیش آتے ہیں۔ البتہ گزشتہ دو تین چھوٹی اور مختصر ملاقاتوں میں یہ خواہش ضرور پیش کی کہ ہم چاہتے ہیں کہ جسٹس صاحب بہاول پور تشریف لائیں کہ بہاول پور بوجوہ اس لائق ہے کہ وہاں کے لوگ آپ سے مکالمہ کریں۔ آخری ملاقات الحمرا آرٹس کونسل میں جناب عطاء الحق قاسمی کی طرف سے منعقد کی گئی اب تک کی آخری کانفرنس ''بیتے ہوئے دن یاد آتے ہیں'' کے دوران میں ہوئی۔ میں بھرے ہوئے ہال میں ایسی جگہ بیٹھا تھا جہاں کوئی نشست خالی نہیں تھی البتہ جسٹس صاحب کے ساتھ سیڑھیوں پر جگہ تھی۔ میں وہیں بیٹھ گیا۔ اپنے تعارف کے بعد اُن کا حال احوال پوچھا اور انھیں اسلامیہ یونیورسٹی میں بلانے کی اپنی خواہش کا ذکر کیا۔ کہنے لگے کہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور اب ہر جگہ آ جا نہیں سکتا لیکن ایک مرتبہ بہاول پور آنا چاہتا ہوں۔ یہ مئی ۲۰۱۴ء کے آخری ہفتے کے وسطی دن تھے۔ بہاول پور میں چودہ چودہ، سولہ سولہ گھنٹے بجلی نہیں آتی تھی۔ گزشتہ سال پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چودھری، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی، بہاول پور کے یونیورسٹی گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرے لیکن شدید گرمی اور بجلی نہ

ہونے کے باعث انھیں گیسٹ ہاؤس کی رہائش گاہ ترک کرنا پڑی۔ محمد اکرم چودھری بہاول پور اور چشتیاں کے جم پل ہونے کے باوجود گرمی برداشت نہیں کر سکے تو جسٹس صاحب کو کیسے مدعو کروں؟ پھر یہ ہوا پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار کو ملازمت میں توسیع نہ ملی۔ دو دو، چار چار ماہ کے لیے دو ساتھیوں کو یونیورسٹی کا چارج ملا لیکن اُن کے پاس نہ زیادہ وقت تھا اور نہ روپے پیسے خرچ کرنے کا اختیار۔ پھر ۱۶ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو پشاور سکول کا سانحہ ہو گیا اور سب کچھ غارت ہو کر رہ گیا۔

ستمبر ۲۰۱۵ء میں وائس چانسلر اسلامیہ یونی ورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قیصر مشتاق نے یونی ورسٹی میں چنیدہ شخصیات کو بلانے اور اُن سے مکالمے کا پروگرام بنایا اور اس کے انتظامات کے علاوہ شخصیات کی فہرست بنانے کا حکم پی آر او سیکشن کو یعنی مسٹر شہزاد احمد خالد اور مجھے دیا۔ ہم نے پہلی مہمان شخصیت کے طور پر جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کا نام تجویز کیا۔ نام منظور ہوا تو اگلا مرحلہ یہ آیا کہ انھیں کیسے بلایا جائے! ہماری چند منٹ اور چند لفظوں پر مشتمل ملاقات وگزارش انھیں کہاں یاد رہی ہو گی! یہی سوچ کر اُستادِ گرامی ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا سے درخواست کی۔ دل چسپ بات یہ ہے کہ میری درخواست سنتے ہی انھوں نے پہلا جملہ یہ ارشاد فرمایا ”جاوید اقبال سچا اور کھرا انسان ہے۔“ مجھے ایک جھٹکا سا لگا۔ میری دانست میں خواجہ صاحب کی رائے کو پروفیسر مرزا محمد منور کی رائے سے متاثر ہونا چاہیے تھا، لیکن مجھے خیال آیا کہ خواجہ صاحب تو جنرل ضیاء الحق کے بارے میں بھی مرزا صاحب سے اختلاف رکھتے تھے۔ بہر حال، انھوں نے جسٹس صاحب سے متعلق دو چار مزید بہت اچھے جملے ارشاد فرمائے اور ساتھ ہی کہا کہ اگر آپ جسٹس صاحب کو بلانا چاہتے ہیں تو فیصل آباد میں ڈاکٹر انور محمود خالد سے رابطہ کیجیے۔ پھر انھوں نے مجھے ڈاکٹر انور محمود خالد کا نمبر عنایت فرمایا۔ میں نے رابطہ کیا اور اپنا مدعا بیان کیا تو وہ تاسف کا اظہار کرتے ہوئے فرمانے لگے کہ ”آپ کے وائس چانسلر کی خواہش بجا اور بہاول پور نیز اسلامیہ یونیورسٹی پر اُن کا حق بھی ہے لیکن آج ڈاکٹر جاوید اقبال لاہور کے ایک نجی ہسپتال میں داخل ہیں جہاں اُن کا آپریشن ہو رہا ہے۔ ابھی میڈم ناصرہ جاوید سے بات ہوئی تھی۔ وہ فرما رہی تھیں کہ آپریشن طویل ہو گیا ہے اور کسی کو کچھ معلوم نہیں کہ زیادہ وقت کیوں لگ رہا ہے۔ لہٰذا دُعا کیجیے کہ اللہ خیریت رکھے اور ڈاکٹر جاوید اقبال کو صحت اور زندگی دے۔ میں کل لاہور جاؤں گا، آپ کی خواہش اُن تک پہنچا دوں گا۔ دبے لفظوں میں آپ کی سفارش بھی کر دوں گا لیکن میرا نہیں خیال کہ اب وہ کسی دوسرے شہر کا سفر کر سکیں۔“ میں نے عرض کیا کہ سفر کو رہنے دیجیے، ہماری طرف سے صحت اور سلامتی کی دُعائیں پہنچا دیجیے اور جب وہ مکمل طور پر صحت یاب ہو جائیں تو ہم لوگ اُن کی خدمت میں صحت یابی کی خوشی میں گل دستے لے کر حاضر ہوں گے۔ ڈاکٹر انور محمود خالد نے فرمایا کہ اس طرح کا کوئی پروگرام بنے تو مجھے بھی بتائیے، میں بھی فیصل آباد سے آ جاؤں گا۔

یہ ٹیلی فون ختم ہوا تو میں نے دو چار دوستوں اور ساتھیوں کو مجوزہ اور ممکنہ پروگرام سے مطلع کیا۔ سبھی لاہور جانے اور جسٹس صاحب کی خدمت میں حاضری کے لیے تیار تھے۔ باقی دن پریشانی میں گزرا اور پریشانی کا سبب آپریشن کی نوعیت تھی۔ اکیانوے برس کی عمر اور آپریشن تھیٹر میں سات گھنٹے، اللہ خیر رکھے۔ اگلے روز ہفتے کا دن تھا یعنی یونی ورسٹی سے چھٹی تھی' البتہ مجھے اڑھائی بجے سہ پہر اپنی ایم فِل کی کلاس کے لیے گلم انسٹی ٹیوٹ آف ماڈرن لینگوئج جانا تھا۔ اسی حوالے سے اپنے لیکچر کے متعلق کچھ کتابیں دیکھ رہا تھا کہ تقریباً سوا دس بجے صبح ٹیلی فون کی گھنٹی بجی۔ ایسے وقت میں بہت سے فون متوقع ہوتے ہیں۔ میں نے فون اُٹھایا تو دوسری طرف سے ڈاکٹر انور محمود خالد بول رہے تھے' اور آج وہ معمول کی سلام دُعا بھی بھول گئے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ جسٹس صاحب کا انتقال ہو چکا ہے۔ ابھی نمازِ جنازہ کے وقت کا اعلان نہیں ہوا، لہٰذا میں مکمل اطلاع دینے سے قاصر ہوں۔ ہم دونوں نے ایک دوسرے سے اظہارِ افسوس کیا۔ فون بند ہوا تو میں ٹیلی ویژن کے سامنے بیٹھ گیا لیکن جیو نیوز چینل کو بھی جسٹس صاحب کے انتقال کی خبر دیر سے ملی۔ نمازِ جنازہ کا اعلان ہوا۔ وقت ایسا تھا کہ ہم کوشش کرتے تو بھی جنازے میں شامل نہیں ہو سکتے تھے۔ میں نے اڑھائی بجے گلم انسٹی ٹیوٹ کے طالب علموں کو جمع کر کے مذکورہ افسوس ناک خبر سنائی۔ سب لوگوں نے مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کی اور طالب علموں نے اظہارِ افسوس کے حوالے سے پس ماندگان کے لیے ایک تعزیتی خط تحریر کیا۔ خط میں لکھا تھا کہ آج علامہ اقبال کو جاننے اور ملنے والا آخری آدمی بھی دنیا سے رخصت ہو گیا۔ غالباً جسٹس جاوید اقبال مرحوم کے گھر پہنچنے والا پہلا تعزیتی عریضہ یہی رہا ہوگا!

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

میں اپنے دکھ کا اظہار اس مضمون کی شکل میں مکمل کر چکا تو اتفاق سے شاہد علی خان کے پرچے ''الحمرا لاہور'' کا تازہ شمارہ ملا جس میں جسٹس جاوید اقبال مرحوم کے حوالے سے چار انٹرویو اور مضامین شامل ہیں۔ یہ شمارہ اس حوالے سے بے حد قیمتی ہے لیکن مضمون نگاروں کا المیہ پھر یہی ہے کہ وہ علامہ اقبال اور جسٹس جاوید اقبال مرحومین کو اپنے اپنے نقطۂ نظر اور اپنی اپنی عینک سے دیکھنے کی کوشش کرتے اور اپنی اپنی پسند کے لباس پہنانا چاہتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ مسئلہ کہ جسٹس جاوید اقبال کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی! بھلا یہ کوئی متنازع ہے؟ کیا ہم برطانیہ میں ن م راشد اور بہاول پور میں ظہور نظر کے حوالے سے یہی سب کچھ نہیں بھگت چکے؟ اور کیا اس حوالے سے تمام معترضین کو آخر کار شرمندہ نہیں ہونا پڑا؟ عین ممکن ہے کہ جسٹس جاوید اقبال اور اُن کے بچوں ولید و منیب کے نقطۂ نظر سے پروفیسر ڈاکٹر معین نظامی ہی جسٹس صاحب کی نمازِ جنازہ پڑھانے کے سب سے زیادہ مستحق اور حق دار ہوں۔ نیز کیا یہ امر لازمی ہے کہ نمازیں صرف اُس شخص کو پڑھانا چاہئیں جس کی داڑھی ہو؟ داڑھی کا ہونا اچھی بات ہے اور ہم آپ سب کو داڑھی رکھنا چاہیے لیکن کچھ امور اس

سے بھی زیادہ ضروری ہیں جن کی طرف ہماری توجہ نہیں جاتی اور نہ ہم اُس راستے پر چلنے کے لیے آمادہ ہوتے ہیں جو جسٹس جاوید اقبال، علامہ اقبال اور خود میرے رسول ﷺ کا راستہ ہے۔

ویسے بہت سے ماہرین اقبالیات مثلاً پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، پروفیسر مرزا محمد منور اور ڈاکٹر معز الدین کی یہ رائے نظرِ ثانی کی محتاج ہے کہ جسٹس جاوید اقبال، علامہ اقبال کو اپنا حریف وغیرہ سمجھتے تھے۔ حالانکہ اگر غور کیا جائے تو جسٹس جاوید اقبال اپنی کتابوں کے نام تک علامہ اقبال سے متاثر ہو کر متعین کرتے رہے ہیں۔ مثلاً ''مئے لالہ فام''، ''زندہ رُود'' اور ''اپنا گریباں چاک'' وغیرہ۔ ایسے میں کون کہہ سکتا ہے کہ جسٹس صاحب علامہ اقبال کے راستے پر گامزن نہیں تھے!

☆☆☆

امجد اسلام امجد

کچھ یادیں' کچھ باتیں

یہ بات اب تقریباً ایک کلیشے کی شکل اختیار کر گئی ہے کہ بڑے اور نامور لوگوں کی اولاد ان کی عظمت کے حصار میں بے نام اور بے چہرہ ہو جاتی ہے' اور دیکھا جائے تو یہ تاثر کوئی اتنا غلط بھی نہیں کہ بچپن سے بڑھاپے تک یہ لوگ ایک ایسے تقابل کی کسوٹی پر پرکھے جاتے ہیں جو سراسر غیر حقیقی بھی ہے اور بے انصافی پر مبنی بھی کہ عظیم لوگوں کا شمار مستثنیات کے ضمن میں ہوتا ہے اور ایک انگریزی محاورے کے مطابق جس طرح Exceptions سے Rules نہیں بنائے جاتے اسی طرح یہ توقع بھی غلط ہے کہ بڑے آدمیوں کی اولاد بھی ان تمام خواص اور صلاحیتوں کی حامل ہو جو ان کو حاصل تھے۔ سو دیکھنے میں یہی آیا ہے کہ ہزاروں بلکہ لاکھوں میں سے کوئی ایک انسان ایسا ہوتا ہے جو اپنے عظیم ماں یا باپ کے برابر نہ سہی لیکن کسی نہ کسی حد تک نسلی تعلق سے قطع نظر ان کی وراثت کا اہل اور حق دار ہو۔ یہ اور بات ہے کہ ان کی ذاتی اہلیت کا کریڈٹ بھی بہت کم غیر مشروط انداز میں ان کو ملتا ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال مرحوم کے ساتھ بھی کم و بیش کچھ ایسا ہی سلوک روا رکھا گیا کہ اگرچہ انھوں نے دنیاوی سطح پر بہت کامیاب زندگی گزارنے کے ساتھ بطور مصنف بھی کئی زندہ رہ جانے والی اور غیر معمولی کتابیں لکھیں لیکن اکیانوے برس کی طویل عمر پانے کے باوجود بھی ان کا پہلا تعارف "فرزند اقبالؒ" ہی رہا۔

اب ظاہر ہے علامہ محمد اقبالؒ کا فرزند ہونا اور اس حوالے سے عزت پانا کوئی کم درجے کی بات نہیں لیکن اگر اس اعزاز کی قیمت کے طور پر ان کے اپنے کیے ہوئے سارے شاندار کام کو ایک طرف کر دیا جائے تو بلاشبہ اس کا نتیجہ ایک ایسی نفسیاتی الجھن کی شکل میں نکلتا ہے جس میں فخر اور بے مائیگی کا احساس ایک دوسرے میں ضم ہو جاتے ہیں۔ یہ اور اسی طرح کی کئی باتیں اور ڈاکٹر صاحب سے ملاقاتوں کی یادیں میرے ذہن میں گھوم رہی تھیں جب میں ان کے جنازے میں شرکت کے لیے جا رہا تھا' لیکن گاڑی کی بریک کے ساتھ ہی اس سلسلے کو بھی یکایک بریک لگ گئی۔

معلوم ہوا کہ ان کے گھر کی طرف جانے والی سڑک زیر تعمیر ہے اس لیے ٹریفک کو ایسے متبادل راستوں کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے جہاں ہر طرف گاڑیاں ہی گاڑیاں اور رکاوٹیں ہی رکاوٹیں تھیں۔ ایک کافی لمبا چکر کاٹ کر جب ان کے گھر کے قریب پہنچے تو پھر راستہ مسدود تھا۔ معلوم ہوا کہ جنازہ اٹھایا جا چکا ہے اور نماز جنازہ

ایک نزدیکی پارک میں ہوگی، جہاں تک پہنچنے میں مزید پندرہ بیس منٹ لگ گئے۔ میں تقریباً پونے پانچ بجے وہاں پہنچا جب کہ وقت چار بجے کا دیا گیا تھا، لیکن پتہ نہیں کیوں اس کے باوجود مجھے یقین سا تھا کہ میں نماز میں شامل ہو جاؤں گا اور یہی ہوا۔ پارک میں جہاں تک نظر جا سکتی تھی، ہزاروں لوگ صفیں سیدھی کر رہے تھے۔

نماز اور دعائے خیر کے بعد سوچا کہ ان کے صاحبزادوں منیب اور ولید اقبال اور بھانجے یوسف صلاح الدین سے تعزیت کر لی جائے کیونکہ ان کے ورثا میں سے زیادہ جان پہچان ان ہی تینوں سے تھی، لیکن قدم قدم پر ٹی وی چینلز کی کیمرہ ٹیمیں رستہ روکے کھڑی تھیں۔ گجرات یونیورسٹی کے سابق وی سی اور ایچ ای سی کے بہت سینئر افسر ڈاکٹر نظام الدین سے ہاتھ ملانے کے دوران ان کے ''تاثرات'' ریکارڈ کرنے والوں نے اس طرح گھیرا کہ صرف میاں یوسف صلاح الدین ہی سے تعزیت کا موقع مل سکا۔ سو منیب اور ولید سے اگلے روز رسم قل کے دوران ہی اظہار افسوس کیا جا سکا۔ دعا کے بعد برادرم پروفیسر ڈاکٹر معین نظامی نے دونوں بھائیوں کو باری باری خطاب کی دعوت دی اور دونوں نے ہی بہت اچھی، مختصر اور دل کو چھو لینے والی باتیں کیں۔

مجھے ذاتی طور پر ڈاکٹر جاوید اقبال اور ان کی اہلیہ محترمہ بیگم ناصرہ اقبال سے متعدد ملاقاتوں کا شرف حاصل ہے۔ ان کی باتیں سننے اور کئی بار ان کی میزبانی سے بھی لطف اندوز ہونے کی سعادت ملی ہے، لیکن اس سے بھی زیادہ یاد رہ جانے والی بات ان کی وہ محبت بھری شمولیت ہے جس سے انھوں نے میری ہر دعوت کے جواب میں مجھے سرفراز اور سرشار کیا۔ وہ ایک اہل نظر اور صاحب مطالعہ دانشور ہونے کے ساتھ ایک بہت خوشگوار شخصیت کے بھی حامل تھے۔ ان کی حس مزاح بھی ان ہی کی طرح خوب صورت اور بے ساختہ تھی۔ کچھ ناقدین نے علامہ صاحب کے حوالے سے قائم کی گئی کچھ آرا سے اختلاف کے حوالے سے ان پر طرح طرح کے الزامات بھی عائد کیے۔ کچھ نے ان کی روایت شکن ''دانش'' کو بے جا آزاد خیالی اور سیکولر سوچ کا نتیجہ قرار دیا کہ کئی معاملات میں ان کی رائے اور تاویل عام اور مروجہ اعتقادات سے مختلف تھی۔

علامہ محمد اقبالؒ بلاشبہ مفکر پاکستان بھی تھے اور ایک عظیم دانش ور اور بے مثال شاعر بھی لیکن ان کی زندگی تک پاکستان صرف ایک تصور تھا۔ ان کی وفات سے قیام پاکستان تک تحریک پاکستان کئی امتحانوں سے گزری اور جب یہ تصور حقیقت کا روپ اختیار کر گیا تو تب سے اب تک عملی سطح پر اس خواب کی تعبیر میں کئی نئے اور اَن دیکھے موڑ آ چکے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اقبال زندہ ہوتے تو وہ بھی اس خواب اور اس کی تعبیر کے تشکیلی مراحل پر اپنے ردعمل کا ایسا اظہار کرتے جہاں واقعات کو ایک نئے اور شاید قدرے مختلف انداز میں دیکھنے کی ضرورت پڑتی کہ انھوں نے تو خود کہا ہے کہ:

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

ڈاکٹر جاوید اقبال سے منسوب تمام تر ''انحرافات'' کو اگر اس شعر کی روشنی میں کھلے دل و دماغ کے ساتھ

دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ وہ کیسے گہری نظر رکھنے والے اور تحریر و تقریر دونوں میں یکتا ایک وسیع النظر دانش ور تھے۔ انھوں نے عملی طور پر علامہ صاحب کی اپنے نام لکھی ہوئی نظم کے ایک ایک شعر کو سچ کر کے دکھایا ہے۔ اپنی غلطی کو تسلیم کر کے اپنی سوچ کی اصلاح کرنا اور اپنے اخذ کردہ نتائج سے بدلے ہوئے حالات میں رجوع کرنا چھوٹے ذہنوں کے بس کی بات نہیں ہوتی۔ سو ہم دیکھتے ہیں کہ ''بانگ درا'' سے ''ارمغان حجاز'' تک کئی جگہوں پر علامہ صاحب نے اس حوالے سے جس ادبی دیانت اور جرات کا مظاہرہ کیا ہے اسی کا پرتو ہمیں ڈاکٹر جاوید اقبال مرحوم کی تحریروں میں بھی نظر آتا ہے۔ انھوں نے ہر لائق اعتبار تبدیلی کو قبول کیا ہے کہ برہمن زادہ ہونے کے باوجود دونوں باپ بیٹا بت پرستی کے خلاف تھے۔

(روزنامہ ایکسپریس: ۸/ اکتوبر ۲۰۱۵ء)

☆☆☆

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کی شخصیت

راقم السطور نے اپنے ایک دوست ڈاکٹر ظفر حیدری مدیر ''حکیم الامت'' سری نگر سے بذریعہ ٹیلیفون ڈاکٹر جاوید اقبال کی رحلت کی جانکاہ خبر سنی تو بے ساختہ راقم کی زبان عاجز بیان پر قرآن شریف کی موت کو یاد دلانے والی آیت شریف جاری ہوگئی۔ ان للہ وانا الیہ راجعون ۔ کچھ ثانیوں کے لیے مجھ پر سکتہ کی سی کیفیت طاری ہوگئی۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کو اب مرحوم لکھتے ہوئے میرا قلم کانپ رہا ہے اور زبان گنگ سی ہوگئی ہے۔ جناب خالد نظیر صوفی اپنی کتاب ''اقبال درون خانہ'' میں ڈاکٹر جاوید کے بارے میں درج کرتے ہیں کہ:

''جاوید کو بچپن میں ببا کہہ کر پکارتے تھے اور اس کے کھیلنے کے لیے بکری کا ایک بچہ بھی رکھ لیا گیا تھا جسے وہ بعض اوقات لیے پھراتا تھا۔ ایک روز جاوید بکری کے بچے سے کھیل رہا تھا۔ حضرت مرحوم زنانے میں گئے تو ایک چارپائی پر بیٹھ کر جاوید کا کھیلنا بھی دیکھ رہے تھے اور باتیں بھی کر رہے تھے۔ والدہ جاوید کو خدا جانے یکایک کیا خیال آیا کہ حضرت مرحوم سے مخاطب ہوکر کہا: آپ نے بے شمار شعر کہے لیکن جاوید کے متعلق کبھی کچھ نہ کہا۔ حضرت نے فرمایا: یہ کون سا مشکل کام ہے' لو ابھی کہہ دیتے ہیں۔ پنجابی میں چند شعر کہے:

اک سی ببا بکری والا
ہتھ وچ رکھ دا ڈنڈا
نانی جو اوہنوں پھڑن لگی
نسیا مار پچھنڈا
کھاندا بھابی ببا بکری والا
نالے توس تے انڈا
نالے کھاندا حلوہ منڈا
بھابی ببا بکری والا

ڈاکٹر جاوید اقبال اپنے بچپن کے متعلق لکھتے ہیں: ''ابا جان کی عادت تھی کہ وہ ہمیشہ دبے پاؤں زنانہ میں آیا کرتے اس طرح کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہونے پاتی۔ بہرحال جب بھی اماں جان مجھے کھانا کھلا

رہی ہوتیں ان کا دھیان باہر ہی رہتا اور جونہی وہ ابا جان کے قدموں کی ہلکی سی آہٹ بھی سنتیں تو اپنا ہاتھ پھرتی سے علیحدہ کر کے چمچہ میرے آگے رکھ دیتیں اور میں خود کھانا کھانے میں مشغول ہو جاتا۔ مجھے یقین ہے کہ ابا جان کئی مرتبہ اس کا سراغ لگا چکے تھے لیکن وہ اپنی مخصوص ہنسی کے بعد چلے جایا کرتے۔

ابا جان کو انگریزی لباس سے سخت نفرت تھی۔ مجھے ہمیشہ شلوار اور اچکن پہننے کی تلقین کیا کرتے۔ اور اگر میں غلطی سے بھی اپنی قمیضوں یا شلواروں کا کپڑا بڑھیا قسم کا خرید لاتا تو بہت خفا ہوتے۔ کہتے تم اپنے آپ کو کسی رئیس کا بیٹا سمجھتے ہو، تمہاری طبیعت میں امارت کی بو آتی ہے، اور اگر تم نے اپنے یہ انداز نہ چھوڑے تو میں تمہیں کھدر کے کپڑے پہنا دوں گا۔ میرے لیے بارہ آنے سے زائد قمیض کا کپڑا خریدنا یا آٹھ روپے سے زائد کے بوٹ خریدنا جرم تھا، جب کہ سزا کافی کڑی تھی۔ ویسے انہیں اگر کبھی یہ معلوم ہو جاتا کہ میں آج پلنگ پر سونے کے بجائے فرش پر سویا ہوں تو بڑے خوش ہوا کرتے۔

حیات جاوید سے متعلق یہ باتیں اس لیے پیش کی ہیں کہ ۹۲ سال کی عمر پا کر دنیا سے اٹھ جانے والے (عظیم باپ کے عظیم بیٹے) کے بارے میں اقبالیات کے شوقین اور نئی پود کے متلاشیان اقبالیات کو ان کی خانگی زندگی سے کچھ واقفیت ہو سکے۔ نہیں تو اقبالیات کا ایک ٹھاٹھیں مارتا اور پُر جوش سمندر ہے جس میں دیدہ زیب لعل و گہر کی فراوانی ہے اور ہر ایک متلاشی بقدر ظرف اس بے بہا سمندر سے فیض پا سکتا ہے۔ عشق و محبت کی بناء پر ہی مرد قلندر حضرت اقبال اپنے فرزند دل پسند کے لیے جناب رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں یوں عرض گزار ہیں:

ہمی یک آرزو دارم کہ جاوید
زعشق تو بگیرو رنگ و بوئے

"یا رسول اللہ ﷺ میری یہی ایک تمنا ہے کہ میرا بیٹا یعنی جاوید آپ کے عشق و محبت سے ہی رنگ اور خوشبو پا کر فیض یاب ہو جائے۔"

جب مقبول بارگاہ خداوندی اور منظور سرکار حضرت رسول عربی ﷺ کی اقبال جیسی دیدہ ور شخصیت اپنے لخت جگر کے بارے میں دعا گو ہو تو جاوید جیسے سعادت مند فرزند کا اس دنیا میں اپنا نام روشن کرنا ایک یقینی سی بات ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنے والد گرامی کی اچھی تربیت اور بزرگوں کی دعاؤں اور نگاہ کرم سے اپنی زندگی کو چار چاند لگائے اور بہت سارے مراحل میں کامیابی حاصل کی۔ اونچے اور بلند عہدوں پر متمکن ہوئے۔ جب ان کے والد محترم کو لندن میں ان کے ہاتھ سے لکھا ہوا ایک خط موصول ہوا تو انھوں نے جاوید کے نام کے عنوان کے تحت نظم لکھی۔

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر

خدا اگر دل فطرت شناس دے تجھ کو
سکوت لالہ و گل سے کلام پیدا کر
اٹھا نہ شیشہ گران فرنگ کے احسان
سفال ہند سے مینا و جام پیدا کر
میں شاخ تازک ہوں میری غزل ہے میرا ثمر
مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

اسی طرح حکیم الامت علامہ اقبال نے اپنے اس نورِ نظر یعنی جاوید کے نام اپنی مشہور عالم کتاب ''جاوید نامہ'' میں ایک سو چھبیس اشعار پر مشتمل ایک نظم لکھی ہے جس کا عنوان ہے ''خطاب بہ جاوید (سخنے بہ نژادِ نو)''۔ اس طویل فارسی نظم میں گو کہ خطاب اپنے بیٹے سے ہے مگر درحقیقت اس کا پیغام ساری ملت اسلامیہ کے نوجوانوں کے نام ہے اور جاوید کی ذات بطور علامت اس میں استعمال کی گئی ہے۔ اس نظم میں کلمہ توحید کی حقیقت، صوم وصلوٰۃ کی ماہیت، مسلم ملت کی موجودہ حالت اور دین فطرت کی آفاقیت کے اسرار کا اظہار کیا گیا ہے۔ بطور نمونہ یہ شعر درج کیے جاتے ہیں:

اے پسر ذوق نگہ از من بگیر
سوختن در لاالہ از من بگیر
تاز اندام تو آید بوئے جان

''اے میرے بیٹے ذوق نظر مجھ سے حاصل کر۔ لاالہ تو کہے تو روح سے کہہ تا کہ تیرے جسم سے روح کی خوشبو آئے۔''

دوسری جگہ بھی اپنے بیٹے جاوید سے ایک محبت آمیز انداز میں خطاب فرماتے ہیں:

حیا نہیں ہے زمانہ کی آنکھ میں باقی
خدا کرے کہ جوانی تری رہے بے داغ

والدہ کی وفات کے بعد اقبال نے اپنے دونوں بچوں کی نگہداشت اور تربیت کے لیے بدرجہ مجبوری ایک جرمن خاتون آنٹی ڈورس کی خدمات حاصل کی تھیں، جس نے بڑی شفقت سے ماں کی شفقت ومحبت سے محروم دونوں بچوں کو سنبھالا۔ ایام طفولیت کی منزلوں سے نکل کر آپ نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا۔ یہ دراصل علامہ اقبال کی شب و روز کی دعاؤں ہی کا نتیجہ ہے کہ جاوید اقبال نے تعلیمی میدان میں اپنے جوہر دکھائے اور بیرونی ممالک کی نامور یونیورسٹیوں سے تعلیم کے اعلیٰ مدارج پر پہنچ کر بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کیں۔

ڈاکٹر جاوید اقبال کی اپنی الگ پہچان تھی۔ آپ نے علم وادب کی اونچائیوں کو چھولیا۔ بیرونی یعنی

یورپ میں تعلیم حاصل کی اور ڈگریاں حاصل کر کے اپنی شخصیت کو نکھارا۔ آپ کو یہ شرف بھی حاصل تھا کہ بہت سارے ممالک تک پہنچ گئے اور بڑی بڑی اور سربرآوردہ شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ آپ نے اپنی زندگی میں تہران میں سید جمال الدین افغانی کانگریس کی صدارت بھی کی تھی۔ فردوسی کے مزار پر حاضری دی۔ انھیں استنبول میں مجلس تحفظ میراث اسلام کی صدارت بھی بخشی گئی۔ ۱۹۷۷ء میں نظام الدین اولیا دہلی کے مزار پر بھی حاضری دی۔ اندرا گاندھی کے ساتھ ۱۹۷۷ء میں علامہ اقبال کی صد سالہ برسی کے موقع پر بھی موجود رہے۔ قونیہ میں مزار رومی پر فاتحہ خوانی کی۔ چین کا دورہ بھی کیا۔ دنیا کے اور بھی بہت سارے اہم مقامات کا دورہ کیا اور اپنے بصیرت افروز خطبات سے وقتاً فوقتاً سامعین کو مستفید کیا۔

ڈاکٹر جاوید صاحب نے ۱۹۷۲ء میں لاہور ہائی کورٹ کے جج کے طور پر حلف اٹھایا۔ ۱۹۸۲ء میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی حیثیت سے ان کی تقرری عمل میں آئی اور بالآخر سپریم کورٹ کے جج کے عہدہ جلیل پر ریٹائر ہوئے۔ انھیں اپنی زندگی میں یہ شرف بھی حاصل رہا کہ وہ ایک ماہر قانون ہونے کے ساتھ اعلیٰ پایہ کے دانشور، ایک بہترین فلاسفر اور علامہ اقبال کے افکار اور ان کے نظریات کے بھی شارح ثابت ہوئے ہیں۔ وہ اردو اور انگریزی کے ایک بہترین ادیب اور قلم کار تھے۔ اپنے والد کی زندگی پر آپ نے ''زندہ رود'' کے نام سے تین جلدوں پر مشتمل ایک تفصیلی کتاب شائع کی جس نے عالمگیر شہرت حاصل کی۔ ''مئے لالہ فام'' ان کی ایک اور عمدہ کتاب ہے۔ آپ نے ''زندہ رود'' جو کہ ایک ضخیم کتاب کی صورت میں دستیاب ہے، اس کی تلخیص بھی چھپوائی۔ اپنی زندگی، ادبی خدمات، علمی کارناموں، طویل اسفار اور گونہ گوں دیگر مشغولیات سے متعلق اپنی سوانح حیات ''اپنا گریبان چاک'' کے ٹائٹل کے تحت شائع کی جو مرحوم ڈاکٹر صاحب کی زندگی کے بہت سارے گوشوں کا احاطہ کرتی ہے۔ اس کے علاوہ اقبالیاتی ادب پر سینکڑوں مضامین تحریر کیے ہیں۔ اس طرح علمی اور ادبی دنیا کا یہ ستارہ ہمیشہ چمکتا رہے گا اور ہر سو اپنی روشنی سے اندھیرے گوشوں کو منور کرتا رہے گا۔

مگر راقم السطور کی رائے میں یہ سب کچھ ہونے کے باوجود آپ کے لیے یہی چیز باعث عزت و شرف اور وجہ افتخار ہے کہ آپ ممدوح عالم، حکیم مشرق، دانائے راز حضرت اقبال کے نور نظر اور فرزند ارجمند ہیں۔

ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کی وفات پر لوگوں کے کانوں سے یہی آواز ٹکرائی کہ ڈاکٹر علامہ اقبال کے بیٹے انتقال کر گئے اور سبھی سننے والوں کی توجہ اس مناسبت سے خود بخود علامہ اقبال کی طرف مبذول ہوگئی۔ اس لیے اپنی الگ پہچان کے باوجود جاوید صاحب کے لیے یہ سعادت مندی اور نیک شگون ہے، جیسا کہ علامہ کے متعلق مولانا گرامی کا یہ شعر بھی مشہور ہوا:

در دیدہ معنی نگہاں حضرت اقبال
پیغمبری کرد و پیمبر نتوان گفت

اس طرح علامہ کی اولوالعزمی اور بلند مرتبت ہونے کی دلیل واضح ہوتی ہے۔ یہاں اس حوالے سے حیدرآباد کے جناب رؤف خیر کے مضمون کا یہ اقتباس بھی نقل کرنے کو جی چاہتا ہے جو انھوں نے خود جناب جسٹس جاوید اقبال کی تصنیف ''زندہ رود'' کے حوالہ سے تذکرہ کیا ہے:

''بچپن میں باپ کے حوالہ سے پہچانا گیا تو میں نے برا نہیں مانا کیونکہ مجھے علم ہی نہیں تھا کہ وہ کون ہیں اور کیا کرتے ہیں۔ جوان ہوا تب بھی باپ کے حوالے سے پہچانا گیا۔ یہ میرے لیے پدرم سلطان بود کی بنا پر فخر کا مقام تھا۔ زندگی میں اچھا برا کام کیا تب بھی باپ کے حوالے سے میری شناخت ہوتی ہے۔ عجیب اتفاق کو اعزاز کے بجائے بوجھ سمجھنے والے جسٹس جاوید اقبال جو کچھ ہیں thanks to iqbal ہیں۔ خودنوشت اور سوانح عمریاں تو بے شمار لکھی گئیں مگر خریدنے والا یہ سوچ کر خریدتا ہے کہ علامہ اقبال کے بیٹے نے آخر کیا لکھا ہے۔ جگن ناتھ آزاد کو سلام کرنے کو جی چاہتا ہے۔ وہ بجائے خود کیسے ہی شاعر کیوں نہ رہے ہوں' علامہ اقبال کے حوالے سے پہچانے جانے پر نازاں تھے۔ انھیں اقبال کا بیشتر کلام ازبر بھی تھا۔ ایک ایسے وقت جبکہ ہندوستان میں اقبال کا نام لینا بھی جرم سمجھا جاتا تھا' جگن ناتھ آزاد نے سرکاری سطح پر اقبال کی شاعرانہ حیثیت کا احساس دلایا۔ ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' کو ترانہ ہندی کا درجہ دلایا جو آج بھی برقرار ہے۔

پھر بھی مرحوم جاوید اقبال قابل تعریف و توصیف ہیں کہ انھوں نے قابل قدر حد تک اپنے والد گرامی کے نظریات اور افکار اقبال اور ان کے پیغام وغیرہ کی بھرپور تشریح و توضیح کرکے اقبالیاتی علم و ادب میں بہت کچھ اضافہ کیا ہے۔ علامہ مرحوم نے اپنے بارے میں خود ہی فرمایا ہے:

سرور رفتہ باز آید کہ ناید
نسیمے از حجاز آید کی ناید
سر آمد روزگارے ایں فقیرے
وگر دانائے راز آید کہ نا ید

اپنے اس طالب علمانہ مضمون میں اگر اس بات کا بھی ذکر کروں کہ مجھے مارچ ۲۰۱۴ء میں مرحوم جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کے ساتھ شرف ملاقات حاصل ہوا تھا تو شاید بے جا نہ ہوگا' اگرچہ اس پر الگ سے تفصیلاً لکھنے کی ضرورت ہے (بلکہ کچھ لکھا بھی جا چکا ہے)۔ علامہ اقبال کا ایک عقیدت مند ہونے کی بنا پر مجھے پچھلے سال دوسری دفعہ لاہور جانے کا موقع میسر ہوا۔ داتا گنج بخشؒ کی درگاہ پر حاضری کے بعد راقم باردگر علامہ مرحوم کی قبر پر حاضر ہوا اور اپنے عشق و محبت کے پھول قرآنی آیات اور درود و دعا کی صورت میں اس مردقلندر کی خدمت میں پیش کیے۔ اس نادار اور مفلس کی جھولی میں اس کے سوا کیا تھا اور کر بھی کیا سکتا تھا؟ گر قبول افتدز ہے عز و شرف۔ جیسا کہ علامہ نے بھی فرمایا ہے:

زیارت گاہ اہل عزم و ہمت ہے لحد میری
کہ خاکِ راہ کو میں نے بتایا رازِ الوندی

دورانِ سفر بذریعہ فون ڈاکٹر جاوید سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی اور وہاں سے لبیک سن کر مسرت حاصل ہوئی اور ان کی قیام گاہ واقع گلبرگ لاہور پہنچ گیا۔ گیٹ پر متعین بنکر میں موجود سپاہی نے ادھر سے ہی میرا نام بولا اور اندر جانے کے لیے کہا۔ تھوڑی دیر کے بعد جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب ملاقاتی کمرے میں داخل ہو گئے۔ اگرچہ بڑھاپے کے آثار بھی ان پر نمایاں تھے مگر بالکل صحت مند دکھائی دیتے تھے۔ چہرے بشرے سے اچھے لگتے تھے۔ سفید لباس میں ملبوس اور اس کے اوپر نیلے رنگ کی بازو والی بنیان (سویٹر) زیب تن کیے ہوئے تھے۔ میں ان کے ساتھ بغلگیر ہوا۔ مصافحہ کیا۔ مرحوم نے قہوہ منگوایا اور کچھ بسکٹ بھی ساتھ رکھے۔ اپنے سفرناموں کے بارے میں تفصیلات سنائیں۔ میں ایک نظر ان کو دیکھتا تھا اور دوسری نظر سے ایک مورِ ناتواں کی طرح سلیمان کے دربار میں خود کو محسوس کرتا تھا۔ بیچ بیچ میں دورانِ گفتگو اور ہوں ہاں کر کے اپنی نگاہیں کمرے کی دیواروں پر بھی دوڑاتا تھا اور قائداعظم محمد علی جناح صاحب اور علامہ اقبال کی تصویروں کو بھی دیکھتا تھا۔ الماریوں میں قانون کی کتابیں اور دیگر کتابیں بھی سلیقہ مندی سے رکھی گئی تھیں۔ اوپر والے طاقچے میں سیاہ جلد کی کتاب پر بھی نظر ٹھہر گئی۔ یہ بڑے سائز کی تھی۔ یہ کتاب وحی منظوم یعنی علامہ سیماب اکبر آبادی کا منظوم ترجمہ قرآن کریم تھا۔ کوئی ڈیڑھ گھنٹہ کی ملاقات نصیب ہوئی۔ میرے ساتھ پشاور کے ایک ساتھی بطور گائیڈ چلے گئے۔ مرحوم کی بیگم صاحبہ جسٹس ناصرہ کو بھی ایک نظر دیکھا۔ اپنی خواہش اور التماس پر شام کو عالم اسلام کے اس بطلِ جلیل یعنی اقبال کے فرزند سے دوسری بار ملنے کا شرف حاصل ہوا اور ان کے ساتھ کچھ تصویریں لے لیں جو کہ میرے پاس موجود ہیں۔ آپ نے تحفہ اپنی کتاب ''زندہ رود'' کی تلخیص اپنے دستخطوں کے ساتھ مرحمت فرمائی۔ رخصتی کے وقت ان کی زبان سے یہ الفاظ آج بھی میرے کانوں میں گونجتے ہیں: ''خدا تمھیں زندہ رکھے۔''

علامہ اقبال کی صاحبزادی منیرہ صلاح الدین کا گھر بھی باہر سے دیکھ لیا۔ اندر جانے کی خواہش ظاہر کی مگر کافی دیر ہونے کی وجہ سے شاید وہ محوِ آرام تھیں۔ دوسرے دن جا نہیں پایا اور ملاقات کی تمنا دل میں ہی رہی۔ بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے۔ یہ جناب جسٹس جاوید اقبال کی مہمان نوازی، شفقت اور اخلاق کریمانہ ہیں کہ انھیں کے مشورہ پر میں اپنے گائیڈ تاج نعمان کے ہمراہ علامہ مرحوم کی رہائش گاہ گیا جہاں انھوں نے آخری تین سال بسر کیے تھے اور یہیں پر اپنی عزیز جان خدا تعالیٰ کے سپرد کی تھی۔ بلاشک آپ عزیز ہی نہیں بلکہ عزیزِ جہاں بھی تھے۔ جاوید منزل میں وہ کمرہ دیکھنے کا شرف حاصل ہوا جہاں پر آپ نے پلنگ پر دم آخری لی تھی۔ اس پر آج بھی وہ تکیہ اور وہ شیٹ لگا ہوا ہے جس پر آپ نے انتقال فرمایا تھا۔ اس کے علاوہ اس

مقام پر مجھے اور بھی کئی چیزیں دیکھنے کا موقع ملا۔ مثلاً علامہ اقبال کی الماریوں میں بند رکھی گئی کتابیں، فوٹو گرافس، علامہ کے جوتے وغیرہ۔ اب یہ جاوید منزل باضابطہ سرکاری تحویل میں ہے اور حکومت پاکستان کے زیر انتظام ہے۔ جاوید منزل کے ساتھ والے صحن میں سجاوٹ کے ساتھ سنگ سیاہ کے خوش نما اور تراشیدہ پتھر نصب کیے گئے ہیں جن پر علامہ کے ارشادات اور کچھ یادگاری تاریخی کلمات کندہ کیے گئے ہیں۔

خاندان اقبال کے افراد سے میرے خطوط کے جوابات میں ان کے جوابی خطوط سے چند جملے تبرکاً نقل کیے جاتے ہیں:

۱۔ ''اچھی بات ہے کہ آپ نے ان (اقبال) سے عقیدت کی بنا پر سری نگر سے لاہور کا سفر اختیار کیا اور ان کے مزار پر حاضری دے کر اپنے دل کو تسکین پہنچائی''...... جاوید اقبال

۲۔ ''شاکر صاحب کی معیت میں خوب وقت گزرا۔ میں نے اقبال اکیڈمی لاہور کی شائع کردہ اپنی کتاب انھیں تحفہ کے طور پر دی۔'' (ڈاکٹر جاوید اقبال کا خط بنام ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی، کشمیر یونیورسٹی)

۳۔ ''خدا کا شکر ہے کہ آپ کا سری نگر سے لاہور کا سفر خاص طور پر نتیجہ خیز ثابت ہوا۔ آپ نے میری ذات کے بارے میں جس شفقت اور محبت کا اظہار کیا ہے، اس کے لیے شکریہ قبول فرمایئے''...... ڈاکٹر جاوید اقبال

۴۔ ''آپ کا جذبات وسعادت سے بھرا خط جس میں آپ کے سعی اور محرومی ملاقات کا پڑھ کر دکھ ہوا۔ یقیناً اس میں ہمارے ملازمین کی کوتاہی آڑے رہی۔ میرے والد محترم (علامہ صاحب) کے لیے آپ کے جذبات قابل تعریف ہیں''...... آپ کی بہن منیرہؔ (علامہ کی صاحبزادی)

5۔ ''خط میں ہمارے اہل خانہ کے متعلق آپ نے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اس کے لیے انتہائی شکر گزار ہیں۔ دبستان اقبال آپ کی پُر خلوص دعاؤں کا طالب ہے''...... میاں اقبال صلاح الدین

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم ڈاکٹر جاوید اقبال کی رُوح کو سکون عطا کرے۔ ان کی لغزشوں کو معاف کرے۔ ان کی قبر کو اپنے نور سے منور کرے۔ ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد!

☆☆☆

جسٹس (ر) منظور حسین سیال

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

حکیم الامت علامہ محمد اقبال کے فرزندِ ارجمند جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال ایک قانون دان، دانشور، ادیب، اقبال شناس اور گوناگوں اوصاف کے حامل تھے۔ وہ ۵/اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ بڑے بھائی کا نام ''آفتاب'' تھا، اس مناسبت سے دادا نے ان کا نام ''قمرالاسلام'' تجویز کیا، مگر یہ نام علامہ اقبال کو پسند نہ آیا، اس لیے انھوں نے ''جاوید اقبال'' نام رکھ دیا۔ اُن کا بچپن میکلوڈ روڈ لاہور میں گزرا۔ میٹرک تک اُن کی تعلیم سیکرڈ ہارٹ مشنری سکول، سینٹ فرانسس سکول، سنٹرل ماڈل سکول اور اسلامیہ ہائی سکول بھاٹی گیٹ، لاہور میں ہوئی۔ ابھی وہ گیارہ برس کے تھے کہ ۲۳/مئی ۱۹۳۵ء کو اُن کی والدہ محترمہ سردار بیگم وفات پا گئیں۔

علامہ اقبال نے بعض دوستوں کے مشورے سے علی گڑھ سے ایک جرمن خاتون مسز ڈورس احمد کو بلوا کر جولائی ۱۹۳۷ء میں جاوید اقبال اور اُن کی بہن منیرہ کی دیکھ بھال اُن کے سپرد کی، جو علامہ اقبال کی وفات کے بعد بھی یہ ذمہ داری ادا کرتی رہیں۔ والد کی وفات (۲۱/اپریل ۱۹۳۸ء) کے بعد جاوید اقبال کی تعلیم و تربیت چودھری محمد حسین کی نگرانی میں ہوئی۔ اُنھوں نے جاوید اقبال کو دیوان غالب کے ساتھ کلامِ اقبال بھی پڑھایا۔ وہ علامہ اقبال کے وصیت نامے میں مقرر کردہ چار سرپرستوں میں شامل تھے۔

جاوید اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے آنرز کے بعد ایم اے انگریزی کا امتحان ۱۹۴۷ء میں پاس کیا۔ پھر ایم اے فلسفہ کا امتحان اعزاز کے ساتھ پاس کیا اور پنجاب یونی ورسٹی میں پہلی پوزیشن مع طلائی تمغا حاصل کی۔ ۱۹۴۹ء میں وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے، جہاں وہ سات سال مقیم رہے۔ اس طویل عرصے میں انھوں نے ۱۹۵۴ء میں کیمبرج یونی ورسٹی سے فلسفے میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ اُن کی تحقیق کا موضوع تھا: ''برصغیر میں مسلم سیاسی فلسفے کا ارتقا''۔ ستمبر ۱۹۵۶ء میں لنکنز اِن لندن سے بار ایٹ لاء کا امتحان پاس کیا۔ انگلستان سے واپسی پر جاوید اقبال نے اپنے والد کی تقلید کرتے ہوئے پیشہ وکالت کو ذریعہ معاش کے طور پر اختیار کیا اور پنجاب یونی ورسٹی لاء کالج میں بطور جزوقتی لیکچرار کے فرائض انجام دیئے۔ ۱۹۶۹ء میں لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر اور بعد میں پاکستان بار کونسل کے ممبر منتخب ہوئے۔

۱۹۶۴ء میں اُن کی شادی فیروز سنز کے ڈاکٹر عبدالوحید کی صاحبزادی محترمہ ناصرہ اقبال سے ہوگئی، جو ایک سینئر وکیل ہیں اور لاہور ہائی کورٹ کی جج رہ چکی ہیں۔ وہ حمایت اسلام ویمن کمپلیکس کمیٹی کی رکن بھی ہیں۔

فکری زندگی ہی اس کی باطنی زندگی ہے۔'' یہی نکتہ اُن کی ادبی زندگی کی بنیاد ہے۔ ان کی ادبی تحریروں میں ڈرامے اور تمثیلیں نسبتاً زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ وہ کہتے ہیں: ''میرے ڈراموں کے سب کردار میری باطنی زندگی کی مختلف جہتیں ہیں، یعنی وہ سب میرے ہی مختلف روپ ہیں۔''

وہ ۸۵-۱۹۸۳ء قائداعظم یونی ورسٹی اسلام آباد کی تعارفی انجمن کے رکن رہے۔ ۹۴-۱۹۸۹ء گورنمنٹ کالج لاہور کے بورڈ آف گورنرز کے رکن کے طور پر خدمات انجام دیں۔ ۹۹-۱۹۹۴ء پاکستان کے ایوان بالا ''سینیٹ'' کے رکن رہے۔ ۱۹۹۵ء سے تاحال پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دینے کے ساتھ نظریۂ پاکستان فاؤنڈیشن کے رکن رہے۔ ۸۹-۱۹۸۶ء او آئی سی کی گورننگ کونسل برائے تحفظ اسلامی ثقافت وروایت، استنبول ترکی کے رکن اور بعد ازاں چیئرمین منتخب ہوئے۔ ۱۹۸۹ء سے تاحال اسلامی تہذیب وتحقیق شاہی اکادمی، عمان کے مستقل رکن رہے۔

۲۰۰۴ء میں ایکشن کمیٹی پارلیمان برائے ثقافت، انقرہ، ترکی میں بطور رکن مامور ہوئے۔ ۲۰۰۴ء میں حکومت پاکستان کی طرف سے آپ کو ''ہلال امتیاز'' عطا کیا گیا۔ آپ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پاکستانی مندوب کے طور پر شرکت فرماتے رہے۔ ۱۹۸۴ء اور ۱۹۸۷ء میں انسانی حقوق کمیشن جنیوا میں بطور مندوب شریک ہوئے۔ فکر اقبال، اسلام میں تصور ریاست سے متعلقہ موضوعات پر لیکچر دیے اور مقالہ جات پیش کیے۔ آپ نے بین الاقوامی یونی ورسٹیوں میں 'فلسفۂ اقبال اور رومی'' اور ''نظریۂ پاکستان'' کے موضوعات پر گاہے بہ گاہے لیکچر دیے۔

جاوید اقبال بنیادی طور پر ایک قانون دان تھے مگر اُن کی ایک اہم حیثیت ادیب، مصنف اور دانش ور کی بھی تھی۔ ذہنی طور پر وہ مسلم لیگی تھے۔ پاکستان اور دیگر کئی ممالک میں آپ نے بہت سی بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کی۔

۱۹۷۹ء میں آپ نے اپنے والد گرامی ڈاکٹر محمد اقبال کی پیروی میں انجمن حمایت اسلام کی جنرل کونسل کی رکنیت اختیار کی۔ آپ تادم آخر انجمن حمایت اسلام کے نائب صدر کے عہدے پر فائز رہے۔ وہ حمایت اسلام لاء کالج کے چیئرمین اور حمایت اسلام خواتین کالج گارڈن ٹاؤن کی کمیٹی کے رکن بھی تھے۔ انھوں نے طلبہ/طالبات کو مختلف مواقع پر مختلف موضوعات پر لیکچرز دیے اور آپ اساتذہ کرام اور طلبہ/طالبات میں نہایت مقبول اور ہر دلعزیز تھے۔ آپ طلبہ وطالبات کی ثقافتی اور تعلیمی مجالس میں نہایت دلچسپی لیتے تھے۔ یوم اقبال اور سپورٹس ڈے پر ہمیشہ شرکت کرتے اور انعامات تقسیم کرتے تھے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مَیں نے ملک پارک، بیگم پورہ کے حضرت عائشہ قبرستان میں ڈاکٹر جاوید اقبال کی تدفین کے بعد ان کی قبر پر پھولوں کی دو چادریں چڑھا کر دعائے مغفرت کی، ایک سپریم کورٹ آف

پاکستان کی جانب سے جب کہ دوسری انجمن حمایت اسلام کی طرف سے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال سے میرے دیرینہ گہرے مراسم تھے۔ ان کے ساتھ میں لاہور ہائی کورٹ میں جج رہا۔ میری نظر میں ڈاکٹر جاوید اقبال ایک عظیم شخصیت تھے۔ وہ مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔ جب مجھے انجمن حمایت اسلام کا صدر منتخب کیا گیا تو میں نے کہا کہ علامہ اقبال اس تنظیم کے ۱۹۰۱ء سے رکن، سیکرٹری تعلیم اور پھر ۱۹۳۴ء سے ۱۹۳۷ء تک صدر رہے تھے۔ اُن کے فرزند ہونے کے ناطے آپ انجمن حمایت اسلام کی صدارت سنبھال لیں۔ اس پر ڈاکٹر جاوید اقبال نے کہا کہ مَیں آپ کو اس ذمہ داری کے لیے زیادہ موزوں سمجھتا ہوں۔ پھر مَیں کچھ مشترکہ دوستوں کے ہمراہ رضا مندی کے لیے ان کے ہاں گیا مگر وہ پھر بھی نہ مانے۔ انھوں نے ازراہِ محبت کہا کہ اگر آپ مزید اصرار کریں گے تو میں انجمن حمایت اسلام کی رکنیت بھی چھوڑ دوں گا' کیونکہ مَیں اس ادارے کی بہتری کے لیے آپ کو موزوں سمجھتا ہوں' تاہم آپ کے ساتھ میرا یہ وعدہ ہے کہ میں ہمیشہ انجمن حمایت اسلام کی خدمات انجام دیتا رہوں گا۔ یوں ڈاکٹر جاوید اقبال بطور نائب صدر جنرل کونسل اور بطور چیئر مین حمایت اسلام لاء کالج کمیٹی ہر میٹنگ میں باقاعدگی سے تشریف لاتے رہے۔ ۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ کو (اپنے انتقال کے روز) بھی انھوں نے حمایت اسلام لاء کالج کی میٹنگ بلا رکھی تھی۔ میرے علاوہ دیگر معزز ممبران لاء کالج کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے لیے موجود تھے کہ اسی دوران وہاں ہمیں ڈاکٹر جاوید اقبال کی رحلت کی اطلاع ملی۔ اس سے پتہ چلا کہ انھوں نے اپنی زندگی کا آخری دن بھی انجمن حمایت اسلام کے لیے وقف کر رکھا تھا۔

لگ بھگ ۹۱ برس کی بھرپور زندگی بسر کرتے ہوئے جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال نے وطن عزیز کی نیک نامی اور ہر شعبہ ہائے زندگی میں ارتقاء کے لیے تگ و دو جاری رکھی۔ ملک کی بیشتر اہم شخصیات نے انھیں یادگار اعزاز کے ساتھ رخصت کرنے کے لیے ان کے گھر کے عقب میں واقع وسیع پارک میں نماز جنازہ ادا کی جہاں انجمن حمایت اسلام کے عہدے داران سمیت دیگر اراکین انجمن و اہلکار شریک تھے۔

ڈاکٹر جاوید اقبال کی وفات سے نہ صرف پاکستانی قوم بلکہ انجمن حمایت اسلام کو بھی ناقابل تلافی نقصان ہوا۔ آپ فرزند اقبال ہونے کے علاوہ ایک ہر دلعزیز عالم' ہمارے قابل قدر رفیق کار اور استاد محترم تھے۔ ان کو ہمیشہ اچھی یادوں کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ ہماری یہ دعا ہے کہ خداوند کریم ان کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!

☆☆☆

جسٹس (ر) ڈاکٹر منیر احمد مغل

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

خاندان اقبال کا شجرہ نسب خود جاوید اقبال نے اپنی تالیف "زندہ رود، حیاتِ اقبال (۱۸۷۷۔ ۱۹۳۸)" کے شروع اور آخر میں لگا دیا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ بابا بول حاج پندرھویں صدی میں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ نامعلوم پشتوں کے بعد شیخ اور دو یا تین پشتوں کے بعد جمال الدین جن کے چار بیٹے تھے (عبدالرحمٰن، محمد رمضان، محمد رفیق اور عبداللہ)۔ محمد رفیق کے دو بیٹے تھے: ایک کا نام نور محمد اور دوسرے کا نام غلام محمد تھا۔ نور محمد ہی شیخ نور محمد ہیں۔ نور محمد کے گھر تین بیٹیاں (فاطمہ بی، طالع بی، زینب بی) اور دو بیٹے عطا محمد اور محمد اقبال پیدا ہوئے۔ محمد اقبال ہی علامہ محمد اقبال ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیوی سے آفتاب اقبال اور معراج بیگم اور دوسری بیوی سردار بیگم سے جاوید اقبال اور منیرہ بیگم سے نوازا۔

خود جاوید اقبال نے اپنی تالیف "زندہ رود، حیاتِ اقبال (۱۸۷۷۔ ۱۹۳۸ء)" میں لکھا ہے: اقبال ۱۹۳۴ء کی گرمیوں میں شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ کے مزار پر سرہند شریف پہنچے اور دعا کی کہ اگر خدا تعالیٰ انھیں اولاد نرینہ سے نوازے تو پھر اسے احیائے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت اسی طرح انجام دینے کی توفیق عطا کرے جس طرح شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی کو عطا کی تھی۔

۵/ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو صبح ساڑھے نو بجے جاوید اقبال سیالکوٹ میں سردار بیگم کے بطن سے پیدا ہوئے۔ ان کے دادا شیخ نور محمد نے ان کے کان میں اذان دی اور اپنے بڑے پوتے آفتاب کی نسبت سے ان کا نام قمر الاسلام تجویز کیا لیکن ان کے والد اقبال کو یہ نام پسند نہ آیا اور پہلے سے اپنے سوچے ہوئے نام کو ترجیح دی۔ لہٰذا جاوید نام رکھا گیا۔ جب جاوید ۹ سال کے ہوئے تو ۲۹ جون ۱۹۳۴ء کی شام کو اقبال سرہند تشریف لے گئے اور شیخ احمد (حضرت مجدد الف ثانیؒ) کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ ۳۰ جون ۱۹۳۴ء کو واپس لاہور آ گئے۔ چودھری محمد حسین، حکیم طاہر الدین، علی بخش اور جاوید اقبال ان کے ہمراہ تھے۔ غلام بھیک نیرنگ، ان کے پرانے دوست انبالے سے سرہند پہنچے اور اقبال کے ساتھ مزار پر حاضری دی۔

جاوید اقبال لکھتے ہیں:

"راقم کو خوب یاد ہے کہ وہ ان کی انگلی پکڑے مزار میں داخل ہوا۔ گنبد کے تیرہ تار مگر پُر وقار ماحول نے اس پر ایک ہیبت سی طاری کر دی تھی۔ اقبال تربت کے

قریب فرش پر بیٹھ گئے اور راقم کو بھی پاس بٹھالیا۔ پھر انھوں نے قرآن مجید کا ایک پارہ کھولا اور دیر تک تلاوت کرتے رہے۔ اس وقت وہاں کوئی اور موجود نہ تھا۔ گنبد کی خاموش اور تاریک فضا میں ان کی رندھی ہوئی مدھم آواز گونج رہی تھی۔ راقم نے دیکھا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو امڈ امڈ کر رخساروں پر ڈھلک آئے ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار پر حاضری دینے کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ راقم کی پیدائش پر اقبال نے عہد کیا تھا کہ وہ اسے ساتھ لے کر بارگاہ میں حاضر ہوں گے۔''

دوسری وجہ کے متعلق انھوں نے نذیر نیازی کو اپنے خط مورخہ ۲۹ جون ۱۹۳۴ء میں تحریر کیا:

چند روز ہوئے صبح کی نماز کے بعد میری آنکھ لگ گئی۔ خواب میں کسی نے مندرجہ ذیل پیغام دیا:

ہم نے جو خواب تمہارے اور شکیب ارسلان (شام کے معروف دروزی رہنما، اتحاد ممالک اسلامیہ اور احیائے اسلام کے بہت بڑے داعی) کے متعلق دیکھا تھا وہ سرہند بھیج دیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ خدا تعالیٰ تم پر بہت بڑا فضل کرنے والا ہے۔ پیغام دینے والا معلوم نہیں ہو سکا کون ہے۔ اس خواب کی بنا پر وہاں حاضری ضروری ہے۔"

اقبال کو سرہند کی زمین بہت پسند آئی اور اس کی تعریف کرتے ہوئے انھوں نے نذیر نیازی کو بعد کے خطوط میں تحریر کیا:

''نہایت عمدہ اور پُر فضا جگہ ہے۔ ان شاء اللہ پھر بھی جاؤں گا۔ مزار نے میرے دل پر بڑا اثر کیا ہے۔ بڑی پاکیزہ جگہ ہے۔ پانی اس کا سرد اور شیریں ہے۔ شہر کے کھنڈرات دیکھ کر مجھے مصر کا قدیم شہر فسطاط یاد آ گیا جس کی بنا حضرت عمر بن العاص (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے رکھی تھی۔ اگر سرہند کی کھدائی ہو تو معلوم نہیں اس زمانے کی تہذیب و تمدن کے کیا کیا انکشافات ہوں۔ یہ شہر فرخ سیر کے زمانے میں بحال تھا اور موجودہ لاہور سے آبادی وسعت کے لحاظ سے دگنی تھی۔"

جاوید کے بارے میں ان کو بڑی امیدیں وابستہ تھیں۔ جاوید کس حد تک ویسے جاوید بن سکے، اس کی شہادت وقت دے گا۔ اولیاء اللہ کی بارگاہ پر مانگی دعا کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔ اس دعا کا جواب آیا اور ابھی مزید آتا رہے گا۔

اقبال کے بارے میں ایران کے ملک الشعراء بہار نے کہا تھا:

عصر حاضر خاصۂ اقبال گشت
واحدے کز صد ہزاراں برگذشت

خودان کے استاد غلام قادر گرامی جالندھری کی بصیرت بھری نظران کے بارے میں یہ اعتراف کر رہی تھی:

در دیدہ معنی نگہان حضرت اقبال
پیغمبری کرد و پیمبر نتواں گفت

معنی دیکھنے والی آنکھ تو خوب جانتی ہے کہ اقبال نے پیغام رسانی کا کام کیا ہے لیکن ان کو پیغمبر (ہرگز) نہیں کہا جاسکتا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ قرآن پاک نے دوٹوک الفاظ میں یہ فرمادیا ہے کہ:

''محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔ اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔'' [۴۰:۳۳]

خود نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ سلم) نے ارشاد فرمایا ہے:

لا نبی بعدی

''میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''

اقبال تو سچے امتی اور عاشق رسولؐ ہیں انھوں نے اپنے پورے کلام کو قرآن وسنت ہی کے تابع رکھا اور اپنی اولاد کو بھی قرآن وسنت ہی کا علمبردار دیکھنا چاہتے ہیں۔ اقبال کے ہاں تو ختم الکلام یہ ہے:

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی است

جاوید نامہ کا ایک ایک شعر اسی سوزِ دروں کو ظاہر کرتا ہے۔ خصوصاً درج ذیل اشعار میں ایک باپ کا اپنے بیٹے کو واشگاف الفاظ میں یہ وصیت کردینا کوئی ابہام باقی رہنے نہیں دیتا کہ وہ جاوید کو کتنی سربلندی پر دیکھنے کا یقین رکھتے تھے:

خطاب بہ جاوید سخنی بہ نژادنو

این سخن آراستن بیحاصل است
بر نیاید آنچہ در قعرِ دل است

To have this talk is of no gain if that which is in the core of heart is not expressed.

یہ بات کرنا بے سود ہے اگر اس سے وہ چیز حاصل نہ ہو پائے جو دل کی اتھاہ گہرائی میں (پوشیدہ) ہے

گرچہ من صد نکتہ گفتم بی حجاب
نکتۂ دارم کہ ناید در کتاب

Though I have stated a hundred points openly yet I have a point that is beyond the scope of description.

اگرچہ میں نے بغیر کسی پردے کے سینکڑوں باریک بامعنی باتیں کی ہے لیکن پھر بھی ایک ایسا نکتہ میرے پاس باقی ہے جو تحریر میں نہیں آ سکتا۔

گر بگویم مے شود پیچیدہ تر
حرف وصوت اُو را کند پوشیدہ تر

If i speak, it becomes more complex. Letter and sound make it more hidden.

اگر اسے بیان کروں تو اور مشکل ہو جاتا ہے۔حرف اور آواز اس کو اور زیادہ چھپا دیتے ہیں

سوز اُو را از نگاہ من بگیر
یا ز آہ صبحگاہ من بگیر

Have its burning from my sight or have it from my sigh of morning time.

اس کے سوز کو میری نگاہ سے حاصل کر یا میری صبح کے وقت (خدا کے حضور) آہ وزاری سے حاصل کر

مادرت درس نخستین با تو داد
غنچہ تو از نسیم اُو گشاد

It was your dear mother who delivered you the first lesson. Your bud was opened by her cool breeze.

تیری (نیک دل نیک بخت نیکوکار) والدہ ماجدہ نے تجھے سب سے پہلے جو درس دیا تیری کلی اسی کی بادنسیم کے صدقے کھلی تھی

از نسیم اُو تُرا این رنگ و بُوست
ای متاع ما بہای تو ازُوست

From her cool breeze is to you this colour and fragrance. O our lot ! Your value is all out of her.

اسی کے سانسوں کے صدقے تیرا یہ رنگ اور خوشبو ہیں۔اے مری متاع (حیات) تیری ساری قدر و قیمت اسی سے ہے

دولتِ جاوید ازو اندوختی
از لبِ اُو لَااِلٰہ آموختی

You have gathered the ever lasting wealth from her.And it was from her lips that you have learnt (the Pure Word) that there is no God save Allah and Muhammad(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) is the Messenger of Allah.

تو نے ہیشگی کی دولت اسی سے حاصل کی ہے۔اسی کے مبارک ہونٹوں سے تو نے (پہلی مرتبہ) لا الہ (الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) سیکھا

ای پسر ذوقِ نگہ از من بگیر
سوختن در لَااِلٰہ از من بگیر

O (my dear son)! Acquire the taste of sight from me. Acquire from me the manner to burn yourself in the fire of La ilah.

اے فرزند (ارجمند' اللہ تعالیٰ تیرا بھی اقبال بلند کرے) دید کا اصل چکھنا مجھ سے حاصل کر اور لا الہ میں جلنا مجھ سے حاصل کر

لاالہ گوئے بگو از رُوی جان
تا زِ اَندامِ تو آید بُوے جان

Whenever you say La ilah say it from the core of your soul so that there comes out fragrance of soul from your body.

جب (بھی تو) لا الہ (کلمہ طیبہ) کہے تو دل وجان سے کہہ تا کہ تیرے تن بدن (جسم سے) روح وقلب کی خوشبو آنے لگے

مہر و مہ گردد ز سوز لَااِلٰہ
دیدہ ام این سوز را در کوہ و کہ

The sun and the moon begin circumambulating by the burning of the La illah. I have observed this burning in the (heights of the) mountains and the (lowest) bottoms of the earth.

چاند اور سورج اسی لا الہ کے سوز سے گردش میں ہیں۔میں نے اس تڑپ اور تب وتاب کو دل کی آنکھ سے ہر پہاڑ اور تنکے (بلند وپست) میں دیکھا ہے۔(میں شنیدنی نہیں دیدنی کہہ رہا ہوں)

این دو حرف لاالہ گفتار نیست
لاالہ جز تیغ بی زنہار نیست

These two words of La ilah are not mere a saying.Lailahis nothing but a sharp sword.

لاالہ کے یہ دولفظ خالی ایک بات نہیں ۔لاالہ تو ایک تیز دھار (کفروشرک والحادکو کاٹ کرر کھ دینے والی) تلوار ہے

زیستن با سوز او قہاری است
لاالہ ضرب است وضربِ کاری است

To live with its burning effect is a force .Lailah is a strike and a fatal strike.

سوز کے ساتھ زندہ رہنا ایک غلبہ نصیب کرتا ہے۔لاالہ ایک ضرب ہے جو(کفروشرک والحادومنافقت کو) ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کردیتی ہے

مؤمن و پیشِ کسان بستن نطاق
مؤمن و غداری و فقر و نفاق

To be a believer and to wear belt (for service of others)? To call himself a believer and then committing treason (against true faith), begging (extending hands before others to get alms) and observing conduct of hypocrisy (is not befitting a believer).

بندۂ مومن ہواور خدا کے علاوہ کئی اوروں کے سامنے کمر بند کھڑا ان کا مطیع ہو(یہ ایمان نہیں کفر ہے)۔بندہ مومن ہواور اس کے اندر حکم خدااور رسولؐ سے بغاوت‘ دوسروں کے سامنے اپنی حاجت براری کے لیے ہاتھ پھیلانا اور منافقت پائی جائے (یہ ایمان نہیں کفر ہے)

با پشیزی دین و ملت را فروخت
ہم متاعِ خانہ و ہم خانہ سوخت

For a single copper or nickel coinage(1) you sold your religion and community and thus have burnt the whole domestic property and the home itself.

ایک کوڑی کی خاطر دین وملت کو بیچ ڈالا۔گھر کی ساری چیزیں اور گھر بھی جلاڈالا (یہ فراست ایمانی نہیں‘ حماقت کافری ہے)

لاالہ اندر نمازش بُود و نیست
نازہا اندر نیازش بُود و نیست

La ilah was in his prayer and now it is not. Lovely conduct was in his submissiveness and now it is not.

اس کی نماز میں ہمہ وقت لیجہ پہلو لا الہ کا تصور ہوتا تھا جو نہیں رہا۔ اس کے کردار میں خدا کے علاوہ ہر ایک سے بے نیازی ہوا کرتی تھی، وہ نہ رہی (تو یہ کیسی نماز اور کیسا کردار؟ مومن تو ایسا نہیں ہوا کرتا)

نُور در صوم و صلوت اُو نماند
جلوہَ در کائنات اُو نماند

In his prayers and fasts there remained no light. There remained no emanation in his universe.

اس کے روزہ و نماز میں نور باقی نہ رہا۔ اس کی کائنات میں وہ تجلی باقی نہ رہی

آنکہ بود او را ساز و برگ
فِتنہ اُو حُبّ مال و ترس مرگ

Only Allah was his music and garden.Now his trial is in the form of his love for wealth and his fear of death.

وہ جو اس کے ساز و برگ تھے اس کی آزمائش دل کی محبت اور موت سے ڈرنا تھے

رفت ازو آن مستی و ذوق و سرور
دین اُو اندر کتاب و اُو بگور

From him departed intoxication, taste and pleasure. His Deen (religion) is confounded in the Book and he is confounded in grave.

اس کے جسم و جان سے وہ کیف و سرور، وہ مدہوشی و مزہ جاتے رہے۔ اس کا دین کتاب کے اندر رہ گیا اور وہ خود قبر میں چلا گیا

صُحبتش با عصر حاضر در گرفت
حرفِ دین را از دو "پیغمبر" گرفت

Modern age has become his companion. Take the word of Deen from two"message deliverers"

اس نے عصر حاضر کی صحبت اختیار کر لی اور دین کی باتوں کو اس نے دو انسانی پیغام رسانوں سے حاصل کرنا شروع کر دیا

آن ز ایران بود و این ہندی نژاد
آن ز حج بیگانہ و این از جہاد

He who is the one is by birth an Iranian and this is an Indian by birth. One alien to Hajj and the other alien to the constant stringgle in the came of Allah.

ایک ایرانی تھا اور دوسرا ہندی۔ ایک حج سے بیگانہ اور دوسرا جہاد (فی سبیل اللہ) سے دُور

تا جہاد و حج نماند از واجبات
رفت جان از پیکرِ صوم و صلوٰت

As the Jihad and the Hajj did not remain obligatory, the soul went off from the body of the fasts and the prayers.

جب تک حج اور جہاد لازمی رہے، صوم وصلوٰۃ میں جان تھی، برکت تھی، اثر تھا۔ جب یہ نہ رہے تو صوم وصلوٰۃ کے جسم سے روح نکل گئی

روح چون رفت از صلوٰت واز صیام
فرد ناہموار و ملّت بی نظام

When the soul went out of the prayers and the fasts,the result was that the individual became unbalanced and the community became system-less.

جب نماز، روزوں سے ان کی اصل روح ہی جاتی رہی تو نتیجہ یہ نکلا کہ فرد غیر متوازن اور ملت بے نظام ہوگئی۔ (نظام تو عدل واحسان چاہتا ہے۔ حق شناسی اور دادرسی چاہتا ہے۔ امن وسلامتی چاہتا ہے۔ کفر وشرک والحاد، ظلم وزیادتی، استیصال وفریب دہی، منافقت وفحاشی کا خاتمہ چاہتا ہے۔ اس کے لیے منافقت نہیں اتفاق کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ بزدلی اور فرار نہیں، بلکہ صداقت، شجاعت وعدالت درکار ہوتی ہے۔ دنیا کی امامت (لیڈرشپ) انھی اقوام کے ہاتھ آتی ہے جوان خصائل کے حامل ہوتے ہیں)

سینہ ہا از گرمی قرآن تہی
از چنین مردان چہ امّید بہی

The hearts in the chest have become devoid of the warmth of the Holy Qur'an. From such men what well-ness could be hoped.

آج مسلمانوں کے سینے قرآن کی گرمی سے خالی ہیں۔ ایسے مردوں سے کسی فائدے کی کیا امید کی جاسکتی ہے؟

از خودی مرد مسلمان در گزشت
ای خضر دستی کہ آب ار سر گزشت

A Muslim man has lost all his ego. O Khidr!Extend your helping hand as the water has over flown the head.

مردِ مسلمان خودی چھوڑ بیٹھا ہے۔ اے خضر، ہاتھ آگے بڑھا کہ پانی سر سے گزر گیا ہے۔ (خودی مرد مسلمان کی آن تھی، بان تھی، شان تھی، احسان خدا خوفی اس کی شان تھی۔ خدا پر پورا توکل اس کی بان تھی۔ عظم وعمل اور بلند کرداری اس کی

شان تھی۔ وہ خود آ گاہ بھی تھا اور خدا آ گاہ بھی۔ وہ حق شناس بھی تھا اور حق کو ادا کرنے والا بھی۔ وہ حق گو بھی تھا اور حق کو دلانے والا بھی۔ خصر راہ تو قرآن وسنت ہیں۔ مسلمانوں کا اجماع ہے۔ انھی کی روشنی میں اجتہاد ہے)

سجدہ ئی کزوی زمین لرزیدہ است

بر مرادش مہر و مہ گردیدہ است

A prostration (is required from a believer in Allah) that causes the earth to shake and on whose simple desire the sun and the moon begin circulating.

وہ ایک سجدہ جس سے روئے زمین لرز اٹھتی ہے اور جس کے ارادے پر سورج اور چاند گردش میں ہیں

سنگ اگر گیرد نشان آن سجود

در ہوا آشفتہ گردد ہمچو دود

If a rock of stone gets the mark of that sort of prostration it would disintegrate and spread in the air like smoke.

پتھر اگر اس کا نشان پالے تو ہوا کے اندر دھوئیں کی طرح پھیل جائے

این زمان جز سر بزیری ہیچ نیست

اندر و جز ضُعفِ پیری ہیچ نیست

This age is of no meaning where there is only the form bowing head. There is nothing in it except the weakness of old age.

یہ زمانہ صرف سر کو نیچا کر دینے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے۔ اس کے اندر سوائے ضعف پیری کے کچھ بھی نہیں

آن شکوہ رَبی الاعلیٰ کجاست

این گناہ اُوست یا تقصیر ماست

Where is that splendid highness of Rabbiyal-A`la (Glorified is my Lord, the Most Sublime). Is it his fault or our fault (as a whole Muslim nation).

وہ ''پاک ہے میرا برتر و بالا رب!'' سبحان ربی الاعلیٰ کی تسبیح کا شکوہ وعظمت کہاں ہے۔ یہ اس کا گناہ ہے یا ہمارا قصور ہے

ہر کسی بر جادۂ خود تند رو

ناقہ ما بے زمام و ہرزہ دو

Every one is violent on his course.Our she-camel is without reigns and wanderer.

ہر قوم اپنی اپنی شاہراہ پر تیز گام وتندرو ہے ایک ہماری اونٹنی بے لگام اور خود سر ہوتی پھر رہی ہے۔ (ہمیں تو ہر قول وفعل میں تقویٰ اختیار کرنے کا درس تھا۔ تقویٰ تو نام ہی عدل واحسان کا ہے۔ حفظِ مراتب کے خیال رکھنے کا ہے۔ ہمارے تو پل پل کے لیے آداب ہیں ضابطے ہیں، قوانین ہیں آدھا ایمان نظافت (صفائی، ستھرائی، پاکیزگی جسم ولباس، وجگہ) ہے تو آدھا ایمان شرم وحیا (روح وقلب کی پاکیزگی) ہے۔ ہر وہ قول وفعل جو تکریم انسانیت کے منافی ہو وہ اسلام میں حرام وممنوع ہے۔ شدت کفر وشرک ونفاق کے برخلاف ہے نہ کہ انسان کے۔ شدت اس گرہ کے برخلاف ہے۔ جونہی وہ گرہ کھل گئی، شرح صدر نصیب ہوگیا۔ کفر بھرا انسان تسلیم ورضا سے مملوءیہ ہوگیا۔ اس کا سینہ نور اسلام سے بھر گیا۔ وہ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ کے زمرے سے نکل کر رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ کے زمرے میں آ گیا۔ اب ذات پات، اونچ نیچ کا کوئی تصور اس کو مساوی حقوق دینے میں آڑے نہ آئے گا۔

صاحبِ قرآن و بی ذوق طلب؟

العَجب ثُمّ العجب ثُمّ العجب!

A believer claims to be the possessor of the Holy Qur'anandactually he is having no taste of it? This sort of Muslim conduct is strange, nay more strange, nay the most strange.

تو صاحب قرآن ہو کر بے ذوق طلب رہ جائے تو بڑے تعجب کی بات ہے، بڑی چنبھے کی بات ہے، بڑی ہی عجیب بات ہے۔

گر خُدا سازد ترا صاحب نظر

روزگارے را کہ می آید نگر

If God blesses you to be a man of sight and you have a time to see (the realities of life); do see it.

اگر خدا تجھے صاحب نظر (بصیرت کی آنکھ والا) بنادے تو پھر جو کچھ بصیرت کی آنکھ دیکھتی ہے ذرا اس کا بھی نظارہ کر تا کہ تجھ پر تیری اور کائنات کی اصل حقیقتیں اور بن دیکھی اصلیتیں ظاہر ہو جائیں۔ (دل کی بادشاہت کے نظارے کچھ اور ہی طرح کے ہیں۔ ملکوت السمٰوت کی سیر نصیب ہو جائے تو بندہ کچھ کا کچھ بن جاتا ہے۔ وقت کا جابر ترین حکمران نمرود اور اس کی قوم بہت بڑی آگ جلا کر حضرت ابراہیمؑ کو اس میں پھینک دیتے ہیں۔ جبریلؑ امین عرض کرتے ہیں: کسی مدد کی ضرورت ہے؟ بندۂ مومن کہتا ہے: میرا مددگار اللہ وحدہ لاشریک ہے۔ دنیا دیکھتی ہے چرخ نیل فام عالمی تاریخ گواہ ہے کہ یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ اے آگ ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا، کا جواب آتا ہے۔ پھر فرعون وموسیٰؑ کا مقابلہ دریا کا دو ٹکڑے ہو جانا عقل ودانش والوں کے لیے شرح صدر کا وافر سامان رکھتا ہے۔ پھر یہود کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب کرنا چاہنا اور ان کا زندہ آسمان پر اٹھا لیا جانا دلوں کے دبیز پردے ہٹانے کے لیے کافی ہے۔ پھر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر قرآن کا نزول ایک دائمی معجزہ ہے۔ اسلام سے بہتر زندگی گزارنے کا طریقہ کوئی اور ہے ہی نہیں۔ قصور سارا ہم بے عملوں کا ہے۔ جب ہمارے اعمال درست تھے، ہم دنیا جہان پر حکمران تھے۔ جب ہم نے غفلت برتی اور کردار سے قرآن وسنت کو خالی کر لیا، ذلت وخواری ہمارا نصیب بن

گئی۔ جب دوبارہ فرمودات قرآن وسنت کو افراد اقوام اسلام اپنالیں گے، پھر سعادت لوٹ آئے گی۔ عزت وحکومت نصیب ہوں گی)۔

عقلہا بیباک و دلہا بی گداز
چشمہا بی شرم و غرق اندر مجاز

Now the intellects have become fearless and the hearts have become hard (not having the quality of being melted and softened); the eyes have become shameless and drowned into allegory.

اب دور یہ ہے کہ عقلیں بے خوف، بے دھڑک ٹامک ٹوئیوں اور موشگافیوں میں بغیر کسی مقصد کے مصروف ہیں۔ بے مقصدی سے کیا حاصل ہوگا، صرف اور صرف جھگڑے اور تضیع اوقات۔ جنھوں نے حساب دینا ہوتا ہے وہ وقت کا بے جا مصرف نہیں کرتے۔ ہماری آنکھیں، نظریں، نگاہیں اب بے حیا ہیں، بے ادب ہیں، بے شرم ہیں، حق وباطل میں تمیز نہیں کر پاتیں۔ غض بصر کے احکام کچھ یوں ہی نہ دیے گئے تھے۔ مرد اور عورتوں کے حقوق تھے۔ ان کا احترام مقصود تھا اور ہے۔ ہم نے آنکھ کی اس نعمت کی قدر نہ کی۔ صحیح استعمال نہ کیا۔ عفت زبان، عفت نگاہ اور عفت قلب ہمارا اشعار تھے۔ ہر نعمت کا صحیح استعمال ہی اس کی قدردانی اور شکر ادا کرنا ہے۔ ہم نے قدر تو ایک طرف رہی غلط استعمال کو اپنالیا اور اس پر دیدہ دلیری یہ کہ اس کو صحیح گردانا اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا۔ ہر عمل کا ایک ردِّعمل ہے۔ وہی ہوا جو ہونا چاہیے تھا۔ نہ گھر کے رہے نہ گھاٹ کے۔ ہم اصلی اور حقیقی کو چھوڑ کر نقلی اور مجازی کے پیچھے لگ گئے۔ حقیقت کو دوام ہے اور مجاز عارضی ہے۔ وقت گزشتنی ہے۔ وقت اور موج کسی کی پرواہ نہیں کرتے۔ ''گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔''

علم و فن ، دِین و سیاست ، عقل و دِل
زوج زوج اندر طواف آب و گل

Science and art, religion and politics, intellect and heart, have become pairs and circumambulating the water and the earth. (Material world has become their focus of life)

علم اور فن، دین اور سیاست، عقل اور دل جوڑے جوڑے بن کر پانی اور مٹی کے گرد گھوم رہے ہیں۔ اصل بات امتثال امر الٰہی تھا۔ اللہ ہی سراپا حق ہے۔ حق کے علاوہ سب کچھ باطل ہے، غیر پائیدار ہے، ختم ہو جانے والا ہے۔ اللہ ہی کی بات سب سے بلند و بالا ہے۔ ایمان والا دل کیوں، کیا اور کیسے نہیں جانتا بلکہ ''بلکہ'' بھی نہیں جانتا۔ وہاں تو اللھم لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد و النعمۃ لک لبیک، لاشریک لک ہی کا تقاضا ہے، مطلوب ہے، مقصود ہے۔ طواف کعبہ کرتے بھی کعبہ خدا نہیں، وہ تو ایک خدا نما سمت ہے۔ بیت اللہ خدا نہیں، وہ بھی خدا نما ہے۔ حضرت آدمؑ خدا نہیں تھے، وہ اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے اور نبی تھے۔ اصل بات اللہ کا حکم ماننا تھا جو شیطان نے نہ مانا اور تکبر و سرکشی کی۔ انجام کار لعین و بد بخت قرار پایا۔

آسیا آن مرز و بوم آفتاب

غیر بین از خویشتن اندر حجاب

Asia is the orient (place of rising) of the sun; It is Looking towards others and concerning itself is in veil.

ایشیا جو سورج کے طلوع ہونے کا مقام ہے، ابھی تک اس حجاب کے اندر ہے جو دوسری اقوام کی طرف دیکھ رہا ہے

قلبِ اُو بی واردات نَو بنَو

حاصلش را کس نگیرد با دو جَو

Its heart is now without any fresh event coming one after the other. (The result is that) its product is of no use to the changing needs and no body is reaty to take it even in lieu of two grains of barley.

اس کا دل ہر لمحہ نئی واردات سے روشناس ہوتا تھا اور اب وہ نو بہ نو واردات سے محروم ہے۔ اس لیے اس کی حاصل کردہ چیز کو کوئی شخص دو جو کے دانوں کے عوض بھی لینے کو تیار نہیں

روزگارش اندرین دیرینہ دیر

ساکن و یخ بستہ و بی ذوقِ سیر

Its daily life in this old house is standing still, frozen, and without a taste for travel.

اس کی زندگی اس پرانے گھر میں بے حرکت، برف جمی ہوئی اور سیر کے ذوق سے بے بہرہ اور غیر لطف اندوز ہے

صید ملّایان و نخچیرِ ملُوک

آہوی اندیشہ او لنگ و لوک

The victim of so called preachers and hunt of kings. It is like a deer that is apprehending fracture and breaking of his legs.

اقوام مشرق کا فرد نام نہاد ملاؤں (دین کے ٹھیکیداروں) کا شکار ہو چکا ہے اور بادشاہوں کے دجل وفریب ودھونس میں آچکا ہے۔ اس کی مثال اس ہرن کی طرح ہے جسے اب اپنی ٹانگوں کے توڑ دیئے جانے کا خوف لاحق ہے (مظلوم ظالم کے پنجے میں ہے)۔ نہ جانے کب اس کا کام تمام کردے اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کردے۔

عقل و دِین و دانش و ناموس و ننگ

بستہ فتراکِ لردانِ فرنگ

Intellect, religion, wisdom and shame all tied in the net of the European

lords.

اس کی عقل، اس کا دین، اس کی فراست، اس کی عزت و آبرو، اس کی حرمت و ناموس سب مغرب کے امراء کے جال میں پھنس چکے ہیں

تاختم بر عالمِ افکار او
بر دریدم پردہ اسرار او

I have galloped through the world of his thoughts and have torn the curtain of his secrets.

میں نے اس کی سوچوں پر تیز گھوڑے دوڑائے ہیں اور اس کے رازہائے دروں کے پردے چاک کر دیئے ہیں

در میانِ سینہ دِل خون کردہ ام
تا جہانش را دِگرگون کردہ ام

I have made my heart to bleed within my chest and only then I have reversed his world.

میں نے اپنے دل کا خون کر لیا ہے، تب جا کر اس کے جہان کو بدل کر رکھ دیا ہے

من بطبع عصر خود گفتم دو حرف
کردہ ام بحرین را اندر دوظرف

I have told the nature of my age two words and have turned the two seas in two vessels.

میں نے اپنے دور کی طبیعت پر دو حرف کہے ہیں اور دو سمندروں کو الگ الگ کر دیا ہے

حرف پیچاپیچ و حرف نیش دار
تا کنم عقل و دلِ مردان شکار

The complex and severe words (I have used) in order to prey the intellect and heart of men.

میں نے مشکل اور ترش الفاظ اس لیے استعمال کیے ہیں کہ لوگوں کی عقل اور ان کے دل شکار کر لوں

حرف تہ داری باندازِ فرنگ
نالہ مستانہ ئی از تارِ چنگ

Words folded on the manners of the Europe bring an intoxicating complaint from the string of the musical instrument.

الفاظ جو فرنگی طرز پر تہ کیے ہوں ایک ایسی فریاد بن جاتے ہیں جیسے کوئی مدہوش کرنے والی فریاد آلات موسیقی کے تاروں

سے نکلتی ہے (جوکانوں کو بھاتی اور دلوں کو کیف وسرور ومستی سے بھر دیتی ہے)

اَصل این از ذِکر و اَصل آن ز فِکر

ای تو بادا وارثِ این فکر و ذکر

Its root is remembrance and the root of that is thinking.O you are the in her it or of this remembrance and thinking.

اس کی بنیاد ذکر سے ہے اور اُس کی بنیاد فکر سے ہے۔ اے مردِ مسلمان! تو تو ان دونوں (یعنی ذکر وفکر) کا وارث تھا

آب جویم از دو بحر اصل من است

فصلِ من فصل است وہم وصلِ من است

My brook of water is from the two seas of my root. My separation is separation as sell as joining.

میں اپنی اصل کے دونوں سمندروں سے بنی ایک پانی کی چھوٹی سی ندی ہوں۔ میری علیحدگی میرا الگ پن بھی ہے اور میرا اجڑنا بھی۔ (یعنی مجھے فصل ووصل دونوں سے گراں قدر حصہ ملا ہے)

تا مزاجِ عصرِ من دیگر فتاد

طبعِ من ہنگامہ دیگر نہاد

Till the temperament of my age becomes altogether different, my own temperament has raised an other noise.

جب تک میرے زمانے کا مزاج (اور طبیعت) دگرگوں نہیں ہو جاتا' میری طبیعت ایک کے بعد ایک شور بپا کرتی رہے گی۔ (میرا یہ احتجاج جاری رہے کہ اے مسلمانو اپنی حالت بدلو۔ خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی' نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا۔ اِنَّ اللّٰہَ لَایُغیرّ مَا بِقومٍ حَتّٰی یُغَیّرُوْا مَابِاَ نفُسِہِمْ (۱۱:۱۳) ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ لَم یَکُ مُغَیّرَ العِمَۃَ اَنعَمہَا عَلیٰ قُوم حَتّٰی یُغَیّرُ ذا مابأ نفُسِہُم (۸:۵۳)

نوجوانان تشنہ لب خالی ایاغ

شستہ رو' تاریک جان' روشن دِماغ

Dried lips youngmen have empty water skin are bright faced,dark soul and bright minded.

نوجوان تشنہ لب ہیں مگر ان کے مشکیزے پانی سے خالی ہیں۔ ان کے چہرے دُھلے ہیں' روح میں اندھیرا ہی اندھیرا ہے اور روشن دماغ ہیں

کم نگاہ و بی یقین و نا اُمید

چشم شان اندر جہان چیزی ندید

Lacking insight, having no certitude, and dejected, their eyes saw nothing in the world.

وہ کم نگاہ، بے یقین اور نا اُمید ہیں۔ ان کی آنکھ دنیا میں کسی چیز کو دیکھ نہیں پاتی

ناکسان منکر ز خود مؤمن بہ غیر

خشت بند از خاکِ شان معمارِ دَیر

These poor fellows are denying their own selves and believing in others and the builder of the house is making bricks by their dust.

بے چارے اپنا تو انکار کرنے والے بنتے گئے ہیں اور دوسروں کو ماننے والے۔ بت کدے کا معمار ان کی مٹی سے اینٹیں تھاپ رہا ہے

مکتب از مقصودِ خویش آگاہ نیست

تا بجذب اندرونش راہ نیست

The teaching institution remains unaware of its goal till there is a way towards the inner passion.

تعلیمی ادارے اپنے مقصد سے آگاہ اور واقف نہیں ہیں اسی لیے اندر کوئی جوش و جذبہ پیدا ہو سکے اس کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے۔ (جوش و جذبہ تو منزل دیکھ کر پیدا ہوا کرتے ہیں اور دیکھنے کے لیے نور اور روشنی درکار ہے۔ روشنی علم ہی سے آتی ہے اور علم کا منبع مکتب ہوا کرتا ہے۔ جب آگہی دینے والی جگہ خود ہی مقصد سے آگاہ نہ ہو تو خاک روشنی دے گی۔ اس لیے ہر جگہ جہالت کا دور دورہ ہے اور مسلمان پس ماندگی کا شکار ہیں۔ نہ علم ہے نہ اس کو حاصل کرنے کا ذوق شوق۔ کولہو کے بیل کی طرح گھوم رہے ہیں جبکہ دوسرے لوگ آسمانوں پہ کمندیں ڈال رہے ہیں

نورِ فطرت را ز جانہا پاک شست

یکِ گلِ رعنا ز شاخ او نرُست

By the light of nature the souls are purified but not a single Lily has grown on its branch.

مسلم قوم نے فطرت کی روشنی کو اپنی جانوں (کے باغ) سے دھونکالا ہے، اس لیے ایک بھی گل رعنا اس کی شاخ سے نہیں پھوٹا

خشت را معمار ما کج می نہد

خوئ بط با بچہ شاہین دہد

Our builder has laid the brick in a deviated position and has given the manners of the duck to the kid of an eagle.

ہمارے معمار نے اینٹ ٹیڑھی رکھ دی ہے اور شاہین کے بچہ کو بطخ کی عادتیں ڈال دی ہیں

عِلم تا سوزی نگیرد از حیات
دِل نگیرد لذتی از واردات

Till the knowledge gets burning from the life, the heart does not take any taste from any event.

علم جب تک زندگی سے جلنا نہیں پکڑتا تو دل بھی وارداتِ قلبی سے کوئی لذت (اور مزہ) حاصل نہیں کر پاتا

عِلم جز شرحِ مقاماتِ تو نیست
عِلم جز تفسیر آیاتِ تو نیست

Knowledge is nothing except the explanation of your stations. Knowledge is nothing except the explanation of your signs.

علم تیرے مقامات کی شرح کے علاوہ کچھ اور نہیں۔ علم تیری آیات کی تفسیر کے علاوہ کچھ اور نہیں

سوختن میباید اندر نارحس
تا بدانی نقرہ خود را زمس

There should be burning in the fire of the sensation so that you may know your silver by touch.

احساسات کی تپش میں جل جانا چاہیے' تا کہ تم اپنی چاندی کو چھونے سے جان سکو

علم حق اول حواس آخر حضور
آخر او مے نگنجد در شعور

The knowledge of Truth is firstly the senses and lastly the presence. The last of it has no scope in the conscience.

حق سے آگہی پہلے محسوس ہوتی ہے جس کا ذریعہ ہمارے حواس ہیں اور آخر میں دیکھنا ہوتی ہے' جس کا ذریعہ ہماری بصیرت ہوتی ہے۔ اس کا آخر شعور میں نہیں سما سکتا۔ یہ باب (وانتم لا تشعرون) ہے

صد کتاب آموزی از اہلِ ہنر
خوشتر آن درسی کہ گیری از نظر

You have learnt a hundred books from the people of art but the pleasant lesson is that which you get by an attentive look towards you.

سو کتابیں بھی اہل ہنر سے سیکھ لی جائیں تو بھی بہت اچھا سیکھنا وہ ہے کہ تو کسی اہل نظر (اہل اللہ' اولیا اللہ) سے سیکھے

ہر کسی زان می کہ ریزد از نظر
مست می گردد باندازِ دگر

All those on whom that wine is poured by attentive sight become intoxicated in a different manner.

وہ تمام لوگ جن پر نظر کی شراب پڑتی ہے وہ ایک اور ہی طرح مست ہو جاتے ہیں

از دمِ بادِ سحر میرد چراغ
لالہ زان باد سحر، مے در ایاغ

By the breath of the morning breeze the lamp becomes extinguished. By the same morning breeze the red flower grows and the wine in the vessel comes.

صبح کی ہوا کے ایک جھونکے سے چراغ بجھ جاتا ہے اور اسی بادِ سحر سے سرخ گلاب اگتا ہے اور شراب پیالہ میں آتی ہے

کم خور و کم خواب و کم گفتار باش
گرد خود گردندہ چون پُرگار باش

Adopt the habits of less eating, less sleeping and less speaking. Move around your own self like the compass.

کم کھانے والا، کم سونے والا اور کم بولنے والا بن جا اور اپنے گرداگرد پُرکار کی طرح گھومنے والا بن جا (کہ مرکزِ خیال تو خود ہے، مقصود خود آ گہی ہے۔ جب اپنی پہچان کرے گا تو خدا کی معرفت بھی حاصل ہو جائے گی۔ تیری تخلیق کا مقصد یہ ہے کہ تو رب کی عبادت کرے۔ رب کی عبادت تبھی ہو گی جب تو بندہ بن جائے گا

منکرِ حق نزدِ مُلّا کافر است
منکرِ خود نزدِ مَن کافر تر است

Disbeliever in All-True God is an infidel in the sight of a Mulla. Disbeliever in himself is more infidel in my sight.

حق کا منکر مُلّا کے نزدیک کافر ہے، اپنا منکر میرے نزدیک کافر ہے

آن بہ انکار وجود آمد "عجول"
این "عجول" و ہم "ظلوم" و ہم "جہول"

He (the Satan) on account of denial of the existence became "hasty". And this (human being) is hasty, cruel and ignorant.

وہ وجود کے انکار سے جلد باز ٹھہرا، یہ جلد باز خود پر ظلم کرنے والا اور جاہل ٹھہرا

شیوہ اخلاص را محکم بگیر
پاک شو از خوفِ سلطان و امیر

Hold fast the conduct of sincerity. Keep yourself free from the fear of the king and the ruler.

اخلاص کے طور طریقہ کو مضبوط پکڑ۔ بادشاہ اور حکمران کے خوف سے آزاد ہو جا

عدل در قہر و رضا از کف مدہ
قصد در فقر و غنا از کف مدہ

Do not behave unreasonably in a state of anger or pleasure. Do not leave the observance of moderation in poverty and affluence.

انصاف کو غلبہ ورضا میں ہاتھ سے نہ چھوڑ۔ میانہ روی (اور اعتدال) کو تنگی وفراخی میں ہاتھ سے نہ جانے دے

حکم دشوار است تاویلی مجو
جز بہ قلبِ خویش قندیلی مجو

Where a command seems difficult, do not find false interpretations. Except your own heart's lamp do not find any other lamp for light.

جب کوئی حکم مشکل ہو تو اس کے بارے میں حیلہ بہانے (اور غلط تاویلیں) نہ تلاش کر۔ ایسی صورت حال درپیش ہو تو اپنے ہی دل کے سوا کوئی اور روشنی کا چراغ نہ ڈھونڈ

حِفظ جانہا ذِکر و فِکرِ بی حساب
حِفظ تنہا ضبطِ نفس اندر شباب

Protection of souls lays in remembrance of the One True God and countless deep thinking. Protection of bodies lies in controlling the desires of the self in full youth.

روح کے محافظ تو بے حد ذکر وفکر ہیں۔ بدن کے محافظ اپنے نفس کی خواہشات پر جوانی میں قابو رکھنا ہے

حاکمی در عالم بالا و پست
جز بہ حفظِ جان و تن ناید بدست

Sovereignty in the worlds (both) high and low is not bestowed except by protection of (both) the body and the soul (against all carnal desires and complete surrender and submission before the

One True God and following the Messenger of Allah (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) in all walks of life in all circumstances).

دونوں جہانوں کی حاکمیت سوائے اپنے بدن وروح کی حفاظت کرنے کے ہاتھ میں نہیں آتی

لذتِ سیر است مقصودِ سفر
گر نگہ بر آشیاں داری مپَر

The objective of tour is to have the (true) taste of travel. If you are to look back to your nest then do not open your wings to fly.

سفر کا مقصد و مطلب سیر کی لذت حاصل کرنا ہے۔ اگر تیری نظر اپنے آشیانے پر ہی لگی رہنے والی ہے تو پھر پرواز مت کر۔ پرواز میں تو ''نگہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز' یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لیے' پرواز میں تو آگے دیکھنا ہوتا ہے' اونچا اڑنا ہوتا ہے اور ہر قسم کی سختیوں کو مسکراتے جھیلنا ہوتا ہے۔ گھربار سب کو توکل علی اللہ چھوڑنا ہوتا ہے

ماہ گردد تا شَوَد صاحب مقام
سیر آدم را مقام آمد حرام

The moon moves to become the holder of a station. For the travel of the human to become stationed is unlawful.

چاند حرکت کرتا ہے تب جا کر مقام حاصل کرتا ہے۔ اس کے برعکس آدمی کی سیر پر مقام کا آجانا ممنوع ہے۔ اس کی سیر لامقام والی سیر ہے

زندگی جزلذتِ پرواز نیست
آشیاں با فطرتِ اُو ساز نیست

Life is nothing but the taste of flight. Having a nest is not compatible with his nature.

زندگی سوائے پرواز کے اور کچھ نہیں ہے۔ کسی گھونسلے (گھریا مقام) کا ہونا اسے سازگار نہیں

رزقِ زاغ و کرگس اندر خاکِ گور
رزق بازاں در سواد ماہ و ہور

The sustenance of a raven and a vulture is in the grave. The sustenance of falcons is in the vastness of the moon and the sun.

کوے اور کرگس کا رزق (جو مردار خور ہیں) تو قبر کے اندر ہے۔ شاہینوں کا رزق چاند اور سورج کی پہنائیوں پر پھیلا ہوا ہے

سرّ دین صدق مقال اکل حلال
خلوت و جلوت تماشای جمال

The secrets of religion are truthful speech, lawful sustenance and to be blessed with graceful spectator in seclusion and in company.

دین کا راز سچ بولنے اور حلال کھانے میں ہے۔ دینی تنہائی ہو یا دینی اجتماع، وہاں تو جمال خداوندی مطلوب ومقصود ہے۔

در رهِ دین سخت چون الماس زی
دل بحق بر بند و بی وسواس زی

In the way of religion live like diamond. Tie your heart with (the ever remembrance of) God and live without having any whisper of the Evil.

دین کے راستے میں ہیرے کی طرح سخت ہوکر زندگی گزار۔ دل کو اللہ وحدہ لاشریک کے تصور توحید میں مرکوز رکھ اور بغیر کسی وسوسے (اور شیطانی گورکھ دھندے میں پھنسے اپنی زندگی) اتباع نبی اکرمؐ میں ان کے اسوۂ حسنہ کو سامنے رکھ کر گزار دے۔

سِرّی از اسرار دین بر گویمت
داستانی از مظفر گویمت

If I tell you a secret out of many secrets of the Religion, then I am to tell you the tale of (King) Muzaffar.

میں تجھے دین کے بھیدوں میں سے ایک بھید بتاتا ہوں۔ مظفر بادشاہ کی داستان تجھے سناتا ہوں (جو ایک بڑا ہی دیندار اور صالح بادشاہ تھا)۔

اندر اخلاص عمل فرد فرید
پادشاہی با مقام بایزید

In his sincere conduct he was a unique person. He was a king of the rank of Hadrat Bayazid Bustami (رحمتہ اللہ علیہ).

وہ اپنے عمل کے خالص ہونے میں ایک یگانہ شخص تھا جو بایزید بسطامیؒ کے مقام پر ہوتے ہوئے بادشاہی کر رہا تھا۔

پیش اُو ابی چو فرزندان عزیز
سخت کوش چون صاحبِ خود در ستیز

He had a horse dear to him like his own sons. It was hard worker like his own master during the war.

اس کا ایک گھوڑا تھا جو اسے اپنے بیٹوں کی طرح عزیز تھا۔ یہ میدان جنگ میں اپنے مالک کی طرح بڑا محنتی اور جاں باز تھا

سبزہ رنگی از نجیبان عرب

باوفا ، بی عیب ، پاک اندر نسب

It was of a dark complexion of highly noble Arab origin; faithful, defect free, pure in lineage.

عربی النسل اور کالے رنگ کا یہ نجیب گھوڑا بڑا ہی باوفا' بے عیب اور نسبت میں پاکیزہ تھا۔

مرد مؤمن را عزیز ای نکتہ رس

چیست جز قرآن و شمشیر و فرس

O the having access to the real point! To a believing man what else can be dearer than the Holy Qur'an, the sword and horse.(2)

مرد مومن کو کیا چیزیں پسند ہوتی ہیں اے باریکیوں تک رسائی پا جانے والے (فرزند ارجمند)! سوائے قرآن پاک' تلوار اور گھوڑے کے

من چہ گویم وصف آن خیر الجیاد

کوہ و روی آبہا رفتی چو باد

What should I describe the attributes of that best of the horses that passed by the mountains and the brooks like the (violent) wind.

میں گھوڑوں میں سے اس بہترین گھوڑے کے کیا کیا وصف بیان کروں جو پہاڑوں اور تیز ندیوں کو ہوا کی طرح عبور کرتا چلا جاتا تھا۔

روز ہیجا از نظر آمادہ تر

تند بادی طایف کوہ و کمر

On the day of warfare it appeared more inclined (and ever ready to take the lead) and to advance swiftly and like the violent wind, circumambulating the mountains and the rocks.

لڑائی کے دن یہ اور آمادہ تر نظر آتا تھا۔ وہ ایک تیز و تند ہوا کی طرح تھا جو پہاڑوں اور وادیوں کو کاٹتی چلی جاتی تھی۔

در تک او فتنہ ہای رستخیز

سنگ از ضرب سُم اُو ریز ریز

In its struggle fell the trials of the Day of Resurrection. The stones that were hit by its hooves broke into pieces.

اس کی جدوجہد کا یہ عالم تھا قیامت برپا کردینے والے فتنے اس کے سامنے کچھ حیثیت نہ رکھتے تھے۔ سخت پتھر اس کے سُم کی ضرب سے ریزہ ریزہ ہوئے جاتے تھے۔

روزی آن حیوان چو انسان ارجمند

گشت از درد شکم زار و نژند

On a certain day that animal like a fortunate human being became helpless with pain in its stomach.

ایک دن وہ جانور انسان ارجمند کی طرح پیٹ کے درد سے بہت ہی بے چین و بے بس ہو گیا۔

کرد بیطاری علاجش از شراب

اسب شہ را وارہاند از پیچ و تاب

A veterinary treated it by administering it wine and released it from the unbearable pain.

طبیب نے اس کا علاج شراب سے کر کے اس کو اس لاحق مرض سے نجات دلا دی۔

شاہِ حق بین دیگر آن یکران نخواست

شرعِ تقوی از طریقِ ما جُداست

The truth observer king never desired such a conduct for a single moment and declared: The law of al-Taqwa(التقوی) is distinct from our such way of treatment.

حق شناس، حق بیں بادشاہ کو یہ رویہ ہرگز پسند نہ آیا، اور فرمایا: ہماری شریعت میں تقوی (خدا خوفی) اصل الاصول ہے۔ ہم کسی حرام کو حلال اور حلال کو حرام بنانے کے مجاز نہیں۔ ہم دوسرے لوگوں کے قوانین سے الگ ہیں۔ ہمارا راستہ اسلام کا راستہ ہے۔

ای ترا بخشد خدا قلب و جگر

طاعت مرد مسلمانی نگر

O my son! May God bless you with heart and liver! Look to obey a Muslim human.

اے فرزند ارجمند! اللہ تعالی تجھے قلب و جگر عطا کرے، کسی سچے مسلمان کی اطاعت کر۔

دین سراپا سوختن اندر طلب

انتہایش عشق و آغازش ادب

Religion is all to all burning in seeking Him (alone). Its end is deep love and its beginning is observance of discipline (good manners).

دین تو سراسر نام ہے طلب الٰہی میں جل جانے کا۔ اس کی انتہا عشق اور اس کی ابتدا ادب (واتباع نبی کریم ﷺ) ہے۔
ان کنتم تجون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ اگر تم اللہ سے محبت (کا دعوٰی کرتے ہو تو ثبوت میں) میری (حضرت محمد رسول اللہ ﷺ) کی اتباع کرو' اللہ تم سے محبت کرنے لگے گا۔

آبروی گل ز رنگ و بوی اوست

بی ادب، بی رنگ و بُو، بی آبرُوست

The splendour of the face of a flower lays in its colour and fragrance. An indisciplined human being is without a colour and fragrance and without any brightness in his face.

پھول کی آبرو اس کے رنگ اور خوشبو سے ہے۔ بے ادب' بے رنگ اور بغیر خوشبو والا شخص بے آبرو ہوا کرتا ہے۔ اخلاق وکردار ہی آدمیت کی پہچان ہوا کرتے ہیں۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم تم میں سے اللہ کے ہاں وہی شخص سب سے زیادہ باعث تکریم ہے جو خدا خوفی (بلند کرداری) میں سب سے زیادہ ہے۔

نوجوانی را چو بینم بی اَدَب

روزِ من تاریک می گردد چو شَب

When I see a young person indisciplined my day becomes dark like a night.

جب میں کسی بھی نوجوان کو بے ادب دیکھتا ہوں' میرا روشن دن رات کی طرح سیاہ ہو جاتا ہے۔ انسانیت کی ساری آب وتاب اس کے کردار ہی کی بنا پر ہے۔ انسان بنتا ہی تب ہے جب باادب ہو' باسلیقہ ہو' دوسروں کے حقوق کی ادائیگی کرنے والا ہو۔ جو بروقت بھی ہو اور پوری بھی ہو' در پردہ کوئی بدنیتی یا فریب کاری نہ ہو۔ وہ سچا بھی ہو اور وعدے کا پکا بھی۔

تاب و تب در سینہ افزاید مرا

یاد عہد مُصطفیٰ آید مرا

Dissatisfaction increases in my heart and I recollect the best of all periods of the Chosen one (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

میرا سینہ (بے ادب اور بد چلن مسلم نوجوان کو دیکھ کر) تڑپنے لگتا ہے اور مجھے خیر القرون قرنی جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کی یاد آتی ہے کہ جس زمانے کا ہر جوان ادب کا عالی نمونہ رکھتا تھا۔

از زمان ِ خود پشیماں میشوم

در قرونِ رفتہ پنہاں میشوم

I feel embarrassed from my period and make myself concealed in the past periods.

میں اپنے زمانے سے شرم سار ہوا جاتا ہوں اور خود کو گزرے زمانوں میں چھپاتا چلا جاتا ہوں۔

سترِ زن یا زوج یا خاکِ لحد

سترِ مردان حِفظِ خویش از یارِ بد

The cover of a woman is eitrer her husband or the sand of grave. The cover of men is their guarding against bad companions.

عورت کا پردہ اس کا خاوند ہے یا قبر کی مٹی۔ مردوں کا پردہ اپنے آپ کو برے دوستوں سے بچائے رکھنا ہے۔ صحبت صالح ترا صالح کند، صحبت طالع ترا طالع کند۔

حرفِ بد را بر لب آوردن خطاست

کافر و مؤمن ہمہ خَلقِ خُداست

To bring bad words on lips is an error. Faithless and faithful all are the creation of God.

برے الفاظ کو بھی ہونٹوں پر لانا ایک غلطی ہے۔ کافر ہوں یا مومن، دونوں اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔

آدمیت ہے احترامِ آدمی

با خبر شو از مقامِ آدمی

Humanity is to respect human being. Be aware of the station of a human being.

آدمیت تو نام ہے احترام آدمی کا۔ تجھے چاہیے کہ تو آدمی کے مقام سے واقف ہو جائے۔

آدمی از ربط و ضبطِ تن بہ تن

بر طریقِ دوستی گامی بزن

A human is by mutual connection and joining with one another. Step on towards another human extending a hand of friendship.

آدمی تو بنتا ہی جسم و جان کے ربط اور ضبط سے ہے۔ تجھ چاہیے کہ باہمی دوستی کی طرف قدم بڑھا، جب تو کافر و مشرک و منافق کے سامنے اپنا صحیح اسلامی کردار پیش کرے گا تو وہ سخت دل ایک نہ ایک دن تیرے کردار کو دیکھ کر مسلمان بن جائے گا۔ ہو گا وہی جو اللہ چاہیے گا۔ تیرے ذمے کوشش کرتے رہنا ہے۔ تیری کوشش ہی تیرے کردار کی عکاسی کرے گی۔

بندۂ عشق از خدا گیرد طریق

می شود بر کافر و مؤمن شفیق

A true lover learns the manner from God. He is affectionate both to the faithless and the faithful.

بندۂ عشق تو اپنے اللہ سے صراط مستقیم کی ہدایت ارزانی طلب کرتا ہے۔ وہ تو کافر و مومن دونوں کے لیے شفیق و رحیم ہوتا ہے۔ اس کا عدل و احسان سب کے لیے یکساں ہوتا ہے۔ وہ اندر باہر سے بالکل صحیح اور سچا ہوتا ہے۔ کوئی تعصب، کوئی دشمنی، کوئی دوستی، کوئی رشتے داری اس کے آڑے نہیں آتی۔

کفر و دین را گیر در پہنای دل
دل اگر بگریزد از دل وای دل

Keep the faithlessness and faithfulness in the vastness of your heart. If a heart escapes from another heart then it is a pity over such heart.

اپنے دل کی وسیع کائنات میں کافر ہو یا مسلم سب کے لیے جگہ بنا۔ اگر ایک دل ہی دل سے فرار اختیار کرنے لگے تو پھر بڑے ہی افسوس کا مقام ہے۔

گرچہ دِل زندانی آب و گل است
این ہمہ آفاق آفاقِ دل است

Though a heart is a prison of water and earth, all this universe is the universe of heart.

اگر دل پانی اور مٹی کا قید خانہ ہے پھر بھی یہ سارا آفاق (دل کے باہر کا ماحول) دل ہی کا ماحول ہے۔

گرچہ باشی از خداوندانِ دہ
فقر را از کف مدہ از کف مدہ

Even if you are of the land lords of the town never ever leave the conduct of faqr.

چاہے تو ایک بڑا زمیندار ہی کیوں نہ ہو، خدا کے حضور اس کا حاجت مند بنا رہنا ہی اصل چیز ہے۔ اسے کبھی نہ چھوڑنا ہے۔ اللہ الصمد، اللہ ہی کی ذات بے نیاز اور ہر حاجت و ضرورت سے پاک ہے۔ باقی ہر چیز اس کی مخلوق ہے اور اس کی حاجت مند ہے۔

سوز او خوابیدہ در جانِ تو ہست
این کہن می از نیاگانِ تو ہست

Its burning is lying subsided in your soul. This old wine is from your need (and indigence).

اسی کا سوز تیری روح میں خوابیدہ ہے۔ یہ پرانی شراب تیری ضرورت ہے۔ یعنی یاد خداوندی سے غافل نہ ہو جانا۔ تیری روح کی بالیدگی اور تیرے جسم کا قیام اسی کی برکت سے ہے۔

در جہان جز دردِ دل سامان مخواہ
نعمت از حق خواہ و از سلطان مخواہ

In this world do not desire anything besides sympathy (for others). Ask for (all and every) favour from Allah and not from the king.

اس دنیا میں سوائے دردِ دل کے اور کوئی سامان نہ چاہ۔ ہر ایک نعمت کی عطاء منعم حقیقی اللہ وحدہ لاشریک ہی سے مانگ، بادشاہ سے مت مانگ (کہ بادشاہ تو خود ایک انسان ہے، مخلوق ہے، خدا کا محتاج ہے)۔

ای بسا مردِ حق اندیش و بصیر
می شود از کثرتِ نعمت ضریر

O my dear son! Often it has so happened that a truthful person and a man of insight becomes injurious (and harmful) by abundance of favours (upon him).

اے فرزند ارجمند! اکثر ایک متقی وصاحب نظر انسان بھی نعمتوں کے کثرت سے عطا ہونے پر نقصان دینے والا بن جاتا ہے۔

کثرتِ نعمت گداز از دِل برد
ناز می آرد نیاز از دِل برد

Abundance of favours takes away the softness from the heart. It puts a person on airs and takes away the submissiveness from his heart.

نعمتوں کی فراوانی دل گدازی کو لے جاتی ہے۔ اس کے اندر ناز ونخوت آ جاتا ہے اور عاجزی وانکساری اور نیازمندی نہیں رہتی۔

سالہا اندر جہاں گردیدہ ام
نم بہ چشمِ منعماں کم دیدہ ام

I have been wandering in this world for years but I have seen much less tear in the eyes of those who were (worldly) favoured.

میں اپنی عمر کے کئی سال دنیا میں گھوما پھرا ہوں۔ میں نے نعمتوں سے مالا مال افراد کی آنکھوں کو نمناک بہت ہی کم دیکھا ہے۔ رقت قلب ہی آنسو لاتی ہے اور امیری وفراوانی تو سنگدل بنا دیتی ہیں۔ پھر آنکھوں میں کسی کا دکھ درد دیکھ کر کیسے آنسو آئیں۔

من فدای آنکه درویشانه زیست
وای آنکو از خدا بیگانه زیست

I am sacrificed for him who lived a life of a poor.(3) Pity is on him who lived his life remaining alien to God.

میں اس کے واری جاؤں، اپنی جان اس کے قربان کردوں جس نے فقیرانہ زندگی گزاردی ہو۔ وہ ایک ایسا مرد ہوتا ہے جو درویش خدامست ہوتا ہے۔ افسوس اس شخص کی زندگی پر جس نے خدا سے بیگانہ ہوکر عیش وعشرت کا غلام بن کر یہ حیات مستعار گزاردی۔

در مسلمانان مجو آن ذوق و شوق
آن یقین آن رنگ و بُو آن ذوق وشوق

Don't seek that taste and fondness among the Muslimsi that certitude, that colour and fragrance, that taste and fondness.

مسلمانوں میں اس ذوق وشوق کو مت تلاش کر۔ وہ یقین، وہ رنگ وخوشبو، وہ ذوق وشوق جو (قرون اولیٰ کے مسلمان صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین میں) پایا جاتا تھا۔

عالمان از علمِ قرآن بی نیاز
صوفیان درندہ گرگ و مُو دراز

The (so called) scholars are careless of the knowledge (and wisdom) of the Holy Qur'an, and the so called Sufis are fierce wolves having long hair.

آج کے عالم علم قرآن سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ آج کے صوفی بھیڑیے کی طرح پھاڑ کھانے والے اور بالوں کو بڑھائے ہوئے ہیں۔ خودغرضی، نفس پرستی، ہواہوس، لالچ اور دوسروں کے حقوق کو تلف کردینے پر تلے ہوئے ہیں۔ مال مفت دل بے رحم کا سماں ہے۔ حلال حرام کی تمیز نہیں رہی۔

گرچہ اندر خانقاہان ہای و ہُوست
کو جوانمردی کہ صہبا در کدُوست

Though in the seminaries(4) there is noise of "Ha" and "Hu" but there is no valour of youth as in the cup there is the wine (not pure water).

اگرچہ خانقاہوں میں یاوہو کی صدائیں تو ہیں مگر وہ نوجوان کدھر ہے جس کے پیالے میں شراباً طہوراً ہو۔ خانقاہیں تو اولیاء اللہ بنادینے والی ہوتی تھیں۔ وہاں سے علم وعمل کے چشمے نکلتے تھے۔ وہاں نور برستا تھا۔ قال اللہ وقال الرسول

سے دل و نگاہ شریعت' طریقت' حقیقت کی منزلیں طے کرتے تھے۔ ظلم و جہالت ختم ہوتی تھی۔ علم و عدل نصیب ہوجاتے تھے۔ پژمردگی ختم اور جوان مردی والا سچا جذب دروں پیدا ہوتا تھا۔ قبلہ درست ہوتا تھا۔ راستہ سیدھا ہوتا تھا۔ منزل قریب ہوجاتی تھی۔ شک دور اور یقین حاصل ہوجاتا تھا۔ وہاں پر تزویر نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ قرآن و سنت ہی بنیادی علوم تھے۔ باقی سب علوم ان کے تابع تھے۔ اس لیے بات میں تاثیر تھی۔ برکت ہی برکت تھی۔ رحمت ہی رحمت تھی۔ الفت و محبت کے دروازے کھلے تھے۔ فرقہ بندی نہ تھی۔ سارے طالب علم بن کر ہی آتے تھے اور ایک سی سند پاتے تھے۔ خانقاہ کا شعار سخاوت و سادگی تھا۔ باہمی تعاون و تناصر تھا۔ جو خانقاہ سے نکلتا تھا' پارس کا سونا بن کر نکلتا تھا۔ اپنے بیگانے سبھی ساری عمر اس کی عزت کرتے تھے۔ کوئی جھمیلا نہ تھا' کوئی جھگڑا نہ تھا۔

ہم مسلمانان افرنگی مآب
چشمۂ کوثر بجویند از سراب

European-faced Muslims are in search of the Pond of Abundance from mirage.

مغرب زدہ مسلمان سراب سے چشمہ کوثر ڈھونڈ رہے ہیں۔

بی خبر از سرّ دین اند این ہمہ
اہل کین اند اہلِ کین اند این ہمہ

Unaware of the secret of the Religion are all these; these all are people of caprice, these all are people of rancour.(5)

یہ سب دین کے راز سے ناواقف (بے بہرہ اور بے خبر) ہیں۔ یہ تو اہل کینہ ہیں' اہل کینہ ہیں' اہل کینہ ہیں۔

خیر و خوبی بر خواص آمد حرام
دیدہ ام صِدق و صَفَا را در عوام

Wishing well for others(6) and having merit have become unlawful upon the elite. I have observed truthfulness and purity of heart among the masses.

خواص کا یہ عالم ہے کہ ان میں کسی خیر و خوبی کا ہونا مطلقاً حرام اور ممنوع ہے۔ مجال ہے کسی کی خیر و بہبود کا خیال ان کے پاس بھی پھٹکتا ہو۔ وہ تو غریب غرباء کی جیبوں میں پڑی کوڑی بھی نہیں چھوڑنا چاہتے۔ حرص کے ان غلاموں سے کوئی کیا امید رکھے۔ ہاں بچارے عوام کے اندر صدق و صفا کو میں نے دیکھا ہے۔ وہ سچ بولتے ہیں۔ ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں۔ جو بھی حیثیت ہو اس کے مطابق دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔ حق حلال کمانے کی کوشش کرتے ہیں۔ صدقہ و خیرات بھی خوب دیتے ہیں۔ صبر و شکر بھی ان میں بہت پایا جاتا ہے۔ دکھوں کے اندر بھی زبان پر شکوہ نہیں لاتے۔ یہی تقاضائے ایمان ہے۔ یہی تقویٰ شعاری ہے۔

اہلِ دین را باز دان از اہلِ کین
ہم نشینِ حق بجو با اُو نشین

Know the people of the Religion apart from the people of rancour (vengeance, hatred and spite). Seek him who is fellow of the Truth and be seated with him.

اے فرزندارجمند! دیندار لوگوں کو دشمنی رکھنے والے لوگوں سے الگ پہچان۔ کسی ہم نشین حق کو تلاش کر اور اس کی صحبت میں بیٹھ۔

کرگسان را رسم و آئین دیگر است
سطوتِ پروازِ شاہین دیگر ست

The custom and constitution of the vultures is (totally) otherwise; the height of the flight of the Eagle is (quite) otherwise.

کرگسوں کے رسم و آئین اور ہوتے ہیں، اور شاہین کی پرواز کی شان و شوکت کچھ اور ہی ہوتی ہے۔

مرد حق از آسمان افتد چو برق
ہیزم او شہر و دشت غرب و شرق

A man of the Truth falls (upon the evil) from the sky like the lightening; his fuel is the city and the desert of the west and the east.

مرد حق آسمان سے ایسے گرتا ہے جیسے آسمانی بجلی۔ اس کا ایندھن مشرق و مغرب کے شہر و صحرا ہوتے ہیں۔ جو فتنہ و فساد ساری دنیا میں پھیل چکا ہوتا ہے اس کی ایک ہی چمک سے خیرہ ہو جاتا ہے اور اہل فساد ختم ہو جاتے ہیں یا اہل خیر و صلاح بن جاتے ہیں۔

ما ہنوز اندر ظلامِ کائنات
اُو شریکِ اہتمامِ کائنات

We are still in the darkness of the universe and he is an active partner in the administration of the universe.

ہم تو ابھی تک کائنات کے اندھیروں میں گم ہیں اور مرد حق (آگاہ و خود آگاہ) کائنات کے نظام کو چلانے میں خلیفۃ اللہ کا کردار ادا کر رہا ہوتا ہے۔ اسے اس پر اللہ کے انعامات کی ودیعت اور اپنی استعداد و صلاحیت کی خبر ہوتی ہے۔ وہ ہر لحاظ سے مختار و کارساز ہوتا ہے اور حکم الٰہی کو نافذ کر کے دم لیتا ہے۔ اس کے ایک ہاتھ میں قرآن و سنت اور دوسرے ہاتھ میں تلوار بے نیام ہوتی ہے۔ اس کا عدل احسان بھرا ہوتا ہے۔ اس کا عمل صالح عین ایمان کے مطابق ہوتا ہے۔

اُو کلیم و اُو مسیح و اُو خلیل
اُو محمد اُو کتاب اُو جبرئیل

He is the Speaker (Moses), and he is the Messiah (Jesus) and he is the Friend (Ibrahim); he is the most praisaed (Muhammad), he is the messcge (Book), he is archangel (Jibra'il).[Peace and blessings of Allah be upon all of them].

وہ قرآن وسنت کو کیا مضبوط تھامتا ہے کہ خدا سے باتیں کرتا ہے۔ وہ مردہ دلوں کو زندگی بخشتا ہے۔ وہ صحیح معنوں میں اللہ کا دوست ہوتا ہے۔ وہ اپنے کردار میں خلق عظیم ﷺ کی تاثیر پاتا ہے۔ وہ فرشتہ صفت اور نیک سیرت ہوتا ہے۔ وہ علم کی وہ معراج پا چکا ہوتا ہے کہ وارث انبیاء بن کر علم وعمل کی شمع جلاتا ہے۔ اس کا کردار چہار طرف روشنی کر دیتا ہے۔ بندے اللہ کے بندے بن جاتے ہیں اور ساری عمر خود کو اللہ کا بندہ ہی سمجھ کر بندگان خدا کے کام آتے ہیں۔ غرور وتکبر نام کی کوئی چیز معاشرے میں نہیں رہتی۔ یہ سارا نظم وضبط ان کو نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے حاصل ہوتا ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ان کا معمول بن جاتا ہے۔ وہ ہر وقت عدل واحسان کرنے والے اور خدا کے حضور حاضر کو حساب کتاب دینے والے بن جاتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر کسی معاشرے کی اور کیا فلاح اور کامیابی ہو سکتی ہے جہاں اخوت ومحبت، تعاون و تناصر اور عدل واحسان ہو۔

آفتابِ کائناتِ اہلِ دل
از شعاع اُو حیاتِ اہلِ دل

The sun of the universe of the people of heart; by its ray is the life of the people of the heart.

دل والے مرد مومن کائنات کا سورج ہوتے ہیں۔ اسی سورج سے اہل دل کی زندگی میں حرکت وبرکت ہوتی ہے۔

اوّل اندر نارِ خود سوزد تُرا
باز سلطانی بیاموزد تُرا

First he burns you in his own fire and thereafter he teaches you the art and science of exercising the authority (he vests in you).

ایسا خود کامل اور دوسروں کو کامل کر دینے والا مرشد پہلے تجھے اپنی ہی آگ میں جلائے گا اور پھر تجھے سلطانی وحکمرانی سکھائے گا۔ تیرے پوشیدہ جوہر تجھ پر عیاں کرے گا۔ تجھے خدا کا بندہ بنائے گا اور تجھے بندگان خدا کے امور کا انتظام و انصرام کرنا سکھائے گا۔ تجھے بتائے گا کہ قرآن وسنت سے بڑھ کر اور کوئی آئین نہیں جس سے کائنات میں امن وامان قائم رہ سکے۔ تیرے تمام شبہے دور کر دے گا اور تو یقین کامل کے ساتھ اپنے منصب پر فائز ہوگا۔

ما ہمہ با سوزِ اُو صاحبدلیم
ورنہ نقشِ باطلِ آب و گلیم

We all are people of heart by the blessing of his burning (us) otherwise we are the false mark of water and earth.

ہم سب اسی کے جلانے سے اہل دل کہلائے ہیں ورنہ مٹی اور پانی کا ایک مٹ جانے والا نقش ہیں۔

ترسم این عصری کہ تو زادی درآن
در بدن غرق است و کم داند ز جان

I am fearful of this age in which you have born. It is drowned in body and knows less about soul.

میں اس زمانے سے ڈرتا ہوں جس میں تو پیدا ہوا ہے، جو بدن میں غرق ہے اور روح کے بارے میں بہت ہی کم آگاہ ہے (روح ہی تو حکم ربی ہے۔ وہی اصل ہے۔ جسم تو اس کا ایک کارکن ہے)۔

چون بدن از قحط جاں ارزاں شود
مردِ حق در خویشتن پنہاں شود

When body becomes cheap due to famine of soul, a man of truthfulness becomes hidden in himself.

جب جسم روح کے فقدان سے سستا ہو جاتا ہے (بے قدر و قیمت ہو جاتا ہے) تو ایسے زمانے میں مردِ حق بھی اپنے آپ میں پوشیدہ پنہاں ہو جاتا ہے۔

در نیابد جستجو آن مرد را
گرچہ بیند روبرو آن مرد را

Struggle to find such a man is not successful even when he sees him just in front of him.

ایسے دور میں ایسے مردِ حق کو تلاش کرنا ناممکن ہو جاتا ہے چاہیے وہ ڈھونڈنے والے کے سامنے ہی کھڑا ہو۔

تو مگر ذوقِ طلب از کف مدہ
گرچہ در کارِ تو افتد صد گرہ

But you should not leave the taste of seeking even if in your task there come a hundred knots (hurdles, bars, impediments, difficulties, odds, hazards, complexities).

اے فرزند ارجمند! تو اسے ڈھونڈھتا رہ چاہے تیرے کام میں سو رکاوٹیں آ جائیں۔ جہد مسلسل بالآخر یافت پر ختم ہوتی

ہے۔"جوئیدہ یابندہ" مثل مشہور ہے۔

گر نیابی صحبت مردِ خبیر
از اب وجد آنچہ من دارم بگیر

If you do not get the company of such a self-aware man then take from me whatever I have got (of the insight) from my forefathers.

اگر تجھے باخبر (خود آگاہ) مردِ حق نہ مل پائے تو پھر (اے میرے فرزند ارجمند) جو کچھ میں نے اپنے آباء واجداد سے حاصل کیا ہے اسے مجھ سے لے لے اور خوب مضبوطی سے پکڑ۔

پیر رومی را رفیق راہ ساز
تا خدا بخشد ترا سوز و گداز

Take the old Rumi as your companion of the travel so that God Almighty (in his kindness and grace) may bless you with internal burning and melting.

علامہ اقبال فرماتے ہیں:

پیر رومی خاک را اکسیر کرد
از غبارم جلوہ ہا تعمیر کرد

پیر رومی نے میری خاک کو سونا بنا دیا ہے اور میری گرد و غبار سے بے شمار تجلیات کا ظہور کر دیا ہے۔ پیر رومی اپنے پیر و مرشد شمس تبریز کے بارے میں فرماتے ہیں:

حاصل عمرم ازیں سر سخن بیش نیست
خام بُدم، پختہ شدم، سوختم

پیر رومیؒ کو اپنا رفیق راہ بنا لے تا کہ اللہ تعالیٰ تجھے سوز و گداز قلب نصیب فرما دے۔

زانکہ رُومی مغز را داند ز پوست
پای او محکم فتد در کوی دوست

The reason behind this advice is that Rumi(7) knows the seed (distinctly) as against the peel.(8) He enters well established in the street of the friend.

اس کی وجہ یہ ہے کہ مولانا رومیؒ "مغز" سے چھلکے کو الگ جانتے ہیں اور ان کا قدم مبارک دوست کی گلی میں بہت مضبوط پڑتا ہے۔ وہ ڈگمگاتے نہیں۔ پورے عزم بالجزم، حوصلے اور ایمان و عمل کے جذبے کے ساتھ چلتے ہیں (اور جوان کے ساتھ ہوتے ہیں ان کو بھی حوصلہ دیتے رواں دواں رکھتے ہیں)۔

شرحِ اُو کردند و اُو را کس ندید
معنئِ اُو چون غزال از ما رمید

People have commented on him but none has observed him. The meanings he has, have run away from our understanding like a dear.

لوگوں نے ان کی باتوں کو کھول کر بیان کرنے کی کوشش تو کی مگر ان کو دیکھ نہ پائے۔ ان کے فرمودات کا جو اصل معنی و مطلب ہے ہم سے ایسا دور بھاگا جیسے شکاری کو دیکھ کر ہرن بھاگ نکلتا ہے۔

رقصِ تن از حرفِ اُو آموختند
چشم را از رقصِ جان بر دوختند

It was his word from which they learnt the movement of the body and they sewed their sight to remain focussed on the movement of the soul.

ان کے الفاظ سے لوگوں نے بدن کا رقص تو سیکھ لیا لیکن آنکھوں کو سی لیا اور روح کا رقص نہ سیکھ سکے۔ جسم تو فانی ہے، روح باقی ہے۔ روح ہی کی ساری تربیت درکار تھی جدھر کسی کی نگاہ نہ گئی یا جان بوجھ کر آنکھوں کو بند کر لیا حالانکہ یہی وقت آنکھوں کے کھولنے کا تھا۔

رقصِ تن در گردش آرد خاک را
رقصِ جان برہم زَند افلاک را

The movement of the body brings the earth in circulation and the movement of the soul throws upside down all skies.

بدن کا رقص تو مٹی کو گردش میں لاتا ہے جب کہ روح کا رقص تو آسمان کو زمین پر دے مارتا ہے۔

علم و حکم از رقصِ جان آید بدست
ہم زمین ہم آسمان آید بدست

Knowledge and wisdom are gained by the movement of the soul. By it come into hands the earth and the heaven.

علم و دانش رقص جاں سے ہاتھ میں آتے ہیں بلکہ زمین و آسمان قابو میں آ جاتے ہیں۔

فرد ازوی صاحبِ جذبِ کلیم
ملت ازوی وَارثِ مُلکِ عظیم

On account of it an individual becomes owner of the passion of the speaker and the community becomes the inheritor of the great kingdom.

اس کی بدولت ایک فرد جذبہ کلیمی سے سرشار ہو جاتا ہے، اور پوری کی پوری قوم اس کی بدولت ایک بڑے ملک کی وارث بن جاتی ہے۔

رقصِ جان آموختن کاری بود

غیرِ حق را سوختن کاری بود

To learn the movement of the soul is a hill task; to burn away all that is besides the True (God) is a big task.

رقصِ جاں سیکھ لینا ایک بہت بڑا کام ہے۔ حق کے علاوہ ہر دوسرے کو جلا ڈالنا ایک بہت بڑا کام ہے۔

تا ز نارِ حرص و غم سوزد جگر

جان برقص اندر نیاید ای پسر

Till the liver is not burnt by the fire of greed and grief, the soul does not come in movement, O my (dear) son!

جب تک جگر حرص و غم سے جل نہیں جاتا ہے میرے فرزندار جمند' جان وجد کے اندر نہیں آتی۔

ضعفِ ایمانست و دلگیریست غم

نوجوانا "نیمہ پیری است غم"

The grief is the weakness of faith and worry of the heart. O Youngman! The grief is half-oldness.

غم ایمان کی کمزوری ہے اور دل کی پریشانی۔ اے نوجوان غم تو آدھا بڑھاپا ہے۔

می شناسی حرص "فقرِ حاضر" است

من غلام آنکہ بر خود قاہر است

You know it well that the present (so called) faqr is all in all greed. I am the slave of such (a pious) person who is dominant on his own-self.

تو جانتا ہے کہ "آج کے دور کا فقر" تو حرص (لالچ) ہے۔ میں تو اس (مردِ حق) کا غلام ہوں جو اپنے نفس پر غالب ہے۔
اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے: قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا بالیقین وہ شخص کامیاب ہو گیا جس نے اپنے نفس کو پاکیزہ کر لیا اور وہ شخص ناکام رہا جس نے اپنے نفس کو (من مانیوں سے) آلودہ کر لیا۔

(سورۃ الشمس ۹۱۔ آیت نمبر ۹ اور ۱۰)

ای مرا تسکینِ جانِ ناشکیب
تو اگر از رقصِ جاں گیری نصیب

O the satisfaction of my impatient soul! If you get a lot from the movement of the soul,

اے میری بے قرار روح کی تسکین (اے جاوید) تو اگر روح کے وجد سے کوئی حصہ پالے۔

سِرِّ دینِ مصطفیٰ گویم تُرا
ہم بہ قبر اندر دعا گویم تُرا (9)

I shall disclose unto you the secret of the Religion of the Chosen one [i.e. Hadrat Muhammad Mustafa (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)] and even from inside my grave I shall pray Allah Almighty for you to be blessed (for ever).(10)

میں تجھے حضرت محمد مصطفیٰؐ کے دین کا راز بتادوں گا اور اپنی قبر کے اندر سے بھی تیرے لیے دعا گو رہوں گا (کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت، برکت اور سلامتی تیرے شامل حال رہیں)۔ آمین

جاوید اقبال ۵/ اکتوبر، سن ۱۹۲۵ء میں پیدا ہوئے۔ علامہ اقبال نے ۱۹۳۸ء میں وفات پائی۔ اللہ کی رحمت شامل حال تھی جاوید نے کیمبرج یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ کیمبرج بڑی اعلیٰ پائے کی یونیورسٹی ہے اور دنیا میں اس کا نام بڑا بلند ہے۔ آپ کے مقالہ کا عنوان تھا:

"The Development of Muslim Political Thought in the Indo-Pakistan Sub-Continent."

سن ۱۹۵۶ء میں لنکنز اِن، لندن سے بار ایٹ لاء کیا۔ اس کے بعد آپ نے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں وکالت کی۔ پھر لاہور ہائیکورٹ کے جج مقرر ہوئے۔ سن ۱۹۸۴ء میں اسی عدالت کے چیف جسٹس بنادیئے گئے۔ دو سال بعد ۱۹۸۶ء میں سپریم کورٹ کے جج بنے اور وہاں سے ۱۹۸۹ء میں ریٹائر ہوگئے۔

عدالت عالیہ میں تعیناتی کے دوران ان کے فیصلے اور عدالت عظمیٰ میں تعیناتی کے دوران میں ان کے فیصلے پی ایل ڈی میں رپورٹ ہوئے۔ پاکستان مسلم لیگ کے ٹکٹ پر منتخب ہو کر ۱۹۹۹ء تک بطور سینیٹر خدمات سرانجام دیں۔

اسلامی فکر پر آپ کے متعدد مقالات انگریزی اردو اور اخبارات و رسائل میں شائع ہوئے۔ آپ نے اس موضوع پر بون، پیرس، استنبول، سڈنی اور میکسیکو وغیرہ یونیورسٹیوں میں لیکچرز دیئے۔ ۱۹۶۰ء تا ۱۹۶۲ء

اور اس کے علاوہ ۱۹۷۷ء میں بھی اقوام متحدہ میں وطن عزیز پاکستان کی نمائندگی کی۔ امریکہ اور کینیڈا کی متعدد یونیورسٹیوں میں بھی پاکستان کے بارے میں لیکچرز دیئے۔ ۱۹۶۳ء میں عوامی جمہوریہ چین کا دورہ کیا۔

آپ نے ۳ر اکتوبر ۲۰۱۵ء کو ۹۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔ بھرپور زندگی گزاری۔ سرد و گرم زمانہ کو چکھا۔ ہر نعمت میسر آئی۔ جدھر رُخ کیا' بادِ بہاری نے ساتھ دیا۔ خاندان ہر طرف سے علم و عمل والا، ماحول عزت و ثروت والا، دوست احباب دل سے عزت کرنے والے، قلم کا قبلہ درست، شرک و بت پرستی سے نفرت، توحید و عشق نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے سرشاری' سب پر شکر واجب۔ ذمہ داریوں کا پورا احساس، والد کی آرزو کا ہر وقت دل میں زندہ رہنا، تحریر و تقریر میں آزاد روش پر قائم رکھنے میں بڑے ممد و معاون ثابت ہوئے۔ جب لکھنے پر آئے تو جو صحیح اور سچ سمجھا وہی لکھا۔ اختلاف کا حق سب کو ہے۔ اس کا برملا اعتراف کیا۔ جمود کو توڑا۔ نمو پر زور دیا۔ قرآن و سنت کا دامن مضبوط تھامے رکھا۔ عصر حاضر کے مسائل کے حل سامنے رکھے اور اسلام کو دنیا میں صف اول پر دیکھنا چاہا۔ اس کشمکش حیات میں اپنا الگ رول ادا کرنے کی مقدور بھر کوشش کی۔ دل میں پُر امید رہے۔ ہر طعنہ خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔ ہر شخص یہ سمجھتا مجھے ہی سارا وقت دے دیا ہے۔ رواداری ان پر ختم تھی۔ ہمدردی ان کا شیوہ تھا۔ ہر ایک کے کام آتے اور دل آزاری سے بچتے۔

بڑے اعلیٰ درجے کے استاد تھے۔ بات سمجھانے کا ملکہ بھی تھا اور سلیقہ بھی۔ آہستہ بولتے تھے۔ زبان میں زودھاپن نہ تھا۔ دلیل سے بات کرتے تھے۔ دلیل مضبوط پاتے تو مان لیتے تھے۔ سب جانتے ہیں کہ رفیقہ حیات اعلیٰ تعلیم یافتہ، بہترین کردار کی مالک، اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی عدالت عالیہ کا جج بنایا اور انھوں نے اپنا فرض منصبی انتہائی اعلیٰ طریقے سے سرانجام دیا۔ اولاد کی تربیت اور ان میں اعلیٰ اخلاق ماں باپ ہی کی تربیت سے آیا۔ خود ان کو اور اولاد کو علامہ اقبال کا کلام ازبر ہے۔ ولید اقبال کو اکثر نظریہ پاکستان پر تقریر کرتے روانی اور انتہائی صحیح تلفظ میں کلام اقبال کو بطور دلیل پیش کرتے سنا تو اقبال کی روح نظر آتی تھی۔ ختمِ قل پر منیب اقبال کی تقریر اتنی پُر مغز اور جامع تھی کہ حاضرین کی آنکھوں میں آنسو آ رہے تھے۔ انھوں نے جو کہا' برملا کہا۔ الحمدللہ۔ بارک اللہ۔ عزیز و اقارب' دوست احباب سبھی پر رنگ اقبال غالب تھا اور جاوید اقبال کی محبتوں کا تذکرہ کرتے وقت ڈاکٹر شہریار، پاکستان کے مشہور ماہر قلب، تو رو پڑے۔ چالیسویں پر جسٹس خلیل رمدے کی قرآن و سنت سے ماخوذ دعائیں کھلے آسمان تلے کچھ اس خلوص اور دل کی اتھاہ گہرائیوں سے نکل رہی تھیں کہ آنکھیں نم ناک' دل رقیق اور زبان حال سے آمین آمین کے الفاظ سنائی دے رہے تھے۔

اولاد کے نام ہی ان کے اندر کے انسان کا پتہ دیتے ہیں۔ ان کی اولاد بھی دردِ دل رکھتی ہے۔ اسی طرح تصنیفات کے نام بامعنی ہوا کرتے ہیں۔ ہمارے جدا ہونے والے بھائی عالی مرتبت مرحوم و مغفور

جسٹس جاوید اقبال کی کتابوں کے نام یہ ہیں:
۱۔ دی آئیڈیالوجی آف پاکستان اینڈ اٹس امپلیمنٹیشن (۱۹۵۹ء)
۲۔ سٹرے ریفلیکشنز: اے نوٹ بک آف علامہ اقبال (۱۹۶۶ء)
۳۔ مئے لالہ فام (اردو)' علامہ اقبال پر مضامین کا مجموعہ (۱۹۶۶ء)
۴۔ زندہ رود، علامہ اقبال کی سوانح حیات (تین جلدوں میں اردو میں)
۵۔ افکار اقبال
۶۔ میراث قائداعظم
۷۔ دی لیگیسی آف قائداعظم
۷۔ اپنا گریبان چاک
۸۔ اسلام اینڈ پاکستانز آئیڈنٹیٹی
۹۔ انکاؤنٹر ود ڈیسٹینی (انگلش ایڈیشن آف آٹو بایوگرافی)
۱۰۔ جہان جاوید
۱۱۔ خطبات اقبال: تشکیل و تفہیم (علامہ اقبال کے لیکچرز بعنوان تشکیل جدید الہیات اسلامیہ کا مطالعہ بہ زبان اردو)

بزم اقبال کے ڈائریکٹر جناب پروفیسر محمد حنیف شاہد نے ان کی تعزیت پر ایک اجلاس ادارہ ثقافت اسلامیہ کی لائبریری میں منعقد کیا جس میں قابل صد احترام مرحوم جسٹس جاوید اقبال کے ۵۵ خطوط دکھائے۔ خط کا جواب ضرور دیتے تھے۔ اختصار ان کا طریق تحریر تھا۔

زندہ رود کا نسخہ جو محمد حنیف شاہد کے پاس محفوظ ہے' اس پر خود جناب جاوید اقبال کے ہاتھ کا لکھا اس بات پر شاہد ہے کہ وہ کام کرنے والوں کی نہ صرف قدر دانی کرتے تھے بلکہ ان کے لیے دل سے دعا گو رہتے تھے۔ لکھتے ہیں:

"جناب محمد حنیف شاہد۔ جنھوں نے اس کتاب کی تکمیل میں میری ہر طرح سے مدد کی۔ میں آپ کا شکریہ اسی طرح ادا کر سکتا ہوں کہ آپ کو ہر وقت دعائیں دیتا رہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی کے ہر مرحلہ میں کامیابی اور کامرانی عطا کرے اور ملک وملت کی خدمت کا جذبہ آپ کے دل میں ہمیشہ جوان رکھے۔ جاوید اقبال' ۱۱؍اکتوبر ۷۹ء"

کیا ہی اچھا ہو ولید و منیب اپنے بابا کے تمام خطوط حاصل کر کے ان کو طبع کروائیں۔ یہ قوم کا قرض ان پر فرض ہے۔ خدا کرے اقبال کا مشن اور جاوید اقبال کی آرزو ان کے ہاتھوں پوری ہو۔

راقم کے پاس تو صرف وہ لمحہ ہے جب اس نے ان کے دردولت پر یہ کہتے ہوئے ان کے پاؤں چومنے کی سعادت حاصل کی کہ یہ وہی جاوید ہے جسے اقبال نے گود میں اٹھایا ہوا تھا۔

جاوید کشادہ رُو اور چہرہ پر معصومانہ مسکراہٹ رکھتے تھے۔ دمِ واپسیں کے شاہد بیان کرتے ہیں:

نشانِ مردِ مؤمن با تو گویم

چوں مرگ آید تبسم برلبِ اُوست

اس دنیا میں جو آیا ہے اس نے واپس جانا ہے۔ جاوید اقبال زندگی بھر اللہ ہی کو اپنا رب، اسلام کو اپنا دین اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو نبی مانتے رہے۔ اللہ تعالیٰ اگلی منزلیں آسان کرے، پس ماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور قیامت کے دن حضورِ اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شفاعت نصیب کرے۔ آمین۔

حواشی

(1) Pashiz is a copper or nickel coinage. Farhand Moaser Farsi Ingllisi, Farhang Moaser Publishers, Tehran 2000, p. 83

(2) The law of God (the Holy Qur'an and Sunnah), the vehicle and the defence equipment.

(3) Dervvish is a person who is humble and sociable, poor but content, fully dependent on God all his needs. Such a person is pious, virtuous, God-fearing, content, and close to God. He is ever God-remembering and God-conscious. He trusts in God. He confides all his causes to God. He worships Allah alone and seeks all help and succour from Him. Before him is the model of the life of the Holy Prophet (ﷺ) and he remains in love with him the evidence and proof of which is that he follows the Holy Prophet(ﷺ) in letter and spirit. The Holy Qur'an says: Beware! The protected friends of Allah are such to whom there is no fear on him nor they shall be grieved. They were those who believed (in La Ilaha Illallah Muhammadur Rasulullah(ﷺ) and they were truly muttaqin (pious, virtuous and of excellent moral character). [10: 62 and 63]

(4) A khanqah is a place where the Sufis live. All Sufis are not alike. There were, are and will be Sufis who are having the Qur'anic and Sunnah standards, pious and of excellent moral character. On the

other hand there are also so called Sufis who lack or have no such standard. Allama Iqbal has warned his son Javed Iqbal to be careful of such persons. As far as the sincere Sufis are concerned Allama Iqbal is all praise and respect for them and advised his son to sit in their company and get their attentive look to get the real taste of faith. Such were Ghauth-i-Azam Muhyiddin Sayyid `Abdul Qadir Jilani, Shaykh Ahmad Sarhandi Mujaddi Alf Thani, Sultanul-Hind Khawajah Mu`inuddin Chishti Ajmeri, Shaykh Fariduddin Mas`ud Ganj Shakar, Sayyid `Ali Hajveri Data Ganj Bakhsh, Sultan al-Fuqara Sultan Bahu (Allah's Mercy be on all of them and on all righteous Sufis).

(5) People of rancour, spite and revenge. People of hatred and vengeance.

(6) Doing good to others, seeing welfare of others in all actions in all sincerity.

(7) Maulana Jalaluddin Rumi (Allah's mercy be on him) was the murid of Shams Tabrez (Allah's mercy be upon him) and was the spiritual teacher of `Allama Iqbal.

(8) skin, hide, rind, hull; peel; shell;; crust; bark; parchment all are the meanings of the Persian word.

(۱۳) جاوید نامہ' ڈاکٹر محمد علامہ اقبال' ص ۲۳۳۔ اقبال اکادمی پاکستان' لاہور سن ۱۹۸۲ء

(9) These are 13 long stanzas in Persian poetical composition in the form couplet and each line of it is full of practical and experienced wisdom. I have translated it in English so that the whole world may be benefited of these golden words. The poem is specific for Javed Iqbal and young people of his age when it was written but is general for all generations of youth of Islam.

☆☆☆

ڈاکٹر ظہیر احمد بابر

علم ودانش کے امین، روحِ اقبال، زندہ جاوید:

ڈاکٹر جاوید اقبال

ڈاکٹر جاوید اقبال بذات خود ایک دانشور، قانون دان، ادیب اور اقبال شناس تھے۔ ان کا شمار پاکستان کی نہ صرف ممتاز شخصیات میں ہوتا ہے بلکہ علامہ اقبال سے نسبی تعلق بھی ان کے لیے امتیاز کا باعث ہے۔ علامہ اقبال کا فرزند ہونا اور اس حوالے سے عزت پانا کوئی کم درجے کی بات نہیں ہے کیونکہ دوسری تمام حیثیتوں میں تو بہت سے لوگ ان کے شریک ہو سکتے ہیں لیکن اس حیثیت میں کوئی دوسرا ان کا شریک نہیں ہو سکتا۔

ڈاکٹر صاحب اب ہمارے درمیان نہیں رہے۔ انھوں نے طویل عمر پائی۔ وہ ۵ر اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ بچپن لاہور میں گزرا۔ میٹرک تک جاوید اقبال کی تعلیم لاہور کے مختلف سکولوں (سیکرڈ ہارٹ مشنری سکول، سینٹ فرانسس سکول، سنٹرل ماڈل سکول اور اسلامیہ ہائی سکول بھاٹی گیٹ) میں ہوئی۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے کرنے کے بعد انگریزی اور فلسفے میں ماسٹرز کی ڈگریاں حاصل کیں۔ ۱۹۵۴ء میں یونیورسٹی آف کیمبرج سے فلسفے کے مضمون میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور ۱۹۵۶ء میں لندن سے قانون کی تعلیم مکمل کی۔ ۱۹۷۱ء میں لاہور ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے۔ لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر جج کے منصب پر بھی فائز رہے۔ ملکی سیاست میں بھی حصہ لیا۔ وہ پاکستان کے سیاسی مستقبل کی اساس جمہوریت کو سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ ملک اسلام کے نام پر قائم ہوا ہے تاہم اسلام کی تشریح کسی نیم خواندہ مذہبی عالم کی نظر سے نہ کی جائے۔ انھوں نے تین مرتبہ اقوام متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کی اور سینیٹر بھی رہے۔

بڑے لوگوں کی طرح ڈاکٹر جاوید اقبال کے خیالات میں تنوع تھا اور وہ جذبات وانفرادیت کا پہلو لیے ہوئے تھے۔ غور وفکر اور تجسس وتعقل کی عالمانہ عادت نے بعض معاملات میں انھیں ہماری قدیم فقہی روایت سے بغاوت پر آمادہ کیا جس میں سے ایک اجتہاد کا موضوع بھی تھا۔

پاکستان کی تاریخ کا ایک المیہ یہ بھی ہے کہ ہم جذباتی رنگ آمیزی بلکہ رنگ بازی کر کے عظیم شخصیتوں کے کردار اور پیغام کو ہی مسخ کر دیتے ہیں مگر ڈاکٹر جاوید اقبال نے علامہ اقبال کا دفاع کیا اور ان کے

فکر اور فلسفے کو پرکھا، جانچا اور اسے اصل صورت میں ہی نئی نسلوں کے سامنے پیش کیا۔ وہ علامہ اقبال کے تصور ریاست کے بارے میں لکھتے رہے۔ انھوں نے بڑی تحقیق اور دیانت داری کے ساتھ اپنے عظیم والد کے بارے میں "زندہ رود" کے نام سے کتاب لکھی جو دو جلدوں پر مشتمل ہے اور جسے فکر اقبال میں ایک بنیادی حوالہ سمجھا جاتا ہے۔ نہ صرف اپنے والد کے بارے میں کتاب لکھی بلکہ اپنی سوانح عمری "اپنا گریباں چاک" کے عنوان سے بھی لکھی جو خاصی مقبول ہوئی۔ انھوں نے بلاشبہ ایک بھرپور زندگی گزاری۔ وہ ایک مجلسی شخصیت کے حامل تھے۔ آپ تحریر و تقریر دونوں میں یکتا ایک وسیع النظر دانش ور تھے۔

انھوں نے اپنی خودنوشت میں لکھا کہ "لوگ مجھے فرزند اقبال کے نام سے پکارتے ہیں"۔ مگر یہ بچہ محض بچہ بنے رہنے پر قانع نہیں تھا بلکہ ایک بہت بڑے درخت کے سائے سے نکل کر اپنا مقام پیدا کرنے کی کوشش کرتا نظر آتا ہے۔ کہتے ہیں: "کیا میں اس سائے سے نکل کر اپنا سایہ بنا سکا؟ میں کس حد تک کامیاب ہوا اور کس حد تک ناکام؟ فقط یہی میری داستانِ حیات ہے۔"

ڈاکٹر جاوید اقبال کا جنوں محشر کا انتظار نہیں کر سکتا تھا لہٰذا انھوں نے محشر سے پہلے ہی "اپنا گریباں چاک" کر ڈالا۔ یہ خودنوشت کھرے سچ پر مبنی ہے۔ وہ اعلیٰ پائے کے شاعر بھی تھے۔ انھوں نے فارسی کی ایک طویل نظم لکھی جو تیرہ بند پر مشتمل تھی اور جس کے آخری شعر کا ترجمہ کچھ یوں ہے:

> "اے کہ تو جاوید میری بے قرار جان کے لیے تسکین کا باعث ہے، تو اگر رقصِ جاں سے تسکین حاصل کر لے پھر میں تجھے دین مصطفیٰ ﷺ کا راز بتاؤں گا اور میں تیرے لیے قبر کے اندر بھی دعا کرتا رہوں گا۔"

یہ سچ ہے کہ ڈاکٹر جاوید اقبال نے فکر اقبال کو زندہ رکھا۔ وہ ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ وہ نوجوانوں کو علامہ اقبال کے فلسفہ خودی پر عمل کرنے اور جہد مسلسل کی تاکید کیا کرتے تھے کہ یہی فکر اقبال کا نچوڑ ہے۔ انھوں نے نہ صرف عدلیہ میں اہم مقام حاصل کیا بلکہ وہ شگفتہ مزاج انسان بھی تھے۔ ان کی حسِ مزاح بھی ان کی ہی طرح خوبصورت تھی۔ وہ اپنی شگفتہ مزاجی کی بدولت محفل کو کشتِ زعفران بنا دیتے تھے۔ انھوں نے کارکنان تحریک پاکستان کی فلاح و بہبود کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ ان کے خطبات علم و دانش کا مرقع ہوا کرتے تھے۔ ان کی گفتگو کا مرکزی نکتہ یہی ہوتا کہ قوم اپنا اسلامی تشخص برقرار رکھے۔ انھوں نے فکر اقبال کو نہ صرف زندہ رکھا بلکہ اسے پروان بھی چڑھایا۔ انھوں نے علامہ اقبال کی علمی وراثت کو آگے بڑھایا اور اپنی منفرد شناخت بنائی۔ وہ علامہ اقبال کے تصور عشق کا عکس تھے۔ وہ علم کا خزانہ تھے۔ انھیں اسلامی تاریخ، فلسفہ اور قانون پر مکمل عبور حاصل تھا۔ وہ پاکستان کو علامہ اقبال کے خواب کے عین مطابق دیکھنے کے خواہش مند تھے۔ انھوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ بلا کا حافظہ تھا جس نے آخری سانسوں تک ان کا

ساتھ دیا۔ گہرا مطالعہ، نظریاتی مستقل مزاجی اور اس پر مستزاد ان کا زور دار زبان و بیان، پاکستان سے شدید محبت، بلاخوف حق گوئی، قومی درد، اخلاص اور اصول پسندی ان کی طاقتور روح کی علامتیں ہیں جو انھیں مدتوں زندہ رکھیں گی۔

زندگی بھر انھیں فرزندِ اقبال کہا اور سمجھا گیا لیکن وہ اس کے ماسوا تھے۔ جس طرح علامہ اقبال کی زندگی اور کلام کو ایک خاص نقطہ نظر سے پیش کیا جاتا رہا ہے اسی طرح جاوید اقبال بھی ہر نوعیت کی تنقید سے بالاتر جانے جاتے تھے اور یہ کسی بھی شخصیت کی تفہیم کے لیے ایک سرِّ راہ ہے۔

انھوں نے اسلام میں ریاست کا تصور اور فکر اقبال سے متعلق موضوعات پر دنیا بھر میں علمی فورمز پر تحقیقی مقالے پیش کیے اور خطبات بھی ارشاد فرمائے جن میں نئی دہلی (بھارت)، بغداد (عراق)، عمان، تہران (ایران)، استنبول (ترکی)، کوالالمپور (ملیشیا)، قرطبہ (اسپین)، ابوظہبی، دبئی، چین، ناروے، سویڈن، ڈنمارک، کویت، قطر وغیرہ ممالک شامل ہیں۔ عالمی سطح پر کسی پاکستانی کی صلاحیتوں کا اس طرح اعتراف کیا جانا پاکستان کے لیے بہت فخر کی بات ہے۔

کسی بھی شخصیت کو دل میں جگہ بنانے اور انمٹ نقوش قائم کرنے کے لیے دولت، جاہ و مرتبہ یا حکمرانی جیسے ہتھکنڈوں کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ پاک طینت، ذہین، بااعتماد، وسیع النظر اور علم و ادب میں بڑا مقام رکھنے والے لوگوں کی محبت ہر زمانہ، ہر عمر، ہر طبقہ اور ہر شخص کے دل میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور ڈاکٹر جاوید اقبال انھی ناقابل فراموش شخصیات میں سے ہیں۔

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال ۹۱ برس کی عمر میں ۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ ان کی علمی، ادبی اور قانونی خدمات نصف صدی سے زائد عرصہ پر محیط ہیں۔ ان کی زندگی جدوجہد سے عبارت تھی۔ انھوں نے اپنے خیالات اور تخیل کو اپنی تحریروں میں سمو دیا۔ وہ اپنے تحقیقی کام اور زندہ کتابوں کی بدولت ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ بلاشبہ ان کے انتقال سے علمی، ادبی اور قانونی حلقوں میں بہت بڑا خلا پیدا ہوا ہے۔ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆

ڈاکٹر جاوید اقبال

علامہ اقبال عوام اور خواص کے مقبول اور محبوب شاعر، مفکر، فلسفی اور سیاست دان ہیں۔ اس کا مطلب یہ تو ہے کہ عوام میں اقبال کے افکار و نظریات مقبول ہوں' یہ بھی ہے کہ اقبال کی وہ تعبیر درست سمجھی جائے جو عوام کو محبوب ہو۔ چودھری محمد حسین نے علامہ کے خطبات کا ترجمہ چھاپنے کی اجازت نہ دی کہ اقبال کی مقبولیت پر منفی اثر پڑنے کا اندیشہ تھا۔ اُنھوں نے اقبال کے بعض خطوط ''اقبال نامہ'' سے نکلوا دیے کہ اقبال کی محبوبیت میں کمی کا خدشہ تھا۔ اُنھیں اندازہ نہیں تھا کہ اقبال عوام کے محبوب ہیں۔ اب وہ اقبال کی وہی تعبیر درست سمجھیں گے جو اُنھیں پسند ہوگی۔ ڈاکٹر جاوید اقبال علامہ کے فرزندِ ارجمند تھے۔ لوگ انھیں آخری عمر میں بھی فرزند اقبال کہہ کر شناخت کرتے تھے' حالانکہ ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی بھی شناخت رکھتے تھے۔ وہ ادیب تھے' مصنف تھے' مفکر تھے' وکیل تھے اور منصف تھے' مگر لوگ انھیں فرزند اقبال کہہ کر لطف لیتے ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کو لوگوں سے یہی شکایت تھی۔ وہ اصرار کرتے کہ آخر وہ بھی تو کوئی شخصیت رکھتے ہیں۔ انھیں ذاتی نام اور ذاتی شخصیت کے حوالے سے جاننے سے لوگوں کو کیا پریشانی ہوگی! لوگوں نے جاوید اقبال کا نام ہی پسرِ اقبال رکھ چھوڑا تھا۔ یہ نک نیم اُنھیں نہیں بھاتا تھا تو لوگ ناراض ہوتے تھے۔ مجھے جاوید اقبال کی یہی بات اچھی لگتی تھی۔

ڈاکٹر جاوید اقبال پڑھے لکھے شخص تھے اور اپنی انفرادیت اور شخصیت رکھتے تھے۔ وہ علامہ اقبال کو پڑھتے تھے اور پڑھنے کی اہلیت بھی رکھتے تھے۔ وہ عموماً علامہ کی نثر کے حوالے سے بات کرتے' شعر کا بہت کم حوالہ دیتے۔ شعر پڑھنے پر تالی بج جاتی ہے' خوب داد ملتی ہے۔ لوگ ایسے داد دیتے ہیں جیسے یہ شعر آپ کی کوئی بہت بڑی دریافت ہے۔ علامہ کی شاعری سٹیج پر پڑھنے میں لطف بھی بہت آتا ہے۔ علامہ کے شعر پڑھنے میں لطف یہ ہے کہ آپ کہیں ایک جگہ کھڑے رہتے ہیں' شاعری اپنا راستہ خود بنا لیتی ہے۔ شعر علامہ کا ہے' تالیاں آپ وصول کر رہے ہیں۔ یعنی نہ ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ چوکھا آئے۔ علامہ کی نثر پر بات کرنے میں ایک تو یہ الجھن ہے کہ آپ کو پڑھنا لکھنا پڑتا ہے' پھر سوچنا پڑتا ہے۔ یہ کتنی بڑی ذمہ داریاں ہیں' اٹھائیں نہ انھیں۔ اس پر خطرہ یہ ہے کہ لوگوں کو آپ کی بات پسند نہ آئے تو کیا ہوگا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ لوگ اختلاف تو اقبال سے کریں اور بُرا بھلا آپ کو کہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال یہ خطرہ مول لیتے تھے اور ڈٹ کر لیتے تھے۔ کبھی کبھی تنگ

آ کر کہتے: کاش! لوگ اقبال کی شاعری کو بھول جائیں اور نثر کو پڑھیں اور یاد رکھیں۔ مگر لوگوں نے اقبال کی شاعری کو بھی بھلا دیا اور نثر کو یاد رکھنا تو دور رہا، پڑھنا بھی گوارا نہ کیا۔ نتیجہ اس کا یہ نکلا ہے کہ یوم اقبال پر کبھی حضرت قاضی حسین احمد داد خطابت دیتے تھے، ان دنوں محترم سراج الحق خطاب فرماتے ہیں۔ اکثر اوریا مقبول جان کی فصاحت و بلاغت کلام اقبال سے مکالمہ کرتی ہے۔

ڈاکٹر جاوید اقبال جن باتوں کی وجہ سے ناپسند کیے جاتے تھے، انھی باتوں کی وجہ سے مجھے بے حد پسند ہیں۔ اُن سے ملنے کو بارہا جی چاہا، مگر کوئی سبیل نہ نکل سکی۔ میں عموماً بڑے لوگوں سے ملنے کی جرات بھی نہیں کرتا۔ ایک دن اچانک جیو نیوز سے بلاوا آ گیا۔ دو قومی نظریہ پر پروگرام تھا۔ خورشید ندیم میزبان تھے۔ مہمانوں میں ڈاکٹر جاوید اقبال اور دو علماء دین کے ساتھ یہ خاکسار بھی شامل تھا۔ بلانے والے کا اللہ بھلا کرے، کتنے بڑے آدمی سے یوں ملاقات کروا رہے تھے۔ میں تو خوشی خوشی سٹوڈیو جانے کے لیے تیار ہو گیا۔ جیو والوں کی گاڑی نے مجھے گھر سے لیا اور سٹوڈیو پہنچا دیا۔ کچھ دیر میں ڈاکٹر جاوید اقبال بھی تشریف لے آئے۔ علماء کرام بھی آ براجے۔ چائے وغیرہ کا اہتمام ہوا۔ اس دوران میں ہم لوگ تعارف اور حال احوال پوچھنے سے آگے بڑھ گئے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال، مولانا احمد علی قصوری سے محوِ کلام ہو گئے۔ میں اُن کے ساتھ ہی بیٹھا تھا، مگر میری طرف پشت کیے مولانا احمد علی قصوری سے فرما رہے تھے:

> ''کچھ لوگ دو قومی نظریے کا آغاز اورنگ زیب عالمگیر سے کرتے ہیں، مگر جمہوریت کے اس دور میں ایسا کرنا درست نہیں۔ دو قومی نظریہ کا آغاز حضرت مجدد الف ثانی سے کرنا چاہیے۔''

یہ سن کر مجھ سے نہ رہا گیا۔ ڈاکٹر جاوید اقبال سے بغیر کسی تمہیدی گفتگو کے عرض کیا:

> ''سر! کیا حضرت مجدد کے تائید اہل سنت والے فتویٰ کے ہوتے ہوئے اُن سے دو قومی نظریہ کا انتساب کرنا ممکن ہے؟''

میں نے سوچا تھا کہ ڈاکٹر صاحب میری تردید فرمائیں گے اور اپنی بات کی تصدیق کے لیے تاویلات کا سہارا لیں گے، مگر اُنھوں نے میری بات سنتے ہی فرمایا:

> ''نہیں نہیں، قطعاً نہیں! آپ درست سوچ رہے ہیں۔''

میں خوش ہوا کہ مجھے ایک بڑے آدمی کی تائید میسر آئی تھی، مگر حیرت ہوئی کہ ایک بڑے آدمی نے اتنی جلدی یوٹرن لے لیا۔ مجھے اُس وقت حیرت ہوئی تھی، اب نہیں ہوتی۔ تب مجھے جاوید اقبال کے رویے میں مداہنت محسوس ہوئی تھی، اب میں اس رویے کو جائز سمجھتا ہوں۔ کیسے اور کیوں؟ یہ تو ایک لمبی کہانی ہے۔ ایک چھوٹی سی بات بہر حال عرض کی جا سکتی ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کا ایک انٹرویو ہے جو افضل ریحان نے ان سے

کیا تھا۔ اُنھوں نے ایک قصہ سنایا کہ وہ ترکی گئے' وہاں اُن سے حجاب سے متعلق سوال کیا گیا۔ انھوں نے غیر اختلافی بات کہی کہ ہم نے اس مسئلے کو take up ہی نہیں کیا۔ جو چاہے کرلے' جو چاہے نہ کرے۔ بات آئی گئی ہوگئی۔ خود کو متنازعہ ہونے سے بچالیا۔ کچھ دنوں بعد ایرانی سفارت کار آئے اور اس بیان پر شکایت کی اور بتایا کہ ایرانی اس بیان سے دُکھی ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اُنھوں نے یہ بیان پاکستان کے حوالے سے دیا تھا۔ سفارت کار نے کہا کہ وہ تو ڈاکٹر جاوید اقبال کو پسرِ ایران خیال کرتے ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے کہا کہ اُنھوں نے یہ بیان ترکوں کو عالم اسلام سے قریب لانے کے لیے دیا تھا۔ اس واقعے میں ڈاکٹر جاوید اقبال کی مجبوریاں موجود ہیں۔ وہ حجاب کی حمایت کرتے ہیں تو ترک ناراض ہوتے ہیں' مخالفت کرتے ہیں تو ایرانی۔ اب ڈاکٹر جاوید اقبال کس کو راضی رکھیں اور کسے ناراض کریں' اور خود کیا کریں۔ ان مشکلات کا حل کیا تھا۔ اُن کی اپنی بھی ایک رائے تھی۔ اقبال کی اپنی ایک تعبیر تھی۔ وہ اپنے نظریات بیان کریں یا چھپائیں۔ ہمارے ہاں سوچنے کا رواج تو ہے نہیں۔ ہر بندے نے اپنا ایک اقبال بنا رکھا ہے۔ ہر فرقہ مدعی ہے کہ اقبال اُس سے تعلق رکھتے تھے۔ ایسے میں فرزند اقبال کہاں جائے۔ لوگ اُن سے اپنی پسند کی باتیں سننا چاہتے تھے۔ جاوید اقبال کیا کریں۔ اس کا حل انھوں نے یہ نکالا کہ وہ ڈپلومیٹک زبان میں بات کرنے لگے۔ وہ دو قومی نظریے کے حامیوں کی راہنمائی بھی کرتے تھے اور مجھ جیسے تحقیق کے مسافروں کا پینڈا بھی کھوٹا نہیں کرتے تھے۔ اس لیے انھوں نے میرے نظریے کی دوٹوک لفظوں میں تائید اور تصدیق کی۔

ڈاکٹر جاوید اقبال نے جس لمحے مجھ سے مخاطب ہوکر یہ لفظ کہے تھے' اُن کے چہرے سے مسرت پھوٹ رہی تھی۔ اُنھیں شاید ایک طالب علم دکھائی دیا تھا۔ اُنھیں حق بات کہنے کا موقع میسر آیا تھا۔ بہرحال کچھ تھا جس کا اثر اُن کے چہرے پر صاف نظر آرہا تھا۔ اس کے بعد باتیں شروع ہوئیں تو مولانا صاحب گفتگو سے ایسے خارج ہوگئے جیسے شاعری میں ضرورت شعری کے تحت حروفِ علت کو گرادیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے بتایا کہ وہ اقبال کے خطبات کی شرح لکھ رہے ہیں۔ سن کر جی خوش ہوگیا۔ افسوس کہ جب یہ شرح شائع ہوکر سامنے آئی تو اسے پڑھ کر جی خوش نہ ہوا۔ اُن کی گفتگو میں وہ تاب اور توانائی موجود تھی کہ میں یہ بھول گیا کہ وہ ایک بوڑھے آدمی ہیں جب قویٰ مضمحل ہوجاتے ہیں۔ کتاب پڑھ کر بار بار احساس ہوا کہ وہ بڑھاپے کی وادیاں قطع کررہے ہیں۔

ڈاکٹر جاوید اقبال سے اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ انھوں نے واضح لفظوں میں کہا کہ اقبال سر سید کے سلسلے کے آدمی تھے اور اسلام کی تعبیر جدید کے قائل تھے۔ جو لوگ روایتی اسلام کے قائل ہونے کے ساتھ دو قومی نظریے اور اتحاد عالم اسلام کے سختی سے قائل ہیں' وہ اقبال سے فکری تحریک اور فکری تائید حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ بیچارے اقبال کے خطبات کو پڑھتے ہیں تو پریشان ہوجاتے ہیں۔ کبھی سوچتے ہیں کہ

کاش، اقبال نے یہ خطبات نہ لکھے ہوتے۔ کبھی دعویٰ کرتے ہیں کہ اقبال نے ان خطبات سے رجوع کر لیا تھا۔ ''ساحل''، کراچی کے خالد جامعی نے یہ دعویٰ کیا اور حیدر آباد کے غلام محمد صاحب کے حوالے سے یہ دعویٰ کیا، مگر دعویٰ کے لیے کوئی مضبوط دلیل نہ لا سکے۔ انھیں حق حاصل ہے کہ وہ اقبال سے اختلاف کریں، مگر یہ حق تو نہیں دیا جا سکتا کہ وہ اقبال کے جن خیالات کو پسند کریں انھیں قبول کریں، جنھیں ناپسند کریں اُن سے متعلق دعویٰ کریں کہ اقبال نے ان سے رجوع کر لیا تھا۔

الف پروگرام شروع ہوا تو راقم نے عرض کیا کہ کلام اقبال ہمارے سامنے ہے، اُن کے ہاں پانچ نظمیں ایسی ہیں جن میں ہندوستانی قومیت کی تائید ملتی ہے۔ بہت سی نظمیں ایسی ہیں جن میں اسلامیت اور بین الاقوامیت کی تبلیغ موجود ہے۔ اقبال کے نظریۂ قومیت کی تفہیم تبھی ممکن ہے جب ہم اقبال کے متداول کلام کے کسی حصے کو مسترد نہ کریں۔ دونوں طرح کی نظموں میں موجود افکار کو Synthesize (تالیف) کریں۔ یہی اقبال کی تفہیم کا صحیح طریقہ ہے۔ اقبال کے نظریۂ قومیت میں ارض کا حوالہ منہا کر دینا بہت خطرناک ہے۔ یہ ماورائی قسم کا نظریۂ قومیت بڑے مسائل پیدا کرے گا۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنی گفتگو میں میری باتوں کی مکمل تائید کی۔ اُنھوں نے واضح کیا کہ اقبال کے نظریۂ قومیت سے جغرافیے کو منہا کرنا بہت خطرناک ہو سکتا ہے۔ یہ وہ دور تھا جب دہشت گردی کے خلاف جنگ کو ہم سرکاری سطح پر قبول کر چکے تھے، مگر عوامی سطح پر ابھی قبول کرنے سے گریزاں تھے۔ اُن دنوں دہشت گردی پاکستان کے جغرافیے سے باہر تھی۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے اُس وقت وہ باتیں کہیں جو معقول تو تھیں، مقبول عام یا مقبول عوام نہیں ہو سکتی تھیں۔ اس لیے جب مولانا صاحب کو اظہار خیال کا موقع ملا تو انھوں نے شکایت کی کہ یہاں بہت ایسی باتیں کہی گئیں جو کہنے کی نہیں تھیں، خصوصاً ڈاکٹر جاوید اقبال نے وہ باتیں کہیں جو فرزند اقبال ہونے کی حیثیت سے اُن کے شایان شان نہیں تھیں۔ گویا فرزند اقبال ہونا ایک منصب ہے، اور اس کے فرائض ہیں جن میں سے ایک فریضہ یہ ہے کہ وہ اُس قسم کی باتیں کہیں جن سے مولانا صاحب جیسے لوگ خوش رہ سکیں۔ ایرانی سفارت کار نے انھیں کہا تھا کہ ایرانی انھیں پسرِ ایران سمجھتے ہیں اور پسرِ ایران کے لیے حجاب کی حمایت ضروری ہے۔ مولانا صاحب انھیں فرزند اقبال کے روپ میں دیکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ صرف ان کے پسندیدہ خیالات ہی ظاہر کریں۔ اب وہ بیچارے مجبور کر دیے گئے تھے کہ وہ صرف کلمۂ خیر کہیں، کلمۂ حق کہنے سے گریز کریں۔

ایک دن ایک دوست سے بات ہو رہی تھی کہ ڈاکٹر جاوید اقبال پڑھے لکھے آدمی ہیں، وہ نظریہ پاکستان ٹرسٹ کے لوگوں کے ساتھ کیسے چل سکتے ہیں۔ اُنھوں نے بتایا کہ ٹرسٹ والے اُن سے خاصے نالاں رہتے ہیں۔ یہ بھی بتایا کہ نظامی صاحب اُن سے خاصے ناراض ہو رہے تھے۔ یہ میرے لیے ایک خبر تھی، مگر اس کی تصدیق ڈاکٹر ثاقف نفیس نے کر دی۔ اُنھوں نے بتایا کہ ایک دفعہ ڈاکٹر جاوید اقبال نے انھیں نظامی

صاحب کے ہاں کسی کام کے لیے بھیجا۔ وہ نظامی صاحب کے دفتر پہنچے اور اندر چٹ بھیجی جس پر لکھا تھا: ''ڈاکٹر ثاقف نفیس فرستادہ ڈاکٹر جاوید اقبال۔'' اندر سے جواب آیا کہ وقت نہیں ہے۔ اُنھوں نے چٹ اُٹھائی اور اُس پر لکھا: ''ڈاکٹر ثاقف نفیس، پوتا خان بہادر چودھری محمد حسین مرحوم۔'' فی الفور اندر سے اذن باریابی مل گیا۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کو کلمۂ حق کہنے کی یہ سزا اکثر ملتی تھی۔ اسلام کو دو قومی نظریے میں محدود اور محصور کرنے والوں کا اُن سے یہی رویہ تھا۔ اسلام کو نظریہ اور نظام سمجھنے والے بھی اُن سے نالاں رہتے تھے۔ یہ لوگ اُن کی ذات کا استرداد کرتے، مگر اُن کی فکر اور استدلال کا رد کرنا ضروری نہ سمجھتے۔ میں اکثر ان لوگوں سے کہتا کہ شخص کو رد کرنے سے دلیل تو رد نہیں ہوتی۔ دلیل تو وہیں موجود ہے۔ کلّی صداقت کے دعویدار دلیلوں کو رد نہیں کرتے، دلیل لانے والے کو رد کرتے ہیں۔

میں گورنمنٹ اسلامیہ کالج لاہور میں پرنسپل بن کر آیا تو احساس ہوا کہ اس منصب کی ذمہ داریاں بہت زیادہ ہیں۔ ناخنوں پر بہت سی نیم باز گرہوں کا قرض واجب ہوگیا۔ علامہ عبداللہ یوسف علی دو مرتبہ اس کالج کے پرنسپل رہے تھے۔ انھیں جس ذوق شوق سے اس عہدے کی پیشکش ہوئی تھی، اس ذوق شوق سے انھیں یہاں سے نکالا گیا۔ وہ چلے گئے، مگر:

وہ لوگ جن سے تیری بزم میں تھے ہنگامے
گئے تو کیا تری بزمِ خیال سے بھی گئے

اب لاہور میں انھیں کوئی یاد نہیں کرتا۔ میں نے علامہ عبداللہ یوسف علی میموریل لیکچر کا سلسلہ شروع کیا۔ پہلا لیکچر قاضی جاوید نے دیا کہ وہ اس ادارے کے طالب علم رہے تھے۔ دوسرے سال انتظار حسین آئے۔ تیسرے سال کے لیکچر کے لیے ڈاکٹر جاوید اقبال کا نام ذہن میں آیا۔ ڈاکٹر ثاقف نفیس نے ذمہ داری لی کہ وہ ڈاکٹر جاوید اقبال کو لے آئیں گے۔ چنانچہ ڈاکٹر جاوید اقبال ہمارے ہاں لیکچر دینے کے لیے تشریف لائے۔ عنوان تھا: ''اقبال کا تصورِ اسلامی ریاست''۔

ڈاکٹر جاوید اقبال پرنسپل آفس میں تشریف لائے۔ اسلامیہ کالج کے حوالے سے اپنی یادوں کو تازہ کرتے رہے۔ علامہ اقبال کے اس کالج سے تعلق کو یاد کیا۔ علامہ اقبال کی کتنی ہی یادیں اور یادگاریں اس کالج سے وابستہ تھیں۔ علامہ نے ۱۹۱۱ء میں جس جگہ اپنی نظم ''شکوہ'' پڑھی، ہم لوگوں نے وہاں ایک تختی لگوا دی تھی۔ قریب ہی ایک قدیم پودا ہے۔ یہ مروا کہلاتا ہے۔ اس کی عموماً جھاڑی سی بن جاتی ہے، مگر یہ پودا اتنا قدیم ہے کہ ایک تناور درخت بن گیا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ علامہ کی نظم ''شکوہ'' کا یہ واحد سامع ہے جو اب تک زندہ ہے اور اب تک ہرا بھرا ہے۔ ہم نے ڈاکٹر صاحب کی اس سے ملاقات کروائی۔ وہ بہت خوش ہوئے۔

ڈاکٹر جاوید اقبال اپنا لیکچر لکھ کر لائے تھے۔ اُنھوں نے بیٹھ کر لیکچر دیا۔ اس لیکچر کی خاص بات یہ تھی

کہ ڈاکٹر صاحب نے اسے سادہ اور سلیس بنا کر طلبہ کے گوش گزار کیا۔ مشکل مقامات منہا کر دیے یا انھیں سادہ اور سلیس بنا دیا۔ مجھے ڈاکٹر جاوید اقبال کی خطبات اقبال کتاب پر یہ اعتراض تھا کہ اُنھوں نے اقبال کے لیکچرز کو سادہ اور آسان بنانے کے چکر میں سطحی سا بنا دیا ہے۔ اُن کے لیکچر کی خوبی تھی کہ سادگی اور سلاست نے اسے منطقی، واضح اور پُر اثر بنا دیا تھا۔ وہ اجتہاد کے معاملے میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن اور ڈاکٹر منظور احمد کے انداز میں سوچتے تھے، اس کے باوجود وہ ان کی اصطلاحات کے استعمال سے گریز کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے طلبہ کے سامنے نہ کوئی مشکل بات کہی، نہ اختلافی بات کہی۔ وہ صاف، سیدھی اور سلیس باتیں کہتے رہے۔ اُن کے مخاطب طلبہ تھے، وہ اُنھیں راہ دکھا رہے تھے۔ وہ ڈور کو سلجھا رہے تھے۔ اسلامی نظام کے نفاذ کے نعرے تو بہت سنتے ہیں مگر اسلام کے تناظر میں قانون سازی کے بارے میں سوچنے والے بہت کم نظر آتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے اسے اس قدر سادہ سمجھ رکھا ہے کہ رات کو اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان ہو جائے تو صبح دفاتر کھلنے سے پہلے سبھی مقاصد حاصل ہو جائیں گے۔ ہر قانون اسلام کے سانچے میں ڈھل جائے گا اور سارے دلدر دور ہو جائیں گے، حالانکہ یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور اس پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال انھی معدودے چند لوگوں میں سے تھے۔ لیکچر ہو چکا تو ڈاکٹر صاحب نے اجازت چاہی۔ مجھے بھی ایک میٹنگ میں جانا تھا۔ ہم نے انھیں بہت محبت سے الوداع کیا۔ جاتے جاتے میں نے ایک سوال کر لیا۔ اب طلبہ تو پاس نہیں تھے میں بھی بوڑھا آدمی، وہ مجھ سے کہیں زیادہ بوڑھے۔ میں نے سوال کیا:

''کیا پاکستان کے حکمران طبقات ان مسائل پر سنجیدہ بھی ہیں؟''

وہ سن کر سُن سے ہو گئے۔ میری طرف غور سے دیکھا۔ نہیں کہا، اور نفی میں سر بھی ہلایا۔ میں نے سوچا کہ ایک بزرگ شخص کو اتنا مایوس کرنا اچھا نہیں۔ عرض کیا:

''اکیڈمک سرگرمی تو ہونی چاہیے۔ آنے والے دنوں کا کیا پتا!''

میری بات سن کر وہ مسکرا دیئے۔ جاتے جاتے یہی مسکراہٹ تھی جو ہمیں وہ تحفے میں دے گئے۔ امید اور آس ہمیشہ مسکراہٹوں کی ضامن رہی ہیں۔

☆☆☆

اسلم کمال

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال: چند یادیں، چند تاثرات

ڈاکٹر جاوید اقبال مرحوم و مغفور سے میری یادوں کا سلسلہ خاص طور پر سالِ اقبال ۱۹۷۷ء سے شروع ہو کر ۳ر اکتوبر ۲۰۱۵ء تک پھیلا ہوا ہے۔ ڈاکٹر صاحب سے میری ملاقاتیں تعداد میں کوئی زیادہ نہیں ہیں۔ اس کی وجہ میرے اشتیاق میں کمی نہیں بلکہ مجھے ہمیشہ اُن کے قیمتی وقت کا احساس مانع رہا تھا۔ جب میں پہلی بار لاہور آیا تو غالباً یہ ۱۹۴۷ء یا ۱۹۴۸ء کا سن ہوگا اور میری عمر پانچ، چھ سال ہوگی۔ لاہور میں ہمارا قیام اُس وقت کی میو روڈ (آج کی علامہ اقبال روڈ) پر جان بلڈنگ میں ہوتا تھا۔ یہ بلڈنگ آج بھی موجود ہے اور یہ میرے بڑے بھائی پروفیسر عبدالعزیز کمال مرحوم کے سسرال کی ملکیت تھی۔ ریلوے ہیڈ کوارٹر کے میو روڈ پر بڑے گیٹ کے سامنے جاوید منزل (اب علامہ اقبال میوزیم) اور گیٹ کے دائیں ہاتھ ملک بلڈنگ (بعد میں خیابان ہوٹل) اور اس کے بعد یہ جان بلڈنگ آج بھی ہے۔ اسی جان بلڈنگ سے ملحق بابائے ہومیو پیتھک ڈاکٹر مسعود کا کلینک ہے جو آج بھی اُن کے ورثاء کے ماتحت لوگوں کو شفا بانٹ رہا ہے۔ ہم نے بات یہ شروع کی تھی کہ میں جب پہلی بار لاہور آیا تھا تو دوسری جماعت میں تھا۔ بتانا یہ چاہ رہا ہوں کہ اس زمانے میں اپنے بڑے بھائیوں سے بالِ جبریل کی طویل نظم ''ساقی نامہ'' سن سن کر مجھے ازبر ہو چکی تھی اور اس کے ساتھ لطیفہ نما واقعہ اکثر بیان کر چکا ہوں کہ سیالکوٹ کے ایک پس ماندہ گاؤں ''کور پور'' کے ایک کچے مکان کی منڈیر پر بیٹھ کر میں یعنی ایک بچہ ایک عالم سرخوشی میں اُونچی اونچی پڑھ رہا تھا:

هوا خیمه زن کاروان بہار — اِرَم بن گیا دامنِ کوہسار !
گُل و نرگس و سَوسن و نسترن ! — شہیدِ ازل لالہ خونیں کفن !
جہاں چُھپ گیا پردۂ رنگ میں — لہو کی ہے گردش رگِ سنگ میں !
فضا نیلی نیلی ہوا میں سُرور — ٹھہرتے نہیں آشیاں میں طیور
وہ جوئے کہستاں اُچکتی ہوئی — اٹکتی، لچکتی، سرکتی ہوئی
اُچھلتی، پھسلتی، سنبھلتی ہوئی — بڑے پیچ کھا کر نکلتی ہوئی
رُکے جب تو سِل چیر دیتی ہے یہ ! — پہاڑوں کے دل چیر دیتی ہے یہ !
ذرا دیکھ اے ساقیِ لالہ فام — سناتی ہے یہ زندگی کا پیام !

پلا دے مجھے وہ مَے پردہ سوز | کہ آتی نہیں فصلِ گُل روز روز!
وہ مَے جس سے روشن ضمیرِ حیات! | وہ مَے جس سے ہے مستی کائنات!
وہ مے جس میں ہے سوز و سازِ ازل | وہ مے جس سے کھلتا ہے رازِ ازل!

اُٹھا ساقیا پردہ اس راز سے
لڑا دے ممولے کو شہباز سے!

میرے بھائیوں نے جب مجھے یہ نظم اُونچی اُونچی لہک لہک کر پڑھتے ہوئے دیکھا اور سنا تو انھوں نے میرے ہاتھ میں بالِ جبریل تھما دی اور کہا: لو اور اس کے اندر سے یہ نظم پڑھ کر سناؤ۔ میں نے اپنے خیال میں یہ کتاب کھول کے یہ نظم نکالی اور فر فر پڑھنا شروع کر دیا:

ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار
اِرَم بن گیا دامنِ کوہسار!

لیکن جب میں نے اپنے بھائیوں کو کچھ مسکراتے ہوئے دیکھا تو میں نے پوچھا کہ: اس میں مسکرانے کی کیا بات ہے؟ انھوں نے بتایا کہ پڑھ تو تم ساقی نامہ رہے ہو جب کے تمہاری انگلی مسجد قرطبہ پہ چل رہی ہے۔ میں نے بھی اپنی طرف سے اُن کو مسکت جواب یہ دیا کہ مجھے کوئی بھی کتاب دے دی جائے میں اُس میں سے ساقی نامہ پڑھ کر دکھا دوں گا۔ مندرجہ بالا یہ واقعہ پوری تفصیل سے یہاں بیان کرنے سے میرا مطلب یہ ہے کہ اُس زمانے میں جب میں پہلی بار لاہور آیا تھا تو میرے ذہن میں لاہور علامہ اقبال ہی کا دوسرا نام تھا۔ چنانچہ لاہور میں میرے اُس وقت کے ہم جولی اور میرے بھائی صاحب کے چھوٹے سالے محمد آصف نے جب مجھے یہ بتایا کہ سامنے والی کوٹھی علامہ اقبال کی کوٹھی ہے تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ میں نے اُن کی کوٹھی کیا دیکھی گویا سارا لاہور دیکھ لیا اور کوٹھی دیکھنے سے بھی مراد میو روڈ پر باہر سے ایک سیدھی چار دیواری دیکھنی تھی جس میں ایک کھڑک والا گیٹ (پھاٹک) تھا۔ اُس کے دوسری سمت ہمیں نہیں معلوم کیا تھا، کون تھا لیکن علامہ اقبال سے منسوب کوٹھی کو ہی ہم نے پورا لاہور گمان کر لیا اور یہ سمجھ لیا کہ ہم نے پورا لاہور دیکھ لیا ہے، کیونکہ ہم سمجھتے تھے کہ علامہ اقبال ہی لاہور کا دوسرا نام ہے۔

یہ ۱۹۶۱ء کی بات ہے جب میں نے لاہور کو مستقل طور پر اپنا ٹھکانہ بنا لیا تو پھر بھی میری مختلف رہائشیں اس علامہ اقبال روڈ پر جان بلڈنگ اور اس کے عقب میں محمد نگر اور بیبیاں پاک دامناں کے مختلف کرائے کے مکانوں میں رہیں۔ اس عرصے میں بس لینے کے لیے ہم اسی علامہ اقبال روڈ پر علامہ صاحب کی کوٹھی کے سامنے والے بس سٹاپ کو استعمال کرتے رہے۔ اس کوٹھی کے باہر کا منظر ہی ہماری عقیدت، محبت اور احترام کا مرکز رہا۔ اگر کبھی بس سٹاپ پر کھڑے کھڑے ہمارے سامنے جاوید منزل کا گیٹ کھلتا تھا تو ہم اس کی

تعظیم میں اپنی آنکھیں بند کر لیتے تھے۔ اندر کون رہتا ہے، کتنے کمرے ہیں، رنگ روغن کیا ہے، ایسی تفصیلات کے بارے میں اشتیاق اور تجسس کو ہم حد ادب کے خلاف سمجھتے تھے۔ ۱۹۷۱ء میں جب جاوید اقبال نیشنل اسمبلی کے لیے انتخاب لڑے تو ہم اُن کے عقیدت مند ووٹروں میں سے تھے۔ میں اپنے دوستوں کے ساتھ جن میں ڈاکٹر مسعود کے چھوٹے بیٹے خالد مسعود، مشہور کرکٹ ایمپائر خضر حیات صاحب، عبدالستار، مسٹر ہیری، مسٹر زبیر شامل تھے، اپنے اس علاقے محمد نگر اور بیبیاں صاحب میں جاوید اقبال صاحب کے حق میں جگہ جگہ انتخابی مہم کے سلسلہ میں انتخابی میٹنگز کا اہتمام کرتا، لیکن اپنی حمایت یا اپنا تعاون ظاہر کرنے کی کبھی کوشش نہ کی۔ جب کچھ دوست اکثر یہ بتاتے کہ اُنھوں نے صبح کا ناشتہ جاوید منزل سے کیا ہے یا دوپہر کے کھانے میں وہ جاوید منزل سے قیمے والے نان کھا کر آئے ہیں تو ہم کبھی بھی کسی احساس کمتری میں مبتلا نہ ہوتے اور نہ جاوید اقبال کی انتخابی سرگرمیوں اور اُن سے مسلسل عقیدت میں کوئی کمی واقع ہوئی۔ کئی بار شام کو اسی اقبال روڈ پر گھومتے پھرتے یا ریلوے برٹ انسٹی ٹیوٹ میں کوئی ہمیں بتاتا کہ وہ اسپورٹس کار میں جاوید اقبال صاحب جا رہے ہیں تو پتہ نہیں کیوں میں یہ جرات نہیں کر پاتا تھا کہ انھیں آنکھ بھر کے دیکھوں۔ شاید میری عقیدت اور احترام آڑے آتا تھا۔

سال اقبال ۱۹۷۷ء کے سلسلے میں لاہور میوزیم میں اقبال انٹرنیشنل کانگرس کے موقع پر جناب عبدالرحمان چغتائی مرحوم، جناب صادقین اور محترم عباسی عابدی (پرنسپل نیشنل کالج آف آرٹس) کے ساتھ عمر میں سب سے چھوٹا پینٹر یہ راقم اسلم کمال تھا۔ ہم چاروں کی پینٹنگز کی نمائش کو غالباً دوسرا ہفتہ جا رہا تھا۔ لاہور کے بے شمار لوگوں نے اس نمائش کو دیکھا لیکن مجھے ذاتی طور پر یہ محسوس ہونے لگا جیسے لوگوں کے ہجوم کے باوجود میری نمائش کو کوئی دیکھنے آیا ہی نہیں کیونکہ میں نے جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کو ابھی تک اپنی نمائش میں نہیں دیکھا تھا۔ چنانچہ میں نے ایک دن لاہور میوزیم ہی سے اپنی ساری ہمت اکٹھی کر کے اور اپنے سارے حوصلے یکجا کر کے جسٹس جاوید اقبال صاحب کو فون کیا۔ اُدھر سے جب اُن کی آواز سنی تو مجھے یوں لگا جیسے اقبال میری تصویروں میں اور جاوید اقبال میرے کانوں میں بولنے لگے ہیں۔ میں نے اپنے احساس کم مائیگی کے باوجود اُن سے استدعا کی کہ سارے لاہور نے میری بنائی ہوئی تصویروں میں اقبال کو زندہ جاوید دیکھا ہے لیکن افسوس کہ میں نے ابھی تک جاوید اقبال نہیں دیکھا ہے۔ میری آنکھ، میرا سراپا اور میری تصویروں میں اقبال آپ کا منتظر ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے میری محبت کو درجہ فضیلت بخشا اور اگلے دن نمائش میں آنے کا وعدہ کر لیا۔ وہ اگلے دن تشریف لائے تو ساری نمائش یکدم روشنی میں ڈھل گئی۔ میں نے ڈاکٹر سیف الرحمان ڈار، ڈائریکٹر لاہور میوزیم کے ساتھ اُن کا استقبال کیا۔ ڈاکٹر صاحب کے ساتھ آپ کی زوجہ محترمہ ناصرہ جاوید اقبال صاحبہ بھی تھیں۔ ہم انھیں گیلری میں لے گئے۔ انھوں نے میری بنائی ہوئی تصاویر میں مفکر

پاکستان، میری عقیدتوں کے محور علامہ محمد اقبال کو دیکھ کر انتہائی مسرت کا اظہار کیا اور میری اس قدر حوصلہ افزائی فرمائی کہ میں فخر اور محبت کے اُن جذبوں کی آج بھی اپنے سر کا سائبان سمجھتا ہو اور اپنے پورے قد کو اُن کی تہنیت کا مقروض، کہ انھوں نے پورے لاہور کی آنکھوں میں اپنی اقبال آنکھوں کو شامل کر کے میری خواہش، عقیدت اور احترام کی تسلی کر دی۔ میری آنکھیں جن آنکھوں کی منتظر تھیں، انھوں نے میری تصویری نمائش کو دیکھا۔ میرا یہ اعزاز اور میرا یہ فخر ہمیشہ میری زندگی کے ساتھ رہے گا۔

بعد ازاں جاوید اقبال صاحب سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ میری خوشی کا انتہائی یادگار وہ لمحہ ہے جب انھوں نے خود مجھے اپنے گھر ۶۱ مین گلبرک لاہور میں آنے کی دعوت دی۔ میں سر کے بل گیا۔ انھوں نے باہر لان میں مجھے گلے سے لگایا اور اپنے مخصوص کمرے میں لے گئے۔ میں نے اپنے بلائے جانے کا اعزازی مقصد دریافت کیا تو فرمانے لگے کہ پاکستان ٹیلی ویژن کے ایک پروڈیوسر کلام اقبال کی مصوری پر ایک ڈاکیومنٹری فلم بنانا چاہتے ہیں جس میں اینکر پرسن جاوید اقبال یعنی آپ ہوں گے۔ اس اہم کام کے سلسلہ میں مصوری کے حوالے سے وہ اس ناچیز کو اتھارٹی سمجھتے تھے اور میری معلومات کو اس فلم کا حصہ بنانا چاہتے تھے۔ میں نے اپنی کم مائیگی اور کم علمی کا بہت اظہار کیا لیکن اُن کا اصرار اس کے برعکس تھا۔ انھوں نے باقاعدہ قلم اور کاغذ لے کر مجھ سے فن مصوری سے متعلق اہم امور پر رائے لی۔ ڈاکٹر صاحب کے اس جذبے نے مجھے میری نظروں میں واقعی فنکار بنا دیا۔ آج کا دن میرے لیے اس لیے اہمیت کا حامل تھا کہ فرزند اقبال نے مجھے میری نظروں میں آرٹسٹ بنا دیا۔ جاوید اقبال کی یہ نوازش واقعی میرا غرور ہے۔ وہ مجھے کلام اقبال کے مصوروں کی وہ فہرست جو انھوں نے مرتب کر رکھی تھی، سناتے رہے اور میں حسب توفیق اُن کے بارے اپنی ناچیز رائے اُن کو عرض کرتا رہا۔ یہ ڈاکیومنٹری بہت مقبول ہوئی۔ مجھے یقین ہے کہ مذکورہ ڈاکیومنٹری آرکائیوز میں محفوظ ہوگی بالکل اسی طرح جس طرح جاوید اقبال صاحب کا خوبصورت متبسم چہرہ میرے دل کے نہاں خانہ میں موجود و محفوظ ہے اور رہے گا۔

زندگی میں مختلف حوالوں سے اُن سے اور بھی کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ جرمنی کے شہر بون، امریکہ کے شہر نیویارک، برطانیہ کے شہر برمنگھم اور کیمبرج، ایوان اقبال کی پُرشکوہ عمارت کے در و دیوار پر میرے اور میری عقیدتوں کے محور فرزند اقبال کے مراسم کے نقوش یقیناً قائم و دائم ہیں۔

اس کے باوجود کہ جناب جاوید اقبال صاحب آج میرے ساتھ نہیں ہیں، لیکن پھر بھی موجود ہیں۔

☆☆☆

ڈاکٹر ثاقف نفیس

دو یادیں

۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ ایک میسج اور پھر ٹیلی فون کے ذریعے سے معلوم ہوا کہ فرزند اقبال صاحب ڈاکٹر جاوید اقبال اس جہان فانی سے کوچ کر گئے ہیں۔ اس خبر نے گویا میری یادوں کے سلسلے میں ایک ہلچل سی پیدا کر دی۔

بچپن انسان کی یادوں کے ایک خوشگوار سے تسلسل کا نام ہے اور تلخ لمحات کی داستاں بھی۔ ۷۱-۱۹۷۰ء کے سال راقم کی اسی قسم کی یادداشتوں سے منسلک ہیں۔ گھر کا ماحول ایسا تھا کہ اخبار پڑھنے اور حالات حاضرہ سے باخبر رہنے کی ایک عادت سی تھی۔ اس کا نقطۂ آغاز کب ہوا' کچھ نہیں کہہ سکتا البتہ ۱۹۶۵ء کی جنگ نے مجھے اخبار دیکھنے اور رکھنے کا جذبہ دیا مگر ۱۹۷۱ء کے سانحے نے اخبار پڑھنے اور اسے رڈی سمجھنے کا شعور دیا۔ اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔

انسان جوں جوں ماضی میں جھانکتا چلا جاتا ہے' یادوں کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے جو تھمنے میں نہیں آتا۔ بعض اوقات ہمارے آباء واجداد کی دوستیاں ایک ایسا تعلق اور انسیت پیدا کر جاتی ہیں جو مہ وسال کی گردش کو خاطر میں نہیں لاتیں اور وقت کے ساتھ یہ تعلق مضبوط سے مضبوط تر ہوتا جاتا ہے۔ بھلے آپ مہینوں ایک دوسرے سے نہ ملیں' اس سے تعلق میں ذرّہ برابر فرق نہیں آتا۔

۱۹۷۰ء کا الیکشن میرے بچپن کی یادوں سے جڑا ہے' جب ڈاکٹر صاحب ذوالفقار علی بھٹو کے مقابل میدان سیاست میں رونما ہوئے مگر ناکامی کے بعد ہائی کورٹ کے جج تعینات ہوئے۔ ان دنوں غالباً گرمیوں کی تعطیلات تھیں اور ہم تمام خاندان والے ۲۲/فضل منزل' مسلم روڈ' قلعہ گجر سنگھ لاہور میں جمع تھے (میرے والد نفیس احمد باجوہ ان دنوں گجرات میں تعینات تھے)۔ اچانک معلوم ہوا کہ علامہ اقبال کے بیٹے تشریف لا رہے ہیں۔ اشتیاق وجستجو کی لہر تمام بچوں میں دوڑ گئی۔ وہ منظر میری بچپن کی چند قیمتی یادداشتوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ میں کبھی نہیں بھلا پاؤں گا جب ڈاکٹر جاوید اقبال ہمارے ہاں تشریف لائے اور ایک پھولوں کا ہار میری دادی زوجہ خان بہادر چودھری محمد حسین کے گلے میں پہنایا اور مٹھائی کا ڈبہ پیش کیا۔

ڈاکٹر صاحب سے میری جب جب ملاقات ہوئی' چودھری صاحب کا ذکر نہایت احترام سے کرتے۔ ان کی اولاد کی خیریت دریافت کرتے۔ بعض اوقات چودھری صاحب کا ذکر کرتے ہوئے جذباتی

ہو جاتے تھے۔ ''زندہ رود'' ہو یا ''اپنا گریباں چاک'' اپنی دونوں کتب میں چودھری صاحب سے اپنے تعلق کا ذکر موثر پیرائے میں کیا۔ یہ ان کا بڑا پن بھی تھا اور چودھری صاحب سے تعلق کا اظہار بھی۔ اس کا عملاً ثبوت انھوں نے رسالہ ''چٹان'' اور اپنی کتاب ''مئے لالہ فام'' میں چودھری محمد حسین کا خاکہ لکھ کر دیا۔ جہاں ان کی علامہ اقبال سے دوستی کے رشتہ کو بڑے خوبصورت اور فکر انگیز پیرائے میں بیان کیا' وہاں ان دونوں دوستوں کی علمی اور ادبی دلچسپی کے احوال بھی بڑے دلچسپ اور خوبصورت انداز میں پیش کیے۔

۲۹/اگست ۲۰۱۵ء کو دوپہر تقریباً ساڑھے بارہ بجے ٹیلی فون پر جب میں نے ملاقات کا وقت چاہا تو انھوں نے اپنی کمزوری و بیماری کا ذکر کرتے ہوئے عدم دلچسپی کا اظہار کیا' لیکن مجھے ایسا تاثر ملا کہ وہ مجھے فون پر پہچان نہیں پا رہے۔ چنانچہ میں تھوڑی دیر بعد گلبرگ ان کے گھر پہنچا اور اپنے نام کی چٹ اندر بھیجی۔ میرا خیال یا گمان تھا کہ کمزوری وضعف کے پیش نظر وہ مجھے اندر ہی بلالیں گے' مگر مجھے تعجب و حیرانی ہوئی جب وہ خود چل کر باہر تشریف لائے اور میرے ہمراہ اپنے سٹڈی روم کی طرف چل دیئے۔ حال واحوال اور چند نجی نوعیت کی معلومات دریافت کرنے کے بعد اپنی عدالتی اور اس سے قبل کی زندگی کی مصروفیات کا ذکر شروع کر دیا۔

میرے تجسس اور چند سوالات کے جواب میں انھوں نے پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں سے اپنے تعلقات واحوال نہ صرف بیان کیے بلکہ اپنے نیک جذبات کا اظہار بڑے عقیدت واحترام سے کیا۔ اس بات کا اعتراف کیا کہ امریکہ ویورپ کے مختلف علمی وادبی وسیاسی حلقوں میں انھوں نے ہی ڈاکٹر صاحب کو متعارف کروایا۔ اسی طرح اپنی عدالتی زندگی کا ذکر کرتے ہوئے جسٹس سعد سعود جان کا ذکر بڑے اچھے انداز میں کیا' خاص طور پر ان کی قابلیت اور نیک نامی کے حوالے سے۔ میرے تجسس واستفسار پر کہ جسٹس صاحب قادیانی یا احمدی تھے' ان کے بقول جسٹس سعد سعود جان کی اہلیہ اس فرقے یا گروہ سے تھیں جبکہ جسٹس صاحب ذاتی طور پر فکری اور عملی طور پر اس جماعت سے وابستہ نہیں تھے۔ اسی بنا پر انھیں ہائی کورٹ کا چیف جسٹس بنایا گیا' اور بعد ازاں سپریم کورٹ کے جج بھی مقرر ہوئے۔

اس ملاقات کے دوران میں قطعاً اندازہ نہ کر پایا کہ یہ میری اور ان کی آخری ملاقات ہے' البتہ رخصت ہوتے وقت وہ ضرور کہا جو پہلے کبھی نہ کہا تھا۔ خالصتاً پنجابی لہجے میں گویا ہوئے: ''ثاقف کدی کدی آ جایا کر۔ چنگا رہندا اے۔''

میں شاید وہ ادبی چاشنی یا الفاظ استعمال نہ کر پایا جس طرح میں اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں' مگر اپنی جگہ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب بھی ڈاکٹر جاوید اقبال سے مختلف موقعوں پر ملاقات رہی' ہمیشہ بہت شفقت اور پُر تپاک انداز میں ملتے۔ خاص طور پر اس وقت میں بہت حیران ہوتا کہ میں جو ان کے بچوں کی مانند تھا' گاڑی تک ضرور چھوڑنے آتے اور عزت دیتے۔

آج جب میں خود زندگی کی چھپن بہاریں دیکھ چکا ہوں' بے شمار لوگوں سے ملاقات رہی مگر جسٹس جاوید اقبال صاحب اس لحاظ سے یکسر مختلف و منفرد تھے۔ اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ ڈاکٹر جاوید اقبال کو جو عقیدت اور احساس تحفظ چودھری محمد حسین صاحب کی ذات سے ملا (جس کا ذکر انھوں نے اپنی تصنیفات میں بھی کیا)' نہ صرف وقتاً فوقتاً اس کا اعتراف کرتے بلکہ چودھری صاحب کا نام آتے ہی ان کے چہرے پر چمک اور جذباتی کیفیت ظاہر ہوتی اور پھر گفتگو کا طویل سلسلہ چودھری محمد حسین صاحب کے حوالے سے ہی ہوتا۔

آخری بات جو انھوں نے مجھ سے دریافت کی: کوئی کتاب وغیرہ لکھ رہے ہو؟ میں نے اپنی ضد اور سستی کا اعتراف بھی کیا اور معذرت بھی مگر ساتھ ہی ارادہ ظاہر کیا کہ ان شاء اللہ رب العزت مجھے اتنا وقت اور مہلت دے گا کہ میں اپنے خاندانی احوال اور علامہ اقبال سے مراسم کے حوالے سے کچھ تحریر کر پاؤں۔

☆☆☆

محمد عامر اقبال صدیقی

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

ABSTRACT:

This is the narrative of Justice Doctor Javid Iqbal's perspective about Allama Iqbal as 'Iqbal Specialist'. Justice Javid Iqbal should be considered the spacious and prevalent expansionist of grand ideas of Iqbal in the contemporary era. He has taken successful endeavour to elaborate the poems and the prose of Iqbal with their intrinsic hidden themes and symbols.

He imparted new worth and a novel outlook to the sermons of Iqbal.

The going age demands that Iqbal's poetry and prose should be envisioned through the lens and prism of contemporary era, so that the follies and the flaws of this age could be brought into light. In this way Muslim Ummah would be able to achieve the same ancestral glory again.

Justice Dr. Javid Iqbal has presented the spacious narration of Iqbal's ideas.In this article all those aspects would be enunciated which are conceived and thought about by Justice Dr.Javid Iqbal. Hayat-e-Javid and his autobiography would be referential attires in this work. Justice Dr. Javid Iqbal had arranged the biography of Iqbal which would also be shed light on in this work with enormous varying aspects. According to the novel and modern outlook of Iqbal's idealistic Islamic estate would also be enumerated in this work.

اقبال سرہند شریف جا کر شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ کے مزار پر اولادِ نرینہ کے لیے دعا کیا کرتے تھے۔ (۱) اقبال کے ہاں ۵/ اکتوبر ۱۹۲۴ء کی شب ۹ بجکر ۳۰ منٹ پر سیالکوٹ میں ایک فرزند پیدا ہوا۔ (۲) اس کا نام جاوید رکھا گیا۔ جاوید کے دادا ''قمر الاسلام'' نام رکھنا چاہتے تھے مگر اقبال کو یہ نام پسند نہ آیا۔ اقبال نے پہلے ہی سوچ رکھا تھا کہ اپنے بیٹے کا نام ''جاوید'' رکھیں گے لہٰذا اقبال نے اپنے سوچے ہوئے نام کو ہی ترجیح دی اور نومولود کا نام ''جاوید'' قرار پایا۔ (۳) جاوید کو بچپن میں ''بنا'' کے عرف سے پکارا جاتا تھا۔ (۴) آپ نے لاہور کے مختلف اداروں سے تعلیم پائی۔ سیکرڈ ہارٹ مشن ہائی سکول، سینٹ فرانسس مشنری سکول، سنٹرل ماڈل سکول، اسلامیہ ہائی سکول بھاٹی گیٹ اور گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ ۲۳ مئی ۱۹۳۵ء کو والدہ جاوید ''سردار بیگم'' کا انتقال ہو گیا۔ (۵) اس کے بعد اقبال کو بچوں کی نگہداشت کی فکر لاحق ہوئی۔ اقبال نے مختلف احباب سے رابطے کیے، خطوط لکھے اور ایک خاتون کا انتظام کرنے کو کہا۔ اس سلسلہ میں رشید احمد صدیقی کو بھی خط لکھا۔ رشید صاحب نے ایک جرمن خاتون کا انتظام کر دیا۔ (۶) اس سے قبل اقبال نے تاج کمپنی کے نام خط لکھ کر ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' کی رائلٹی جاوید اقبال کو ہبہ کر دی تھی۔ (۷) اقبال شعائرِ اسلامی میں نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور قرآن کو بہت اہم قرار دیتے تھے۔ مطالعہ قرآن کا خاص اہتمام کرتے تھے اور نماز کی پابندی کرتے تھے۔ جاوید اقبال اپنی صغرسنی میں ایسا نہ کرتے تھے۔ اس عمر میں ہوتا بھی یہی ہے۔ ایک دن نماز ادا کی تو اقبال دیکھ کر بہت متاثر ہوئے اور خدا سے دعا کی کہ جاوید کی جوانی میرے بڑھاپے کے لیے باعث فخر ہو۔ جاوید اقبال ''اپنا گریباں چاک'' میں کہتے ہیں کہ:

> ''جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے، مجھے ماں باپ نے کبھی نماز پڑھنے یا روزہ کے لیے مجبور نہیں کیا۔ میں نے اگر کبھی نماز پڑھی تو اپنی مرضی سے پڑھی، کسی کی تلقین پر نہیں پڑھی۔ ایک مرتبہ شائد اچانک میرے والد نے مجھے نماز پڑھتے دیکھ لیا تو انھوں نے اپنی مسرت کا اظہار ان اشعار میں کیا'' (۸)

یہ شعر ''ارمغانِ حجاز'' میں اس طرح ہے:

سحر جاوید را در سجدہ دیدم ... بہ صبحش چہرۂ شامم بیارائے (۹)

جاوید سے ہر مسلمان مرد اور عورت کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ ان کا بچہ اقبال کی برکت پائے۔ سب کی خواہش رہی کہ اقبال نے اپنے فرزند سے جو توقعات وابستہ کی ہیں وہ بھی ان کا امین ثابت ہو۔ جاوید نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے انگریزی میں ایم کرنے کے بعد ۱۹۴۸ء میں فلسفے میں ایم اے کیا اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔ اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے حصول کی خاطر ستمبر ۱۹۴۹ء میں لندن روانہ ہو گئے۔ وہاں پی ایچ ڈی اور بیرسٹر ایٹ لا کی ڈگریاں حاصل کیں۔ وکالت، تدریس اور سیاست

کے میدانوں میں سرگرم رہے۔ ۱۹۷۱ء سے ۱۹۸۶ء تک لاہور ہائی کورٹ کے جج رہے اور اس کے بعد ۱۹۸۹ء تک سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے مصروفِ عمل رہے۔ امریکہ اور ترکی نے آپ کو اعزازی ڈگریوں سے نوازا۔ آسٹریلیا اور اٹلی میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی سیمینار میں شرکت کی۔ اقوامِ متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو کے دورے کیے۔ ۲۰ تا ۲۴ نومبر ۱۹۹۱ء قرطبہ (ہسپانیہ) میں منعقد ہونے والی عالمی اقبال کانفرنس میں شرکت کی۔

مسلمانوں کی امیدیں جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کے نام سے ہی پائندہ تھیں۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کا اس دنیا سے رحلت فرما جانا کسی قومی سانحہ سے کم نہیں۔ آپ مسلمانوں کے لیے ایک اثاثہ تھے۔ آپ نے اقبال کی جانشینی کا حق ادا کر دیا۔ آپ نے اقبال کے تصورِ اجتہاد کو فروغ دیا اور قوم کو اقبال کی اصل فکر سے آگاہ کیا۔ اقبال مذہب کی جس سمت کو پروان چڑھانا چاہتے تھے فقیہوں اور واعظوں نے اس کے گرد تنگ نظری کا بند باندھنے کی کوشش کی مگر جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے اس سمت کے گرد ایسا حصار قائم کرنے کی کامیاب کوشش کی جو دراصل اقبال کی تمنا تھی۔ اس لیے ہم جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کو اقبال کے افکار کی شرح بھی کہہ سکتے ہیں۔

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنے والد بزرگوار کی سوانح حیات ''زندہ رود'' کے نام سے مرتب کی جسے اقبالیاتی ادب میں معتبر مقام حاصل ہے۔ اقبالیات میں کلید کی اہمیت رکھنے والی یہ کتاب ایران میں ''جاویدانِ اقبال'' کے نام سے فارسی زبان میں شائع ہوئی۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے ''زندہ رود'' کو تین ادوار میں تقسیم کیا ہے۔ آپ کا کہنا تھا کہ:

> ''اقبال کی ایک مستند سوانح حیات کے طور پر زندہ رود کی مقبولیت میرے لیے باعث مسرت ہے۔''(۱۰)

زندہ رود کے مطالعہ سے ہمیں اقبال کے سوانح سے واقفیت حاصل ہوتی ہے اور ساتھ ہی ہم اقبال کی جدوجہد سے آگاہ ہوتے ہیں۔ اقبال ذہنی ارتقا کی جن منازل سے گزرے، اُن پر روشنی پڑتی ہے۔ اقبال نے جو تخلیقی کرشمے دکھائے اور خط و کتابت سے جو سیاسی، ادبی اور مذہبی انقلاب رونما کیا، اس کی تاریخی ترتیب ہمیں زندہ رود ہی سے میسر آتی ہے۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کہتے تھے کہ:

> ''اقبال نے تو مجھے ایک اشارے کے طور پر استعمال کر کے نوجوانانِ ملّت سے خطاب کیا تھا، مگر وقت اس تیزی سے گزر رہا ہے کہ اب ایک نئی نسل وجود میں آ گئی ہے۔
> ممکن ہے یہ نئی نسل اقبال کے اشعار و افکار کو ہم سے بہتر سمجھنے کے قابل ہو کیونکہ اقبال تو آنے والے کل یا مستقبل کے شاعر ہیں۔ لیکن کسی بھی مفکر کے افکار و نظریات سے

پوری طرح آشنا ہونے کے لیے اس کی حیات کا مطالعہ ضروری ہے۔"(۱۱)

اس سے عیاں ہے کہ زندہ رود کا مطالعہ ضروری ہے تا کہ ہم اقبال کی سوچ سے بھی آگاہ ہو سکیں۔

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے زندہ رود کو تین ادوار میں تقسیم کیا ہے۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال باقاعدہ ایک عہد کا نام ہے۔ آپ کا اس دنیا سے اُٹھ جانا ایسا ہی ہے جیسا کہ ایک دبستان کا خاتمہ ہو گیا ہو۔ آپ کو ایک نظام کہنا درست ہو گا جس پر امت مسلمہ کو ناز ہونا چاہیے۔ آپ نے اقبال کے بنیادی افکار کی وضاحت عام فہم اور آسان زبان میں عوام کے سامنے پیش کی۔ اقبال کی نثر پر عوام نے توجہ ذرا کم دی ہے' آپ نے کوشش کی کہ اقبال کی نثر پر بھی لوگ توجہ دیں۔ آپ کی خواہش تھی کہ اقبال شناس فکرِ اقبال کی توسیع میں اپنا کردار ادا کریں۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی تصنیف "افکارِ اقبال" جو دراصل اُن کے پاکستان ٹیلی ویژن پر پیش کیے گئے خطبات کا مجموعہ ہے، اُس کے پیش لفظ میں کہتے ہیں:

"اقبال یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کی تمام تر فکر کا بنیادی ماخذ قرآن مجید ہے، اس لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ تفہیمِ اقبال کے سلسلہ میں آج کے اقبال شناس اپنی تحقیق اور کاوشوں کے ذریعہ ثابت کریں کہ اقبال نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ کسی نہ کسی شکل میں دراصل تمدنِ اسلام کے فلسفہ یا علم کلام کے متفرق مکتبہ ہائے فکر کے نظریات کی توسیع ہے اور ان میں ایسا کوئی خیال نہیں جو اسلامی اعتقادات سے متصادم ہو۔"(۱۲)

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے خطبات کے حوالہ سے اقبال پر کیے گئے اعتراضات کا تفصیلی جائزہ لیا اور تسہیل و تفہیم پیش کی تا کہ نئی نسل کے سامنے اقبال کی فکر کے مطابق تہذیبی اور تمدنی شعور پروان چڑھ سکے۔

جسٹس (ر) جاوید اقبال نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے حوالہ سے جو باتیں اپنی تخلیق "خطباتِ اقبال (تسہیل و تفہیم)" کے پیش لفظ میں کہی ہیں وہ انتہائی توجہ طلب ہیں۔ کہتے ہیں:

"جہاں تک انتہا پسندی یا دہشت گردی کا تعلق ہے، اس فتنہ کے اصل سبب غربت، جہالت، بیماری اور معاشی ناانصافی ہیں۔ خودکش بمبار کے پاس اپنے جسم کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا جسے وہ رٹائے ہوئے غلط عقیدے کے مطابق بارود سے اڑا کر نہ صرف اس دنیا میں محرومیوں پر اپنے غیظ و غضب کا اظہار کرتا ہے بلکہ توقع رکھتا ہے کہ عاقبت میں اسے معاوضے کے طور پر ہر طرح کی آسودگی ملے گی مگر مذہبی جنون میں سیاسی یا فرقہ وارانہ منافرت کی بنا پر کسی بدقسمت مخالف کی جان لینے کی کوشش میں جن کی جانیں لیتا ہے، وہ سب بھی اسی کی طرح پس ماندگی اور بے کسی کا شکار ہوتے ہیں اور

ان بیچاروں کے پاس بھی اپنے، اپنے بیوی بچوں یا ماں باپ کے جسموں کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ پس خودکش دہشت گردی کو ریاستی جبر یا دہشت گردی سے دبایا نہیں جا سکتا بلکہ اس کا خاتمہ تو جمہوری نظام کے استحکام اور صحیح قسم کی سیاسی قیادت کے ذریعے معاشی، تعلیمی اور طبی اصلاحات کے نفاذ ہی سے ہو سکتا ہے۔"(۱۳)

اقبال نے امت مسلمہ کے جوانوں کو مخاطب کرنے کے لیے جاوید اقبال کا انتخاب کیا۔ بالِ جبریل کی نظموں میں اقبال نے اپنے عزیز فرزند جاوید اقبال کو نصیحت کرتے ہوئے جو نظم لکھی دراصل اُس نظم میں تمام نوجوانانِ ملت ہی کو نصیحت کی ہے۔ اقبال کو لندن میں جاوید کے ہاتھ سے لکھا گیا پہلا خط موصول ہوا تو اقبال نے لندن سے اس خط کا جواب ارسال کیا۔ دراصل بالِ جبریل کی وہ نظم جاوید کے خط کا جواب ہی نہیں بلکہ تمام مسلمان نوجوانوں کے لیے ایک پیغام تھا۔ (۱۴) ضربِ کلیم میں "جاوید سے" کے نام سے بھی تین نظمیں نظر سے گزرتی ہیں۔ (۱۵) وہ نظمیں اقبال نے جاوید سے مخاطب ہو کر لکھی ہیں مگر خطاب عام ہے۔ دراصل تمام نوجوان ان نظموں کے مخاطب ہیں۔ جاوید نامہ کے آخری حصہ میں اقبال اپنے بیٹے جاوید سے خطاب کرتے ہیں مگر دراصل ہر آنے والی نسل کو پیغام دے رہے ہیں۔ (۱۶)

اقبال نے فارسی زبان کو اپنے افکار و نظریات کی اشاعت کا زیادہ موثر ذریعہ محسوس کیا۔ اس طرح اقبال کی فارسی تصانیف منظر عام پر آنا شروع ہو گئیں۔ یہ سلسلہ اسرارِ خودی، رموزِ بے خودی، اسرار و رموز یکجا، پیامِ مشرق اور زبورِ عجم سے ہوتا ہوا "جاوید نامہ" تک پہنچا۔ "جاوید نامہ" کی تکمیل اپریل ۱۹۳۱ء میں ہوئی۔ کتابت کے مراحل سے گزرتی ہوئی عملاً فروری ۱۹۳۲ء کے اوائل میں منظر عام پر آئی۔ (۱۷) اس تصنیف کا مقصد یہ تھا کہ واقعہ معراج کو ایک فلسفیانہ بنیاد فراہم کی جائے۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے اقبال کی اس تصنیف کو دراصل ایک جدید معراج نامہ قرار دیا ہے۔ (۱۸) اقبال کی تصنیف "جاوید نامہ" کی نظم "خطاب بہ جاوید" (سخنے بہ نژادِ نو) دیکھیے، پوری نظم پند و نصاح سے لبریز ہے جو نوجوانوں سے محبت کا پیش خیمہ ہے۔ نظم کے عنوان میں گویا صرف جاوید سے خطاب لگتا ہے مگر ساتھ ہی نئی نسل سے گفتگو بھی سامنے آتی ہے۔ جاوید نامہ کی اس نظم اور جاوید نامہ کے دیگر عنوانات میں آپس میں کوئی تعلق نہیں اس لیے اس نظم کو ایک جداگانہ اور مستقل حصہ کہہ سکتے ہیں۔ اس حصہ کی تفصیل کچھ یہ ہے: "اس حصے کے چھوٹے بڑے ۱۳ بند ہیں۔ اشعار کی تعداد ۱۳۶ ہے۔ اس حصّے میں نوجوانوں اور جواں سالوں کے لیے شعر و حکمت سے لبریز پند و موعظت کی باتیں ہیں۔ یہ حصہ خاصا سہل و سلیس ہے اور دانائے راز نے اس میں جوانانِ اسلام کو اہم تر معاشرتی اور علمی نکات سے مالا مال کیا ہے۔"(۱۹) دراصل جاوید نامہ میں اقبال نے نوجوانوں سے مخاطب ہونے کا باقاعدہ آغاز کیا تھا۔ اقبال کی دیگر اردو اور فارسی کتب میں نوجوانوں کو دیے گئے پیغامات بھی نظر سے گزرتے ہیں جس

کا ایک اجمالی خاکہ سابقہ صفحات میں دیکھا جاسکتا ہے۔ ''جاوید نامہ'' کی نظم ''خطاب بہ جاوید'' کے حوالہ سے ڈاکٹر جاوید اقبال کا کہنا تھا کہ: (۲۰)

''خطاب بہ جاوید میں ان خوبیوں کا ذکر، یا ان توقعات کا اظہار ہے جو اقبال نژادِ نو میں دیکھنا چاہتے تھے۔''

ڈاکٹر جاوید اقبال نے ''جاوید نامہ'' کو آسمانی ڈرامہ کی ہیئت میں پیش کیا ہے۔ اس میں جاوید سے خطاب میں زندہ رود کو نئی نسل سے باتیں کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ منظر کچھ یہ ہے:

''مسند پر زندہ رود کے روبرو اس کا فرزند جاوید ادب سے دوزانو بیٹھا ہے۔ تاریکی کے عالم میں صرف باپ اور بیٹے پر روشنی پڑ رہی ہے۔''(۲۱)

آج اقبال تو ہم میں موجود نہ تھے مگر جاوید کی شکل میں اقبال کا عکس ہمیں چلتا پھرتا دکھائی دیتا تھا۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال دراصل اقبال شناسی کی مستند روایت کے سب سے بڑے محقق، مدبر، مترجم، شارح، مفسر اور سکالر تھے۔ آپ کو فکر اقبال کا امین کہنا غلط نہ ہوگا۔ آپ کی زبان سے فکر اقبال کی تفسیر زمانے کو نصیب ہوئی۔

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کو اقبال کی زندگی کا نچوڑ، تشریح اور تفسیر کہا جانا چاہیے۔ آپ نے فکر اقبال کے پہلوؤں کی عقدہ کشائی کرنے میں اہم ترین کردار ادا کیا۔ آپ کلامِ اقبال کی تشریح بیان کرتے تو لوگوں کو ایسا محسوس ہوتا جیسے اقبال خود بات کر رہے ہوں۔ گویا اقبال کے لہجے کی شیرینی بھی جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کے لہجے میں محسوس کی جاتی تھی۔

جمہوریت، قانون اور عدل وانصاف کی بالادستی کے لیے جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ فکر اقبال کے امین جاوید اقبال اپنے اوصافِ کریمانہ کے حوالہ سے بھی صاحب تکریم تھے۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے اقبال کے فلسفہ کی آزادانہ تشریحات کی بنیاد رکھی اور اقبال کی نثر سے استفادہ کرنے کی روایت کو جنم دیا۔ مئے لالہ فام ہو یا زندہ رود، افکارِ اقبال ہوں یا خطباتِ اقبال، جہانِ جاوید ہو یا اپنا گریباں چاک، آئیڈیالوجی آف پاکستان ہو یا پاکستان اینڈ دی اسلامک لبرل موومنٹ، دی کانسپٹ آف اسٹیٹ ان اسلام: اے ری اسسمنٹ ہو یا اسلام اینڈ پاکستانز آئیڈنٹٹی اور لیگسی آف قائداعظم ہو یا سٹرے ریفلیکشن: اے نوٹ بک آف اقبال، ہر جگہ فکر اقبال کی توسیع، تفصیل وتفسیر دیکھی جاسکتی ہے۔

اعلیٰ سول اعزاز ''ہلالِ امتیاز'' کے حامل جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال شارحینِ اقبال میں واحد تھے جنھوں نے اقبال کے ماحول، سوچ اور اقبال کے فکری ماخذ کو سب سے زیادہ قریب اور غور سے دیکھا تھا۔ آپ کا دعویٰ تھا کہ فکر اقبال کو سب سے زیادہ نقصان پہنچانے والے عناصر یہ ہیں۔

''اقبال نے تین منفی قوتوں کو ہمارے اجتماعی اور انفرادی زوال کا باعث قرار دیا ہے: ملوکیت یا موروثیت، مُلّائیت اور خانقاہیت۔''(۲۲)

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کی سوچ سے تو اختلاف کیا جا سکتا ہے مگر اسے بالکل مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کی اقبال شناسی پر باقاعدہ اور براہِ راست کوئی کام نہیں ہوا۔ تحقیق کا یہ گوشہ تا حال تشنہ ہے۔ عصری تقاضے اس بات کے متقاضی ہیں کہ اس موضوع پر قلم اٹھایا جائے۔ اس تحقیق میں یہ جائزہ لیا جائے کہ جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال نے فکرِ اقبال کی تشریح اور تفہیم میں کن پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے جو ان کی شخصیت کا نمایاں پہلو بن کر انھیں مستند ترین اقبال شناس بنا دیتا ہے۔

حوالہ جات

۱۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، زندہ رود، علامہ اقبال کی مکمل سوانح حیات (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، بار اول ۲۰۰۴ء ص ۳۴۴

۲۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، جسٹس (ر)، اپنا گریباں چاک، خودنوشت سوانح حیات (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، مارچ ۲۰۰۶ء، ص ۱۱

۳۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، زندہ رود، علامہ اقبال کی مکمل سوانح حیات (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، بار اول ۲۰۰۴ء ص ۳۴۵

۴۔ شاہد علی خان، مدیر، الحمراء، مضمون، افکار و حوادث میں ذکرِ جاوید اقبال، مرسلہ ڈاکٹر انور محمود خالد (لاہور، ۲۴ جے بلاک، ''المروّت''، ماڈل ٹاؤن)، اپریل ۲۰۱۵ء، ص ۷

۵۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، زندہ رود، علامہ اقبال کی مکمل سوانح حیات (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، بار اول ۲۰۰۴ء، ص ۶۰۷

۶۔ اقبال، کلیاتِ مکاتیبِ اقبال، جلد دوم، مرتبہ سید مظفر حسین برنی (دہلی، اردو اکادمی)، اشاعت دوم ۱۹۹۳ء، ص ۸۸۵

۷۔ اقبال، کلیاتِ مکاتیبِ اقبال، جلد چہارم، مرتبہ سید مظفر حسین برنی (دہلی، اردو اکادمی) ۱۹۹۸ء، ص ۱۰۵۱

۸۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، جسٹس (ر)، اپنا گریباں چاک، خودنوشت سوانح حیات (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، مارچ ۲۰۰۶ء، ص ۱۹

۹۔ اقبال، کلیات اقبال فارسی، ارمغانِ حجاز (لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز)، س ن، ص ۸۹۳

۱۰۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، زندہ رود، علامہ اقبال کی مکمل سوانح حیات (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، بار اول ۲۰۰۴ء، ص ۹

۱۱۔ ایضاً، ص ۱۳

۱۲۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، افکارِ اقبال (تشریحاتِ جاوید)، (لاہور، سنگِ میل پبلیکیشنز)، ۲۰۰۵ء، ص ۹

۱۳۔ جاوید اقبال، ڈاکٹر، خطباتِ اقبال، تسہیل و تفہیم (لاہور، سنگِ میل پبلیکیشنز)، ۲۰۱۱ء، ص ۲۳

۱۴۔ اقبال، کلیات اقبال اردو، بالِ جبریل (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، اشاعت ششم ۲۰۰۴ء، ص ۴۴۳، ۴۷۷

۱۵۔ اقبال، کلیات اقبال اردو، ضربِ کلیم (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، اشاعت ششم ۲۰۰۴ء، ص ۶۰۰ تا ۶۰۲

۱۶۔ اقبال، کلیات اقبال فارسی، جاوید نامہ (لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز)، س ن، ص ۷۸۷

۱۷۔ رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر، تصانیف اقبال کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، طبع دوم ۲۰۰۱ء، ص ۱۵۵

۱۸۔ اقبال، جاوید نامہ، نثری ترجمہ، ڈاکٹر جاوید اقبال (لاہور، سنگِ میل پبلی کیشنز)، ۲۰۱۴ء، ص ۱۸۷

۱۹۔ اقبال، جاوید نامہ، تحقیق و توضیح، ڈاکٹر محمد ریاض (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، طبع اول ۱۹۸۸ء، ص ۱۸۶

۲۰۔ اقبال، جاوید نامہ، نثری ترجمہ، ڈاکٹر جاوید اقبال، ص ۱۲

۲۱۔ ایضاً، ص ۱۳۸

۲۲۔ نگہت صدیق، مدیرہ، سہ ماہی علمی و تحقیقی مجلہ 'اقبال'، مضمون 'اقبال کا تصورِ اسلامی ریاست'، جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال (لاہور، بزمِ اقبال) اکتوبر ۲۰۱۱ء تا مارچ ۲۰۱۲ء، ص ۱۱

کتابیات

اقبال، کلیات اقبال اردو (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، اشاعت ششم ۲۰۰۴ء

اقبال، کلیات اقبال فارسی (لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز)، س ن

اقبال، جاوید نامہ، تحقیق و توضیح، ڈاکٹر محمد ریاض (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، طبع اول ۱۹۸۸ء

اقبال، جاوید نامہ اقبال، نثری ترجمہ، ڈاکٹر جاوید اقبال (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، ۲۰۱۴ء

اقبال، کلیاتِ مکاتیبِ اقبال، جلد دوم، مرتبہ، سید مظفر حسین برنی (دہلی، اردو اکادمی)، اشاعت دوم ۱۹۹۳ء

اقبال، کلیاتِ مکاتیبِ اقبال، جلد چہارم، مرتبہ، سید مظفر حسین برنی (دہلی، اردو اکادمی)، ۱۹۹۸ء

جاوید اقبال، ڈاکٹر، جسٹس (ر)، اپنا گریباں چاک، خودنوشت سوانح حیات (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، مارچ ۲۰۰۶ء

جاوید اقبال، ڈاکٹر، افکارِ اقبال (تشریحاتِ جاوید)، (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، ۲۰۰۵ء

جاوید اقبال، ڈاکٹر، خطباتِ اقبال، تسہیل و تفہیم (لاہور، سنگ میل پبلیکیشنز)، ۲۰۱۱ء

جاوید اقبال، ڈاکٹر، زندہ رود، علامہ اقبال کی مکمل سوانح حیات (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، بار اول ۲۰۰۴ء

رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر، تصانیفِ اقبال کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ (لاہور، اقبال اکادمی پاکستان)، طبع دوم ۲۰۰۱ء

مجلّہ جات

نگہت صدیق، مدیرہ، سہ ماہی علمی و تحقیقی مجلّہ، اقبال، مضمون، اقبال کا تصورِ اسلامی ریاست، جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال (لاہور، بزمِ اقبال) اکتوبر ۲۰۱۱ء تا مارچ ۲۰۱۲ء

شاہد علی خان، مدیر، الحمراء، مضمون، افکار و حوادث میں ذکر جاوید اقبال، مرسلہ ڈاکٹر انور محمود خالد (لاہور، ۲۴ جے بلاک ''المروّت''، ماڈل ٹاؤن) اپریل ۲۰۱۵ء

☆☆☆

ڈاکٹر زاہد منیر عامر

ڈاکٹر جاوید اقبال اور سخنانِ لالہ فام (انٹرویو)

(۱)

ڈاکٹر جاوید اقبال (۵/اکتوبر۱۹۲۴ء......۳/اکتوبر۲۰۱۵ء) لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے جج بھی رہے، سینیٹ کے رکن کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں وہ سیاست دان بھی تھے اور قانون دان بھی، سماجی دانش ور اور فلسفی بھی لیکن اہل پاکستان کے لیے ان کی جو حیثیت ان تمام حیثیتوں پر فائق تھی وہ ان کا فرزندِ اقبال ہونا تھا۔ دوسری تمام حیثیتوں میں تو بہت سے لوگ ان کے شریک ہو سکتے ہیں لیکن اس حیثیت میں کوئی دوسرا ان کا شریک نہیں، یوں بھی دوسری حیثیتیں وہ عزت ومحبت نہیں دلا سکتیں جو فرزند اقبال ہونے کی حیثیت دلا سکتی تھی اور جس کے باعث ان کے افکار وخیالات سے اختلاف کے علی الرغم اہل پاکستان کے دل ہمیشہ ڈاکٹر جاوید اقبال کے لیے عقیدت ومحبت سے بھرے رہے......

بیتے سالوں میں ڈاکٹر جاوید اقبال کو بارہا دیکھنے سننے اور ان سے ملنے کے مواقع ملے راقم کی طالب علمی کا زمانہ تھا جب اس نے پنجاب یونی ورسٹی سینیٹ ہال میں ڈاکٹر جاوید اقبال کی صدارت میں فکر اقبال پر خطاب کیا۔ چائے کے دوران میں ڈاکٹر صاحب خاص طور پر راقم کے پاس تشریف لائے اور اسے موضوع زیر بحث پر پوری کتاب لکھنے کے لیے کہا...... یہ ان سے پہلی ملاقات تھی۔ اس کے بعد زندگی کی جنگ نے بہت سے محاذوں پر بھیجا لیکن فکر اقبال ایک قوت بن کر ہم سفر بنا رہا۔ اپنی زندگی کے آخری مرحلے میں ڈاکٹر صاحب کو فکر اقبال کے فروغ کے لیے ایک ادارہ بنانے کا خیال آیا تو انھوں نے ''دبستان اقبال'' کی بنیاد رکھی، یہاں ان سے خوب ملاقاتیں اور باتیں ہوئیں۔

ان سے زیادہ ملاقاتوں کے مواقع پاکستان ٹیلی ویژن نے بہم پہنچائے یا پھر ''دبستان اقبال'' نے۔ اقبال اکادمی پاکستان کی میٹنگز بھی ملاقاتوں کا ایک سبب رہیں۔ پاکستان ٹیلی ویژن پر ہم نے اکٹھے لیکچر بھی دیے اور باہم گفتگوؤں پر مبنی پروگرام بھی، اپنے عظیم والد کے حوالے سے ان کی یادوں پر مشتمل راقم نے ڈاکٹر صاحب کا انٹرویو بھی کیا۔ راقم نے علامہ کے خطبات ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' کے حوالے سے ایک یادگار نشست کی میزبانی کی جس میں ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے بنیادی گفتگو کی اور پھر عصر حاضر کے نام ور

دانش وروں نے ان سے سوالات کیے یہ ایک یادگار پروگرام تھا۔دبستان اقبال کی دعوت پر راقم نے بال جبریل کی رباعیات اور بعض دوسرے موضوعات پر لیکچرز دیے تو ڈاکٹر صاحب ان میں بھی تشریف لائے اور دیر دیر تک تشریف فرمارہے، آخر میں سوالات بھی کیے، بعض اوقات ان کے ساتھ محترمہ ڈاکٹر ناصرہ جاوید اقبال صاحبہ اور جناب منیب اقبال نے بھی ان لیکچرز میں شرکت کی۔ جیسے جیسے انھیں وقت کم رہ جانے کا احساس ہورہا تھا فکر اقبال میں ان کی دلچسپی زیادہ سے زیادہ ہوتی جارہی تھی، اقبالیات سے دل چسپی رکھنے والے مختلف اصحاب کی گفتگوئیں سننے اور جانچنے سے ان کے پیش نظر یہ دیکھنا تھا کہ فکر اقبال کا چراغ مستقبل میں کن ہاتھوں کے سپرد ہونے والا ہے۔انھوں نے آخری عمر میں ضعف اور اضمحلال کے باوصف دبستان کو بہت وقت دیا اور یہاں آنے والے طالبانِ علم کو اپنے افکار و خیالات سے سیراب کرتے رہے۔اس مرحلے میں ان کی گفتگوؤں کا مرکز یہ بات بن چکی تھی کہ تخلیقیت ہی جدت اور تازگی کا سرچشمہ ہے اس لیے وہ زندگی کو تخلیقی نگاہ سے دیکھنے پر بہت زور دیتے تھے۔ان کا احساس تھا کہ ''ہم کہہ تو دیتے ہیں کہ ہم ''جدید'' ہیں مگر درحقیقت ہم عاشق ''قدیم'' ہی کے ہیں، اسی طرح بظاہر ہم ''لبرل'' بھی بنتے ہیں، لیکن اندر سے ہمارے دل قدامت پسندی، تقلید اور فرقہ وارانہ تعصب کی دلدل میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ ان سے نکلنا محال ہے''۔

وہ طبعاً شعر کے آدمی نہیں تھے، فلسفے کی تربیت نے ان کے ذہن کو ایک خاص ڈھب پر ڈال دیا تھا لیکن تخلیقیت کے حوالے سے علامہ کے مختلف اشعار بھی اقتباس کیا کرتے تھے۔ان کی شخصیت میں ہماری بعض پرانی اقدار کا عکس بھی دیکھا جاسکتا تھا۔نسلِ نو تو اس بات سے بالکل ناواقف ہے کہ مکتوب نگاری بھی ہماری تہذیب کا حصہ رہی ہے اور کسی شخصیت کو جانچنے کا ایک ذریعہ اس کی مکتوب نگاری اور اس کے مکاتیب بھی ہوا کرتے تھے۔ راقم کو ڈاکٹر صاحب کے ساتھ مکتوب نگاری کا تجربہ بھی ہوتا رہا۔وہ ہمیشہ فی الفور خط کا جواب دیتے اور اپنے قلم سے خط لکھا کرتے تھے ان کا دست خط نہایت عمدہ اور ہماری پرانی مشرقی تربیت کا آئینہ دار تھا۔عمر کے ساتھ ساتھ خط میں شکستگی بڑھتی گئی لیکن قلم پر گرفت برقرار رہی۔انھوں نے زندہ رود کے نام سے اقبال کی ایک ایسی سوانح عمری لکھ دی ہے جسے حالی کی ''حیات جاوید'' کے بعد بے جھجک اردو کی مبسوط ترین سوانح عمری کہا جاسکتا ہے۔اقبال کے سوانح کے حوالے سے جب بھی کوئی سوال جنم لیتا راقم ڈاکٹر صاحب سے رجوع کرتا اور وہ فوراً خط کا جواب دیتے۔قیام مصر کے زمانے میں بھی ان کے ساتھ مکاتبت و مراسلت کا یہ سلسلہ جاری رہا اور راقم کو بیرون وطن خدمات پر ان کی جانب سے داد بھی ملتی رہی۔راقم کے پاس حیاتِ اقبال اور فکر اقبال کے حوالے سے ان کے متعدد خطوط محفوظ ہیں۔ان خطوط کا گلدستہ بھی بفضلہٖ کسی وقت نذرِ قارئین ہوگا۔راقم نے اپنی ایک زیر اشاعت کتاب Religious Tolerance in Iqbal's Philosophy کے لیے دیباچے کی فرمائش کی تو انھوں نے فراخ دلی سے اس کی ہامی بھرلی اور کہنے لگے کہ

آپ جو چاہیں میری جانب سے لکھ لیں میں اس پر دستخط کردوں گا ویسے بھی اب مجھ میں لکھنے کی ہمت نہیں رہی...... عرض کیا گیا کہ میں تو اپنی کتاب پر آپ کی تحریر چاہتا ہوں اگر یہ دیباچہ بھی میں نے خود ہی لکھ لیا تو کیا لطف رہے گا اس پر انھوں نے خود لکھنے کا وعدہ کر لیا اور چند ہی دن میں اپنے قلم سے انگریزی میں دیباچہ لکھ کر مجھے ڈاک سے بھجوا دیا۔ یہ کتاب اب ڈاکٹر صاحب کے اس یادگار دیباچے کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔

(جمہوری پبلی کیشنز لاہور ۲۰۱۶ء)

ان کے افکار و خیالات نے زندگی کے مختلف مراحل میں مختلف نشیب و فراز طے کیے، خود اپنے عظیم والد کے حوالے سے بھی ان کے خیالات میں ارتقا ہوتا رہا لیکن جس مرحلے پر انھوں نے جو محسوس کیا، معاشرتی ردعمل کو خاطر لائے بغیر، انھی خیالات کو زبان دی، انھیں سنتے ہوئے کبھی ان کے دل او زبان میں مغائرت محسوس نہیں ہوئی، فی زمانہ یہ کس قدر غیر معمولی بات ہے اس کا اندازہ کرنا دشوار نہیں۔ انھوں نے اپنی زندگی کی کہانی کو ایک ایسے عام آدمی کی کہانی قرار دیا ہے ''جسے روحانی تجربہ میسر نہ ہو سکا ہو اور جو کبھی کفر اور کبھی ایمان، کبھی نیکی اور کبھی بدی کی سیڑھیاں چڑھتا اترتا رہا ہو'' آخر میں اپنی خود نوشت سوانح عمری لکھتے ہوئے اسی نشیب اور فراز کو انھوں نے اپنی زندگی قرار دیا (اپنا گریباں چاک، ص ۶۱) وہ کہا کرتے تھے کہ مجھے تحقیق نے چند باتیں سکھائیں۔ ''شبہ سے ابتدا کرو، تحمل سے کام لو اور خود اعتماد بنو۔ تنہائی کے عالم میں شبہ اور تحمل کے احساسات انسان کے دل میں خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں، نیز جو شخص اپنی غلطیوں سے سیکھتا ہے، وہ ہمیشہ خود اعتماد ہوتا ہے۔''

(۲)

راقم نے علامہ اقبال کے ۶۷ ویں یومِ وفات کی مناسبت سے ۸ر اپریل ۲۰۰۵ء کو ان کا ایک انٹرویو کیا تھا، یہ انٹرویو پاکستان ٹیلی ویژن سے ۲۱ر اپریل ۲۰۰۵ء کو نشر ہوا۔ پروگرام کے محدود دورانیے کے باعث انٹرویو کے بہت سے حصے حذف (ایڈٹ) ہو گئے، مثلاً راقم نے ڈاکٹر صاحب سے ان کے تاریخی نام ''ظفر الاسلام'' کے حوالے سے بھی سوال کیا تھا، جس سے ڈاکٹر صاحب نے لاعلمی کا اظہار فرمایا۔ علامہ کے ایک معالج اور عزیز ڈاکٹر عبد القیوم ملک نے اپنی یادوں میں بیان کیا تھا کہ علامہ اپنی زندگی کی آخری رات میں پنجابی کی ایک نعت سننے کی تمنا رکھتے تھے، ان کا فرمانا تھا کہ ایسی نعت انھوں نے فارسی یا عربی میں نہ تو کہیں پڑھی اور نہ ہی کہیں سنی ہے اور یہ کہ پنجابی زبان کی وہ نعت اس قدر بلند پایہ ہے کہ اپنی ساری زندگی میں کوشش کے باوجود وہ خود بھی اس کے ہم پلہ کوئی نعت نہیں کہہ سکے۔ علامہ کی شدید خواہش تھی کہ وہ یہ نعت ایک بار پھر

اس شخص کی زبانی سنیں جس کی زبانی انھوں نے پہلے سن رکھی تھی، لیکن افسوس کہ ان کی یہ تمنا پوری نہ ہو سکی۔ (بحوالہ خالد نظیر صوفی: اقبال درونِ خانہ ۱۹۸۳ء ص ۱۷۱) ڈاکٹر صاحب سے اس حوالے سے بھی کچھ گفتگو ہوئی تھی اگرچہ یہ معلوم نہ ہو سکا تھا کہ وہ نعت کون سی تھی۔ اسی طرح کچھ سخن ہائے گفتنی ڈاکٹر صاحب کے افکار و خیالات سے متعلق بھی تھے جو ٹیلی ویژن والوں کے ''خوفِ فسادِ خلق سے ناگفتہ رہ گئے''، تاہم ۲۱/اپریل ۲۰۰۵ء کی رات کو ''یادِ اقبال'' کے عنوان سے نشر ہونے والی گفتگو کی تحریری صورت پیشِ خدمت ہے، آخر میں متعلقہ حواشی کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور یہ تحریر مرتب کرنے کے بعد ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں بھی ارسال کی گئی تھی اور انھوں نے از رہِ کرم اسے ملاحظہ بھی فرما لیا تھا۔

....

زاہد منیر عامر: ذکر ہے ایک باپ اور بیٹے کا، باپ لندن میں ہے اور بیٹا لاہور میں۔ بیٹا اپنے باپ کو ایک خط لکھتا ہے، فرمائش یہ ہے کہ واپس آتے ہوئے میرے لیے ایک گراموفون باجا لایا جائے، باپ کم سن بیٹے کی فرمائش کی تعمیل میں باجا تو نہیں خریدتا البتہ کچھ شعر کہتا ہے۔

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر
خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو
سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر
میں شاخِ تاک ہوں میری غزل ہے میرا ثمر
مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر
مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر (۱)

فرمائشی خط کا یہ جواب بیٹے کو مل جاتا ہے، بیٹے ہی کو نہیں اس کے توسط سے اس قوم کی پوری نوجوان نسل کو اور آنے والی تمام نوجوان نسلوں کو یہ پیغام مل جاتا ہے...... ہماری خوش قسمتی ہے کہ آج وہ نام ور بیٹا ہمارے درمیان موجود ہے...... آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ باپ جسے خط لکھا گیا حکیم الامت حضرت علامہ اقبال ہیں اور فرزند، جس کے نام یہ شعر لکھے گئے وہ ہمارے محترم جسٹس ریٹائرڈ ڈاکٹر جاوید اقبال ہیں۔ خوش آمدید ڈاکٹر صاحب......

جاوید اقبال: مہربانی، شکریہ

زاہد منیر عامر: ڈاکٹر صاحب آپ کیسے ہیں......؟

جاوید اقبال: اللہ کا شکر ہے۔

زاہد منیر عامر: ڈاکٹر صاحب! یوم اقبال کے حوالے سے ہم نے آپ کو زحمت دی، آج کی نوجوان نسل اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ حضرت علامہ کے ساتھ اپنی نو سالہ رفاقت جو آپ کو ۱۹۲۴ء میں آپ کی ولادت سے ۱۹۳۸ء میں علامہ کے انتقال تک کو آپ کو حاصل رہی.....اس حوالے سے کچھ یادیں تازہ کریں۔

جاوید اقبال: ان کی وفات کے وقت میری عمر تقریباً تیرہ ساڑھے تیرہ برس تھی جس طرح آپ نے ارشاد فرمایا کہ رفاقت ان کے ساتھ Conscious کہہ لیجیے شعوری تعلق جو ہوتا ہے وہ تو صرف تقریباً سات برس کا ہے۔ (۲)

.....................ایڈٹ.....................

زاہد منیر عامر: علامہ کی لاہور میں جو قیام گاہیں رہیں جیسے اردو بازار میں کچھ عرصہ علامہ رہے جو اس زمانے میں اردو بازار نہیں کہلاتا تھا (کشمیری بازار) بھاٹی دروازے میں ان کی رہائش رہی، اس کے بعد میکلوڈ روڈ اور پھر جاوید منزل، اس حوالے سے آپ کے ذہن میں کون سی یادیں ہیں......؟

جاوید اقبال: دیکھیے یہ جوان کا لاہور میں قیام ہے، دیکھیے پہلے تو یہ سیالکوٹ سے آئے (۳) تو بحیثیت طالب علم کے آئے، تو یہ کواڈرینگل میں رہے۔ (۴)

زاہد منیر عامر: جو ہاسٹل ہے گورنمنٹ کالج لاہور کا

جاوید اقبال: گورنمنٹ کالج میں داخل ہوئے اور کواڈرینگل میں رہے، اس کے بعد جس وقت انھوں نے یہاں سے ایم۔اے کر لیا (۵) تو پڑھانے لگے اورینٹل کالج میں اور بعض اوقات گورنمنٹ کالج میں بھی انھوں نے پڑھایا۔ (۶)

زاہد منیر عامر: یعنی میکلوڈ عریبک ریڈر کی پوسٹ پر

جاوید اقبال: جی ہاں تو اس زمانے میں انھوں نے بھاٹی گیٹ میں قیام کیا، اور وہ مکان جو ہے وہ میں نے تو کبھی دیکھا نہیں (۷) لیکن بہر حال اس مقام پر پلاک لگا ہوا ہے، جو کہ کہہ لیجیے ان کی ایک طرح سے پہلی رہائش گاہ تھی، پھر اس کے بعد یہ انگلستان جب گئے ہیں۔

زاہد منیر عامر: ۱۹۰۵ء میں

جاوید اقبال: ۱۹۰۵ء میں تو وہاں سے واپس آ کر سیالکوٹ پہنچے اور جب انھوں نے وکالت کا کام شروع کیا۔

زاہد منیر عامر: ۱۹۰۸ء میں جب وہ واپس آئے

جاوید اقبال: ۱۹۰۸ میں جب انھوں نے وکالت کا کام شروع کیا تو سب سے پہلے تو وہی جو، اب

اردو بازار کہلاتا ہے، اس وقت پتہ نہیں کیا نام تھا اس کا، اس بازار میں کوئی کرائے کا مکان انھوں نے لیا[۸] ابتدا میں انھوں نے ایک ہندو منشی رکھا تھا، اس کے ساتھ انھوں نے کام شروع کیا، وکالت کی ابتدا انھوں نے ایک ۔۔۔ پھر غالباً سال یا دو سال کے بعد پھر یہ انارکلی کے مکان میں منتقل ہوئے، اور یہ ساری میری پیدائش سے ان کی رہائش گاہیں جو ہیں یہ میری پیدائش سے پہلے کی ہیں، میری یادداشتیں جو ہیں ان کا زیادہ تر تعلق ان کی میکلوڈ روڈ والی گھر کی رہائش گاہ سے ہے۔

زاہد منیر عامر: جواب بھی اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے۔[۹]

جاوید اقبال: اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے، وہ چونکہ محکمہ آثارِ قدیمہ نے اس کو اپنی تحویل میں لے رکھا ہے اور اس کے بعد آخری ان کا اپنا مکان تھا جو انھوں نے تعمیر کیا

زاہد منیر عامر: جس کا نام جاوید منزل ہے[۱۰]

جاوید اقبال: جس کا نام جاوید منزل ہے، اور یہیں ان کی وفات ہوئی۔

زاہد منیر عامر: میکلوڈ روڈ کی کوئی یادیں......؟

جاوید اقبال: میکلوڈ روڈ کی یادیں کچھ اسی قسم کی ہیں، بچپن میں یعنی کرکٹ کھیلنے کا شوق تھا۔

زاہد منیر عامر: اس گھر کے سامنے بڑا سا لان تھا

جاوید اقبال: جی ہاں اس گھر کے سامنے جی ہاں اب تو خیر اس کے سامنے دکانیں بن گئی ہیں اس میں لان اس طرح نہیں رہا، اس میں، بچے، ہم لوگ ساتھ دوسرے ساتھی طالب علم، ساتھ کے گھروں میں رہنے والے کرکٹ کھیلتے تھے، تو ایک دفعہ کرکٹ کا بال ان کے کمرے کی کھڑکی جو ان کا پرائیویٹ کمرہ تھا، کھڑکی کو توڑ کے کھڑکی کے شیشے کو توڑ کے اندر جا گرا تو اس کے بعد کرکٹ تو Ban ہو گئی۔ لیکن پھر ہم پتنگیں اڑاتے تھے، کوٹھے پر چڑھ کے خاص طور پر بسنت کے موقع پر یہ خود بھی پتنگ، بچپن میں پتنگ بازی کا شوق رکھتے تھے تو اس وجہ سے کبھی اوپر کوٹھے پر آ جاتے تھے۔ اس وجہ سے کبھی اوپر کوٹھے پر آ جاتے تھے، اس طرح بہار کے موسم میں پتنگ ہم سے لے کر ڈور، پتنگ اڑانے لگ جاتے تھے تو اس کے علاوہ اور وہاں کی یادداشتیں جو ہیں وہ تو یہی ہیں۔

زاہد منیر عامر: آپ نے کہیں یہ بھی لکھا ہے کہ وہ جب بھی پتنگ میرے ہاتھ سے لیا کرتے تھے تو ہماری پتنگ اکثر کٹ جاتی تھی۔[۱۱]

جاوید اقبال: جی ہاں جب وہ پیچا کرتے تھے تو عموماً ہماری پتنگ ہی کٹتی تھی چونکہ وہ Skilled نہیں تھے (ہنستے ہوئے) بہر حال شوق تھا انھیں یہ دو تین شوق انھیں تھے بچپن ہی سے سیالکوٹ میں ایک تو پتنگ بازی کا شوق تھا، جب آپ ابھی بچے تھے، اس کے ساتھ ہی کبوتر پالنے کا اور ان کی اڑان دیکھنے کا، میری

پیدائش کے وقت انھوں نے انارکلی والے گھر میں کبوتر رکھے ہوئے تھے لیکن جب میں پیدا ہوا تو پھر انھوں نے وہ

زاہد منیر عامر: انھوں نے یہ شوق ترک کر دیا

جاوید اقبال: یہ شوق ترک کر دیا کہ اس کو بھی کہیں یہ شوق نہ پڑ جائے کہیں کبوتر بازی کا، وہ سمجھتے تھے کہ یہ تضیع اوقات ہے تو اس کو اس طرف۔ وہ تو ختم ہو گیا اور باقی جو یادداشتیں ہیں اس زمانے کی وہاں کی تو وہ تو اس زمانے میں یعنی جہاں تک میری یادداشت کام کرتی ہے وہ یہی ہے کہ اس زمانے میں جو سیاسی دور تھا، دو ادوار ہیں جو ابھی تک میری نگاہ میں ہیں، ایک تو وہ جس وقت پنجاب کاؤنسل کے الیکشن کے ساتھ منسلک ہوئے یہ انیس سو اٹھائیس یا اس پیریڈ کی بات ہے۔(۱۲) تو جو لوگ وہاں بعد میں بھی ان کے ساتھ وابستہ ہوئے۔ مثلاً اس زمانے کی جو ہستیاں تھیں، جو سیاست میں بڑی اہم شخصیات تھیں، مثلاً ملک لال دین قیصر (۱۳) ایک شخصیت تھے، پھر اسی طرح میراں بخش (۱۴) پھر میاں عبدالعزیز۔ (۱۵)

زاہد منیر عامر: مالواڈہ صاحب

جاوید اقبال: یہ شخصیات تھیں اس زمانے میں، اس دور کے ایک طرح کے لیڈرز تھے

زاہد منیر عامر: نام ور شخصیتیں تھیں۔

جاوید اقبال: نام ور شخصیتیں تھیں تو یہ وہ زمانہ تھا جب انگریزوں نے الیکشن کا پرنسپل شروع کیا تو لاہور کی جو معتبر شخصیات ہوا کرتی تھیں وہ علامہ اقبال جیسی شخصیتوں کے پاس ایک وفد لے کر آتے تھے کہ آپ الیکشن لڑیں، اس زمانے میں اس طرح ہوتا تھا کہ لوگ جو معتبر ہوتے تھے محلوں کے یا علاقوں کے، خود ایسی شخصیات کے پاس آتے تھے۔

زاہد منیر عامر: ان سے Request کرتے تھے۔

جاوید اقبال: Request کرتے تھے اور الیکشن کے لیے تیار، تو خیر' جہاں تک میری یادداشت ہے کہ کونسی شخصیات ہمارے ہاں آیا کرتی تھیں مثلاً مجھے خوب یاد ہے مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی (۱۶) کا زمانہ، ہمارے گھر آیا کرتے تھے، کیونکہ پہلی شخصیتیں تھیں میں نے اپنے والد کو نام کے ساتھ نام لے کر انھیں بلاتے ہوئے دیکھا۔ (۱۷)

زاہد منیر عامر: بے تکلفی کے ساتھ

جاوید اقبال: بے تکلفی کے ساتھ بلاتے ہوئے دیکھا، وہ مولانا محمد علی تھے اور وہ بھی ہمارے گھر آتے تھے، اور جب آتے تھے مجھے یاد ہے میرے لیے عموماً وہ چاکلیٹ کا ڈبہ لایا کرتے تھے اور میری، چونکہ گھر میں والدہ کھانا پکاتی تھیں۔ انھیں کھانے کا بہت شوق تھا اور ان کے لیے بہت ہی لذیذ کھانے پلاؤ کباب

قورمے اور اس قسم کی اشیا ان کے لیے بنائی جاتی تھیں، تو یہ خلافت کا دور تھا۔

زاہد منیر عامر: ان کی تواضع کے لیے

جاوید اقبال: جی ہاں ان کی تواضع کے لیے بنائی جاتی تھیں تو یہ خلافت کا دور تھا۔

زاہد منیر عامر: لیکن خلافت تو 20's کا دور تھا۔

جاوید اقبال: اس وقت تک ختم ہو چکا تھا لیکن کہہ لیجیے ابھی تک چل رہا تھا، یہ خلافت ہی کے لیڈرز تھے۔

زاہد منیر عامر: مابعد خلافت کہہ لیں۔۔۔۔؟

جاوید اقبال: مابعدِ خلافت کا دور آپ سمجھ لیں تو اس کے بعد یہ شخصیات کا جہاں تک تعلق ہے پھر مجھے اپنی یادداشت یہ بھی ہے اور اس کے متعلق میں نے لکھا بھی ہے کہ ہمارے باہر مہمان خانے میں جو شخصیات آ کے ٹھہرتی رہیں، ان میں ابھی تک مجھے یاد ہے کہ ایک تو سوامی جی تھے یہ تو کوئی بدھسٹ منک تھے جو آ کر ٹھہرتے تھے اور ان سے علامہ کے خاصے تعلقات تھے، اس کے بعد ایک اور شخص جو وہاں اقامت پذیر ہوئے، ہمارے مہمان خانے میں، وہ تھے ایک جرمن Geographer یہ جغرافیہ دان تھے اور علامہ کے ان زمانوں کے واقف تھے جب یہ ہائیڈل برگ میں کچھ مدت رہے۔

زاہد منیر عامر: اور وہاں تعلیم حاصل کر رہے تھے۔

جاوید اقبال: تو یہ شخص جو جغرافیہ دان تھا، انھوں نے نقشے بنا کے ان کو دیے، ان سے بنواتے تھے، نقشے کہ آپ اس حصے میں جو اس وقت پاکستان بنا ہوا ہے اس میں بتائیں کہ مسلمانوں کی آبادی اور ہندوؤں کی آبادی، اس کی نسبت کیا ہے اور انھوں نے، میں نے گھر میں یہ نقشے پڑے ہوئے دیکھے ہیں' علامہ کی سٹڈی میں یا گھر میں ویسے تو وہ سبز نقطے، سیاہی کے سبز نقطوں کے ساتھ دکھاتے تھے مسلم پاپولیشن کی تعداد کہ کتنے مسلمان آباد ہیں اور کیسری رنگ کے Dots کے ساتھ وہ بتاتے تھے ہندو آبادی تو وہ نقشے ہمارے گھر میں موجود تھے اور غالباً یہ شخص پہلی دفعہ جب آئے تو یہ غالباً ۱۹۳۰ء کا اوائل تھا اور اس، ان کے Basis پر علامہ نے خطبہ الٰہ آباد جو ہے، وہ دیا تھا۔

زاہد منیر عامر: تو گویا یہ اس کی تیاری کا ایک عمل تھا

جاوید اقبال: ایک عمل تھا اور اس میں آپ دیکھیں وہ خطبہ الٰہ آباد میں ذکر ہے کہ وہ علاقے علیحدہ کیے جا سکتے ہیں، پنجاب میں تاکہ مسلم اکثریت جو مسلمانوں کی ہے وہ زیادہ واضح ہو جائے، وہ اس طرح علیحدہ کیے جا سکتے ہیں۔

زاہد منیر عامر: پورا ہوم ورک انھوں نے اس بارے میں کیا

جاوید اقبال: انھوں نے ہوم ورک کیا

زاہد منیر عامر: اچھا ڈاکٹر صاحب اس گھر میں ایک دائرہ لگا ہے فرش پر جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہاں کسی اہم شخصیت کی کرسی رکھی گئی تھی جب وہ تشریف لائے تھے۔

جاوید اقبال: ہوسکتا ہے اس زمانے میں قائداعظم بھی اس گھر میں تشریف لائے ہوں، اس گھر میں آئے ہوں کیوں کہ اس زمانے میں جو شفیع لیگ [۱۸] بنی اس کے سیکریٹری جنرل علامہ اقبال تھے اور بعد میں قائداعظم نے جس وقت نہرو کمیٹی کی رپورٹ سے Disillusion ہوئے۔

زاہد منیر عامر: آل پارٹیز کانفرنس رپورٹ، نہرو رپورٹ جو کہلاتی ہے

جاوید اقبال: جی ہاں...... نہرو رپورٹ کے بعد لیگ کا پھر اتحاد ہو گیا تھا۔

زاہد منیر عامر: وہ تفریق ختم ہو گئی تھی۔

جاوید اقبال: جی ہاں

............(ایڈٹ)............

زاہد منیر عامر: اچھا ڈاکٹر صاحب آپ نے ایک بہت دلچسپ واقعہ کہیں لکھا ہے کہ علامہ اور ان کے کچھ دوست اکٹھے تھے اور کوئی باغ تھا جہاں سے آپ آم نکال نکال کر پانی میں سے انھیں دیتے تھے، اور ایک بے تکلف صحبت تھی، وہ کیا جگہ تھی اور یہ کیا واقعہ ہے......؟

جاوید اقبال: جی ہاں یہ میاں نظام الدین [۱۹] جو علامہ کے احباب میں سے ایک تھے، بارود خانے کی حویلی کے جو ایک رکن تھے جن کے پوتے سے علامہ اقبال کی بیٹی کی شادی، میری بہن کی شادی، ہوئی میاں صلاح الدین [۲۰] کے نانا، یہ ان کے باغات تھے آم کے باغات دریائے راوی کے کنارے اور وہاں اکثر گرمیوں کے موسم میں وہ بلایا کرتے تھے کہ علامہ کے ساتھ بہت دوستی تھی تو میں بھی ساتھ جایا کرتا تھا، مجھے بھی ساتھ لے جایا جاتا تھا وہاں ایک حوض میں انھوں نے اہتمام کیا ہوتا تھا، برف بھر دیتے تھے۔

اور ان کے جو آم مشہور تھے اس باغ کے وہ علامہ نے ان کا نام ٹیپو رکھا ہوا تھا اور یہ چوسنے والا آم تھا، شاید ٹیپو انھوں نے اسی نسبت سے رکھا ہوا کہ یہ ٹپکے والا آم، ٹپکا آم کہلاتے تھے، اور ٹیپو سے تو نسبت اور کوئی معلوم نہیں ہوتی کہ خاص آم کا نام کیوں رکھا جائے.................لیکن یہ چوسنے والے آم تھے اور علامہ کو بہت پسند تھے، لہٰذا وہاں یہ اس طرح کی پکنکس ہوا کرتی تھیں، میں تو لنگوٹا باندھ کے اس میں چھلانگ لگا دیتا تھا اور اس برف کے پانی میں آم کھانے کی مجھے ابھی تک یاد ہے، وہاں جو شخصیات موجود ہوتی تھیں۔

زاہد منیر عامر: کون کون لوگ تھے......؟

جاوید اقبال: ان میں ہوتے تھے ایم ڈی تاثیر [۲۱] صوفی تبسم [۲۲] اور میاں امیر الدین [۲۳]، میاں نظام

الدین تو خیر ہوتے ہی تھے علامہ صاحب اور ان کے احباب غالباً چودھری محمد حسین (۲۴) اور اسی طرح کچھ نوجوانوں میں..................

زاہد منیر عامر: میاں عبدالعزیز صاحب بھی اس محفل کے رکن تھے.....؟

جاوید اقبال: میاں عبدالعزیز مالواڈہ......؟ ہوتے ہوں گے ضرور..................

زاہد منیر عامر: بہت بے تکلف تھے، بہت زیادہ بے تکلفی اور قربت تھی۔

جاوید اقبال: کیونکہ بہت زیادہ بے تکلفی اور قربت تھی ....تو یہ شخصات، اس طرح اہتمام ہوتا تھا وہاں، محفل میں کھانے کا بھی انتظام ہوتا تھا مگر وہ زیادہ تر آم کھائے جاتے تھے، اور خوب سیر ہو کر آم کھائے جاتے تھے۔ اب وہ باغ رہے ہی نہیں کیونکہ دریا نے رخ بدل دیا اور وہ ساری زمینیں جو ہیں دریا برد ہو چکی ہیں کوئی باغ نہیں۔

زاہد منیر عامر: اچھا ڈاکٹر صاحب آپ کے دنیا میں آنے سے پہلے علامہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار پر گئے اور وہاں انھوں نے دعا مانگی آپ کے لیے اور پھر وہ آپ کو لے کر بھی اس مزار پر گئے۔

جاوید اقبال: ابھی تک یاد ہے کہ ان کی انگلی پکڑ کے، ان کی، میں مزار کے اندر داخل ہوا اور اس کی ہیبت مجھ پر اتنی تھی کہ وہاں تربت کے قریب بیٹھ کر تلاوت انھوں نے شروع کر دی اور رو پڑے، روتے رہے، تلاوت کرتے رہے اور ساتھ آنسو کی لڑیاں بہتی رہیں، اور میں ان کے ساتھ ہی بیٹھا ہوا تھا۔ اتنا خوف زدہ تھا وہ ماحول کی تاریکی اور اس کیساتھ ہی ہیبت...... یہ مجھے صرف یاد رہا ہے۔ (۲۵)

زاہد منیر عامر: وہ کیا ایک Grandure کا احساس تھا.....؟

جاوید اقبال: جی ہاں Grandure کا یا ایک آدمی پر ہیبت جیسے ہوتی ہے، ایک آپ جاتے ہیں کسی مزار کی کیفیت اس میں آواز ان کی گونج رہی تھی۔

زاہد منیر عامر: تلاوت جو کر رہے تھے

جاوید اقبال: تلاوت جو کر رہے تھے کیونکہ اس زمانے میں ابھی ان کا گلا خراب نہیں ہوا تھا، تلاوت کی گونج تو یہ بڑے خوش الحان تھے تو ان کی گونج جو تھی، اس سے ایک خوف سا طاری ہو جاتا۔

زاہد منیر عامر: رعب کی کیفیت

جاوید اقبال: رعب کی کیفیت وہ کیفیت مجھے ابھی تک یاد ہے، میں علامہ کے ساتھ، جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے صرف تین ایسے سفر ہیں جو اس دوران کیے گئے......ایک تو یہی سفر تھا سفر لاہور سے سرہند شریف جانا، دوسرا سفر جو تھا بھوپال کا تھا جس وقت یہ علاج برقی علاج کی خاطر جاتے تھے اور تیسرا سفر ایک جو مختصر سا سفر تھا وہ مولانا حالی کی برسی کا موقع تھا۔ (۲۶)

زاہد منیر عامر: پانی پت میں

جاوید اقبال: وہاں بھی میں ان کی معیت میں گیا ہوں،

زاہد منیر عامر: وہ کیا کیفیت تھی اور کیا کسی جلسے میں انھوں نے شرکت کی......؟

جاوید اقبال: جی ہاں وہ جلسے میں شرکت کی تھی، صدارت غالباً نواب بھوپال (۲۷) کر رہے تھے اور یہ بھی غالباً ان کی زندگی کے اختتامی دور کا واقعہ ہے، شاید یہ ۱۹۳۷ یا ہو سکتا ہے ۱۹۳۷ء کے سردیوں کا موقع ہو چونکہ اس اس موقعے پر وہ تقریر کرنے کے قابل نہیں تھے اور نہ کچھ شعر پڑھ سکنے کے قابل تھے تو انھوں نے جو کچھ لکھا ہوا تھا یا اشعار تھے وہ کسی اور نے پڑھے تھے، یہ سٹیج پر صرف بیٹھے ہی رہے تھے اور صبح گئے تھے اور غالباً ایک رات ٹھہرنے کے بعد اگلے روز واپس آ گئے تھے، سر راس مسعود (۲۸) بھی وہاں تھے اور نواب بھوپال نے تو خیر صدارت کی تھی تو اس کا تعلق مولانا حالی (۲۹) کی برسی کے ساتھ تھا۔

زاہد منیر عامر: اچھا وہ غیر معمولی محبت اور عقیدت، جو انھیں مولانا حالی سے تھی جیسے انھوں نے کہا بھی تھا ایک موقع پر کہ: میں کشورِ شعر کا نبی ہوں گویا

جاوید اقبال: نبی ہوں گویا، بالکل

زاہد منیر عامر: جاری ہے مرے لب پہ کلام حالی

جاوید اقبال: کلامِ حالی

زاہد منیر عامر: تو یہی محبت اور عقیدت انھیں اسی خراب صحت میں بھی وہاں لے گئی۔

جاوید اقبال: اس خراب صحت میں بھی، ٹھیک ہے۔

زاہد منیر عامر: تو علامہ پر کبھی ایسی کیفیت بھی طاری ہوتی تھی کہ وہ مولانا روم سے گفتگو کر رہے ہیں غالب سے گفتگو کر رہے ہیں۔ ایسا کوئی مشاہدہ......؟

جاوید اقبال: جی ہاں ایسا......شاید دو دفعہ مجھے ایسا مشاہدہ ہوا۔ یہ ۱۹۳۸ کا زمانہ ہے جس وقت خاصے بیمار تھے، میں اتفاق سے کمرے میں داخل ہوا تو کچھ ان کو دبانے سے کمر کو......کچھ......

زاہد منیر عامر: Relief ملا

جاوید اقبال: Relief ان کو ہوئی، تو اس سے آنکھیں اوپر اٹھا کے تو اس کو علی بخش (۳۰) سے مخاطب ہو کے کہتے ہیں کہ مولانا روم نکل کے گئے ہیں، زرا ان کو بلائیں میں نے ابھی بات ختم نہیں کی تو اس نے کہا۔

زاہد منیر عامر: اچھا!

جاوید اقبال: تو اس نے کہا کہ جی یہاں تو کوئی موجود نہیں تھا، تو ایک دم پھر ان کو

زاہد منیر عامر: واپس آ گئے اس کیفیت سے......؟

جاوید اقبال: واپس آگئے اس کیفیت سے، جونہی شعور واپس آیا تو کہا اچھا اچھا، ٹھیک ہے ٹھیک ہے تو یہ ایک واقعہ دوسرے اسی طرح انھیں میں نے غالب کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے دیکھا۔

............(ایڈٹ)............

زاہد منیر عامر: تو یہ جو فرمایا کہ

مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے

خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

تو یہ ان کے تصور فقر کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

جاوید اقبال: جی ہاں

زاہد منیر عامر: تو فقر اور خودی کا آپس میں کیا رشتہ ہے......؟

جاوید اقبال: فقر اور خودی تو Naturaly آپس میں بہت ہی، ایک ہی یعنی کہہ لیجیے سکے کے دو پہلو ہیں، اور جس وقت وہ بیان کرتے ہیں فقر کی تعریف تو ایک خط میں وہ ذکر کرتے ہیں کہ کسی طرح کہ اقبال کے ہاں جو تصور شاہین کا ہے اس میں اسلامی فقر کی خصوصیات کیا ہیں تو وہ پانچ گنواتے ہیں اس خط میں ایک تو یہ ہے کہ بلند پرواز ہے......دوسرے......

زاہد منیر عامر: آشیانہ نہیں بناتا

جاوید اقبال: تیسرا دور سے دیکھ سکتا ہے اور چوتھا یہ کہ کسی اور کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا، اور پانچواں یہ کہ خلوت پسند ہے تو یہ فقر ہی کی ساری Qualities ہیں۔ اور اب آپ دیکھیں کہ جس میں بھی یہ ساری پانچ Qualities ہوں گی وہ یقینی طور پر خودی ہی اس کا مرکز ہوگا......اس کی شخصیت کا کیونکہ ایسا شخص خوددار ہی ہوگا جو اور کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھائے گا۔ (ہنستے ہوئے) جو آشیانہ نہیں بنائے گا اور جو بلند پرواز ہو پھر تیز نگاہ ہو وہ سو وہ فقر کا جو تعلق خودی سے ہے، وہ تو ظاہر ہے۔

زاہد منیر عامر: خودی کو جب وہ بے خودی کے دائرے میں لے جاتے ہیں......؟

جاوید اقبال: لیکن بے خودی کا تصور جو اقبال کے ہاں ہے وہ ایک طرح سے توحید وجودی کا تصور نہیں کہ یہاں بے خودی سے مراد ان کی کمیونٹی ہے یعنی ملت ایک تو فرد ہے اور فرد کی خودی اور پھر جب یہ یونیک افراد اکٹھے ہوں تو وہ خودی جو معاشرے کی بے خودی ہے، بے خودا گر آپ نے ہونا ہے تو معاشرے میں غرق ہو جاؤ یعنی خدا سے تو اپنے آپ کو وہ علیحدگی پر ہی اصرار کرتے ہیں کیونکہ وہ شاعر فراق ہیں۔

زاہد منیر عامر: جیسے خواجہ حسن نظامی [۳۱] نے جب خطاب دیا انھیں سّر الوصال تو انھوں نے کہا کہ بہتر ہوتا آپ مجھے سّر الفراق کہتے۔

تو نشناسی ہنوز شوق بمیرد زِ وصل

چیست حیاتِ دوام سوختنِ ناتمام

جاوید اقبال: سّر الفراق کہتے، جی ہاں

زاہد منیر عامر: ڈاکٹر صاحب یہ ہمیشہ کی طرح علامہ کی شخصیت پر ہونے والی کسی بھی گفتگو کی طرح آج کی یہ گفتگو بھی ناتمام رہی اور بہت سی باتیں ہم آپ سے پوچھنا چاہتے ہیں، مزید پہلو منکشف کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کی اس گفتگو، تجربے اور آپ کے علم و فضل کی روشنی میں لیکن پروگرام کا وقت اب ختم ہو رہا ہے، آپ کے توسّط سے علامہ نے نسلِ نو کو جو پیغام دیا تھا "سخنے بہ نژادِ نو" خطاب بہ جاوید" کے نام سے جاوید نامہ کے آخر میں ایک نہایت خوب صورت نظم ہے اس میں علامہ نے کہا کہ:

تو مگر ذوقِ طلب از کف مدہ

گرچہ در کارِ تو افتد صد گرہ

جاوید اقبال: درست

زاہد منیر عامر: کہ تو اپنے ہاتھ سے ذوق طلب کو جانے نہ دے خواہ تیرے راستے میں کتنی بھی رکاوٹیں کتنی بھی دشواریاں ہوں آج کی دنیا جن مشکلات و دشواریوں کو آج کے نوجوان کے سامنے پیش کر رہی ہے اس کے لیے علامہ کا یہی پیغام ہے۔

ڈاکٹر صاحب ہم آپ کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں آپ تشریف لائے اور آپ نے علامہ کی زندگی ،شخصیت اور افکار کے کچھ پہلوؤں کو روشن فرمایا۔ اجازت دیجیے۔ اللہ حافظ

(مہدی حسن اور ساتھیوں کی آواز ابھرتی ہے............)

یہ گنبدِ مینائی، یہ عالمِ تنہائی

مجھ کو تو ڈراتی ہے اس دشت کی پہنائی

حواشی

۱۔ پانچ اشعار کی یہ نظم ''جاوید کے نام'' کے عنوان سے بالِ جبریل میں شامل ہے۔ عنوان کے نیچے قوسین میں لکھا ہے ''لندن میں اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا پہلا خط آنے پر''نظم کا تیسرا شعر ہے:

اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں

سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر

(کلیات اقبال اردو لاہور شیخ غلام علی اینڈ سنز ۱۹۸۴ص ۴۳۹)

۲۔ ڈاکٹر جاوید اقبال ۵راکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے، علامہ کا انتقال ۲۱راپریل ۱۹۳۸ء کو لاہور میں ہوا یوں علامہ کی وفات کے وقت ان کے فرزندِ عزیز کی عمر تیرہ برس ساڑھے چھ ماہ تھی۔

۳۔ اقبال نے اپنی زندگی کے ابتدائی اٹھارہ برس سیالکوٹ میں گزارے، یہاں اسکاچ مشن کالج سے ایف اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد وہ ستمبر ۱۸۹۵ء میں لاہور چلے آئے اور یہاں آکر گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور اس کے بعد ان کی باقی تمام زندگی (اسفار کے علاوہ) لاہور میں بسر ہوئی۔

۴۔ اس ہاسٹل میں علامہ کا قیام، بہ قولِ غلام بھیک نیرنگ، نیچے کی منزل میں مغربی قطار کے جنوبی سرے پر کیوبکل میں تھا (مضمون ''اقبال کے بعض حالات''، مشمولہ 'مطالعہ اقبال' مرتبہ ڈاکٹر گوہر نوشاہی لاہور: بزمِ اقبال' ص ۲۲) اب اس ہاسٹل کا کمرہ نمبر ایک ہے اور اس پر علامہ کے قیام کا یادگاری پتھر بھی نصب ہے علامہ اس ہاسٹل میں چار سال مقیم رہے۔

۵۔ علامہ نے مارچ ۱۸۹۹ء میں ایم۔اے فلسفہ کا امتحان دیا، پنجاب یونیورسٹی کلینڈر ۱۹۰۶ء کے مطابق انھوں نے ایم۔اے میں تھرڈ ڈویژن لی مگر چونکہ یونیورسٹی بھر میں اس مضمون کے واحد کامیاب امیدوار تھے اسی لیے پنجاب میں اوّل بھی رہے اور نقرئی تمغہ حاصل کیا۔

پنجاب یونیورسٹی کلینڈر ۱۹۰۶ء ص ۳۳۰ نیز پنجاب گزٹ ۸ جون ۱۸۹۹ء حصہ سوم صفحہ ۱۰۸۵، ۲۶راپریل ۱۹۰۰ء بحوالہ ڈاکٹر جاوید اقبال زندہ رود جلد اول، لاہور شیخ غلام علی اینڈ سنز ۱۹۸۵ء ص ۷۷

۶۔ علامہ اقبال کی اورینٹل کالج اور گورنمنٹ کالج سے بحیثیت محقق/ استاد وابستگی کے سلسلے میں مختلف تاریخیں ملتی ہیں اس سلسلے میں ڈاکٹر محمد باقر (اورینٹل کالج میگزین لاہور جشن نامہ اقبال ۱۹۷۷ء) اور ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار (اقبال ایک مطالعہ، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور) نے مختلف تاریخیں بتائی ہیں، ڈاکٹر جاوید اقبال نے ان تمام تاریخوں کے بعد جو نتیجہ نکالا ہے اس کے مطابق علامہ نے مارچ ۱۳رمئی ۱۸۹۹ء کو میکلوڈ عریبک ریڈر کی حیثیت سے اپنی عملی زندگی کا امتحان کیا، ملازمت کا یہ سلسلہ مئی ۱۹۰۳ء تک قائم رہا اسی ملازمت کے دوران میں انھوں نے چھ ماہ کی بلا تنخواہ رخصت لے کر یکم جنوری یا ۴رجنوری ۱۹۰۱ء سے اس ملازمت کے اخیر تک انھوں نے لالہ جیا رام کی جگہ گورنمنٹ کالج لاہور میں

اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی کی حیثیت سے بھی پڑھایا۔ اورینٹل کالج میں اقبال کی تنخواہ ۷۲ روپے ۱۴ آنے تھی۔

(زندہ رود محولہ بالا ص ۸۶)

۷۔ ۱۹۰۰ء کے بعد علامہ کی رہائش اندرون بھاٹی دروازہ میں رہی، یہاں انھوں نے یکے بعد دیگرے کئی مکان تبدیل کیے، پہلا مکان جس میں علامہ کا قیام رہا، میاں احمد بخش کی ملکیت تھا، اب اس مکان کا تعین ممکن نہیں رہا۔ دوسرا مکان بھی بھاٹی دروازے کے اندر تھوڑے فاصلے پر دائیں طرف تھا۔ ۴۱۷۔ بی نمبر اس مکان کے ساتھ کوچہ جلوٹیاں نامی گلی تھی کوچے کے موڑ پر ایک کنواں جس کے ساتھ ہی ایک سیڑھی اوپر جاتی تھی، یہ مولی بٹاں کا مکان کہلاتا تھا، علامہ اس میں چند ماہ مقیم رہے اس کے مالک کھنڈو آرائیں تھے جنھوں نے بعد میں اسے رائے بہادر لالہ رام سرنداس کے ہاتھ فروخت کر دیا تھا۔ تقسیم برصغیر کے بعد یہ مکان متروکہ املاک میں شامل ہوا۔ چند ماہ بعد علامہ اس مکان کے قریب ہی ایک اور مکان نمبر ۵۹۷۔ بی میں اٹھ آئے یہ مکان بھی بعد میں لالہ رام سرنداس نے خرید لیا تھا یہاں علامہ ۱۹۰۵ء میں انگلستان کے لیے روانہ ہو جاتے تک مقیم رہے۔

ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: لاہور میں علامہ اقبال کی قیام گاہیں در ''صحیفہ اقبال'' مرتبہ یونس جاوید لاہور بزم اقبال ۱۹۸۶ء ص ۲۳۳

۸۔ علامہ انگلستان سے جولائی ۱۹۰۸ء میں واپس وطن آئے تو انھوں نے موہن لال روڈ پر رہائش اختیار کی یہ مکان لالہ چونی لال مونگا کی ملکیت تھا، قیام پاکستان کے بعد اس میں بٹ سٹیشنری مارٹ قائم ہوئی، علامہ اس مکان میں ستمبر ۱۹۰۸ء تک مقیم رہے، اب یہ عمارت اپنی پرانی صورت کھو چکی ہے۔ یہاں سے علامہ اکتوبر ۱۹۰۸ء میں انارکلی والے مکان میں آ گئے (یہ مکان بھی اب قائم نہیں رہا) جہاں وہ اواخر ۱۹۲۲ء تک مقیم رہے جب وہ میکلوڈ روڈ والی رہائش گاہ میں منتقل ہو گئے۔

(ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی محولہ بالا ص ۲۳۴، ۲۳۵)

۹۔ یہ ایک ہندو بیوہ کا مکان تھا، اس زمانے میں اس مکان کا نمبر ۳۴ تھا اب اس کا نمبر ۱۱۶ ہے، پہلے اقبال اکادمی اس میں قائم رہی ہے اب اس میں اقبال اکادمی پاکستان کا سیلز ڈپو قائم ہے۔ یہ ایک کشادہ رہائش گاہ (کوٹھی) تھی علامہ یہاں ساڑھے تیرہ برس مقیم رہے۔ علامہ کے بعض خطوں میں اس مکان میں منتقلی کا ذکر ملتا ہے اور خود علامہ کے ایک خط ہی سے اس کا ماہور کرایہ بھی معلوم ہو جاتا ہے جو ایک سو ستر روپے تھا، ملاحظہ ہو:

''ایک کوٹھی ایک سو ستر روپے ماہور کرایہ پر لے لی ہے اب آپ تشریف لائیں گے تو آپ کو زیادہ آسائش رہے گی، اب کے ضرور تشریف لایئے کیا ہوشیار پور میں اکیلے بیٹھے ہو! نہ آپ کا وہاں کوئی قدر دان نہ آپ کے مطالب عالیہ کو سمجھنے والا۔ نظیری کی غزل پر ایک اور غزل لکھی تھی جس کا آخری شعر لکھتا ہوں آپ لاہور تشریف لائیں گے تو ساری غزل عرض کروں گا

جنگ تیموری گزشت آہنگ تیموری بجاست

سر بروں می آرد از ساز سمر قندی دگر

(مکاتیب اقبال بنام گرامی مرتبہ عبداللہ قریشی، کراچی: اقبال اکادمی پاکستان ۱۹۶۹ء ص ۲۲۱)

۱۰۔ علامہ اقبال اپنے اس گھر میں مئی ۱۹۳۵ء میں منتقل ہوئے وہ عمر بھر کرایے دار کی حیثیت سے رہے تھے اپنے اس مکان میں آنے کے بعد بھی انھوں نے یہ وضع قائم رکھی اور یہ کوٹھی اپنے فرزند عزیز جاوید اقبال کے نام کر دی تھی اور خود اس میں اپنے نابالغ بیٹے کے کرایے دار کے طور پر ۲۱/اپریل ۱۹۳۸ء تک رہے، وفات کے وقت ایک روز کا بھی کرایہ واجب الادا نہ تھا۔

۱۱۔ ڈاکٹر جاوید اقبال: اقبال ایک باپ کی حیثیت سے در ے لالہ فام لاہور اقبال اکادمی پاکستان ۲۰۰۳ء ص ۳۳۰

۱۲۔ علامہ نے ۲۰/جولائی ۱۹۲۶ء کو پنجاب لجسلیٹو کونسل کے انتخابات میں حصہ لینے کا اعلان کیا تھا، یہ انتخابات ۲۳۔۲۴ نومبر ۱۹۲۶ء کو منعقد ہوئے، اس انتخاب میں میاں عبدالعزیز مالواڈہ بھی شرکت کا ارادہ رکھتے تھے لیکن وہ علامہ کے حق میں اس ارادے سے دستبردار ہو گئے البتہ ملک محمد دین نے علامہ کا مقابلہ کیا اور تین ہزار ایک سو ستر ووٹوں سے شکست کھائی۔

۱۳۔ ملک لال دین قیصر (پ ۱۸۹۹ء تقریباً.....م ۱۹۵۶ء) پنجابی کے شاعر، علامہ کے نیاز مند، تحریک خلافت کے زمانے میں سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا شروع کیا، پرجوش نظموں کے باعث مقبولیت حاصل ہوئی، سیاست میں بھی سرگرم حصہ لیا۔ نو بار قید و بند کے مراحل سے گزرے، ۱۹۲۰ء میں "امام" کے نام سے ایک روزنامچہ جاری کیا جو زیادہ دیر نہ چل سکا، پھر ٹھیکیداری کرنے لگے۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے نفاذ کے بعد انھوں نے قائداعظم اور سر فضلِ حسین کی ملاقات کا انتظام کیا۔ ۲۳/مارچ ۱۹۴۰ء کو قراردادِ پاکستان کی منظوری کے بعد اسے مقبول بنانے کے لیے کوشاں رہے۔ قیام پاکستان کے بعد سیاسی سرگرمیوں سے کنارہ کشی اختیار کرلی، علامہ کے بعض خطوط میں ان کا ذکر ملتا ہے۔ تفصیل کے لیے عبدالرؤف عروج رجالِ اقبال کراچی، نفیس اکیڈمی ۱۹۸۸ء ص ۴۰۵،۴۰۶

۱۴۔ میراں بخش کے حوالے سے معلومات میسر نہ ہو سکیں، جس پر راقم نے ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب سے استفسار کیا تو ڈاکٹر صاحب نے از رہِ کرم ذیل کی معلومات فراہم کیں؛

"علامہ کے لاہور کے احباب میں ملک میراں بخش ککے زئی برادری کے قائد تھے اور ایک صاحب ثروت بزرگ تھے۔ علامہ کے الیکشن کے دوران انھوں نے امداد کی۔ اور علامہ کے مداحین میں سے تھے۔ بلکہ ان کی وفات کے بعد بھی ہمارے گھر آتے جاتے تھے اور ہمارا خیال رکھتے تھے۔ جہاں تک مخدوم الملک پیر میراں بخش کا تعلق ہے یہ صاحبزادہ حسن محمود کے والد ہی تھے اور ان کا تعلق بہاولپور سے تھا۔ مقامی شخصیت نہ تھے۔ لیکن لاہور آتے جاتے رہتے تھے۔"

(مکتوب ڈاکٹر جاوید اقبال بنام زاہد منیر عامر مورخہ ۲۷/مارچ ۲۰۰۶ء، لاہور)

۱۵۔ میاں عبدالعزیز مالواڈہ (م ۲۸/جولائی ۱۹۷۱ء) لاہور کے مشہور بیرسٹر اور نامور رہنما اپنے عہد کے جملہ مشاہیر اور سیاسی زعما کے ساتھ خوش گوار تعلقات رکھتے تھے لندن سے قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے آبائی علاقے

ہوشیار پور آ گئے اور وکالت کا آغاز کیا لیکن کچھ عرصہ بعد لاہور منتقل ہو گئے یہاں ان کی شخصیت کو نکھرنے اور سنورنے کا موقع ملا۔ وہ قومی تحریکوں میں شرکت کرنے لگے، لاہور کارپوریشن کے پہلے میئر بنے۔ اس حیثیت میں انھوں نے شہر کی ترقی و تزئین کے لیے بہت سے اقدامات کیے ان کے نام مشاہیر کے خطوط کا ایک بڑا ذخیرہ ان کے فرزندوں کے پاس موجود تھا۔ راقم الحروف کو یہ ذخیرہ دیکھنے کا موقع ملا، اس کے کچھ اجزا ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور نے ''نوادر'' کے نام سے شائع کیے تھے۔

۱۶۔ مولانا محمد علی جوہر (۱۰ر دسمبر ۱۸۷۸ء ......۴ر جنوری ۱۹۳۱ء) علامہ کے بہت محبت کرنے والے دوست تھے، اس کے ساتھ ساتھ انھوں نے علامہ کو کڑی تنقید کا نشانہ بھی بنایا۔ علامہ بھی ان سے تعلقِ خاطر رکھتے تھے، جیسا کہ ان کے بارے میں کہے گئے اشعار مظہر ہیں، علامہ پر مولانا کی تنقیدیں مختلف مضامین کی صورت میں شائع ہوئیں جنھیں بعد ازاں ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہان پوری نے ''علامہ اقبال اور مولانا محمد علی'' کے عنوان سے مرتب کر کے شائع کیا (کراچی ادارہ تصنیف وتحقیقِ پاکستان ۱۹۸۴ء) مولانا محمد علی کی وفات پر علامہ کے جذبات ذیل کے اشعار میں دیکھے جا سکتے ہیں

یک نفس جانِ نزارِ او تپید اندر فرنگ
تا مژہ برہم زنیم از ماہ و پروین درگزشت
اے خوشامشتِ غبارِ اوکہ در جذبِ حرم
از کنار اندلس از ساحل بربر گزشت
خاکِ قدس او را بآغوش تمنا درگرفت
سوئے گردون رفت زان راہی کہ پیغمبر گزشت
می نہ گنجد جز بآں خاکی کہ پاک از رنگ و بوست
بندۂ کو از تمیز اسود و احمر گزشت
جلوۂ او تا ابد باقی بچشمِ آسیاست
گرچہ آن نور نگاہِ خاور از خاور گزشت

(غلام رسول مہر و صادق علی دلاوری: سرودِ رفتہ لاہور کتاب منزل س ن ص ۱۹۲)

شوکت علی، مولانا (رام پور ۱۰ر مارچ ۱۸۷۳ء...... دہلی ۲۸ر نومبر ۱۹۳۸ء) بی اماں کے بیٹے اور مولانا محمد علی جوہر کے بڑے بھائی، ۱۸۹۵ء میں علی گڑھ سے بی۔ اے کرنے کے بعد سترہ برس سرکاری ملازم رہے۔ ۱۹۱۳ء میں ترکِ ملازمت کر کے انجمن خدامِ کعبہ کی بنا ڈالی۔ جنگِ عظیم اول کے زمانے میں چھوٹے بھائی کے ساتھ نظر بند ہوئے، ۱۹۱۹ء میں رہا ہوئے اور تحریک خلافت کا آغاز کیا۔ علی برادران اور تحریک خلافت کے نام تاریخ میں ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہو چکے ہیں۔

۱۷۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کی ایک تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ سر راس مسعود بھی علامہ کو "اقبال" کہہ کر پکارتے تھے، ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے:

"تقریباً ہر دوسرے تیسرے روز میں ابا جان کے ساتھ سید راس مسعود کے ہاں ریاض منزل جایا کرتا، وہ میری زندگی میں دوسری ایسی شخصیت تھے جنھیں میں نے ابا جان کو "اقبال" کہہ کر پکارتے سنا۔"

(اقبال ایک باپ کی حیثیت سے مشمولہ مے لالہ فام' ص ۳۳۵)

۱۸۔ محمد شفیع، میاں سر (لاہور: ۱۸۶۹ء...... ۷رجنوری ۱۹۳۲ء) ۱۹۲۷ء میں مسلم لیگ کے صدر تھے، اس زمانے میں قائداعظم سے اختلافات ہونے پر مسلم لیگ دو حصوں میں بٹ گئی، سر شفیع کا گروپ شفیع لیگ کہلایا، لیکن بعدازاں یہ اختلافات ختم ہو گئے اور مسلم لیگ متحد ہو گئی، سر شفیع نے مڈل ٹیمپل لندن سے بار ایٹ لاء کیا تھا اور یہیں انھوں نے انجمنِ اسلامیہ کی بنیاد ڈالی تھی، ۱۸۹۲ء میں وطن واپس آئے، ہوشیار پور میں وکالت شروع کی لیکن جلد ہی لاہور آ گئے، یہاں چیف کورٹ میں پریکٹس کے ساتھ انجمن حمایت اسلام کی سرگرمیوں میں شریک ہوئے، ۱۹۰۶ء کے شملہ وفد میں بھی شامل تھے اور دسمبر ۱۹۰۶ء میں مسلم لیگ کے تاسیسی جلسے میں بھی شریک ہوئے۔

(اسد سلیم شیخ، انسائیکلو پیڈیا تحریک پاکستان ۱۹۹۹ء سنگ میل پبلی کیشنز ص ۱۰۰۲۔۱۰۰۳)

۱۹۔ میاں نظام الدین مرحوم، میاں کریم بخش کے فرزند میاں محمد اسلم کے والد اور میاں امیر الدین کے تایا تھے۔ ملی اور قومی معاملات میں بہت دلچسپی لیتے تھے، علامہ اقبال سے گہرے تعلقات تھے، علامہ اقبال نے اپنے ضروری کاغذات جن میں ۱۹۳۱ء میں والدہ ماجدہ جاوید اقبال کے نام خط اور تملیک نامہ اور ہبہ نامہ جاوید منزل بھی شامل تھے، میاں نظام الدین ہی کی تحویل میں دیے تھے جو بارود خانہ سے دستیاب ہوئے اور اب جاوید منزل میں محفوظ ہیں۔

(دیکھیے: کلیم اختر: تمہید "یادِ ایام" از میاں امیر الدین، لاہور کتب خانہ انجمن حمایت اسلام ۱۹۸۳ء ص ۱۲)

۲۰۔ میاں صلاح الدین (پ: لاہور ۱۹۲۱ء) میاں امیر الدین مرحوم کے فرزند اور علامہ اقبال کی صاحب زادی منیرہ بیگم کے شوہر، ۱۹۴۰ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی۔ اے کرنے کے بعد فوج میں کمیشن حاصل کیا، لیکن فوج کی ملازمت چھوڑ کر تحریک پاکستان میں دلچسپی لینا شروع کر دی، وہ قائداعظم کے گارڈ اور ۱۹۴۶ء میں لاہور مسلم لیگ نیشنل گارڈز کے کمانڈر مقرر ہوئے، جنگِ کشمیر ۱۹۴۸ء اور ۱۹۶۵ء و ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگوں میں بھی خدمات انجام دیں، ۱۹۶۲ء، ۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۷ء کے انتخابات میں لاہور سے قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوتے رہے کچھ عرصہ صوبائی وزیر مواصلات بھی رہے بعدازاں سیاست ترک کر کے اپنے کاروبار (صلی ٹیکسٹائل ملز) کی طرف متوجہ ہو گئے۔

(سید قاسم محمود: انسائیکلو پیڈیا پاکستانیکا' ص ۶۲۲)

۲۱۔ تاثیر، ڈاکٹر محمد دین (۱۹۰۲ء...... ۱۹۵۰ء) علامہ اقبال کے نیاز مندوں میں شامل تھے، امرت سر سے انگریزی میں ایم۔ اے کیا اور کیمبرج سے اسی مضمون میں پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی، ۱۹۳۷ء میں وطن واپس آئے، اسلامیہ

کالج میں انگریزی ادب کے استاد، ایم۔اے کالج امرت سر کے پرنسپل اور قیام پاکستان کے بعد اسلامیہ کالج لاہور کے پرنسپل کے طور پر خدمات انجام دیں۔ نیرنگِ خیال کے معاون مدیر رہے، ان کی تصانیف میں ایک ناول کنول، ایک مجموعۂ کلام آتش کدہ شامل ہیں۔ مقالات تاثیر اور نثرِ تاثیر (مرتبہ فیض احمد فیض) بھی ان سے یادگار ہیں۔

۲۲۔ صوفی غلام مصطفیٰ تبسم (۴راگست ۱۸۹۹ء......۷رفروری ۱۹۷۸ء) علامہ اقبال سے حافظ محمود شیرانی مرحوم کے ذریعے متعارف ہوئے، یہ تعلق بعد ازاں بے تکلف دوستی میں تبدیل ہو گیا۔ صوفی صاحب کے نام علامہ کے خطوط ان کے باہمی روابط پر روشنی ڈالتے ہیں، صوفی صاحب ایک معروف استاد اور اُردو، فارسی، پنجابی کے مشہور شاعر تھے۔ ایف سی کالج لاہور سے بی۔اے فارسی آنرز اور اسلامیہ کالج لاہور سے ایم۔اے فارسی کرنے کے بعد میڈیکل ڈائریکٹوریٹ میں ملازم ہوئے لیکن اسے چھوڑ کر بی۔ٹی کیا اور گورنمنٹ ہائی سکول امرت سر میں سینئر ٹیچر مقرر ہو گئے یہیں انسپکٹر آف سکولز بھی ہوئے، ۱۹۲۷ء میں لاہور آئے اور سنٹرل ٹریننگ کالج میں السنہ شرقیہ کے لیکچرر مقرر ہوئے، یہاں سے ۱۹۳۱ء میں گورنمنٹ کالج لاہور آ گئے، جہاں ۱۹۴۳ء میں صدرِ شعبۂ فارسی مقرر ہوئے اور پھر ۱۹۵۴ء میں ملازمت سے سبکدوشی تک اسی ادارے سے وابستہ رہے۔

(تفصیل کے لیے نثار احمد قریشی: علامہ اقبال صوفی تبسم کی نظر میں لاہور: اقبال اکادمی پاکستان ۱۹۸۳ء ص ۱۔۷)

۲۳۔ میاں امیر الدین (پ: ۲رفروری ۱۸۸۹ء) علامہ اقبال کے داماد میاں صلاح الدین کے والد اور لاہور کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت، ۱۹۱۲ء میں مسلم لیگ میں شامل ہوئے، ۱۹۲۴ء میں پہلی بار لاہور پرنسپل کارپوریشن کے رکن منتخب ہوئے، بعد ازاں لاہور کے میئر کے طور پر طویل عرصے تک خدمات انجام دیتے رہے، ۱۹۶۸ء میں انجمن حمایت اسلام کے صدر بنائے گئے، ان کی آپ بیتی یادِ ایام کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

۲۴۔ چودھری محمد حسین (۸رمارچ ۱۸۹۴ء......۱۶رجولائی ۱۹۵۰ء) سیالکوٹ کی تحصیل پسرور کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے، پسرور سے ۱۹۱۲ء میں اینٹرنیس کا امتحان پاس کرنے کے بعد اسلامیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے، ۱۹۱۸ء میں بی۔اے کیا ۱۹۲۰ء میں ایم۔اے عربی۔ اواخر ۱۹۱۷ء میں نواب ذوالفقار علی خان کے بچوں کی اتالیقی کے دوران میں ان کی ملاقات علامہ سے ہوئی جو عمر بھر کے دوستانہ تعلق میں تبدیل ہو گئی۔ علامہ کے مشورے پر انھوں نے ۱۹۲۶ء میں سول سیکریٹریٹ لاہور میں ملازمت اختیار کی اور ہوم ڈیپارٹمنٹ تک پہنچے۔ ۱۹۳۶ء میں انھیں خان صاحب اور ۱۹۴۳ء میں خان بہادر کے خطابات ملے۔ انجمن حمایتِ اسلام کی خدمت بھی انجام دیتے رہے، انجمن کے قائم کردہ خواتین کے کالج کے سیکریٹری رہے۔ علامہ ان پر بہت اعتماد کرتے تھے، ۱۹۳۵ء میں علامہ نے جو وصیت نامہ تحریر کیا اس میں خواجہ عبدالغنی، شیخ اعجاز احمد، حکیم طاہر الدین کے ساتھ چودھری محمد حسین کو اپنے کم سن بچوں کا ولی مقرر کیا۔ چودھری صاحب نے علامہ سے دوستی کا حق ادا کیا ان کے کلام کی اشاعت کے منتظم رہے۔ بچوں کی تعلیم و تربیت کا اہتمام کیا، مزارِ اقبال کی تعمیر کی نگرانی کی۔ مارچ ۱۹۴۹ء میں علامہ کی صاحبزادی منیرہ بیگم کی شادی کے فریضے سے سبکدوش ہوئے اور ستمبر ۱۹۴۹ء میں جاوید

اقبال کو حصولِ علم کے لیے انگلستان روانہ کیا۔

علامہ اقبال نے بانگِ درا کی اولین اشاعت کا ایک نسخہ چودھری محمد حسین کو دیتے ہوئے اس پر ذیل کا شعر درج کیا تھا جس سے ان کے باہمی تعلقات کی نوعیت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے

برون کشیدز پیچاک ہست و بود مرا

چہ عقدہ ہا کہ مقام رضا کشود مرا

(تفصیل کے لیے دیکھیے: محمد عبداللہ قریشی معاصرین اقبال کی نظر میں، لاہور مجلس ترقی ادب ۱۹۷۷ء، ص ۳۹۰.....۴۰۱ نیز ڈاکٹر جاوید اقبال کا مضمون ''چودھری محمد حسین''، مشمولہ مئے لالہ فام لاہور اقبال اکادمی پاکستان ۲۰۰۳ء، ص ۳۱۱ تا ۳۲۵)

۲۵۔ مجدد الفِ ثانی'' ، حضرت شیخ احمد سرہندی (۱۵۶۴ء.....۱۶۲۶ء) سلسلہ چشتیہ وقادریہ کے عظیم صوفی بزرگ تھے، جنھوں نے جہانگیر کے عہد میں اعلائے کلمۃ الحق کا فریضہ انجام دیا۔ جس کے نتیجے میں قلعہ گوالیار میں نظر بند ہوئے جہاں سے ۱۰۲۹ء ھجری میں رہائی ملی، علامہ نے اسی پس منظر میں کہا تھا ۔

وہ ہند میں سرمایہ ء ملت کا نگہباں

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے

علامہ کو حضرت مجدد صاحب سے غیر معمولی عقیدت تھی، ان کا ذکر انھوں نے اپنے کلام میں کئی جگھوں پر کیا ہے، تین سو سال سے ہیں ہند کے مے خانے بند، اور حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پر وغیرہ اشعار میں مجدد صاحب ہی کا ذکر ہے۔ جاوید اقبال کی ولادت پر انھوں نے عہد کیا تھا کہ بچے کے ذرا بڑا ہو جانے پر وہ اسے مجدد صاحب کے مزار پر لے جائیں گے، چنانچہ ۲۹ر جون ۱۹۳۴ء کو جب کہ جاوید اقبال صاحب نو سال آٹھ ماہ کے تھے وہ انھیں لے کر سرہند گئے۔ مزار پر ان کی حاضری کی کیفیت کو جاوید اقبال صاحب نے بیان کیا ہے' خود علامہ نے بھی اپنے ایک خط میں لکھا تھا ''مزار نے میرے دل پر بہت اثر کیا، بڑا پاکیزہ مقام ہے، پانی اس کا سرد وشیریں ہے، سرہند کے کھنڈر دیکھ کر مجھے مصر کا قدیم فسطاط یاد آ گیا جس کی بنا حضرت عمرو بن العاص نے رکھی تھی اگر کھدائی ہو تو معلوم نہیں اس زمانے کی تہذیب وتمدن کے متعلق کیا کیا انکشافات ہوں، یہ شہر فرخ سیر کے زمانے تک بحال تھا اور موجودہ لاہور سے وسعت اور آبادی میں دگنا''

(دیکھیے عبدالمجید سالک: ذکرِ اقبال' لاہور' بزم اقبال' ۱۹۸۳ء' ص ۱۹۱)

۲۶۔ سرہند کے سفر کا ذکر مجدد صاحب سے متعلق حاشیے میں ہوا، پانی پت کے سفر کا تذکرہ مولانا حالی سے متعلق حاشیے میں آرہا ہے، بھوپال کے سفر کی تفصیل یہ ہے کہ آخری عمر میں علامہ کا گلا خراب ہو گیا تھا اس کے برقی علاج کے لیے وہ دو بار بھوپال تشریف لے گئے، پہلی بار یہاں ان کا قیام ۳۱ر جنوری سے ۷ر مارچ ۱۹۳۵ء تک رہا۔ دوسری مرتبہ وہ ۱۷ر جولائی سے ۲۸ر اگست ۱۹۳۵ء تک یہاں رہے۔ اس سفر میں جاوید اقبال اور علی بخش ان کے ہمراہ تھے اور ان کا ارادہ تھا کہ وہ

یہاں رہ کر قرآن حکیم کے حواشی لکھیں گے۔ علامہ کی بعض منظومات پر ''شیش محل بھوپال میں لکھے گئے'' کی صراحت کے حامل اشعار اسی زمانے کی یادگار ہیں۔

۲۷۔ نواب حمید اللہ خان (۱۸۹۴ء......۱۹۶۲ء) والیِ بھوپال نواب سلطان جہاں بیگم کے سب سے چھوٹے اور چہیتے فرزند تھے، ۱۹۲۶ء میں والدہ نے انھیں والیِ بھوپال بنایا۔

۲۸۔ سید راس مسعود (۱۸۸۹ء......۱۹۳۷ء) سر سید احمد خان کے پوتے اور علامہ کے بے تکلف دوست، ان سے علامہ کے تعلق کی نوعیت کا اندازہ یوں لگایا جاسکتا ہے کہ علامہ نے اپنے لوحِ مزار کے لیے جو رباعی لکھ رکھی تھی، راس مسعود کے پہلے انتقال کر جانے پر ان کے نام کر دی۔ ان کی بیٹی کی ولادت پر بھی اشعار کہے اور اس کی تاریخِ ولادت بھی نکالی۔

۱۵؍ اگست ۱۹۳۷ء کو راس مسعود کے انتقال پر علامہ کے جذبات ذیل کے شعروں میں ڈھل گئے:

رہی نہ آہ زمانے کے ہاتھ سے باقی وہ یادگارِ کمالاتِ احمد و محمود

زوالِ علم و ہنر مرگِ ناگہاں اس کی وہ کارواں کا متاعِ گراں بہا مسعود

مجھے رُلاتی ہے اہلِ جہاں کی بے دردی فغانِ مرغِ سحرخواں کو جانتے ہیں سرود

نہ کہہ کہ صبر میں پنہاں ہے چارۂ غمِ دوست نہ کہہ کہ صبر معمائے موت کی ہے کشود

''دلی کہ عاشق و صابر بود مگر سنگ است ز عشق تا بہ صبوری ہزار فرسنگ است''

راس مسعود ۱۹۰۵ء میں میٹرک کرنے کے بعد سرکاری وظیفے پر اعلیٰ تعلیم کے انگلستان چلے گئے، ۱۹۱۰ء میں نیو کالج آکسفورڈ سے بی۔ اے آنرز کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۱۲ء میں پٹنہ میں پریکٹس شروع کی لیکن جلد ہی اس پیشے سے بیزار ہو گئے، ۱۹۱۵ء میں تدریس کا شیوہ اختیار کر لیا، ۱۹۱۶ء میں حیدر آباد دکن میں ناظم تعلیمات ہوئے، یہاں قیام کے دوران میں انھوں نے بعض نئے تعلیمی ادارے بھی قائم کیے، ۲۵۔۱۹۲۴ء میں جاپان، کوریا اور چین کے اسفار کیے۔ جاپان کا تعلیمی نظم و نسق کے عنوان سے اپنے مشاہدات بھی لکھے۔ ۱۹۲۹ء سے ۱۹۳۴ء تک مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے وائس چانسلر رہے۔ ۱۹۳۲ء میں علامہ اقبال اور مولانا سید سلیمان ندوی کے ہمراہ نادر شاہ کی دعوت پر افغانستان کا سفر کیا، مسلم یونیورسٹی کی وائس چانسلری سے مستعفی ہونے کے بعد ناظم اعلیٰ تعلیمات و امورِ مذہبی بھوپال مقرر ہوئے اور ۱۹۳۴ء سے آخرِ عمر تک بھوپال ہی میں رہے۔

(محمد عبداللہ قریشی: معاصرین اقبال کی نظر میں لاہور: مجلس ترقی ادب ۱۹۷۷ء ص ص ۲۹۳۔۲۸۰)

۲۹۔ حالی، مولانا الطاف حسین (۱۸۳۷ء......۱۹۱۴ء) اپریل ۱۹۰۴ء میں منعقد ہونے والی انجمن حمایت اسلام لاہور کے انیسویں اجلاس میں علامہ اقبال نے اپنی نظم تصویرِ درد پڑھ کر سنائی تو مولانا حالی نے نوجوان شاعر کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے ایک شعر پر دس روپے کا نوٹ انجمن کو عطیہ دیا۔ اس موقعہ پر مولانا کو بھی اپنے اشعار پڑھنے تھے، ضعفِ پیری کے باعث وہ خود اشعار نہ پڑھ سکے تو علامہ اقبال سے یہ اشعار پڑھنے کو کہا، علامہ نے مولانا حالی کے اشعار پڑھنے سے پیشتر فی البدیہہ ذیل کی رباعی کہی؛

مشہور زمانے میں ہے نامِ حالی
معمور مئے حق سے ہے جامِ حالی
میں کشورِ شعر کا نبی ہوں گویا
نازل ہے مرے لب پہ کلامِ حالی

۳۱؍دسمبر ۱۹۱۴ء کو مولانا حالی کی وفات پر اقبال نے شبلی و حالی کے عنوان سے جو قطعہ لکھا وہ بانگِ درا میں موجود ہے، ۲۶؍اکتوبر ۱۹۳۵ء کو پانی پت میں مولانا کی صد سالہ تقریبات ولادت منائی گئی، علامہ اقبال علالت کے باوجود اس تقریب میں شرکت کے لیے پانی پت گئے، یہاں انھوں نے نواب حمید اللہ خان سے مخاطب ہو کر کہا:

طوافِ مرقدِ حالی سزد اربابِ معنی راہ
نوای او بجانہا افگند شوری کہ می دانم
بیا تا فقروشاہی درحضورِ اُو بہم سازیم
تو بر خاکش گہر افشان و من برگِ گُل افشانم

(محمد عبداللہ قریشی محولہ بالا ص ۹۱)

۳۰۔ علی بخش (م ۱۹۶۹ء) علامہ کا وفادار، خادم ۔ تیرہ چودہ برس کی عمر میں علامہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پھر عمر بھر ان کا خدمت گزار رہا، علامہ کا انتقال بھی علی بخش کے ہاتھوں میں ہوا۔ علی بخش کا تعلق ہوشیار پور کے ایک گاؤں سے تھا۔

۳۱۔ حسن نظامی، خواجہ (۲۷؍دسمبر ۱۸۷۸ء......۳۱؍جولائی ۱۹۵۵ء) مشہور صوفی، صحافی اور مصنف حضرت نظام الدین اولیاؒ کے خاندان سے تھے، علامہ کے قریبی دوستوں میں شمار ہوتے ہیں، اسرارِ خودی کی اشاعت کے بعد خواجہ صاحب بھی علامہ کے نقادوں میں شامل ہو گئے تھے، لیکن دوستانہ تعلق بعد میں بھی قائم رہا۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں، منادی اخبار بھی نکالتے تھے، انھوں نے قرآنِ کریم کا ہندی میں ترجمہ بھی کروایا۔

☆☆☆

ناصر زیدی

علامہ اقبال سے منیب اقبال تک

(منیب اقبال سے ایک انٹرویو)

۹ر نومبر ۱۸۷۷ء کو حضرت علامہ اقبال کی پیدائش ہوئی۔ ان کی وفات ۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء ہے۔ علامہ اقبال کی سالگرہ کے موقع پر اُن کے پوتے منیب اقبال ہمارے ساتھ ہیں۔ یہ چیف جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کے صاحبزادے ہیں۔ تیسری نسل میں انھوں نے اقبال کو اپنے اندر اتارا ہے، سمجھا ہے، پڑھا ہے۔ یہ علامہ اقبال اور ان کے کلام کے، نام کے، مقام کے وارث ہیں۔ بہت سی چیزیں ان کو ورثے میں ملی ہیں۔ اقبالیات کے حوالے سے خصوصی طور پر ہمارے مخاطب نوجوان ہیں، اور اسی نئی نسل کے لیے ہم نے ایک جوان رعنا کو دعوت دی ہوئی ہے۔ ان سے ہم پوچھیں گے کہ اقبال کی نئی نسل کے لیے آج کیا ضرورت ہے؟

منیب اقبال: ناصر زیدی صاحب آپ کا بہت بہت شکریہ جو آپ نے مجھے آج اس موقع پر یہاں بلایا۔ بنیادی طور پر اقبال کا جو پیغام ہے وہ ہے ہی نوجوان نسل کے لیے۔ اصل میں وہ اپنی زندگی میں جہاں بھی جاوید سے مخاطب ہوئے ہیں، اپنے فرزند سے، وہ بھی دراصل نوجوان نسل ہی سے مخاطب ہیں۔ بات یہ ہے کہ علامہ صاحب کا جو کلام ہے اس سے ہر دور میں رجوع کرنا ضروری ہے۔ اُس دور میں بھی ضروری تھا جب اسے لکھا گیا۔ آج کے دور میں جو حالات عالم اسلام کے ہیں، مسلمانوں کے ہیں، پاکستان کے ہیں، خصوصی طور پر ان حالات میں بھی یہ بہت ضروری ہے کہ ہم آج اس کلام کی طرف، فلسفے کی طرف بڑھیں اور ان کا جو اصل مقصد ہے وہ ہے نوجوان نسل کے لیے۔ وہ ہر دور میں نوجوان نسل ہی کے لیے اپنی شاعری اور فکر و فن کا اظہار کرتے رہے ہیں۔

سوال: منیب اقبال صاحب آپ فخر محسوس کرتے ہیں کہ آپ اتنے بڑے دادا کے پوتے ہیں، اتنے بڑے باپ کے بیٹے ہیں؟

جواب: جی بہت

سوال: آپ نے علامہ کو کب سے پڑھنا شروع کیا؟

جواب: میں نے تو جی بچپن ہی سے اقبال کو پڑھنا شروع کر دیا تھا۔ مجھے یاد ہے جب ہم بچے ہوتے تھے اور سکول میں پڑھتے تھے تو گاڑیوں میں آج کی طرح ریکارڈ اور کیسٹ نہیں ہوتے تھے، صرف ریڈیو ہوتا تھا

اور اس کی بھی ٹائمنگ کچھ اس طرح ہوتی تھی کہ بچے سکول جا رہے ہوتے تھے۔ یہ میرے بچپن کی یادوں میں سے ایک ہے کہ ریڈیو پر سکول جاتے ہوئے:

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

یہ نظم چلتی ہوتی تھی اور ایک طرح سے یہ تو مجھے بچپن ہی سے یاد ہو گئی تھی۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر کا ماحول بھی کچھ ایسا تھا۔ بچپن میں ہمارے گھر میں علامہ صاحب کے کئی عزیز و اقارب آتے تھے' جب وہ زندہ تھے۔ وہ اکثر جاوید منزل آیا کرتے تھے' نہ صرف میرے والد کو ملنے بلکہ پرانی یادیں تازہ کرنے۔ مجھے ابھی بھی یاد ہے ایک مرتبہ جب میں ۷ یا ۸ برس کا تھا تو صوفی غلام مصطفیٰ تبسم آئے تھے والد کو ملنے۔ والد سے تو ان کی ۱۵ منٹ کی ملاقات ہوئی مگر وہ کئی گھنٹے علامہ صاحب کے کمرے میں کسی سوچ میں محو رہے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے ان سے آٹوگراف لیا تھا تو انھوں نے ایک شعر لکھ کر نہ صرف آٹوگراف دیا بلکہ مجھے پیسے بھی دیئے۔ وہ کاغذ جس پر میں نے ان سے آٹوگراف لیا تھا وہ اب بھی میرے پاس کہیں محفوظ ہے۔

سوال: صوفی تبسم تو علامہ اقبال کے ایسے ساتھیوں میں سے تھے جو ان کی محفلوں میں نہ صرف شریک ہوتے بلکہ وہ علامہ صاحب کا حقہ بھی پی لیتے تھے۔ علامہ کی صوفی صاحب کے ساتھ اس حد تک بے تکلفی تو تھی۔ ہاں ان کی ایک بے تکلفی ڈاکٹر عبداللہ چغتائی سے بھی تھی۔ وہ تو کمال کے حاضر باش تھے۔ ایک مرتبہ وہ کئی دن نہ آئے تو علامہ اقبال نے ان سے پوچھا ''عبداللہ اتنے دن سے کہاں تھے؟'' تو کہنے لگے ''علامہ صاحب فرصت ہی نہیں ملتی' اگر فرصت ملتی ہے تو وقت نہیں ملتا'' تو علامہ کہنے لگے ''واہ یہ نکتہ تو آئن سٹائن کے باپ کو بھی نہیں سوجھا ہوگا۔'' پھر دونوں بہت ہنسے۔ اس طرح کی تو ان کی روز کی محفل ہوتی ہوگی اور آپ تک یہ باتیں اپنے والد کے توسط سے پہنچی ہوں گی۔

جواب: جی ہاں

سوال: بہت خوب! گویا آپ کا مطلب یہ ہوا کہ علامہ نے اپنے کلام میں جہاں بھی آپ کے والد گرامی جاوید اقبال کو مخاطب کیا ہے' اصل میں وہ نوجوانوں ہی کو مخاطب کیا ہے۔ ایرانی جوانوں کے مطابق' علامہ کے کلام ہی کی بدولت ایران میں انقلاب آیا۔

جواب: جی ہاں۔ ان کے کلام میں جو فارسی کے اشعار ہیں وہ کچھ اسی طرح ہیں کہ کوئی آدمی آئے گا' وہ تمہاری زنجیریں توڑ دے گا اور میں کہیں اپنی جیل کی کھڑکی سے روزنِ زندان سے دیکھ رہا ہوں۔ ایران والے تو کہتے ہیں کہ علامہ نے امام خمینی کے انقلاب کی پیشن گوئی کی ہوئی ہے۔ تو ایران میں تو جگہ جگہ علامہ کے شعر دہرائے جاتے ہیں جو امام خمینی کے انقلاب کے بارے میں کہے گئے ہیں۔ میں ترکی گیا۔ ترکی کا نظام کچھ اور

طرح کا ہے۔ وہاں سیکولرازم ہے مگر علامہ کے لیے ان کے دلوں میں محبت اور جذبہ موجود ہے۔ اتفاق سے میں ان دونوں جگہوں پر اپنے والد کے ہمراہ گیا تھا۔ ترکی میں ہم سڑکوں پر عام آدمیوں کی طرح گھومتے تھے اور اگر کوئی ایسا آدمی مل جاتا جو میرے والد کو جانتا ہوتا تو مصافحہ ضرور کرتا۔

سوال: آپ اور کن کن ملکوں میں گئے؟

جواب: میں نے تو کئی جگہوں کی سیر کی ہے۔ امریکا میں پڑھا ہوں۔ اس کے علاوہ انگلینڈ اور یورپ بھی آتا جاتا رہا ہوں، پر جو مزا مجھے ایران اور ترکی جانے کا آیا وہ مجھے دنیا میں اور کہیں نہیں آیا۔ دعا کرتا ہوں کہ مجھے اور سب لوگوں کو اللہ توفیق عطا فرمائے کہ ہم حجاز مقدس بھی جا سکیں۔

سوال: مغربی ممالک میں کبھی اقبال کے حوالے سے تعارف ہوا کہ آپ اُن کے پوتے ہیں؟

جواب: جی ہر جگہ پر مجھے خود حیرانی ہوتی تھی کہ جب میں اپنا نام بتاتا تھا تو اکثر لوگ مجھ سے علامہ سے نسبت کے حوالے سے پوچھتے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک مرتبہ رات کے وقت کافی لیٹ ایک دکان میں گیا، تو دکاندار نے مجھ سے کسی بات پر گفتگو شروع کر دی۔ اُردو زبان میں اس نے مجھ سے پوچھا کہ: کہاں سے آئے ہو؟ میں نے کہا: پاکستان سے۔ اُس نے پوچھا: آپ کا نام کیا ہے؟ تو میں نے اپنا نام بتایا۔ یہ کوئی رات کے دو یا تین بجے کا وقت ہوگا۔ ان صاحب نے کہا: اچھا Are you related to Allama Iqbal پاکستان کے جو شاعر ہیں، آپ ان کے رشتہ دار ہیں؟ میں بہت حیران ہوا تو انھوں نے کہا کہ میں ایک اسکالر ہوں، پی ایچ ڈی کر رہا ہوں اور پیسے کمانے کے لیے یہاں پر رات کو پارٹ ٹائم نوکری کر رہا ہوں، میں نے تو کافی ریسرچ کی ہوئی ہے علامہ اقبال پر۔ اس کے بعد وہ ایک گھنٹے تک مجھ سے علامہ اقبال ہی کے بارے میں گفتگو کرتا رہا۔ اسی طرح امریکا اور انگلستان میں بھی مجھے ایسے لوگ ملے جو اقبال کے ساتھ شناسائی رکھتے تھے۔

سوال: ایرانی علامہ اقبال کو اقبال لاہوری کہتے ہیں۔ اقبال کا جتنا کلام ایران میں پہنچا ہے خصوصی طور پر فارسی کلام، اتنا اور ملکوں میں نہیں پھیلا؟

جواب: اب کچھ سنٹرل ایشیا میں بھی رجحان ہو رہا ہے۔ سینٹرل ایشیا کی سب سے افسوس ناک بات یہ ہے کہ وہاں سویٹ یونین کے دور میں اسکرپٹ کو فارسی سے تبدیل کر کے روسی میں کر دیا گیا، تو وہاں پڑھنا تھوڑا مشکل ہو گیا۔ سینٹرل ایشیا میں بھی جواب ایک اسلامی ردعمل ہو رہا ہے، ایک انقلاب آ رہا ہے، وہ پرانے روس کی چیزوں سے علیحدہ ہو رہے ہیں تو وہ بھی علامہ صاحب کی طرف رجوع کر رہے ہیں کیونکہ بنیادی طور پر ان کی زبان فارسی سے بہت ملتی جلتی ہے۔

سوال: آپ کے والد گرامی جسٹس جاوید اقبال صاحب تو بہت لیکچر دیتے رہے ہیں، ٹی وی سے اور مختلف

اداروں سے۔ اقبال کا جو تصور ہے مردِ کامل کا اور مردِ مومن کا اس تصور کو راسخ کرنے کے لیے ایک نوجوان کی حیثیت سے آپ کیا سوچتے ہیں؟

جواب: میں تو کوشش ہی کر سکتا ہوں اور ہر ایک کو مشورہ دوں گا کہ وہ بھی علامہ کا مردِ مومن اور شاہین بننے کی کوشس کرے۔ زندگی میں اُتار چڑھاؤ اور مشکلیں تو آتی ہی رہتی ہیں۔ پرانا دور ایک مشکل دور تھا اور ہماری خوش قسمتی کہ ہمیں بنا بنایا پاکستان مل گیا۔ اُن لوگوں کے لیے آپ اندازہ کریں جو مسلمان اُس دور میں رہتے تھے۔ ان سے پہلے ایک سکھوں کا دور تھا ۱۸۵۰ء تک' جب مسلمانوں کو لاہور میں اذان دینے اور مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنے کی اجازت بھی نہیں تھی۔ وہ بھی جو دور گزرا ہے' مشکل تھا۔ ابھی تو اُس کے مقابلے میں آسانی ہے' پر مشکلات کا سامنا تو اب بھی ہے۔ میں تو سارے نوجوانوں کو کہوں گا کہ آپ بھی اپنے اندر ویسا ہی جذبہ پیدا کریں' وہی فکر پیدا کریں جو علامہ صاحب نوجوانوں میں چاہتے تھے۔ وہ اقبال کے شاہین بنیں۔

سوال: اتنے بڑے گھرانے سے تعلق ہونے کی نسبت سے آپ کو فوائد تو ہوتے ہی ہوں گے۔ کبھی مشکلات پیش آئیں؟

جواب: جی ہاں' مشکلات پیش آئیں۔ دیکھیں اسلام اور پاکستان کے جو دشمن ہیں وہ علامہ صاحب کے بھی دشمن بن جاتے ہیں اور ہر معاشرے میں حاسد بھی ہوتے ہیں تو ان کا سامنا تو کرنا پڑتا ہے۔ آپ ہر وقت کسی کو خوش نہیں رکھ سکتے' بات سوچ سمجھ کر کرنا پڑتی ہے۔

سوال: علامہ اقبال سے منسوب ایک شعر بڑا مشہور ہے:

تندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے

جواب: یہ تو علامہ اقبال کا ہے ہی نہیں۔

سوال: جی یہ نہیں ہے مگر پہلی بار آپ کے والد گرامی سے یہ غلطی فیصل آباد بار روم میں ہوئی۔ اس وقت میں وہاں موجود تھا اور میں نے ان کو بتایا کہ یہ شعر صادق حسین شکر گڑھ کا ہے جن کے تین بیٹے سی ایس پی ہوئے۔ اچھا بتایئے علامہ صاحب کے گھر سے جو چیزیں آپ کو ورثے میں ملیں آپ نے ان کا کیا کیا؟

جواب: جی میرے پاس تو علامہ اقبال کی کئی اشیاء ہیں اور دریافت ہوتی رہتی ہیں۔ جب علامہ صاحب نے وفات پائی تو میرے والد ۱۴ سال کے تھے۔ علامہ صاحب اپنی زندگی میں گارڈین کا سلسلہ بنا گئے تھے تاکہ میرے والد اور پھوپھی کو کوئی مشکلات نہ ہوں۔ ان گارڈنیز نے فائلوں کے اندر ایک ایک چیز کا ریکارڈ رکھا ہوا تھا' اور وہ فائلیں ایک کمرے میں رکھی تھیں جن میں علامہ صاحب کے ہاتھ سے لکھے ہوئے کاغذات اور کئی مشہور لوگوں کے خطوط ہیں۔ میں ان میں سے ابھی تک ۴۰ فیصد فائلوں ہی کو صرف چھانٹ سکا ہوں۔ ان میں

سے مجھے ایسی ایسی چیزیں ملی ہیں کہ میں دنگ رہ جاتا ہوں۔ والد صاحب نے اتفاق سے وہ فائلیں کبھی کھولی ہی نہیں۔ وہ جب پڑھ کر آئے تو وہ فائلیں ان کے حوالے کر دی گئیں کہ یہ آپ کے بچپن کا سارا ریکارڈ ہے۔ اس میں مجھے علامہ صاحب کا اصل وصیت نامہ بھی ملا' اور فیملی سے وابستہ کئی باتیں۔ جیسے میری پھوپھی کے لیے علیحدہ سے زیوارت اور دوسری چیزیں درج کر رکھی ہیں۔ میری دادی تو پہلے ہی وفات پا چکی تھیں' تو انھوں نے اپنے ہاتھ سے فہرست بنائی ہوئی تھی۔ اس پر لکھا ہوا ہے کہ جب میری بیٹی منیرہ کی شادی ہو تو انھیں یہ چیزیں دے دی جائیں۔ ان تمام چیزوں پر انھوں نے اپنے بھائی شیخ عطاء محمد سے گواہی کرائی ہوئی ہے اور پھر انھیں کاغذات پر شادی کے وقت میری پھوپھو نے رسید ڈالی ہوئی ہے اور ان کی ریسیونگ کی گواہی علامہ کے دیرینہ ملازم علی بخش نے دی ہوئی ہے۔ اسی طرح کے کئی کاغذ مجھے ملتے ہیں اور والد کی لائبریری میں جب کبھی علامہ صاحب کی دستخط شدہ کوئی کتاب مل جاتی ہے تو مجھے تو یوں لگتا ہے جیسے میری علامہ صاحب سے بالمشافہہ ملاقات ہوگئی ہے۔

سوال: یہ تو واقعی آپ خزانہ لیے بیٹھے ہیں۔ یہاں ایک بات یاد آئی۔ یہ جو گارڈین ہیں' جب علامہ صاحب کی وفات ہوئی تو پہلا کام انھوں نے یہ کیا کہ وہ کمرہ بند کروا دیا کہ جو لوگ جنازے پر آئیں گے تو یہاں سے کوئی چیز ہلے نہ' غائب نہ ہو۔ تو ایک تو گارڈینز کا اور علی بخش کا یہ کمال ہے اور ایک آپ نے ان چیزوں کو محفوظ رکھا' اس اثاثے کو' مگر اب ان کو سامنے لانا چاہیے۔

جواب: جی آہستہ آہستہ آئے گا۔ اصل میں علامہ اقبال صاحب کی جو بیاضیں تھیں یا دیگر چیزیں' وہ تو میرے والد نے پہلے ہی حکومت کے حوالے کر دی تھیں۔ وہ جاوید منزل کے میوزیم میں پڑی ہوئی ہیں۔ جو گھر تھا وہ حکومت نے ایکوائر کر لیا تھا مگر جو اشیاء ہیں وہ ابھی تک ہماری ملکیت ہیں۔ والد صاحب نے ان کے حوالے سے ایک ٹرسٹ بنایا ہوا ہے جن کا اب مجھے ٹرسٹی بنا دیا گیا ہے۔ تو ایک طرح سے علامہ صاحب کی ساری اشیاء کا اب میں مالک ہوں۔ جو میوزیم میں ڈس پلیسڈ ہیں اور یہ جو چیزیں ہیں جو میں آپ کو بتا رہا ہوں یہ میرے والد صاحب کی نظر سے گزری ہی نہیں۔ اگر گزر جاتیں تو وہ انھیں بھی میوزیم میں جمع کرا دیتے۔ پر یہ میں اپنی طرف سے کنٹری بیوشن دے دوں گا' نوجوانانِ اسلام اور نوجوانانِ پاکستان کو۔

سوال: کلام اقبال کو پڑھنے سے تاریخ اسلام پر گہری روشنی پڑتی ہے مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ علامہ اپنے دور کے ایک لبرل انسان تھے' روشن خیال تھے۔ آپ کیا سمجھتے ہیں ان کے خیالات کو؟

جواب: ایک بات یاد رکھیں۔ جو بھی شخص اپنی تاریخ کو یاد نہیں رکھتا اس کی یہی سزا ہوتی ہے کہ اسے اپنی تاریخ بار بار دہرانا پڑتی ہے۔ علامہ صاحب کا اپنی تاریخ کے متعلق وسیع مطالعہ تھا خصوصی طور پر اندلس اور مختلف خلافتوں' خلفاء راشدہ کے بعد مسلمانوں کا جو سلسلہ چلتا رہا' اور مسلمانوں کے جو عروج کے واقعات تھے

اس پر علامہ صاحب کی بڑی گہری نظر تھی، گہرا مطالعہ تھا۔ انھوں نے سلطان محمود غزنوی کو ایک رول ماڈل کے طور پر اپنے اشعار میں استعمال کیا ہے۔

سوال: مسولینی پر بھی تو نظم لکھی؟

جواب: جی ہاں، مسولینی پر جو نظم لکھی گئی وہ اُس دور میں لکھی گئی جب وہ اسے مغرب کا ایک اُبھرتا ہوا لیڈر سمجھتے تھے۔ یہ نظم ورلڈ وار ٹو سے بہت پہلے کی ہے۔

سوال: وہ مسولینی کو ملنے گئے اور وہ ملاقات کہیں تین منٹ، کہیں چھ منٹ، کہیں آدھ گھنٹے اور کہیں چالیس منٹ تک پھیل گئی۔

جواب: اس ملاقات کا کہیں کوئی فکس ریکارڈ نہیں ہے۔

سوال: اچھا اگر مسولینی سے ملاقات ہوئی تو اُسے کیا پتہ کہ اتنا بڑا شاعر، شاعر مشرق یہاں بیٹھا ہوا ہے۔ وہ نہ اُردو جانتا تھا، نہ فارسی جانتا تھا، نہ ہی انگریزی ان دنوں اتنی زیادہ حاوی تھی۔

جواب: جی اُن دنوں اٹلی میں بھی مسلمانوں کی کچھ آبادیاں تھیں اور اس حوالے سے علامہ اور مسولینی کے جو سوالات اور جوابات ہوئے تھے وہ غالباً کچھ اسی نوعیت کے تھے۔ ''زندہ رود'' میں میرے والد صاحب نے جو سوانح حیات لکھی ہوئی ہے اس میں یہ سب کچھ موجود ہے۔

سوال: دنیا میں ۲۰۰ کے قریب ممالک ہیں۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ علامہ کا نام کن کن ملکوں میں پہنچا ہوگا؟

جواب: دیکھیں جی اب تو ایک فرق آجاتا ہے کیوں کہ آپ انھیں اب اسٹیٹ لیول پر سامنے لاتے ہیں۔ جو بھی غیر ملکی سربراہان آتے ہیں ان کو علامہ کے مزار پر حاضری کے لیے لے جایا جاتا ہے، تو اس طرح سے اب علامہ کی مشہوری ایک اور زاویے سے ہے۔ پہلے علامہ کی پروجیکشن ان کی ذات اور علمیت کی وجہ سے تھی، مگر اب اسٹیٹ ان کو روشناس کراتی ہے شاعر اسلام اور مفکر پاکستان کے نام سے، حکیم الامت کے نام سے۔ اب ذرا ایک فرق ہے۔

سوال: پاکستان بننے کے بعد اب ۶۷ سال سے زائد عرصہ ہو چکا ہے اور علامہ کا یوم وصال اور یوم پیدائش ۱۹۳۸ء کے بعد سے منایا جا رہا ہے مگر اب بھی نوجوان نسل میں ان کے اشعار غلط سلط پڑھے جاتے ہیں، غلط لکھے جاتے ہیں۔ اس کا کیا ہو؟ یہ کیسے ٹھیک ہو سکتا ہے؟

جواب: یہ ایک عجیب سی بات ہے، اس کو میں افسوس ناک بھی کہوں گا۔ انٹرنیٹ پر دیکھیں تو متعدد ایسے اشعار ہیں جن کا کوئی سر پیر نہیں ہوتا، کوئی وزن نہیں ہوتا۔ ان کے ساتھ علامہ کی تصویر لگی ہوتی ہے اور نیچے لکھا ہوتا ہے کہ یہ علامہ اقبال کے اشعار ہیں اور لوگ ان کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں کو نہ تو علامہ اقبال کا پتہ ہے اور نہ ہی ان کے اشعار کا۔ اس کے تدارک کے لیے ہم کوشش کر رہے

ہیں۔ میرے ایک عزیز دوست ہیں۔ انھوں نے فیس بک پر علامہ اقبال کا پیج بنایا ہوا ہے۔ اس کو اتفاق کہیں کہ وہ علامہ اقبال صاحب کے نام سے پاکستان میں سب سے زیادہ مقبول پیج ہے جس کے پانچ ملین فین ہیں۔ انھوں نے انٹرنیٹ پر باقاعدہ ایک کمپین چلائی ہے۔ یہ جو سارے غلط اشعار Quote ہوتے ہیں' انھوں نے اس پیج پر ایک پوری البم بنائی ہوئی ہے اور اس پر لکھا ہوا ہے کہ یہ شعر علامہ اقبال کا نہیں ہے' اس کو مت شیئر کریں۔ میں نے اپنے والد سے ایک بار اس کی شکایت کی تھی کہ دیکھیں جی یہ بے وزن شعر ہوتے ہیں' کسی کا کوئی سر پیر نہیں ہوتا اور پھر بھی لاکھوں لوگ اس کو لائیک کرتے ہیں' اس کا کیا حل ہے تو انھوں نے کہا یہ بھی ایک طرح سے عقیدت کا اظہار ہے' ان کو پتہ کچھ نہیں مگر پھر بھی علامہ کی تصویر دیکھ کر لائیک کر دیتے ہیں' یہ عقیدت تو ہے چاہے انھیں سمجھ آئے یا نہ آئے۔ مجھے بھی افسوس ہوتا ہے۔ جب میں علامہ کے مزار پر جاتا ہوں اور اپنے کسی ساتھی کو کہتا ہوں کہ علامہ کی کوئی نظم سناؤ تو کسی کو کوئی شعر تک نہیں یاد ہوتا۔ علامہ صاحب اپنی زندگی میں کسی جائیداد کے مالک نہیں تھے' انھیں ان کے والد نے ایک مکان دیا تھا سیالکوٹ میں جو انھوں نے میرے والد کے نام منتقل کرا دیا تھا۔ اس گھر کو فروخت کر کے علامہ نے ''جاوید منزل'' کو بنایا تھا۔ جاوید منزل کی زمین بھی میری دادی کے نام پر خریدی گئی تھی اور چونکہ دادی پہلے وفات پا گئی تھیں تو علامہ نے وہ جائیداد بھی جاوید کے نام پر ٹرانسفر کر دی' یعنی میرے والد کے نام کر دی تھی تو علامہ کی زندگی میں کوئی جائیداد ان کے نام نہیں تھی۔ اگر ان کی پراپرٹی کے کاغذات دیکھے جائیں تو ان کی پراپرٹی صرف ایک مرلہ زمین تھی جو بیبیاں پاک دامن کے قبرستان میں ہے' جہاں میری دادی دفن ہیں۔

سوال: خواتین ہی گھر بناتی ہیں۔ آپ کی دادی نے گھر بنایا' اس میں رہنا انھیں کم نصیب ہوا۔ علامہ اقبال نے اپنی زندگی میں سب کو اس کا حصہ رسد دے دیا تھا۔ کبھی کوئی مسئلہ پیدا ہوا؟

جواب: جی نہیں' کوئی نہیں۔

سوال: رائلٹی جو آتی تھی وہ ۵۰ سال بعد ختم ہوگئی۔ اب تو کتابیں اوپن ہوگئیں۔ اب کیا حساب ہے؟

جواب: جو چاہے' چھاپ لے۔ اصل میں میرے بچپن میں جب میرے والد ہائی کورٹ کے جج بنے تھے تو انھوں نے وہ رائلٹی میرے اور میرے بھائی کے نام ٹرانسفر کر دی تھیں۔ ہماری تعلیم کا جو سارا خرچہ ہے وہ ایک طرح سے علامہ صاحب کی کتابوں کے فیض سے جاری رہا۔

سوال: لفظ فیض سے مجھے یاد آیا کہ فیض احمد فیض عہد موجود کے اتنے بڑے شاعر تھے۔ وہ کہتے تھے کہ ہم تو بی کلاس شاعر ہیں' اصل شاعر تو علامہ ہیں اور یہ فخر کی بات ہے' ہم عہد اقبال میں زندہ ہیں۔ ہم تک جو شاعری پہنچی نسل در نسل تو ہم بھی ہنوز علامہ اقبال کے عہد میں زندہ ہیں۔ یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے۔ آپ یہ بتائیے نئی نسل کے لیے آپ کوئی خاص پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: میں آپ کو اس حوالے سے دو واقعات سنانا چاہوں گا۔ ایک واقعہ قائداعظم سے تعلق رکھتا ہے جبکہ دوسرا پنڈت جواہر لعل نہرو سے وابستہ ہے۔ دونوں واقعات علامہ صاحب کی زندگی سے ہیں۔

قائداعظم تب محمد علی جناحؒ بیرسٹرایٹ لاء کہلاتے تھے۔ یہ غالباً ۳۶-۱۹۳۵ء کی بات ہے۔ وہ علامہ صاحب کو جاوید منزل ملنے کے لیے آئے' محترمہ فاطمہ جناح کے ساتھ۔ علامہ صاحب اُن دنوں بیمار تھے' صاحب فراش تھے۔ میرے والد ان دنوں ۱۲ سال کے قریب تھے تو علامہ صاحب نے انھیں کہا کہ آپ جائیں اور دروازہ پر جناح صاحب کو ریسیو کریں۔ والد صاحب کو آٹوگراف جمع کرنے کا شوق تھا اور علامہ صاحب نے بھی جب ان کو کہا کہ ان سے آٹوگراف ضرور لینا ہے تو والد صاحب نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ علامہ صاحب نے بتایا کہ یہ جناح صاحب مسلمانوں کے سب سے بڑے لیڈر ہیں' انھوں نے ہمیں بہت کچھ حاصل کر کے دینا ہے' ان سے بہت تپاک سے ملنا۔ انھوں نے قائداعظمؒ کا خاص خیال رکھنے کا کہا۔ قائداعظم آئے' علامہ صاحب کے پاس بیٹھے اور دونوں نے باتیں کرنا شروع کر دیں۔ ان کے ہمراہ محترمہ فاطمہ جناح بھی تھیں۔ میرے والد اپنی آٹوگراف بک لے کر جناح صاحب کے سامنے پیش ہو گئے۔ والد صاحب بچپن میں نہایت شرمیلے بھی تھے۔ انھوں نے قائداعظم سے آٹوگراف مانگا تو علامہ نے کہا: یہ میرا بیٹا ہے جاوید۔ قائداعظم نے آٹوگراف دیتے ہوئے میرے والد سے پوچھا "Do you also write poetry" یعنی آپ بھی شاعری کرتے ہو' تو والد صاحب آگے سے کچھ نہیں بولے۔ جب انھوں نے کوئی جواب نہ دیا تو قائداعظم نے ان سے دوبارہ پوچھا کہ: آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہو؟ وہ پھر آگے سے چپ رہے۔ قائد نے ایک بار پھر نرمی سے ان سے پوچھا تو انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ آخر قائداعظم نے قدرے سختی سے پوچھا تو والد صاحب نے آگے سے کھسیانی سی مسکراہٹ دے دی' مگر جواب نہ دیا۔ قائداعظم نے علامہ صاحب کو کہا کہ یہ مجھے جواب نہیں دیتا' یہ مجھے بتاتا نہیں کہ اس نے بڑے ہو کر کیا بننا ہے تو علامہ نے کہا کہ یہ آپ کے حکم کا انتظار کر رہا ہے کہ اس نے کیا بننا ہے۔ اسی طرح نہرو کا واقعہ بھی ہے مگر وہ تھوڑا سا متنازعہ بھی ہے۔ اس پر دو تین روایات ہیں۔ انھیں دنوں میں جب قائداعظم لاہور آئے تھے تو نہرو بھی علامہ کو ملنے آ گئے۔ علامہ صاحب نے والد صاحب کو ویسے ہی کہا جیسا ان کو قائداعظم کے حوالے سے کہا تھا۔ نہرو آئے' وہ علامہ صاحب کے ساتھ مصافحہ کرنے کے بعد کرسی پر بیٹھنے کی بجائے زمین پر بیٹھ گئے کہ آپ تو بلند پائے کے پنڈت ہیں اور میں آپ کی برابری نہیں کر سکتا۔ مجبوراً ان کے ساتھ آئے ہوئے دیگر مہمانوں کو بھی زمین پر بیٹھنا پڑا۔ علامہ صاحب کو ان کی یہ بات بڑی ناگوار گزری کہ نہرو نے انھیں پنڈت کے طور پر مخاطب کیا ہے کیونکہ وہ اس چیز کو سخت ناپسند کرتے تھے۔ کچھ دیر توقف کے بعد نہرو کے ساتھ آئے ان کے میزبانوں نے کہا کہ یہ جناح صاحب کون ہیں' آپ خود کیوں نہیں مسلمانوں کی رہنمائی کرتے! علامہ صاحب کو ان کی بات پر کافی غصہ آ گیا اور انھوں نے ان کو جھاڑ پلا دی۔ انھوں نے کہا کہ مجھے آپ کی تمام مکارانہ سازشوں کا پتہ ہے' آپ کی چالاکیوں کا علم

ہے۔ آپ نے مسلمانوں کے حوالے سے جو بھی بات کرنی ہے، جناح صاحب سے کریں۔ نکل جائیں یہاں سے۔ پھر وہ ناراض ہو کر چلے گئے۔ ان دو واقعات کا حوالہ مَیں اس لیے دینا چاہتا ہوں کیونکہ مَیں جب بھی کہیں کسی سکول یا کالج میں جاتا ہوں تو ان واقعات کو ضرور سناتا ہوں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم اپنے اندر فکری اساس اور نظریاتی اساس علامہ سے لیتے ہیں، ان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ہمیں اپنی شخصیت کو قائداعظم کی شخصیت میں ڈھالنے کی ضرورت ہے۔ سب سے اہم چیز میرے نزدیک یہ ہے کہ علامہ اقبال کی فکر، شاعری اور فلسفہ کو پاکستان کی صورت میں ڈھالنے والی ایک ہی شخصیت تھی اور وہ قائداعظم ہی کی ذات تھی۔ ہم جو کچھ بھی اپنی زندگی میں کرتے ہیں، ہمیں قائداعظم کو بطور رول ماڈل اپنے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ جب تک ہم ایسا نہیں کرتے ہمارا مقدر انھی اسلامی ریاستوں کی طرح ہوگا جو ابھرتے ستارے کی طرح چمک کر اندھیرے میں غروب ہو جاتی ہیں۔

سوال: واہ بہت خوب! بڑا خوبصورت پیغام آپ نے دے دیا۔ ایک سوال اور ورنہ بات تشنہ رہ جائے گی۔ آپ نے علامہ صاحب کی طرح شاعری کو اپنی وراثت کا حصہ تو نہیں بنایا، مگر آپ تیسری نسل میں وکیل ہیں۔ علامہ صاحب کی قناعت پسندی کا یہ عالم تھا کہ وہ اپنے ملازم علی بخش کو کہتے تھے ہاں بھئی پیسے ہیں، ہفتے بھر کا راشن ہے۔ وہ کہتا تھا کہ ابھی ہفتہ بھر گزارا ہو جائے گا۔ اگر کوئی کیس علامہ کے پاس آیا بھی ہوتا تھا تو وہ اسے نہیں لیتے تھے۔ تو کیا آپ بھی ویسی ہی قناعت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہیں جیسا علامہ کرتے تھے؟

جواب: اللہ کا فضل ہے۔ جی میرے پر اور مَیں نے وکالت کا پیشہ اپنایا ہی اسی وجہ سے ہے کیونکہ یہ قائداعظم اور علامہ صاحب کا پیشہ ہے۔ علامہ صاحب تو شاید کامیاب وکیل نہیں تھے، وہ صرف اتنی ہی توجہ دیتے تھے جتنی وہ قناعت پسندی میں گزار سکیں، مگر قائداعظم اپنے دور کے بہت بڑے بلکہ مایہ ناز اور مقبول ترین وکیل تھے۔

سوال: وہ تو گھنٹوں کے حساب سے فیس وصول کرتے تھے، مگر یہ بھی ہے کہ اگر فیس بچ گئی تو واپس کر دیتے تھے۔ آج کل کوئی وکیل واپس نہیں کرتا؟

جواب: غازی علم دین شہید کا کیس بھی تو انھوں نے لڑا اور اس کے لیے انھوں نے کوئی فیس نہیں لی۔

سوال: آپ آنے والے جوان وکلاء کو اپنے تجربے سے بتائیں تاکہ وہ بھی استفادہ کر سکیں۔

جواب: جی مَیں اپنے نوجوان آنے والے وکلاء کو کہوں گا کہ وہ قائداعظم کا راستہ اختیار کریں اور کیونکہ وکالت ایک معزز ترین پیشہ ہے، وہ ہر حال میں قانون کا احترام کریں۔

ناصر زیدی: منیب اقبال صاحب! آپ نے ہمارے ساتھ نہایت عمدہ گفتگو کی، مگر کیونکہ دامن وقت تنگ ہے اس لیے اجازت۔ آپ ہمارے ساتھ اس خصوصی نشست میں شامل ہوئے، آپ کا بہت بہت شکریہ!

☆☆☆

سیّد محمد عبداللہ قادری

مکاتیبِ ڈاکٹر جاوید اقبال بنام سیّد نور محمد قادری

جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال اور سید نور محمد قادری کے بزرگ سیالکوٹ شہر کے باسی تھے۔ ڈاکٹر صاحب کے دادا جان شیخ نور محمد محلہ چوڑی گراں میں رہتے تھے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ سید نور محمد قادری کے دادا جان حضرت مولوی سید محمد چراغ شاہ بن مولوی سید محمد شاہ، بوکن ضلع گجرات سے حصول علم کے لیے سیالکوٹ آ گئے۔ حضرت مولوی غلام مرتضیٰ سیالکوٹی کے درس میں شریک ہو گئے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد سیالکوٹ شہر محلہ کشمیری نزد کشمیری مسجد میں ہی مستقل سکونت اختیار کر لی۔ آپ کے بیٹوں میں حافظ مولوی سید محمد عبداللہ شاہ بخاری (والد ماجد سید نور محمد قادری) حافظ سید احمد شاہ، مولوی سید محمد نور اللہ نور سیالکوٹی، مولوی حکیم سید محمد ظہور اللہ سیالکوٹی اور حافظ محمد شریف شاہؒ شامل تھے۔

سید نور محمد قادری کا خاندان تقریباً سو سال تک سیالکوٹ میں مقیم رہا۔ سید نور محمد قادری، شیخ نور محمد اور ڈاکٹر علامہ اقبال سے زمانہ طفولیت سے ہی واقف تھے۔ سید نور محمد قادری اپنی تالیف ''علامہ اقبال کے دینی اور سیاسی افکار'' کے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں:

> ''حضرت علامہ اقبال کے نام نامی سے میں بچپن ہی سے آشنا ہو چکا تھا۔ میرے عم محترم مولوی سید محمد نور اللہ شاہ نور سیالکوٹی ساکن کشمیری محلہ سیالکوٹ جب میرے والد مکرم حافظ سید محمد عبداللہ شاہ قادری خلیفہ مجاز حضرت قاضی سلطان محمود قادری دربار آوان شریف ضلع گجرات کو ملنے کے لیے تشریف لاتے تو سیالکوٹ شہر کے جن اہل محلہ اور پیر بھائیوں کا ذکر ہوتا ان میں شیخ نور محمد صاحب اور ان کے بلند اقبال بیٹے ''اقبال'' کا نام بھی شامل ہوتا۔''

میرے دادا مولوی سید محمد چراغ شاہ صاحب سیالکوٹ شہر کے سب سے بڑے عالم مولوی غلام مرتضیٰ صاحب مرحوم کے شاگرد اور جانشین تھے۔ وہ ان لوگوں میں شامل تھے جو شام کے وقت شیخ نور محمد کی دوکان پر مل بیٹھتے۔ تصوف اور علم و عرفان کی محفل جم جاتی۔ سید نذیر نیازی مرحوم لکھتے ہیں:

> ''محمد اقبال نے اگرچہ صرف اتنا کہا ہے کہ اس حلقے میں کتب تصوف کا مطالعہ ہوتا لیکن یہ نہیں بتایا یہ حلقہ کن بزرگوں پر مشتمل تھا۔ اتنا معلوم ہے کہ ان میں ایک سید چراغ شاہ

بھی تھے۔ گجرات سے ترک وطن کر کے انھی کے قریب محلہ کشمیریاں میں آباد ہوئے مولوی غلام مرتضٰی کے جن کی میر حسن نے بڑی تعریف کی ہے، شاگرد تھے۔"(۱)

اس طرح علامہ اقبال کے خاندان سے ہمارے مراسم قائم ہو گئے تھے۔ حضرت علامہ میرے چچا حکیم سید محمد ظہور اللہ شاہ صاحب کے ہم عمر اور قریبی دوست تھے۔ ہمارے خاندان کے ایک بزرگ سید محمد غوث صاحب مقیم موضع بوکن متصل گجرات فرماتے ہیں کہ میں ابھی نوجوان ہی تھا کہ حکیم صاحب مجھے اپنے ہمراہ لاہور لے گئے اور دو دن حضرت علامہ کے ہاں ٹھہرے، اور یہ دو دن نہایت ہی بے تکلف دوستوں کی طرح انھوں نے گزارے۔ میں جب تعلیم سے فارغ ہوا اور مطالعہ کا شوق پیدا ہوا تو حضرت علامہ کی تمام تصانیف اور ان کی سوانح و تعلیمات پر لکھی ہوئی چیدہ چیدہ کتابیں پڑھ ڈالیں اور جوں جوں مطالعہ بڑھتا گیا، حضرت علامہ سے عقیدت و محبت میں ترقی ہوتی گئی اور وہ مجھے بلا مبالغہ اسلام کے نابغہ عظیم نظر آنے لگے۔(۲)

سید نور محمد قادری، حضرت علامہ کے متعلق نئی معلومات کی جستجو میں رہتے تھے۔ حضرت علامہ اقبال نے اپنی زندگی میں صرف اتنا کہا کہ میں بھی سلسلہ قادریہ میں بیعت ہوں۔ اس سلسلہ میں میر غلام بھیک نیرنگ اپنے مضمون "اقبال کے بعض حالات" میں تحریر کرتے ہیں: "ان کے والد ایک صوفی بزرگ تھے، خود اقبال سلسلہ قادریہ میں بیعت کیے ہوئے تھے۔"

خود حضرت حکیم الامت بھی سید سلیمان ندوی کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں: "یہی حال سلسلہ قادریہ کا ہے جس میں خود بیعت رکھتا ہوں۔"(۳)

سلسلہ قادریہ میں اقبال کی بیعت کے سلسلہ میں سید نور محمد قادری نے کئی سال تحقیق کی۔ اس کے نتیجہ میں ایک مضمون تحریر کیا جو ماہ نامہ "ضیائے حرم" لاہور، اپریل ۱۹۷۵ء میں شائع ہوا۔

ڈاکٹر جاوید اقبال (اکتوبر ۱۹۲۴ء - اکتوبر ۲۰۱۵ء) سے سید نور محمد قادری کی علمی، ادبی دوستی کی ابتداء ۱۹۷۸ء میں ہوئی۔ سید صاحب نے ڈاکٹر جاوید اقبال کو رسالوں کا پارسل روانہ کیا۔ اسی پارسل میں سلسلہ قادریہ میں اقبال کی بیعت والا مضمون بھی شامل تھا۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے مطالعہ کیا اور تحریر کیا:

"عین ممکن ہے کہ علامہ بچپن میں اپنے والد کی وساطت سے حضرت قاضی سلطان محمودؒ یا قادریہ سلسلہ میں بیعت ہوں۔"(۴)

ڈاکٹر جاوید اقبال اور سید نور محمد قادری کے درمیان ۶/مارچ ۱۹۷۸ء تا ۸/اپریل ۱۹۹۳ء خط و کتابت رہی اور ملاقاتیں بھی ہوئیں۔ ۳۹ خطوط ہیں۔ ایک خط راقم الحروف (سید محمد عبداللہ قادری) کے نام ہے جو سید نور محمد قادری صاحب کی رحلت پر تعزیتی خط ہے۔ مجھے سید نور محمد قادری علیہ الرحمتہ سے نسبت فرزندی ہے۔

اقبالیات کے حوالہ سے سید نور محمد قادری کی تحقیق کے علامہ حکیم محمد حسین عرشی امرتسری بھی معترف

تھے۔فرماتے ہیں:

''محترم سید نور محمد قادری صاحب دیکھنے میں اَن پڑھ دیہاتی سے معلوم ہوتے ہیں۔ ان کے پاس بیٹھ کر ذرا کریدیے تو کان جواہرات ثابت ہوں گے۔اُن کے کتب خانے میں ایسے نادر مخطوطات و مطبوعات موجود ہیں جو شاید کہیں نہ مل سکیں۔آج کی صحبت میں اُن کے عطیے کا ذکر کیا جاتا ہے۔

غالباً یہ بات کسی کو معلوم نہیں کہ نظام دکن کے استاد اور علامہ اقبال کے فارسی کے مشیر و مصلح مولانا غلام قادر جالندھری شاعری میں کس کے شاگرد تھے! یہ سربستہ راز جناب سید نور محمد قادری کے کتب خانہ کی ایک کتاب ''دیوان فیروز'' سے منکشف ہوا جو ۱۹۲۱ء میں مرغوب ایجنسی لاہور نے شائع کی۔''(۵)

ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی سرکاری مصروفیات کے باوجود سید نور محمد قادری سے مسلسل رابطہ میں رہتے تھے۔لاہور سے جب کبھی باہر جاتے تو اپنا پورا پروگرام تحریر کرتے۔جب لاہور واپس آتے تو اطلاع دیتے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے سید نور محمد قادری کی دو کتب پر چند صفحات تحریر کیے۔

۱۔ اقبال کے دینی اور سیاسی افکار

۲۔ اقبال کا آخری معرکہ

''اقبال کے دینی اور سیاسی افکار'' کا فلیپ تحریر کیا:

''سید نور محمد قادری ایک عرصہ سے اقبال پر کام کر رہے ہیں۔زیر نظر کتاب ''اقبال کے دینی اور سیاسی افکار'' ان کے مضامین کا مجموعہ ہے اور میرے خیال میں انھوں نے علامہ اقبال کی فکر کو سمجھنے کے لیے جو معیار مقرر کیا ہے وہ درست ہے۔اس کتاب میں کئی ایسی چیزیں ہیں جو پہلی بار سامنے آئی ہیں، خاص طور پر ''علامہ اقبال کا سلسلہ قادریہ میں بیعت'' ہونے کی تفصیل۔

سید نور محمد قادری تاریخ و تحقیق دونوں کا ادراک رکھتے ہیں۔ان کا انداز بیان سادہ اور جامع ہے۔یہی وجہ ہے کہ اُن کے کسی مقالہ میں تشنگی کا احساس نہیں ہوتا۔''

جسٹس جاوید اقبال

۲۴؍ اکتوبر ۱۹۸۲ء(۶)

''اقبال کا آخری معرکہ'' کا تعارف از جسٹس جاوید اقبال:

''سید نور محمد قادری کی یہ تصنیف اضافہ کے ساتھ دوسری بار شائع ہو رہی ہے۔موضوع اس کا قوم و ملت کی توضیح کے سلسلہ میں علامہ اقبال اور مولانا حسین احمد مدنی کے

درمیان بحث ہے۔

علامہ اقبال کی زندگی کے آخری ایام میں خاص اہمیت حاصل ہوئی تھی قوم وملت کو ایک تصور کرتے ہوئے۔ علامہ اقبال کا موقف یہ تھا کہ قومیت اسلام مقام کی پابند نہیں۔ مگر مولانا حسین احمد مدنی قوم وملت کے معانی میں امتیاز کرتے تھے اور ان کے نزدیک گو قوم علاقہ کی پابند تھی، ملت اس سے آزاد تھی۔

عام طور پر مشہور ہے کہ بحث کے آخری مرحلہ میں مولانا حسین احمد مدنی نے علامہ اقبال کی ''غلط فہمی'' کو یہ بیان دے کر دور کر دیا تھا کہ انھوں نے مسلمانان ہند کو ہندوستان میں قومیت متحدہ یعنی وطنیت کے مغربی تصور کو قبول کر لینے کا مشورہ کبھی نہیں دیا اور ان کے موقف کو غلط سمجھا گیا ہے۔ اس پر علامہ اقبال نے تحریر کیا تھا کہ ایسی صورت میں انھیں مولانا حسین احمد مدنی پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں رہتا۔

سید نور محمد قادری کی تحقیق کے مطابق مولانا حسین احمد مدنی ہمیشہ قومیت متحدہ کے مبلغ اور ترجمان رہے اور علامہ اقبال کی وفات کے بعد بھی اپنا موقف اپنے مضمون ''متحدہ قومیت اور اسلام'' میں اس شدومد کے ساتھ پیش کیا۔ نیز علامہ اقبال کے متعلق تحریر فرمایا کہ وہ اپنی غیر معمولی قابلیت کے باوجود برطانیہ کے سحر میں مبتلا تھے۔ علامہ اقبال ان کو جواب دینے کے لیے زندہ نہ رہے لیکن اس معاملہ میں ''ارمغان حجاز'' میں ان کا قطعہ بجائے خود ایک مستقل جواب ہے۔

بہر حال قیام پاکستان کے بعد اس بحث کو علمی اور تاریخی اہمیت حاصل ہے اور سید نور محمد قادری نے اس موضوع پر یہ کتاب لکھ کر اقبالیاتی ادب میں قابل قدر اضافہ کیا ہے۔''

جاوید اقبال (۷)

ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنی مایہ ناز تالیف ''زندہ رود'' (حیات اقبال) مطبوعہ لاہور کے باب نمبر ۱۳ (خانہ نشینی) کے ص ۲۵۱ پر سید نور محمد قادری کا اس طرح ذکر کیا ہے:

○ اقبال کے تحریک ترک موالات کے حامی یا مخالف ہونے پر اقبال شناسوں میں اختلاف ہے۔ محمد حنیف شاہد کی تحریر سے یہ تاثر ہوتا ہے کہ شاید اقبال تحریک ترک موالات کے حامی تھے۔

(اقبال اور انجمن حمایت اسلام، از محمد حنیف شاہد، ص ۹۷، ۹۸)

○ عبدالسلام خورشید کے نزدیک اگرچہ اقبال کو تحریک ترک موالات کے مقاصد سے اتفاق تھا لیکن وہ نہیں چاہتے تھے کہ نہایت محنت سے بنائی ہوئی ایک اسلامی درس گاہ (یعنی اسلامیہ کالج لاہور) اس کی زد میں آکر

برباد ہو جائے۔

(اقبال تحریک ترک موالات کے حامی تھے یا مخالف؟ روزنامہ مشرق لاہور ۱۲ مئی ۱۹۷۸ء)

O سید نور محمد قادری کی رائے میں اقبال نہ صرف تحریک ترک موالات کے مخالف تھے بلکہ اس کے راہنماؤں سے سخت نالاں تھے۔

مضمون ''اقبال اور تحریک ترک موالات از سید نور محمد قادری جس کا مسودہ راقم (جاوید اقبال) کے پاس ہے اور اس سے استفادہ کیا گیا ہے۔ (۸)

سید نور محمد قادری اپنے گاؤں چک نمبر ۱۵ شمالی ضلع گجرات (منڈی بہاؤ الدین) سے جب بھی لاہور جاتے تو اکثر ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب سے ہائی کورٹ لاہور ہی میں ملتے تھے اُن کے دفتری اوقات کے بعد۔ ڈاکٹر جاوید اقبال، سید نور محمد قادری کی درویشانہ زندگی سے بے حد متاثر تھے۔ اُن کے اقبالیاتی کام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

ڈاکٹر جاوید اقبال سے سید نور محمد قادری کی یادگار ملاقات:

سید نور محمد قادری ہفتہ بھر (۲۵ /مارچ تا ۳۱ /مارچ ۱۹۸۰ء) کے لیے لاہور گئے۔ طے شدہ پروگرام کے مطابق ۲۹ /مارچ ۱۹۸۰ء کو جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال سے لاہور ہائی کورٹ میں ملے۔ یہ ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ پر محیط تھی۔ ملاقات میں زیر بحث موضوع علامہ اقبال ہی تھا۔

سید نور محمد قادری نے دریافت کیا کہ آپ نے حضرت علامہ صاحب کی سوانح ''زندہ رود'' میں یہ تسلیم کیا ہے کہ حضرت علامہ اقبال اور اُن کے والد شیخ نور محمد حضرت قاضی سلطان محمود قادری دربار آوان شریف ضلع گجرات سے بیعت تھے لیکن اس میں ''عین ممکن'' ہے کی پخ بھی لگا دی ہے لیکن ۱۰ /مارچ کے میرے نام کے خط میں آپ نے اس حقیقت کو کہ دونوں باپ بیٹا حضرت قاضی صاحب سے بیعت تھے، کھل کر تسلیم کر لیا ہے۔ براہ کرم اس پر روشنی ڈالیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے فرمایا کہ کتاب مکمل ہونے کے بعد مجھے اپنے پھوپھا شیخ غلام رسول ساکن وزیر آباد سے معلوم ہوا کہ میاں جی (شیخ نور محمد) اور علامہ اقبال کی حضرت قاضی صاحب سے بیعت ہر قسم کے شک وشبہ سے بالا ہے۔ پہلے میاں صاحب، قاضی سلطان محمود قادری سے بیعت تھے اور بعد میں علامہ اقبال کو ان کے بچپن میں آوان شریف لے جا کر حضرت سے بیعت کرایا۔ جاوید صاحب نے فرمایا کہ کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں اس مسئلہ کو صاف کر دیا جائے گا۔

اس کے بعد ڈاکٹر جاوید اقبال نے حضرت علامہ محمد اقبال کے روحانی مقام کے بارے میں ایک واقعہ بیان کیا جس کے راوی جسٹس محمد صدیق صاحب ہیں:

''میں نے اپنے مرشد صوفی برکت علی لدھیانوی صاحب مقیم سالار والا سے عرض کیا کہ آپ جب لاہور آتے ہیں تو حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہ کو سلام

کرنے کے بعد بالالتزام حضرت علامہ اقبال کی قبر پر فاتحہ پڑھنے کے لیے جاتے ہیں۔ اس میں کیا راز ہے؟ حضرت داتا صاحبؒ کے ہاں جانا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن علامہ محمد اقبال کے ہاں مستقلاً حاضری سمجھ سے باہر ہے۔

حضرت صوفی برکت علی صاحب نے فرمایا کہ ایک دفعہ میں حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویریؒ کے مزار پُرانوار کی زیارت کے بعد دربار شریف سے باہر نکلا ہی تھا اور ابھی موٹر میں بیٹھا تھا کہ ایک صاحب آئے' آ کر کہا آپ کو داتا صاحبؒ بلاتے ہیں اور مجھے کشاں کشاں داتا صاحبؒ کی قبر مبارک پر اندر لے گیا اور قبر شریف پر موجود ایک غلاف تہہ کر کے دیا اور کہا کہ یہ داتا صاحبؒ نے آپ کو دیا ہے۔ وہ غلاف ابھی میں نے ہاتھ میں پکڑا ہی تھا کہ وہ شخص نظروں سے اس طرح غائب ہوا کہ پھر تلاش بسیار کے باوجود نظر نہ آیا۔

خیر وہ غلاف لے کر میں سالاروالا کی طرف روانہ ہو گیا۔ راستہ میں ایک جگہ ہے جہاں میں لاہور آتے اور واپس جاتے ہوئے چائے پیا کرتا ہوں اور اس دفعہ بھی معمول کے مطابق واپسی پر چائے پی رہا تھا کہ کسی نے کہا کہ حضرت علامہ محمد اقبالؒ کے ملازم خاص میاں علی بخش کا آج صبح انتقال ہو گیا ہے۔ علی بخش مرحوم کا گاؤں اس جگہ سے قریب ہی تھا۔ چنانچہ میں بھی وہاں جا کر علی بخش کے جنازہ میں شامل ہوا اور جب علی بخش کی قبر پر مٹی ڈال دی گئی تو میرے دل نے کہا یہ غلاف حضرت داتا صاحبؒ نے علی بخش کی قبر پر ڈالنے کے لیے مجھے بطور امانت دیا تھا۔ چناں چہ میں نے وہ غلاف بسم اللہ شریف پڑھ کر علی بخش کی قبر پر چڑھا دیا اور اس دن کے بعد جب بھی لاہور آتا ہوں تو حضرت داتا صاحبؒ کی حاضری کے بعد حضرت علامہ محمد اقبالؒ کی قبر پر بھی ضرور جاتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ جس ہستی کے خادم پر حضرت داتا گنج بخشؒ اتنے مہربان ہیں خود اس (علامہ اقبال) پر کتنا کرم کرتے ہوں گے۔"

ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے ایک اور بات سنائی:

جب حضرت علامہ محمد اقبال کی کتاب ''اسرار خودی'' پہلی بار شائع ہوئی اور اس میں حافظ شیرازی کے خلاف اشعار چھپے تو ردعمل ظاہر ہوا۔ اس میں سب سے زیادہ حصہ حضرت علامہ محمد اقبال کے والد صاحب شیخ نور محمد کا تھا۔ وہ غصہ سے اس قدر بھر گئے کہ پورے ۶ ماہ تک حضرت علامہ سے بات تک نہ کی' یہاں تک کہ حضرت علامہ نے باپ سے معافی مانگی اور حافظ کے خلاف اشعار کو آئندہ ایڈیشن میں حذف کرنے کا وعدہ کیا۔ (۹)

میں دعا گو ہوں کہ ربّ العزت عزوجل شانہ اپنے حبیب مکرم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ ڈاکٹر جاوید اقبالؒ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ وارفع مقام نصیب فرمائے‘ ان کے مرقد کو بقعہ نور بنائے اور بخشش فرمائے آمین ثم آمین۔ رب کریم عزوجل اُن کی اہلیہ محترمہ ناصرہ جاوید اقبال‘ بیٹوں محترم منیب اقبال‘ ولید اقبال‘ ڈاکٹر صاحب کی ہمشیرہ منیرہ بانو صلاح الدین صاحبہ‘ اور بھانجوں جناب اسد صلاح الدین‘ یوسف صلاح الدین‘ اقبال صلاح الدین کو یہ غم برداشت کرنے کی توفیق فرمائے‘ آمین ثم آمین۔

ڈاکٹر صاحب کا وجود مسعود علمی‘ ادبی‘ سیاسی اور عدالتی اعتبار سے بڑی اہمیت کا حامل تھا۔ انھوں نے آخر دم تک قلم کے ذریعہ قوم وملت کی خدمت کی۔ ڈاکٹر صاحب کی جدائی کا احساس ہمیشہ ساتھ رہے گا۔ بہرحال یہ ربی فیصلے ہیں۔ بقول حضرت علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ:

مرنے والے مرتے ہیں لیکن فنا ہوتے نہیں
یہ حقیقت میں کبھی ہم سے جدا ہوتے نہیں

میں نے ڈاکٹر جاوید اقبال کے چند مادہ ہائے تاریخ یوں تحریر کیے ہیں:

''حی وہ زیب خورشید علم وبصیرت''	''نامور مفکر وہادی ڈاکٹر جاوید اقبال''
۱۴۳۶ھ	۱۴۳۶ھ
''جاوید فیض ماہِ مصر یوسف''	
۱۴۳۶ھ	

سید محمد عبداللہ قادری

حواشی

۱۔ دانائے راز‘ سید نذیر نیازی‘ اقبال اکادمی پاکستان لاہور‘ ۱۹۷۹ء‘ ص ۶۰

۲۔ علامہ اقبال کے دینی اور سیاسی افکار‘ سید نور محمد قادری‘ زمیندار ایجوکیشنل ایسوسی ایشن گجرات‘ ۱۹۸۲ء‘ ص ۱۰۹

۳۔ ماہ نامہ معارف اعظم گڑھ‘ اپریل ۱۹۵۴ء‘ ص ۳۰۸

۴۔ مکتوب ڈاکٹر جاوید اقبال بنام سید نور محمد قادری‘ ۶ مارچ ۱۹۷۸ء

۵۔ ماہ نامہ فیض الاسلام راولپنڈی مدیر حکیم محمد حسین عرشی امرتسری‘ اپریل ۱۹۷۷ء

۶۔ اقبال کے دینی اور سیاسی افکار‘ سید نور محمد قادری‘ زمیندار ایجوکیشنل ایسوسی ایشن‘ گجرات‘ ۱۹۸۲ء

۷۔ اقبال کا آخری معرکہ‘ سید نور محمد قادری‘ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور‘ ۱۹۸۷ء

۸۔ زندہ رود‘ ڈاکٹر جاوید اقبال‘ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور‘ ۱۹۷۹ء‘ ص ۳۰۴

۹۔ لاہور میں پانچ دن‘ مضمون سید نور محمد قادری‘ ماہ نامہ الہام بہاولپور‘ ۷ دسمبر ۱۹۸۰ء

مختصر سوانح حیات

جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال ابن ڈاکٹر علامہ محمد اقبال ۱۵/اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۰ء میں میٹرک کیا۔ ۱۹۴۲ء میں ایف اے۔ ایم اے انگریزی۔ ۱۹۴۸ء میں ایم اے فلاسفی کیا۔ ۱۹۵۴ء میں کیمبرج یونی ورسٹی سے پی ایچ ڈی کی۔ ۱۹۵۶ء میں بار ایٹ لاء۔ نائب صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ۱۹۶۵ء تا ۱۹۷۱ء۔ ذوالفقار علی بھٹو کے مقابلہ میں الیکشن لڑا۔ جج لاہور ہائی کورٹ ۸/مارچ ۱۹۸۲ء تا ۱۵/اکتوبر ۱۹۸۶ء۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ، جج سپریم کورٹ، رکن ایوان بالا (سینیٹ) ۱۹۹۹ء۔ تحریک پاکستان کے سرگرم رکن تھے۔ ۱۹۹۰ء میں آپ کو ترکی کی سلجوق یونی ورسٹی نے اسلامی ادب سائنس میں ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی۔

جسٹس (ر) ناصرہ جاوید اقبال بنت ڈاکٹر عبدالوحید سے شادی ہوئی۔ دو بیٹے ہیں۔ منیب اقبال، ولید اقبال۔

تصانیف: مے لالہ فام۔ نظریۂ پاکستان۔ میراث قائداعظمؒ۔ افکار پریشاں۔ زندہ رود۔ افکار اقبال۔ اپنا گریباں چاک۔ جہان جاوید۔

The Idealogy of Pakistan and its Implementation (1959)

۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ۴/اکتوبر ۲۰۱۵ء کو 4:30 سے 5:30 تک رسم قل، مین گلبرگ لاہور (اسلم ریاض پارک) میں ادا کی گئی۔

تدفین: شالامار باغ قبرستان، لاہور۔

☆☆☆

سید نور محمد قادری ابن حافظ مولوی سید محمد عبداللہ شاہ بخاری قادری ابن مولوی سید محمد چراغ شاہ سیالکوٹی ۱۳/مئی ۱۹۲۵ء کو چک نمبر ۱۵ شمالی، ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۵ء میں میٹرک کیا۔ ۱۹۴۵ء تا ۱۹۵۴ء اسلامیہ ہائی اسکول واڑہ عالم شاہ ضلع گجرات میں مدرس رہے۔ اس عرصے میں مطالعہ و تدریس کے ساتھ کتابیں جمع کرنا شروع کیں۔ کتب خانہ ابن عبداللہ قائم کیا۔ اپنے والد ماجد حافظ سید محمد عبداللہ شاہ قادری (م: دسمبر ۱۹۴۱ء) اور خاندان کے دوسرے افراد کی طرح حضرت قاضی سلطان محمود قادری آوان شریف ضلع گجرات (م: مئی ۱۹۱۹ء) کے سجادہ نشین و برادر زادہ حضرت صاحبزادہ قاضی محبوب عالم قادری (م: ۱۹۸۲ء) کے ہاتھ پر بیعت کی۔

سید نور محمد قادری کے والد ماجد حضرت قاضی سلطان محمود قادری کے خلیفہ اوّل تھے۔ آپ کے حقیقی چچا مولوی سید محمد نور اللہ نور سیالکوٹی مصنف چشمہ نور' حضرت قاضی صاحب کے سفر و حضر کے ساتھی تھے۔ حکیم سید ظہور اللہ شاہ سیالکوٹی' حافظ سید احمد شاہ بھی قاضی صاحب کے مرید تھے۔

سید نور محمد قادری درج ذیل کتب کے مصنف تھے:

نقوش محبت۔ اعلیٰ حضرت کی شاعری پر ایک نظر۔ اعلیٰ حضرت کی سیاسی بصیرت۔ اقبال کا آخری معرکہ۔ حضرت قاضی سلطان محمود قادری۔ اقبال کے دینی اور سیاسی افکار۔ سید احمد بریلوی کے فسانہ جہاد کی حقیقت۔ قطب العارفین (تذکرہ قاضی سلطان محمود)۔ میلاد شریف اور علامہ اقبال۔ اردو کی بہترین نعتیہ غزلیں۔ مولانا عبدالحامد بدایونی کی ملی و سیاسی خدمات۔ حب اہل بیت اور اکابر اہل سنت۔

درجنوں مضامین' اسلامیات' اقبالیات' تحریک پاکستان' شخصیات' مولانا احمد رضا خاں' تاریخ و سیاست' شعر و ادب' پنجابی مضامین' بیاض قادری (''الہام'' بہاول پور میں شائع ہوتی رہی)' دیباچے اور تبصرے بھی تحریر کیے۔

۱۴ اور ۱۵/نومبر ۱۹۹۶ء کی درمیانی شب ۲۰ ایف/۲۲۵ واہ کینٹ میں وفات پائی۔ ۱۵/نومبر ۱۹۹۶ء کی شام کو چک نمبر ۱۵ شمالی ضلع گجرات (منڈی بہاؤالدین) میں اپنے والد ماجد کے پائین میں دفن کیے گئے۔

اولاد: تین بیٹیاں۔ ایک بیٹا راقم الحراف (سید محمد عبداللہ قادری)۔

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

۲/مارچ ۷۸ء

جناب من۔ سلام مسنون

آپ کا ارسال کردہ رسالوں کا پارسل اور خط مل گئے۔ شکریہ!

میں نے متذکرہ مضمون پڑھ لیے ہیں۔ اس سلسلہ میں رائے کیا عرض کروں۔ عین ممکن ہے کہ علامہ بچپن میں اپنے والد کی وساطت سے حضرت قاضی سلطان محمود' یا قادریہ سلسلہ میں بیعت ہوں لیکن بعد کی زندگی میں ان کا قادریہ سلسلہ سے کوئی تعلق نہ رہا ہو۔ خیر یہ سارے معاملات تو تحقیق طلب ہیں۔ قرائن سے تو یہی ظاہر ہے کہ تصوف کے متعلق جو علامہ کے نظریات پہلے تھے وہ بعد میں نہ رہے۔

بہر حال مجھے اس بات پر آپ سے اتفاق ہے کہ علامہ تحریک ترک موالات کے حامیوں میں سے نہ تھے۔ میں نے حنیف شاہد کی کتاب ''اقبال اور انجمن حمایت اسلام'' کا مسودہ دیکھا ہے۔ ''فیضان'' میں اُن کا اس موضوع پر مضمون کتاب ہی سے اخذ کردہ ہے۔ لیکن اُن کا نقطہ نگاہ درست نہیں۔

مجھے آفتاب اقبال صاحب کے پتہ کا علم نہیں۔ وہ کراچی میں رہتے ہیں، صرف اتنا معلوم ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

لاہور

مورخہ ۱۹/فروری ۷۹ء

جناب سید نور محمد صاحب، سلام مسنون

آپ کی ارسال کردہ کتاب ''اقبال کا آخری معرکہ'' موصول ہوگئی۔ بہت بہت شکریہ۔ میں نے اُسے دیکھا ہے۔ نہایت محنت سے تحریر کی گئی ہے۔ افسوس ہے کہ مولانا حسین احمد مدنی کے پیروکار جب کسی مسئلہ پر بحث کرتے ہیں تو ان کا انداز مناظرانہ ہوتا ہے، محققانہ نہیں ہوتا۔ حضرت علامہ کی طرف سے تو مولانا کے ساتھ کوئی مناظرہ کرنا مقصود نہ تھا۔ ایک حقیقت کا انکشاف کرنا تھا اور وہ کردیا گیا۔ پاکستان کے قیام کے بعد یہ بحث بے معنی اور بے مقصد ہے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ لاہور

مورخہ ۱۰/مارچ ۸۰ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب

سلام مسنون، آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

یہ بات ہمارے خاندان میں سے بیشتر کو معلوم ہے کہ حضرت علامہ کے والد حضرت قاضی سلطان محمود صاحب آوان شریف والوں سے بیعت تھے اور بچپن میں حضرت علامہ کو بھی آوان شریف اُن کی بیعت کے لیے لے گئے۔ بچپن میں اس سلسلہ سے بیعت کا ذکر علامہ کے کسی خط میں بھی موجود ہے۔ میں نے آپ کا مضمون مندرجہ ''ضیائے حرم'' بھی دیکھا ہے اور یہ سب حوالے میری کتاب میں دیئے گئے ہیں۔ آپ اگر چاہیں تو ماسوا جمعرات و جمعہ جب لاہور آئیں، مجھے ہائی کورٹ میں میرے کمرے میں مل سکتے ہیں۔ میں عموماً پونے ایک بجے فارغ ہو جاتا ہوں۔ گھر میں عموماً دیر سے جاتا ہوں اس لیے دفتر ہی میں یعنی ہائی کورٹ کے کمرے ہی میں احباب سے ملاقاتیں کرتا ہوں۔

کتاب ''زندہ رود'' جو میں نے علامہ کی حیات پر تحریر کی ہے' اس کے صفحے کا فوٹو ارسال کرنے کی ضرورت نہیں۔ صرف ایک فقرہ ہے کہ ''وہ اور ان کے والد آوان شریف والوں سے بیعت تھے۔'' اس سے زیادہ تفصیل نہیں دی۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ لاہور

مورخہ ۱۹ر مارچ ۸۰ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

تفصیل جو آپ نے خط میں تحریر کی ہے' دلچسپ ہے۔ آپ کو شاید معلوم ہوگا کہ علامہ مرحوم نے بچپن میں اپنے والد کے زیر اثر قادریہ سلسلہ میں حضرت قاضی سلطان محمود صاحب' آوان شریف والوں کی بیعت کی تھی' لیکن بعد میں آپ ایسے سلسلوں یا سلسلہ ہائے تصوف سے بیزار ہو گئے۔ علامہ مرحوم کی تصوف کے مختلف سلسلوں سے بیزاری اور اُن پر نکتہ چینی ایک مشہور بحث ہے' گو مجھے بذات خود ایسی بحثوں میں دلچسپی نہیں۔

جیسے میں نے عرض کیا' آپ جب کبھی لاہور آئیں تو مجھے ہائی کورٹ میں میرے کمرے میں آ کر مل سکتے ہیں۔ میں گھر پر کسی کو نہیں ملتا کیونکہ دیر سے واپس جاتا ہوں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۲۳ر اپریل ۸۰ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط اور مضمون کا مسودہ موصول ہو گئے۔ میں مضمون ''علامہ اقبال اور تحریک ترک موالات'' ضرور پڑھوں گا اور ''حیات اقبال'' کی دوسری جلد میں اس مسئلہ پر بحث بھی کی جائے گی۔ پڑھنے کے بعد اس کی اشاعت کا بندوبست ''نوائے وقت'' میں ان شاء اللہ کر دوں گا۔ میرا فی الحال وطنیت کے موضوع پر لکھنے کا ارادہ نہیں لیکن ''حیات اقبال'' کی آخری (یا تیسری) جلد میں اُس کا ذکر ضرور آئے گا اور پوری تفصیل کے

ساتھ آئے گا' ان شاء اللہ۔

آپ ''اقبال کا آخری معرکہ'' مکمل ہونے پر مجھے دکھا دیجیے گا۔ میں بھی اب چند دنوں کے بعد بہاولپور تقریباً ایک ماہ کے لیے جا رہا ہوں۔ واپسی جون کے پہلے ہفتے میں ہوگی۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۳/ جون ۸۰ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب۔ سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ۔ آپ کا مقالہ جو ''نوائے وقت'' میں قسط وار شائع ہوا' خاصا پسند کیا گیا۔ میں کل ہی بہاولپور و کراچی سے واپس آیا اور آپ کا خط منتظر پایا۔ آپ اپنا دوسرا مقالہ بھی بھجوا دیجیے۔ اُسے بھی شائع کرانے کا بندوبست کر دیا جائے گا۔ آپ کے دیگر مضامین اور کتاب کا انتظار رہے گا۔ اگر کتاب ''اقبال کا آخری معرکہ'' مکمل ہو گئی تو اس کا پیش لفظ بھی لکھ دوں گا۔

میں تحقیق کے بغیر (یا پوچھے بغیر) آپ کو شیخ غلام رسول مرحوم کا سن وفات تحریر نہیں کر سکتا۔ اس سلسلہ میں میں ان کی بہوں یا بیٹوں میں سے کسی سے پوچھ کر آپ کو بتا دوں گا۔ باقی خیریت ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۱۸/ جون ۸۰ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا' شکریہ۔ نیا مضمون بھی مل گیا تھا اور وہ میں نے مجید نظامی صاحب کو بھجوا دیا تھا۔ عنقریب شائع ہوگا۔ اس سے پیشتر بھی آپ کا خط ملا تھا۔

مضمون ''اقبال اور تحریک ترک موالات'' کے وہ حصے جن کا تعلق حضرت علامہ سے تھا' ''نوائے وقت'' میں قسط وار شائع ہوئے۔ لیکن مجید نظامی صاحب فرماتے ہیں کہ باقی حصے مناظرانہ نوعیت کے تھے اور تحریک خلافت وغیرہ کے حامیوں کی دل آزاری کا باعث بن سکتے تھے۔ اس لیے ادارے نے انھیں نہ شائع

کرنے کا فیصلہ کیا۔

اصل میں ایسی بحث یا نقطہ نگاہ انسان اپنی کتاب میں پیش کرے تو درست ہے۔ ایک روزنامہ میں بعض اوقات بیکار بحث ایسے امور پر شروع ہو جاتی ہے اور روزنامہ پڑھنے والے ہر قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ بہر حال آپ کے مضمون کے ضروری حصے جن کا تعلق حضرت علامہ سے تھا وہ تو شائع کر دیئے گئے۔ میں ایک ہفتہ یا دس روز کے لیے چھٹی پر مری جا رہا ہوں۔ جولائی کے پہلے ہفتہ میں واپسی ہوگی۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۹/اگست ۸۰ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد صاحب، سلام مسنون

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

افسوس ہے ابھی تک مجھے ''اقبال کا آخری معرکہ'' پر کچھ لکھ سکنے کا وقت نہیں مل سکا۔ کتاب تو میں نے تب ہی دیکھ لی تھی لیکن اب اُسے پھر دیکھنا پڑے گا۔ پچھلے دنوں کام کی بڑی زیادتی تھی۔ پھر تعطیلات ہو گئیں اور میں ایبٹ آباد چلا گیا جہاں میرا بیشتر وقت علامہ مرحوم کی بیاگرافی کی دوسری جلد لکھتے گزرا۔ اب پھر لاہور سے باہر جانے کا پروگرام ہے اور ستمبر کے وسط میں واپسی ہوگی۔ جوں ہی مجھے کچھ اس کتاب پر لکھ سکنے کا وقت ملا، انشاء اللہ ضرور تحریر کروں گا اور آپ کو اطلاع دے دوں گا تاکہ آپ مسودہ واپس منگوالیں۔ باقی خیریت ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱/ستمبر ۸۰ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا تھا، لیکن مصروفیت کی وجہ سے جواب جلد نہ دے سکا۔ میں نے آپ کی کتاب کے لیے ایک مختصر سا تعارف لکھ رکھا ہے۔ کبھی آپ لاہور آئیں یا کسی کو بھیجیں تو مسودہ کے ساتھ تعارف بھی

منگوا لیجیے گا۔

میں اب لاہور ہی میں رہوں گا۔ باقی تعطیلات میں کہیں باہر جانے کا پروگرام نہیں ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۳ ستمبر ۸۰ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا تھا۔ شکریہ!

تعارف ہے تو مختصر لیکن جو کچھ کہنا ضروری ہے اس میں کہہ دیا ہے۔ اصل میں مجھ سے طویل تعارف لکھے نہیں جاتے اور نہ ہی وقت ملتا ہے۔ پڑھنے والے بھی مختصر تعارف پسند کرتے ہیں۔

مجھے شیخ غلام رسول صاحب مرحوم کے سن وفات کا پتہ نہیں چل سکا۔ ان کی اولاد میں سے کسی کو ملنے کا اتفاق نہیں ہوا اور یہ بھی علم نہیں کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔

قائداعظمؒ کے متعلق میری نظر سے ایسی کوئی کتاب نہیں گزری جس سے ظاہر ہو کہ وہ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے ممبر رہے تھے۔ آج کل ''زندہ رود'' کی دوسری جلد مکمل کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ ابھی تک پانچ باب تحریر کر لیے ہیں کیوں کہ چھٹیاں تھیں۔ اب دو باقی رہ گئے ہیں۔ لیکن تعطیلات بھی ختم ہو گئی ہیں۔ ان باقی دو بابوں میں ایک جس کا تعلق ترک موالات کی تحریک سے ہوگا، میں آپ کے مضمون سے استفادہ کروں گا انشاء اللہ۔ ابھی لکھنا شروع نہیں کیا، لیکن شاید دو ایک دن میں جو وقت ملے گا اس پر صرف کروں گا۔

حیران ہوں ''نوائے وقت'' نے آپ کا مضمون شائع کیوں نہیں کیا۔ کبھی مجید نظامی صاحب سے ملاقات ہوئی تو پوچھوں گا۔ بات دراصل یہ ہے کہ اخباری لوگوں کے اپنے مقاصد ہوتے ہیں اور جو بات اُن کی پالیسی کے مطابق کسی نہ کسی لحاظ سے نہ ہو اس کی اشاعت روک لیتے ہیں۔ بہر حال میں اُن سے پوچھوں گا۔

آپ کسی کو بھجوا کر یا خود آ کر مسودہ اور تعارف لے جائیے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۱۰رنومبر ۸۰ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

آپ کی والدہ محترمہ کی وفات کا پڑھ کر سخت افسوس ہوا۔ خداوند تعالیٰ انھیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور آپ کو صبر کی توفیق عطا کرے۔ والدہ کی موت خواہ انسان کی کسی عمر ہی میں کیوں نہ ہو' بڑی پریشان کن ہوتی ہے۔

میری ابھی تک شیخ نیاز احمد صاحب سے آپ کی تصنیف کے بارے میں بات نہیں ہو سکی کیونکہ شیخ صاحب موصوف امریکہ یا یورپ گئے ہوئے ہیں' اور شاید ایک ماہ تک واپس آئیں۔ جب موقع ملا تو بات کروں گا۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۳رفروری ۸۱ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

سید نذیر نیازی صاحب کی وفات کا بڑا صدمہ ہے۔ اقبال اکیڈمی کوشش کر رہی ہے کہ نیازی صاحب مرحوم کے لواحقین سے وہ قیمتی مواد حاصل کرے جس کی بعد میں ترتیب دی جا سکتی ہے یا اُسے شائع کرایا جا سکتا ہے۔ یہ پڑھ کر خوشی ہوئی کہ آپ کی کتاب ''اقبال کا آخری معرکہ'' کی کتابت ہو رہی ہے۔ ابھی ''زندہ رود'' کی دوسری جلد زیر کتابت ہے۔ شاید اگلے ماہ یا اپریل تک چھپے۔ تیسری جلد لکھنی شروع نہیں کی۔ غالباً گرمیوں کی تعطیلات میں لکھنی شروع کر دوں گا۔ ان شاء اللہ!

آپ ''اقبال اور احمدیت'' کے موضوع پر صحیح معنوں میں ایک کتاب تحریر کر سکتے ہیں۔ کوئی مستند کتاب اس موضوع پر نہیں۔ چند مناظرانہ قسم کے مضامین ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ برصغیر میں احمدیت کی تحریک کی تاریخ اور اس کے خلاف مسلمانوں کے ردعمل پر سیر حاصل بحث کے پس منظر میں علامہ کے احمدیت کے متعلق نظریات اور احمدیوں کا ان کے اعتراضات کا جواب پوری تفصیل کے ساتھ تحقیقی انداز میں لکھا جائے۔

میں بھی اس موضوع پر مواد اکٹھا کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اور ''زندہ رود'' کی تیسری جلد میں اُسے استعمال کروں گا۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۱۶رفروری ۸۱ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

''مکاتیب اقبال بنام سید نذیر نیازی'' اور ''اقبال درون خانہ'' میں نے اقبال ایکاڈمی کی لائبریری سے بذریعہ ڈائریکٹر حاصل کی تھیں جب کہ زندہ رود کی جلد میں تحریر کر رہا تھا۔ وہ اپنی کتب باہر لے جانے کی اجازت نہیں دیتے۔ البتہ کبھی لاہور آئیں تو اقبال ایکاڈمی کی لائبریری میں ان کتب کو دیکھ کر اُن سے نوٹ لے سکتے ہیں۔

آپ کے پاس اگر نیازی صاحب کے خطوط' اقبال کی تعلیمات کے سلسلہ میں موجود ہیں تو انھیں ایک مضمون کی صورت میں یک جا کر کے تیار کر دیجیے۔ اقبال ایکاڈمی کے مجلّہ اقبال ریویو میں چھپ سکتا ہے' یا یہ مواد ''نوائے وقت'' میں شائع ہو سکتا ہے۔

یہ پڑھ کر مسرت ہوئی کہ آپ اقبال اور عشق رسولؐ کے موضوع پر کتاب لکھنے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ احمدیت کے متعلق میں نے ابھی کتب کی لسٹ تیار نہیں کی۔ اس سلسلہ میں اقبال کے قادیانیوں کے ساتھ مناظرے کے متعلق مواد ابھی اکٹھا کرنا ہے۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

۲۸رفروری ۸۱ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

میرے مقصد کے لیے ''پیغام صلح'' لاہور کا جوبلی نمبر ہی صرف کافی نہیں۔ قادیانی اخباروں یا رسالوں نے جو جو الزامات یا تبصرے علامہ اقبال پر کیے وہ دیکھنے ہیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ قادیانی نقطہ نگاہ کے مطابق علامہ مرحوم نے ان کے عقاید کی مخالفت ذاتی اغراض کے حصول کی خاطر کی تھی، یعنی یہ مخالفت ذاتی تھی۔ میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ ان کا استدلال کیا تھا اور علامہ نے جو اعتراضات ان کے عقاید پر کیے تھے ان کا کیا جواب دیا گیا۔ یعنی اس ساری بحث کو مطالعہ کے بعد سمیٹنا چاہتا ہوں۔ بہر حال میں مواد اکٹھا کر رہا ہوں اور ان شاء اللہ منشا کے مطابق مواد مل جائے گا۔ آپ اگر سید نذیر نیازی پر اپنا مضمون لکھ دیں تو مجھے بتایئے گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۱ر مئی ۸۱ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

''زندہ رود'' کے لیے مبارک باد کا شکریہ۔ دوسری جلد چھپ گئی ہے۔ شیخ غلام علی ہی نے چھاپی ہے۔ آج کل اس کی جلد سازی کا کام ہو رہا ہے۔ غالباً ایک ہفتہ تک بازار میں آ جائے گی۔

مولانا حسین احمد مدنی کے حامیوں کے خط گالیوں سے بھرے ہوئے تھے اس لیے ان کا ذکر کر دینا کافی ہے۔ وہ چھاپنے کے قابل نہیں ہیں۔ دوسری جلد میں ایک مقام پر اُن کا ذکر حضرت علامہ ہی کی زبانی کیا ہے۔ پوری بحث تیسری جلد میں کی جائے گی، جب حسین احمد مدنی اور اقبال کے درمیان اس مسئلہ پر اختلاف ہوا (۱۹۳۸ء کے اوائل میں)۔

میں نے مضمون ''مولوی سید چراغ شاہ اور حضرت علامہ کے والد'' نہیں دیکھا۔ اگر ممکن ہو سکے تو اس کی نقل ارسال کر دیں۔

مجھے مضمون ''حفظ مراتب'' بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ حضرت علامہ کو خواہ اقبال کہا جائے، خواہ شاعر مشرق خواہ حکیم الامت انھیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ معاملہ فرد کی ذاتی عقیدت کا ہے۔ میں ذاتی طور پر القاب کو اتنی اہمیت نہیں دیتا۔ ایک مفکر کی اصل عزت اس کے افکار کو زندہ رکھنا ہے اور اس کے ساتھ ہی ان افکار کو عملی

جامہ پہنانا ہے۔ اگر ہم اس قابل نہ ہوسکیں اور محض القاب ہی تک اپنے آپ کو محدود کرلیں تو بات نہیں بنتی۔

آپ لاہور آئیے گا تو ملاقات ہوگی۔ انشاء اللہ!

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱ارجون ۸۱ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مع مضمون ''مولوی سید چراغ اور علامہ اقبال کے والد'' اور کتابچہ حضرت قاضی سلطان محمود قادری آوان شریف موصول ہو گئے ہیں۔ بہت بہت شکریہ۔ میں انشاء اللہ ان کو پڑھوں گا۔

''زندہ رود'' جلد دوم شاید چند دنوں تک تیار ہو جائے گی۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۷رجولائی ۸۱ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

جی ہاں، میں واقعی چند دنوں کے لیے کراچی گیا ہوا تھا۔ ایک ہفتہ وہیں قیام کیا۔ کچھ عزیزوں کے ہاں شادی تھی۔ اب ہمیں کل سے چھٹیاں ہو رہی ہیں اور عدالت پھر ستمبر کے وسط میں کھلے گی۔ میں دو ایک دنوں میں ایبٹ آباد جا رہا ہوں جہاں کتاب ''زندہ رود'' کی تیسری اور آخری جلد مکمل طور پر لکھنے کا ارادہ ہے۔ شاید ستمبر میں واپسی ہو۔

میں نے آپ کا ارسال کردہ کتابچہ حضرت قاضی سلطان محمود اور دوسرا مقالہ پڑھ لیے ہیں۔ اچھے لکھے ہوئے ہیں اور اُن کا تعلق زیادہ تر تاریخی ہے۔ آپ کے نئے مقالہ کا انتظار رہے گا۔ انشاء اللہ ستمبر میں ملاقات ہوگی۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۷ رجنوری ۸۲ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب

سلام مسنون! آپ کا خط اور ارسال کردہ کتاب وعکس خطوط مولانا حسین احمد مدنی موصول ہو گئے جن کے لیے شکر گزار ہوں۔ یہ پڑھ کر تشویش ہوئی کہ آپ چھ سات ماہ سے بیمار ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو جلد صحت کلی عطا فرمائے۔

مکتوبات مولانا حسین احمد مدنی واقعی تیسری جلد میں استعمال ہوں گے۔ اس سلسلہ میں آپ کی نگارشات بھی میرے پاس محفوظ ہیں اور اُن سے انشاء اللہ استفادہ کروں گا۔ اگر مزید اس سلسلہ میں یا قادیانیوں کے متعلق جو حضرت علامہ کی بحث ہوئی، کے بارے میں مواد آپ کی نظر سے گزرے تو مہربانی کر کے مجھے ارسال کیجیے گا۔

''جہان رضا'' بھی انشاء اللہ پڑھوں گا اور اپنی رائے آپ کو آگاہ کروں گا لیکن فی الحال وقت پڑھنے کا بہت کم ملتا ہے۔ بیشتر وقت عدالت کا کام اور فالتو وقت میں تیسری جلد ''زندہ رود'' کے لیے مواد کا مطالعہ یا تحریر کرنا وغیرہ۔ ابھی پچھلے ماہ مجھے ایک کانفرنس میں شرکت کے لیے امریکہ جانا پڑا اور نومبر کا مہینہ وہیں گزرا۔ اب ایک اور کانفرنس کے لیے پھر شاید امریکہ جانا پڑے ماہ مارچ کے آخر میں، اور اس کانفرنس کے لیے ابھی مقالہ تیار کرنا ہے۔

بہر حال جو وقت ملتا ہے (فالتو) پڑھنے لکھنے ہی میں گزارتا ہوں۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۵ رفروری ۸۲ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط اور اخبار کا تراشہ موصول ہوئے۔ شکریہ!

طلوع اسلام کے انتخاب اور بیان ملیہ کی فی الحال مجھے ضرورت نہیں کیونکہ ابھی تو میں دیگر ابواب تحریر کرنے میں مصروف ہوں لیکن اگر آپ یہ انتخاب مجھے بھجوا سکتے ہیں اور اگر وہ میرے پاس کچھ مدت تک چھوڑ سکتے ہیں تو ممنون ہوں گا۔

''جہانِ رضا'' کا مطالعہ کرنے کے لیے وقت نہیں ملا۔ انشاء اللہ ضرور پڑھوں گا۔ فی الحال تو عدالت کے کام سے فراغت کے بعد وقت ''زندہ رود'' (جلد سوم) پر صرف کررہا ہوں۔ مگر گزشتہ ہفتہ سے یہ کام بھی بند ہے کیونکہ شاید مجھے ایک آدھ ہفتہ تک اعظم گڑھ یو پی (انڈیا) جانا پڑے جہاں شبلی اکاڈمی کی صد سالہ برسی منائی جارہی ہے اور اس سلسلہ میں ایک کانفرنس مغرب کے مستشرقین اور اسلام کے موضوع پر ہورہی ہے۔ اس موضوع پر پرچہ تیار کرنا پڑے گا۔

پھر اگلے ماہ مارچ میں (وسط میں) مجھے امریکہ جانا ہے جہاں ایک کانفرنس ''اسلام میں ریاست کا تصور'' کے موضوع پر ہورہی ہے۔ اس کانفرنس کے لیے بھی مقالہ تیار کرنا ہے۔ میں نے حضرت علامہ کے متعلق آپ کے ارسال کردہ اخبار کے تراشہ میں مولانا کاظمی (سید احمد سعید کاظمی) کے تاثرات پڑھ لیے ہیں۔ شکریہ!

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۱؍مارچ ۸۲ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

میرا ہندوستان جانا ممکن نہیں ہوسکا کیونکہ حکومت پاکستان نے اس سلسلہ میں مجھے جانے کی کوئی ہدایت نہیں کی۔ دراصل میں ایسے غیر ملکی اجلاسوں میں حکومت پاکستان کی مرضی ہی سے شامل ہوسکتا ہوں اور اگر ایسی صورت نہ بنے تو پھر جانا ممکن نہیں۔ میں نے اعظم گڑھ بھی خط لکھ دیا ہے کہ آسکنا ممکن نہیں تھا اور اب تک تو ان کی کانفرنس بھی غالباً ختم ہو چکی ہوگی۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

۲۷؍اپریل ۸۲ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

یہ معلوم کر کے تشویش ہوئی کہ آپ شروع اپریل میں لاہور آئے لیکن مجھ سے نہ مل سکے کیونکہ طبیعت ناساز ہوگئی تھی۔ امید ہے آپ روبصحت ہوں گے۔

مجھے معلوم ہے کہ حضرت علامہ کے تصور مسلم ریاست اور چودھری رحمت علی کے ''پاکستان'' میں خاصا فرق تھا۔ حوالے منسلک کر کے بھیجنے کا شکریہ۔ اس مسئلہ پر تیسری جلد میں تفصیل سے بحث ہوگی۔ ''زندہ رود'' کی دوسری جلد میں تحریک ترک موالات کے بارے میں باب کا عنوان آپ کو پسند نہیں آیا۔ خیر اس مسئلہ پر بحث ہو سکتی ہے۔ ''جاوید نامہ'' کو مصور کرنے کا کام اب مکمل ہو چکا ہے۔ کبھی لاہور تشریف لائیے گا تو اس کی تصویریں آپ کو دکھا دوں گا۔ اب انشاء اللہ اقبال اکادمی کے زیر اہتمام ''جاوید نامہ'' کا ایک مصور ایڈیشن شائع ہوگا، جس کی تکمیل ۹ر نومبر ۱۹۸۲ء (حضرت علامہ کے یوم ولادت) کے دن ہوگی۔ اس کے نقش ایک پارسی مصور جمی انجینئر نے بنائے ہیں گو انھیں ہر منزل پر میری ہدایت حاصل تھی۔

ادبیات ملیہ مرتبہ سید نذیر نیازی کبھی لاہور آئیے گا تو ساتھ لیتے آئیے گا۔ میں نے ابھی تیسری جلد ''زندہ رود'' کا کام شروع نہیں کیا۔ انشاء اللہ گرمیوں کی تعطیلات میں کام شروع ہوگا۔ امید ہے آپ بخیر ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۱ر ستمبر ۸۲ء

محترمی سید نور محمد قادری، سلام مسنون!

آپ کے صاحب زادے (سید محمد عبداللہ قادری) آج مولانا حسین احمد مدنی سے متعلق آپ کی کتاب کے چند جزو اور آپ کا خط دے گئے، شکریہ۔ اصل میں آپ کی تحریر کا طریقہ میرے انداز تحریر سے مختلف ہے۔ آپ ذرا سخت زبان استعمال کرتے ہیں۔ بہر حال مولانا حسین احمد مدنی کے خیالات معلوم کرنے کے لیے میں اُن کی کتب دیکھنا پسند کروں گا یعنی ''متحدہ قومیت اور اسلام'' اور ان کی خود نوشت سوانح حیات۔ جب ان کتب کو دیکھنے کی ضرورت پڑی تو آپ کو تحریر کروں گا۔ میں امریکہ سے پرسوں رات واپس لوٹا ہوں۔ وہاں ایک کانفرنس پر گیا تھا اور تقریباً دو ہفتے وہیں قیام رہا۔ اب ہائی کورٹ کھل گیا ہے۔ لیکن ''زندہ رود'' جلد سوم کا باقی حصہ لکھنے کا وقت نہیں مل رہا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۳ر دسمبر ۸۲ء

محترمی سید نور محمد شاہ صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط اور کتاب ''اقبال کے دینی اور سیاسی افکار'' موصول ہو گئے۔ بہت بہت شکریہ۔ اس کتاب کو پڑھنے کا موقع تو شاید کچھ عرصہ کے بعد ملے گا کیوں کہ مصروفیات بہت زیادہ ہیں اور میں ایک بین الاقوامی کانفرنس کے لیے ایک پرچہ (مقالہ) بھی تحریر کرنے میں مشغول ہوں جس میں ۷ر جنوری ۱۹۸۳ء سے شریک ہونا ہے۔ یہ کانفرنس مالی (جزائر مالدیپ) میں ہو رہی ہے اور ایک ہفتہ تک جاری رہے گی۔ میں ۲ر جنوری ۱۹۸۳ء کو یہاں سے چلا جاؤں گا۔ ''جاوید نامہ'' کا ڈیلکس ایڈیشن اقبال اکیڈمی نے چھاپا ہے اور اس کی اعزازی کاپیاں صرف گورننگ باڈی کے ممبران اور چیئرمین کو ملی ہیں۔ توقع تو نہیں لیکن معلوم کرنے کی کوشش کروں گا اگر ڈائریکٹر صاحب ایک مزید اعزازی کاپی آپ کے لیے دے دیں۔

یہ پڑھ کر مسرت ہوئی کہ آپ اپنی اگلی تصنیف ''حضرت علامہ اور اولیاء کرام'' کے موضوع پر تحریر کر رہے ہیں۔ آپ کی کتاب ''اقبال کے دینی اور سیاسی افکار'' پڑھنے کے بعد انشاء اللہ اپنے تاثرات سے آپ کو آگاہ کروں گا۔ میں ۱۵ر جنوری ۱۹۸۳ء کے قریب واپس لاہور آؤں گا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۴ر جنوری ۸۳ء

محترمی سید نور محمد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا، شکریہ۔

میں مالی سے تو واپس لاہور آ گیا ہوں لیکن مصروفیت کے سبب آپ کی کتاب کا مطالعہ ابھی تک نہیں ہو سکا۔ ان شاءاللہ وقت ملنے پر اُسے دیکھوں گا اور اپنے تاثرات مختصراً تحریر کروں گا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۹؍جولائی ۸۳ء

محترمی جناب نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط، تخت سنگھ ونسو کی علامہ پر نظم اور سوانح حیات مولوی حاکم علی موصول ہو گئے۔ بہت بہت شکریہ۔ میں آج کل بہت زیادہ مصروف ہوں اس لیے فرصت ملنے پر سوانح حیات مولوی حاکم علی پڑھوں گا اور اپنی رائے بھی آپ کو لکھوں گا۔

''زندہ رود'' کی تیسری جلد ابھی مکمل کرنی ہے۔ ابھی تک آخری دو باب لکھنے ہیں اور وقت نہیں مل رہا۔ شاید اس سال موسم گرما کی تعطیلات میں کام مکمل ہو جائے۔ دعا کیجیے گا۔

''جاوید نامہ'' کے ڈیلکس ایڈیشن پر اقبال اکیڈمی والوں کا اختیار ہے۔ اس کی مفت کاپی بھجوا سکنا میرے لیے ممکن نہیں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۱؍ستمبر ۸۳ء

محترمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ بہت بہت شکریہ!

اس مرتبہ تعطیلات تو ملی ہی نہیں، کام جاری رہا اور ملک سے باہر بھی جو وقت گزرا وہ کانفرنسیں بھگتاتے گزرا۔ نتیجہ یہی نکلا کہ ''زندہ رود'' کی تیسری جلد ابھی مکمل نہیں ہو سکی۔ نہ آپ کی ارسال کردہ کتب مولوی حاکم علی یا اقبال کے دینی اور سیاسی افکار پڑھنے کا وقت ملا۔

اب ہائی کورٹ کھلتے ہی مزید مصروفیات ہو گئی ہیں۔ انشاء اللہ کبھی فرصت نصیب ہوئی تو باقی کام ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۶/ اگست ۸۴ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۶/ اگست ۱۹۸۴ء موصول ہو گیا، شکریہ۔ میں مہینہ بھر کے لیے امریکہ گیا ہوا تھا اور واپسی کے بعد کچھ عرصہ نتھیا گلی، کچھ لاہور اور کچھ کراچی میں گزرا۔ آپ کا مضمون ''علامہ اقبال کی عقیدت اولیائے عظام سے'' اقبال ریویو کے جنوری ۱۹۸۴ء کے شمارے میں میں نے پڑھا ہے۔ اس ضمن میں آپ نے خاصی محنت کی ہے اور اچھا خاصا مضمون لکھا ہے۔

''زندہ رود'' کی تیسری جلد مکمل ہو چکی ہے۔ آج کل کتابت کے مرحلے میں سے گزر رہی ہے، بلکہ کتابت بھی ساری مکمل ہو چکی ہے اور نظر ثانی کا مرحلہ ہے۔ انشاء اللہ ۹/ نومبر ۱۹۸۴ء تک شائع ہو جائے گی۔ اقبال ریویو میں آپ کا دوسرا مضمون ''اقبال کا ایک ہم عصر: میراں بخش جلوہ'' بھی انشاء اللہ ضرور پڑھوں گا۔ باقی سب خیریت ہے۔ آج کل چونکہ تعطیلات ہیں اور ہائی کورٹ بند ہے اس لیے گرمیوں میں لاہور سے باہر چلا جاؤں گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۹/ جنوری ۸۵ء

محترمی سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط موصول ہو گیا۔ میں پچھلے دنوں ایک کانفرنس میں شمولیت کے لیے جنیوا گیا ہوا تھا۔ وسط دسمبر ۱۹۸۴ء میں واپس آیا۔ مارچ میں آپ جب لاہور آئے تو آپ سے ملاقات ہو گی۔ میرے پاس مفتی سید عبدالقیوم جالندھری اور حضرت علامہ کے تعلقات کے متعلق کوئی مواد نہیں۔ اگر آپ نے ان کے تعلقات کے بارے میں کچھ مواد حاصل کیا ہے تو ایک مضمون کی صورت میں اس پر روشنی ڈال کر اقبال اکیڈمی کے رسالہ ''اقبال ریویو'' میں شائع کرا کے محفوظ کر لیجیے گا۔

''زندہ رود'' کی جلد سوم اپنے دستخطوں کے ساتھ آپ کو ارسال کر دی گئی ہے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۶رجنوری ۸۵ء

محترمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۲۱رجنوری ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ مولانا مودودی کے علامہ اقبال سے ملنے کا ذکر اسلامی تعلیمات کے ایک ادارے کے سلسلے میں آتا ہے جو پٹھان کوٹ میں قائم ہوا۔ اس کا تعلق مولانا مودودی کی سیاست سے نہیں ہے۔ میری نظر سے مولانا مودودی کے بیٹے حیدر فاروق کا بیان نہیں گزرا ہو سکتا ہے۔ اس بیان کا تعلق اُس خط سے ہو جو نذیر نیازی صاحب نے انھیں تحریر کیا تھا۔ اگر ''زندہ رود'' جلد سوم کے مطالعہ کے بعد کوئی اور بات آپ کے ذہن میں آئے تو مجھے لکھیے گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۹رفروری ۸۵ء

محترمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۶رفروری ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ میں نے آپ کی باتیں نوٹ کر لی ہیں۔ آپ نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ ''زندہ رود'' جلد سوم کے صفحہ ۵۹۰/۳ پر علامہ کے جس مضمون کا اقتباس دیا گیا ہے وہ اصل سے مختلف ہے اور آپ متعلقہ اقتباس کی نقل مجھے بھیج رہے ہیں، لیکن وہ ساتھ بھیجی نہیں۔ وہ بھی بھجوائیں تا کہ وضاحت کر سکوں۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

لاہور ہائی کورٹ، لاہور

۱۳راپریل ۸۶ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۰راپریل ۱۹۸۶ء موصول ہو گیا۔ یاد آوری پر شکر گزار ہوں۔ یہ درست ہے کہ ۱۹۳۶ء میں قائد اعظم کا لقب حضرت علامہ اقبال کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔ آپ نے تو ۱۹۳۷ء میں مسلم

لیگ کے پمفلٹ کا ذکر کیا ہے۔ علامہ اقبال میوزیم میں ایک سپاس نامہ بھی موجود ہے جو حضرت علامہ کو پیش کیا گیا اور اس میں انھیں قائداعظم کہہ کر مخاطب کیا گیا ہے۔ یہ بھی غالباً ۱۹۳۵ء یا ۱۹۳۶ء کا زمانہ تھا۔ عجیب بات ہے کہ علامہ اقبال میوزیم کا معائنہ جب صدر جنرل ضیاء الحق میرے ساتھ کر رہے تھے تو انھوں نے متذکرہ سپاس نامے میں یہ بات نوٹ کی اور اُسے پڑھ کر میری توجہ قائداعظم کے لقب کی طرف مبذول کرائی۔

مجھے حضرت علامہ کے دوست حقی بغدادی ازہری کے متعلق کچھ معلوم نہیں۔ میری نظر سے اُن کے سوانح حیات نہیں گزرے۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ سہ ماہی ''صحیفہ'' کے اکتوبر تا دسمبر کے شمارے میں احمد ندیم قاسمی صاحب نے جو یہ ارشاد کیا ہے کہ اقبال کا جو خطبہ نصاب میں شامل کیا گیا تھا نکال دیا گیا اس لیے کہ کہیں اُسے پڑھ کر طلبہ گمراہ نہ ہو جائیں۔ وہ کون سا خطبہ تھا اور کیوں نصاب سے خارج کیا گیا' میرا خیال ہے اس سلسلے میں آپ جناب احمد ندیم قاسمی صاحب سے معلوم کریں۔ اُن کا پتہ مندرجہ ذیل ہے:

جناب احمد ندیم قاسمی صاحب

چیئرمین بزم اقبال

۲۔ کلب روڈ' لاہور

اگر اس سلسلے میں آپ کی معلومات میں اضافہ ہوا تو مجھے بھی بتائیے گا۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

سپریم کورٹ آف پاکستان' لاہور

۱۸ر جنوری ۱۹۸۷ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب' السلام علیکم!

آپ کا خط مورخہ 87-1-10 موصول ہو گیا۔ میری طرف سے شکریہ قبول فرمائیے۔ آپ نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ حضرت علامہ کا خطبہ الہ آباد ۱۹۶۰ء کے لگ بھگ تک یونیورسٹی کے نصاب میں شامل تھا اور بعد میں خارج کر دیا گیا۔ ساتھ ہی آپ نے تحریر کیا ہے کہ اس معاملہ کی تحقیق کرائی جائے کہ کیوں خارج کیا گیا اور کوشش کی جائے کہ خطبہ الہ آباد ایم اے کے انگریزی نصاب میں اور مولانا حسین احمد مدنی کے جواب میں لکھا گیا علامہ اقبال کا مشہور بیان بی اے کے نصاب میں شامل کیا جائے۔ میرا خیال ہے کہ آپ اپنی طرف سے یہ تجویز یا تو وفاقی وزیر تعلیم کو لکھ بھیجیں یا وفاقی سیکرٹری تعلیم کو۔ اسی طرح اقبال اکیڈمی کے ڈائریکٹر جناب پروفیسر

مرزا محمد منور کو بھی لکھ دیجیے گا۔ اور اگر ہو سکے تو نوائے وقت کے مدیر جناب مجید نظامی صاحب کو بھی تحریر کر دیجیے گا کہ مرکزی مجلس اقبال کی آئندہ میٹنگ میں اس بارے میں ایک قرارداد منظور کر کے وفاقی یا صوبائی محکمہ تعلیم کو پہنچا دی جائے۔ یہ سب کچھ اگر ہو جائے تو میں اپنی طرف سے کوشش کروں گا۔

ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی طرف سے کوئی مجلہ شائع نہیں ہوتا۔

۲۵ر دسمبر کو صدر پاکستان کی اہل فکر و دانش کی محفل میں میں نے جو تقریر کی تھی اس کے پورے متن کی فوٹو کاپی اس وقت آپ کو ارسال کر دوں گا جب حکومت پاکستان اس ساری محفل میں جو کارروائی ہوئی تھی اسے شائع کر دے گی۔ تھوڑا انتظار کیجیے گا۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ میں چند ہفتہ لاہور میں کام کر رہا ہوں' اس کے بعد کراچی چلا جاؤں گا اور پھر فروری کے وسط میں راولپنڈی۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

سپریم کورٹ آف پاکستان' راولپنڈی

۱۲ر مارچ ۱۹۸۷ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب' السلام علیکم!

آپ کا خط اور ارسال کردہ کتاب ''اقبال کا آخری معرکہ'' موصول ہو گئے۔ میری طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمائیے۔ ان شاء اللہ اس کتاب کو پڑھوں گا اور اس سے استفادہ بھی کروں گا۔ میں ایک دو دن کے لیے لاہور آیا تھا' لیکن اب مئی تک راولپنڈی ہی میں قیام ہو گا۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

لاہور

۲۸ر ستمبر ۱۹۸۷ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب' السلام علیکم!

آپ کا خط مورخہ ۷ر ستمبر ۱۹۸۷ء مجھے امریکہ اور ترکی میں لیکچروں کے دورے سے واپسی پر پرسوں ملا' شکریہ۔ ''سفر نامہ شام'' پر جو کچھ تحریر کیا گیا اُس سے اصل سفر بہت زیادہ دلچسپ تھا۔

ابھی تک ۲۵/دسمبر ۱۹۸۶ء کی اہل فکر و دانش کے اجتماع میں میری تقریر شائع نہیں ہوئی۔ اشاعت کے بعد مکمل متن کی کاپی آپ کو بھیجوں گا۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ میں اب پنڈی چلا جاؤں گا' کیونکہ سپریم کورٹ کی تعطیلات ایک دو روز میں ختم ہو رہی ہیں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱' مین گلبرگ' لاہور

۱۸/فروری ۱۹۹۰ء

محترمی و مکرمی سید نور محمد قادری صاحب' السلام علیکم!

آپ کا خط مل گیا' بہت بہت شکریہ۔

آپ کے دونوں دامادوں کے افسوس ناک انتقال کے متعلق پڑھ کر سخت رنج ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس غم کے سہنے کے لیے صبر و استقامت دے۔ ان حالات میں انسان اور کیا کر سکتا ہے! میں اندازہ کر سکتا ہوں کہ بچیوں کے لیے یہ الم ناک حادثے کتنے تکلیف دہ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنا رحم کرے اور اُن کو بھی صبر و استقامت عطا کرے۔

میری نظروں سے ''اقبال'' کا خاص نمبر ابھی نہیں گزرا۔ اگر ڈاکٹر شیخ عطا محمد اور کیپٹن ڈاکٹر غلام محمد کی قبروں کو حضرت علامہ کی نسبت کے سبب قومی یادگار قرار دیا جائے تو پھر تو ان کی بیویوں کی قبروں کو بھی اسی زمرے میں شامل کرنا پڑے گا اور شاید اولاد کی قبروں اور ماں باپ بھائی بہن وغیرہ کی قبروں کو بھی۔ تو یہ سلسلہ تو بہت طویل ہو جائے گا۔ میری والدہ کی قبر بی بی پاک دامناں لاہور میں ابھی تک تو محفوظ ہے کیونکہ میں سال میں دو تین مرتبہ اس کا خیال رکھتا ہوں۔ علامہ کے والد' والدہ' بیٹی معراج اور بھائی عطا محمد کی قبریں سیالکوٹ میں ہیں۔ علامہ کی چار بہنیں تھیں جو سب کی سب فوت ہو چکی ہیں اور ان میں سے تین تو غالباً سیالکوٹ میں دفن ہیں اور ایک وزیر آباد میں۔ والدہ آفتاب اقبال گجرات میں دفن ہیں۔ علامہ کے دادا روپڑ میں دفن ہیں۔ اُن کی لدھیانہ والی بیگم لدھیانہ میں دفن ہیں۔ آفتاب اقبال کراچی میں دفن ہیں۔ تو اس اعتبار سے کن کن کی قبروں کو قومی یادگار بنا سکتے ہیں؟ میرا خیال ہے اس سلسلہ میں اگر کوئی کچھ کر سکتا ہے تو حکومت ہی کر سکتی ہے' میں کیا مدد کر سکتا ہوں۔

اب ریٹائرمنٹ کے بعد حضرت علامہ کے افکار پر کچھ کتب لکھنے کا ارادہ ہے۔ اس سلسلہ میں کام

ہو رہا ہے۔ ملک سے باہر لیکچروں کے لیے بھی جاتا رہتا ہوں۔ میرا پتہ اوپر درج ہے۔ جب خط و کتابت کریں تو اس پتہ پر کریں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱، مین گلبرگ، لاہور

مورخہ ۲۹/ مارچ ۱۹۹۰ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، السلام علیکم!

آپ کا خط مجھے کویت سے واپسی پر ملا۔ میں پانچ روز کے لیے کویت گیا ہوا تھا جہاں پاکستانیوں نے مجھے یوم پاکستان منانے کے لیے بلوایا ہوا تھا۔ خوب وقت گزرا۔

مجھے معلوم نہ تھا کہ والدہ آفتاب لاہور میں فوت ہوئیں اور یہی دفن ہوئیں۔

میں نے حضرت علامہ اور وحدت الوجود کے موضوع پر لکھنے کا کوئی پروگرام تو نہیں بنایا لیکن یہ موضوع غور طلب ضرور ہے۔ بہتر ہے آپ اس پر کوئی مستقل مقالہ یا کتاب تحریر کریں اور اس سے میں بھی استفادہ کروں۔ ہندوستان میں اس موضوع پر چھپی ہوئی کوئی کتاب تو میری نظر سے نہیں گزری البتہ بعض رسالوں میں جگن ناتھ آزاد اور شاید مولانا صباح الدین عبدالرحمٰن مرحوم کے مضامین پڑھے ہیں۔ اب ان رسالوں کی تلاش کر سکنا ممکن نہیں۔ اگر کہیں نظر پڑی تو آپ کو بھیج دوں گا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱، مین گلبرگ، لاہور

مورخہ ۵/ مارچ ۱۹۹۰ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، السلام علیکم!

آپ کا خط مورخہ ۲۸/ فروری مل گیا۔ شکریہ! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی بچیوں کو اتنا بڑا صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر و ہمت کی توفیق عطا فرمائے۔

مجھے علم نہیں تھا کہ والدہ آفتاب باغبان پورہ لاہور میں ایک قبرستان میں دفن ہیں۔ خیال یہی تھا کہ وہ گجرات میں فوت ہوئیں اور شاید اپنے خاندانی قبرستان میں دفنائی گئی ہوں۔

"اقبال اور وحدت الوجود" کے موضوع پر لکھنے کی ضرورت ہے۔ اس موضوع پر "اقبال اور حافظ" نامی ایک کتاب یوسف علی خاں صاحب نے انڈیا میں لکھ رکھی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ حضرت علامہ ابتدائی دور میں وحدت الوجود کے قائل تھے، وسطی دور میں اُس کے مخالف ہو گئے اور پھر آخری عمر یا دور میں دوبارہ وحدت الوجود کی طرف رجوع کیا۔

آپ کا کیا خیال ہے؟ یہ رائے جگن ناتھ آزاد کی ہے اور اسی طرح بعض دوسرے لوگ بھی اس نقطۂ نگاہ کا اظہار کر چکے ہیں لیکن مجھے ان سے اتفاق نہیں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱، مین گلبرگ، لاہور

مورخہ ۸ر مارچ ۱۹۹۲ء

محترمی و مکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب، السلام علیکم!

آپ کا خط مل گیا تھا لیکن مصروفیت کی وجہ سے جلد جواب نہ دے سکا۔ اتنی مدت کے بعد آپ کی خیریت معلوم کر کے خوشی ہوئی۔

میں نہیں کہہ سکتا کہ پروفیسر اسلم صاحب جنھوں نے "خفتگانِ کراچی" کتاب تحریر کی ہے، اُن کی Source آفتاب اقبال مرحوم کے عقائد کے متعلق کیا ہے۔ جہاں تک میرا علم ہے، وہ حنفی العقیدہ سنی تھے اور احمدیت کے مخالف تھے۔ البتہ بچپن میں انھیں قادیان میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے غالباً ان کے تایا نے بھجوایا تھا اور وہ کچھ مدت تک وہاں مقیم رہے۔ لیکن آج کل مسلمانوں میں تفرقہ بازی کی حالت کچھ ایسی ہے کہ جسے چاہتے ہیں کسی نہ کسی عقیدہ کی دم لگا دیتے ہیں۔ جب انتشار کی کیفیت ہو تو ہر کسی کا عقیدہ بھی متنازعہ بنایا جا سکتا ہے۔

میں نے شاید جگن ناتھ آزاد صاحب سے سن کر آپ کو تحریر کیا تھا کہ ہندوستان میں اقبال اور وحدت الوجود کے موضوع پر کتاب لکھی گئی ہے لیکن یہ کتاب میرے پاس موجود نہیں۔ اگر کبھی ہندوستان کا چکر لگا تو حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱' مین گلبرگ' لاہور

مورخہ ۸/اپریل ۱۹۹۳ء

محترمی ومکرمی جناب سید نور محمد قادری صاحب' السلام علیکم!

افسوس ہے آپ ایسے قیافوں کو اہمیت دینے لگے ہیں جو سطحی ہونے کے سبب غلط تھے۔

میری فطرت میں اپنے والد محترم کی طرح ہمیشہ حاضر و موجود سے بیزاری بلکہ بغاوت کے جذبات جاگزیں رہے ہیں۔ حضرت علامہ کی رحلت کے بعد ابتدائی طالب علمی کے زمانہ میں اس بغاوت کی ہیئت کچھ اور تھی۔ بعد ازاں جب میں پنجاب یونی ورسٹی کے ایم اے فلسفہ کے امتحان میں اول آیا اور گولڈ میڈل حاصل کیا تو اس نے اور صورت اختیار کر لی اور اب بڑھاپے میں اس حاضر و موجود سے بیزاری کی شدت جوانی کے عالم سے بھی کہیں زیادہ ہے۔

مجھے معلوم نہیں ''سنبھلنے'' سے آپ کی کیا مراد ہے! کیا انتہائی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونا یا سپریم کورٹ کا باعزت جسٹس بن جانا آپ کے نزدیک ''سنبھلنے'' کا معیار ہے؟ میرے ہاں تو ان چیزوں کی کوئی وقعت نہیں۔ اگر ہوتی تو آپ جیسے درویشوں سے راہ رسم نہ رکھتا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۶۱' مین گلبرگ لاہور

۲۷/نومبر ۱۹۹۶ء

محترمی ومکرمی سید محمد عبداللہ قادری صاحب

السلام علیکم!

آپ کا خط مورخہ ۲۵/نومبر ۱۹۹۶ء موصول ہو گیا۔ آپ کے والد ماجد سید نور محمد قادری صاحب کی رحلت کی خبر سن کر سخت افسوس ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں رکھے اور متعلقین کو صبر کی توفیق عطا فرمائے۔

میں پاکستان سے باہر گیا ہوا تھا اور اتفاق سے ۱۴/نومبر کی رات گیارہ بجے ہی واپس لاہور پہنچا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ڈاکٹر محمد آصف اعوان

مکاتیبِ ڈاکٹر جاوید اقبال بنام ڈاکٹر محمد آصف اعوان

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال ایک عظیم باپ کے فرزندِ ستودہ صفات تھے۔ ۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء کو اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ وہ ادبی ذوق، علمی متانت، بصیرت اور فہم فراست میں اپنے والد کی تصویر تھے۔ اُنھوں نے پوری دنیا میں ایک متوازن فکر کے حامل دانش ور کی حیثیت سے شہرت حاصل کی۔ راقم کو ڈاکٹر جاوید اقبال سے بارہا ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ بعض اوقات بذریعہ خط کتابت بھی رابطہ ہوا۔ ڈاکٹر صاحب کی عادت تھی کہ وہ چٹھی کا جواب ضرور ارسال کرتے تھے۔ میرے پاس اُن کے پانچ خطوط ہیں تاہم میں یہ سمجھتا ہوں کہ بڑے آدمیوں کا تحریر کردہ ایک ایک لفظ انفرادی ملکیت کی بجائے اجتماعی استفادے کا باعث بننا چاہیے۔ اِس لیے میں یہ پانچوں خطوط بزمِ اقبال لاہور کے سپرد کر رہا ہوں تا کہ وہ اِنھیں شائع کر کے قارئین کے ذوقِ علمی کی نذر کر سکیں۔ اگر چہ یہ خطوط تعداد میں صرف پانچ ہیں تاہم مجھے یقین ہے کہ جسٹس صاحب نے اِن خطوط میں فکرِ اقبال کے بعض پہلوؤں کی جس طرح تشریح و توضیح کی ہے، قارئین اُس سے ضرور فائدہ اُٹھائیں گے۔ اقبال کے انگریزی خطبات اقبال کی فکر و نظر کا نچوڑ ہیں تاہم اِن خطبات کے مطالعے کے حوالے سے ڈاکٹر جاوید اقبال کا یہ بیان کس قدر معنی خیز ہے:

"خطبات کے قاری کے لیے ضروری ہے کہ وہ مذہب کو سمجھنے کے روایتی انداز سے ہٹ کر مذہب کو عقلی و منطقی انداز میں سمجھنے کی نیت سے خطبات کا مطالعہ کرے"۔

(خط محررہ ۱۵/اکتوبر ۲۰۰۶ء)

خطبات کے مطالعے کے حوالے سے جسٹس صاحب کی رہنمائی انتہائی اہم ہے۔ یقیناً خطوط کے دیگر مندرجات بھی قارئین کے لیے قابلِ قدر ثابت ہوں گے۔

مورخہ ۱۰/اکتوبر ۲۰۰۶ء

محترمی و مکرمی ڈاکٹر محمد آصف اعوان صاحب!

السلام علیکم!

آپ کی ارسال کردہ تصنیف اقبال کا تیسرا خطبہ (تحقیقی و توضیحی مطالعہ) موصول ہو گئی۔ میری

طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمایئے۔ چند یوم سے میں آپ ہی کی کتاب اقبال اکادمی کی لائبریری سے منگوا کر پڑھ رہا تھا۔ مگر آج آپ کی طرف سے بھیجی ہوئی کتاب مل گئی۔ ابھی میں نے پہلے باب کے کچھ صفحے ہی دیکھے تھے۔ ان شااللہ پوری کتاب پڑھ کر رائے کا اظہار کروں گا۔ فی الحال تو میں اقبال اکادمی کو آپ کی کتاب واپس کر رہا ہوں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

جناب ڈاکٹر محمد آصف اعوان

اسسٹنٹ پروفیسر

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد

☆☆☆

مورخہ ۱۵/۱ اکتوبر ۲۰۰۶ء

محترمی ڈاکٹر محمد آصف اعوان صاحب!

السلام علیکم!

آپ کے خط کا شکریہ۔ آپ نے درست لکھا ہے کہ خطبات کے قاری کے لیے ضروری ہے کہ وہ مذہب کو سمجھنے کے روایتی انداز سے ہٹ کر مذہب کو عقلی و منطقی انداز میں سمجھنے کی نیت سے خطبات کا مطالعہ کرے۔ علامہ نے گوبر ملا کہہ رکھا ہے کہ وہ نہ فلسفی ہیں، نہ عالم اور نہ شاعر۔ مگر حقیقت میں یہ تینوں اُن کے فکر کی جہتیں ہیں۔ خطبات شاید قرآن کا مقدمہ ہوں یا نہ ہوں۔ البتہ انھیں جدید علم الکلام کہا جا سکتا ہے۔

علامہ نے اپنے خطوط میں قرآن پر نوٹس لکھنے کے حوالے سے جو باتیں کی ہیں، ان میں سے ایک تو اُن کا خیال تھا کہ The Quran as I understand it کے موضوع پر کتاب لکھی جائے۔ اور دوسرا ان کا ارادہ اسلامی فقہ پر (یا غالباً اجتہاد کے بارے میں) تفصیل سے کتاب لکھنا تھا۔ اس سلسلے میں م۔ش (میاں محمد شفیع) نے ان کے کہنے پر نوٹس (Synopsis) بھی تیار کیے تھے جو شائع ہو چکے ہیں۔ مگر زندگی نے وفا نہ کی۔

مجھے ابھی تک آپ کی تصنیف کو مکمل طور پر پڑھنے کا وقت نہیں مل سکا۔ جب پڑھ چکا تو رائے کا اظہار کروں گا۔ البتہ پہلے خطبے پر آپ کی کتاب پڑھنے کا بھی منتظر ہوں۔ امید ہے آپ بخیریت ہونگے۔ عید مبارک!

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

مورخہ ۱۵/جون ۲۰۰۷ء

محترمی ومکرمی ڈاکٹر محمد آصف اعوان صاحب!

السلام علیکم!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ۔ بیک ٹائیٹل کے لیے تحریر پڑھ لی ہے۔ درست ہے۔ دستخط کر دیے ہیں۔ آپ نے درست لکھا ہے کہ خطابات کے بعد اب خاصی مدت گزر چکی ہے اور اس وقت کے علمی میدانوں میں جو ترقی ہوئی ہے اس کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ خطبات کی روشنی میں عنوان خطبات اقبال اور مابعد فکری ارتقا صحیح ہے۔ اس پروجیکٹ پر آپ جیسے نوجوان فلسفی ہی کام کر سکتے ہیں، مگر جو بھی فکری ترقی ہوئی ہے وہ مغربی دنیا ہی میں ہوئی ہے۔ اس کا کوئی اثر اگر پڑا ہے تو غیر مسلم دنیا (جاپان، کوریا، چین) پر۔ دنیائے اسلام ابھی تک فکری تنزل کی حالت میں ہے۔ بہر حال پر امید رہنا چاہیے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

جناب ڈاکٹر محمد آصف اعوان

صدر شعبہ اُردو

جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

☆☆☆

61۔ مین گلبرگ لاہور

مورخہ ۱۹ نومبر ۲۰۰۹ء

محترمی ومکرمی جناب ڈاکٹر محمد آصف اعوان صاحب!

السلام علیکم!

ارسال کردہ آپ کی تصنیف ''معارف خطبات اقبال'' موصول ہوگئی۔ میری طرف سے شکریہ قبول فرمائیے۔ آج کے زمانے میں ایسی کتب پڑھنے اور سمجھنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ان کا مقصد علامہ اقبال کے ایسے نظریات کی تسہیل وتفہیم ہے جنھیں کفریات قرار دے کر ہمیشہ نظر انداز کیا گیا اور جن کے بارے میں غفلت کے سبب آج ہماری یہ حالت ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

جناب ڈاکٹر محمد آصف اعوان

شعبہ اُردو

جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

☆☆☆

مورخہ ۱۹ر جولائی ۲۰۱۰ء

محترمی ڈاکٹر محمد آصف اعوان صاحب!

السلام علیکم!

آپ کا خط مل گیا۔ یاد آوری کا شکریہ۔ میں نہ تو فلسفی ہوں نہ اقبال شناسی کا دعویٰ ہے۔ پھر بھی آپ کے سوال کا جواب دینے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اقبال حیات کے ساتھ خرد کی میکانکی ارتقا کے بجائے اس کی آزادانہ یا ناگزیر (Vital) فعلیت کے قائل ہیں۔ ان کے خیال میں اگرچہ حیات کی ترتیب' نظم وضبط یا ارتقا 'کا ایک طریق کار ہے لیکن اس طریق کار کو سائنسی تھیوری کے مطابق مخصوص خارجی قوتوں سے چلنے والی مشین قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ان کے نزدیک حیات اور خصوصی طور پر خرد کا تعلق خارج کے علاوہ داخل سے بھی ہے۔ اس بنا پر ممکن ہے حیات وخرد کی فعلیت کا سبب کوئی ناگزیر (Vital) ''روحانی'' قوت ہو۔ اگر سائنس کا یہ موقف تسلیم کر لیا جائے کہ حیات سے طبعی یا کیمیاوی اعمال سرزد ہوتے رہے ہیں اور اس نے اپنی موجودہ شکل ایک طویل ارتقا کے عمل کے ذریعہ حاصل کی ہے۔ (یعنی حیات بحیثیت مجموعی ایک میکانکی عمل کا نتیجہ ہے) تو پھر خرد کو بھی میکانکی ارتقا کا نتیجہ قرار دینا پڑے گا حالانکہ میکانکی عمل کا تصور (یا تھیوری یا مفروضہ) خرد ہی کا پیش کردہ ہے۔ یہ Self-contradiction ہے خرد کی اور بقول ولڈن کار (جسے اقبال اپنے استدلال کی حمایت میں پیش کر رہے ہیں):

> "How can the intellect as a mode of apprehending reality be itsell an evolution as something which only exsits as an abstraction of that mode of apprehending which is intellect?

خدا جانے میں آپ کے سوال کا جواب دے سکا ہوں یا نہیں۔ بہر حال میں نے اس بحث کا ذکر اپنی تصنیف خطباتِ اقبال تسہیل وتفہیم میں کیا ہے۔ شاید وہ کتاب آپ کی نظروں سے گزری ہو۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

محمد حنیف شاہد

☆☆☆

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال کے خطوط، پروفیسر محمد حنیف شاہد کے نام

۲؍فروری ۱۹۷۹ء میری زندگی کا مبارک ترین دن تھا جب کنگ سعود یونی ورسٹی کے کلچرل اٹیچی جناب خالد ہمدان کا مجھے فون آیا جس میں کہا گیا کہ آپ کے لیے ایک خوشخبری ہے' آپ اپنی پہلی فرصت میں مولانا ظفر علی روڈ تشریف لائیں' ساتھ ہی ساتھ انھوں نے اپنے دفتر کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر دے دیا۔ میں نے تمام کام چھوڑے' سب سے پہلے خالد ہمدان صاحب کے پاس پہنچ گیا۔ انھوں نے دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے یہ خبر سنائی کہ آپ بہت خوش قسمت انسان ہیں جن کا تقرر صرف اور صرف آپ کے تعلیمی کوائف کی بناء پر ہوا ہے اور کنگ سعود یونی ورسٹی کے ڈائریکٹر جناب ڈاکٹر منصور ترکی نے یہ تقرر فرمایا ہے۔ مجھے تاکید کی گئی ہے کہ ان سے رابطہ کر کے اطلاع دی جائے۔ تین سے چار ہفتوں کے اندر اندر سعودی عرب جانے کا بندوبست فرمائیں۔ آپ کو فیملی سٹیٹس دیا گیا ہے۔ اگر آپ فیملی کو ساتھ لے جانا چاہیں تو مطلع فرمادیئے اور فیملی فوری ساتھ نہیں جانا چاہتی تو بعد ازاں انتظام کر دیا جائے گا۔ میں نے ان کا دلی شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے مجھے ضابطے کے کاغذ دستخطوں کے لیے پیش کیے اور مزید خوشخبری سنائی کہ میں آپ کو خوش قسمت ترین شخص سمجھتا ہوں جنھیں اس تقرر کے اہل سمجھا گیا ہے۔

جناب خالد ہمدان صاحب نے مجھے سعودی سفر کے لیے تین ہفتوں میں تیاری کی مہلت دی۔ پاسپورٹ اور سفری دستاویزات کی تیاری میرے ذمہ لگائی اور ویزہ اور سفری ٹکٹ انھوں نے اپنے ذمہ رکھا۔ یہ سن کر میری خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اللہ ربّ العزت کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا اور سیدھے گھر جانے کی بجائے میں فرزند اقبال جناب جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کے دولت خانے پر پہنچا اور یہ خوشخبری سنائی۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی انتہائی مسرت کا اظہار کیا لیکن ساتھ ہی ساتھ مجھ سے یہ سوال کیا کہ حنیف تم سعودی عرب جا رہے ہو۔ As far as my Zinda Rood is concerned who will help me in your absence.

میں نے ڈاکٹر صاحب کو یقین دلایا کہ آپ کو قطعاً کوئی پریشانی نہیں ہوگی میں ہر لمحہ آپ کے ساتھ

رابطے میں رہوں گا۔ ڈاکٹر صاحب نے میرا سعودی عرب میں متوقع ایڈریس نوٹ کر لیا اور سعودی عرب پہنچتے ہی خط لکھنے کی تاکید فرمائی۔ روانگی سے پیشتر میں نے ڈاکٹر صاحب کو یہ کہتے ہوئے تسلی دی اور بتایا کہ میں نے تقریباً ۵۰ کلو وزن اپنے ساتھ لے جانے کا فیصلہ کیا ہے جن میں سب سے زیادہ مواد کا تعلق میرے پیر و مرشد حضرت علامہ اقبالؒ کے حوالے سے ہے۔ چنانچہ جب بھی ڈاکٹر صاحب کا مکتوب مجھے ملتا، میں ہفتے کے اندر اندر ڈاکٹر صاحب کا مطلوبہ مواد انھیں بذریعہ ڈاک بھجوا دیتا۔ مندرجہ ذیل مکاتیب جسٹس جاوید اقبال نمبر کی زینت بن رہے ہیں، یہ اُسی زمانے کی گفت و شنید ہے۔ اُمید ہے قارئین پسند فرمائیں گے۔

۱۵ر جنوری ۲۰۰۹ء

☆☆☆

جناب میاں محمد شہباز شریف صاحب

وزیر اعلیٰ صوبہ پنجاب

وزیر اعلیٰ ہاؤس، لاہور

بابت: بہترین ریسرچ ورک کے لیے انعام

محترمی میاں صاحب!

السلام علیکم!

حکومت پنجاب نے حال ہی میں بہترین ریسرچ ورک کرنے والے مستحقین کے لیے انعام کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں، میں یہ خط آپ کو پروفیسر محمد حنیف شاہد سے متعارف کرانے کی غرض سے تحریر کر رہا ہوں۔ پروفیسر محمد حنیف شاہد کئی سالوں سے تحقیق کا کام کر رہے ہیں۔ ان کی اردو اور انگریزی میں کئی تصانیف اسلام، حضرت علامہ اقبال، حضرت قائداعظم، مسلم لیگ، تحریک پاکستان، نظریہ پاکستان اور دیگر علمی و ادبی موضوعات پر شائع ہو چکی ہیں۔ نئی نسل کے لیے ان کے خطبات اور تصانیف مشعل راہ ہیں۔ میری نگاہ میں وہ مستحق ہیں کہ حکومت پنجاب کی طرف سے ان کی خدمات کا اعتراف کیا جائے اور اس ضمن میں جس انعام کے بھی وہ مستحق ہیں، انھیں عطا کیا جائے۔

خیر اندیش

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال

چیئرمین، تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ

☆☆☆

زندہ رُود

حیاتِ اقبال کا تشکیلی دور

جاوید اقبال

شیخ غلام علی اینڈ سنز،

لاہور O حیدر آباد

جناب محمد حنیف شاہد

جنہوں نے اس کتاب کی تکمیل میں میری ہر طرح سے مدد کی، میں آپ کا شکریہ اسی طرح ادا کر سکتا ہوں کہ آپ کو ہر وقت دعائیں دیتا رہوں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی کے ہر مرحلہ میں کامیابی اور کامرانی عطا کرے اور ملک وملت کی خدمات کا جذبہ آپ کے دل میں ہمیشہ جوان رکھے۔

جاوید اقبال

۱/۱۱ اکتوبر ۱۹۷۹ء

☆☆☆

مکرمی ومحترمی جناب ڈاکٹر صاحب

السلام علیکم! امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

میں اپنی تازہ کتاب ''نذرِ اقبال'' آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ امید ہے آپ اسے پسند فرمائیں گے اور چند سطور اس کے بارے میں تحریر فرما کر میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

''کلیات اقبال اردو'' اور ''کلیات اقبال فارسی'' کا ''اشاریہ'' الحمدللہ مکمل ہو چکا ہے۔ اردو حصہ تو اب چھپنے والا ہے البتہ فارسی حصہ کتابت ہو رہا ہے۔

''کلیات اقبال اردو'' کا اجراء حکیم الامت ڈاکٹر محمد اقبال کی تاریخ وفات پر مناسب ہوگا۔ میری تجویز ہے کہ ''کلیات اقبال فارسی'' کی تعارفی تقریب حکیم الامت کے یوم وفات پر منعقد کی جائے۔ میں نے یہ بات ملک رب نواز صاحب سے بھی کی ہے۔ اس وقت تک تو کتاب بخوبی تیار ہو جائے گی۔

ڈاکٹر صاحب، آپ کی نوازشات تو پہلے ہی بے شمار ہیں۔ ایک درخواست کی اجازت چاہتا ہوں۔ میں نے سر عبدالقادر کے انگریزی مضامین مرتب کیے ہوئے ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

1. Dr. Sir Muhammad Iqbal
2. The Great Poet of Islam
3. Iqbal as a Poet, Philosopher and Seer

4. Iqbal: Patriot, Poet and Philosopher
5. The Seer and the Mystic
6. Th Devil's Conference
7. The influence of Iqbal on Urdu Literature
8. Iqbal and Modern Civilization
9. Iqbal-Sir Mohammad B.B.C. Broadcast
10. The Influece of the West on Urdu Literature
11. Cultural Influence of the Islam in India
12. The Cultural Problem
13. Abul Fazl

(The typed manuscript consists of 150 pages and when published in book form, it will spread over about 225 pages) (Excluding foreword)

میری خواہش ہے کہ یہ مضامین کتابی صورت میں حکیم الامت کے ''جشن صد سالہ'' کے موقع پر ''اقبالیات'' کے عقیدت مندوں کی خدمت میں پیش کیے جائیں۔ اگر آپ اس ضمن میں جناب ڈاکٹر عبدالوحید خاں صاحب سے تذکرہ فرمائیں کہ وہ یہ کتاب ''رائلٹی'' پر شائع فرمادیں تو یہ نہ صرف مجھ پر بلکہ حکیم الامت کے شیدائیوں اور علم و ادب سے دلچسپی رکھنے والوں پر بھی ایک احسان عظیم ہوگا۔ فیروز سنز ایک ایسا ادارہ ہے جس کی ساکھ دنیا بھر میں قائم ہے اور پھر حکیم الامت اور سر عبدالقادر کو کون نہیں جانتا۔

مجھے یقین ہے کہ آپ اس کام میں ذاتی دلچسپی لیں گے۔

میرے لائق کوئی خدمت ہو تو ارشاد فرمائیں۔

نیازمند

(محمد حنیف شاہد)

3.9.72

بخدمت اقدس

جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب

علامہ اقبال روڈ' لاہور

☆☆☆

مسرت کا اظہار فرمایا اور تقریب میں بخوشی تشریف لانے کی آمادگی ظاہر کی۔ انھوں نے یہ بھی فرمایا کہ میں ان کی جانب سے آپ کی خدمت میں جلسے میں بحیثیت صدر تشریف لانے کی درخواست کروں۔ میاں صاحب ان دنوں کراچی میں ہیں اور ۱۵ر فروری ۱۹۷۳ء کو واپس لاہور تشریف لے آئیں گے۔ انھوں نے فرمایا تھا کہ ۲۰ اور ۲۸ر فروری کے درمیان کی کوئی تاریخ جو ممکن ہو، آپ مقرر فرما دیں۔ میاں صاحب مہمان خصوصی کی حیثیت سے تشریف لائیں گے اور آپ صدر محترم کی حیثیت سے۔ آپ کے علاوہ جو احباب تقریب میں شرکت فرمائیں گے ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں: جناب ابوالاثر حفیظ جالندھری، جناب شیخ محمد نصیر ہمایوں، جناب مولانا علم الدین سالک، جناب ڈاکٹر وحید قریشی، جناب ڈاکٹر سید عابد احمد علی اور جناب علامہ سید غلام شبیر بخاری۔

مجھے امید ہے کہ آپ اپنی بے پناہ مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر میری اور میاں منظور قادر صاحب کی درخواست کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے، تقریب میں ضرور تشریف لائیں گے۔ موضوع کی مناسبت کے لحاظ سے بھی آپ کا تقریب میں تشریف لانا نہ صرف مجھ پر بلکہ علامہ اقبال کے مداحوں کے لیے سعادت کا باعث ہوگا۔

میں نے آپ کے ارشاد کی تعمیل میں ''مشاہیر کشمیر'' بھجوا دی تھی۔ اگر وہ فارغ ہوگئی ہو یا فارغ ہونے پر محترم جناب محمد طفیل صاحب کو دے دیں۔ وہ میرے عزیز ہیں۔ مجھے مذکورہ کتاب پہنچا دیں گے۔

میرے لائق کوئی خدمت ہو تو ارشاد فرمائیں۔ والسلام مع الاکرام

نیازمند

(محمد حنیف شاہد)

۱۰ر فروری ۱۹۷۳ء

بخدمت اقدس

جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب

۳۔ علامہ اقبال روڈ، لاہور

☆☆☆

۲۴ ستمبر ۱۹۷۳ء

مکرمی و محترمی جناب ڈاکٹر صاحب

السلام علیکم! امید ہے آپ بہمہ وجوہ بخیریت ہوں گے۔

سب سے پہلے میری جانب سے ''جج'' کے عہدہ جلیلہ پر مستقل ہونے پر مبارک باد قبول فرمائیے۔

چھ ماہ کا عرصہ گزرنے کے باوجود آپ سے ملاقات کی یادیں ابھی تک تازہ ہیں اور ہمیشہ تازہ رہیں گی۔ یہ یادیں میرے لیے سرمایہ افتخار ہیں۔

میرے آپ کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکنے اور خط نہ لکھنے کی وجہ یہ ہے کہ اپریل میں میں بیمار رہا۔ میں ابھی صحت یاب نہ ہوا تھا کہ اہلیہ بیمار ہوگئیں۔ انھیں "بلڈ پریشر" کے یکے بعد دیگرے کئی دورے پڑے جس کے نتیجہ میں سات ماہ کا بچہ بھی ضائع ہوگیا۔ اہلیہ دو ڈھائی ماہ ہسپتال میں زیر علاج رہیں۔ ان دنوں گھر پر ہیں اور بحمد اللہ پہلے سے بہت بہتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے انھیں نئی زندگی دی ہے۔

"انجمن اقبال" کے سلسلے میں آپ نے جناب جسٹس ایس۔ اے رحمٰن صاحب سے مل کر بات چیت کرنے کے بارے میں فرمایا تھا، مجھے افسوس ہے کہ میں اس پریشانی کی وجہ سے ان سے رابطہ قائم نہیں کر سکا۔

امید ہے آپ نے "دی گریٹ پوئٹ آف اسلام" (انگریزی مضامین) والا مسودہ ملاحظہ فرما لیا ہوگا۔ نیز "مشاہیر کشمیر" اور "تاریخ اقوام کشمیر" بھی دیکھ لی ہوں گی۔ اگر آپ انھیں فارغ فرما چکے ہوں تو از راہ لطف و کرم محترم چودھری محمد طفیل صاحب کو مرحمت فرما دیں۔ میں ان سے لے کر لائبریری میں واپس کر دوں گا' کیونکہ ان کی فوری ضرورت ہے۔

آپ کے ارشاد کے مطابق میں "سیرو خاندان" کے بارے میں کچھ معلومات ارسال کر رہا ہوں۔ ان کے ماخذ تاریخ اقوام کشمیر اور ادبی دنیا (مئی ۱۹۶۵ء) ہیں۔ انھیں ملاحظہ فرما لیجیے۔ مجھے امید ہے کہ یہ آپ کے مفید مطلب ہوں گی۔ اس ضمن میں کوئی اور چیز ملی تو پیش خدمت کر دوں گا۔

میرے لائق کوئی اور خدمت ہو تو ارشاد فرمائیے۔ والسلام مع الاکرام

نیاز مند

(محمد حنیف شاہد)

بخدمت اقدس

جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب

۳۔ علامہ اقبال روڈ' لاہور

☆☆☆

ریاض

۱۱/۸ جنوری ۸۰ء

محترم و مکرم جناب ڈاکٹر صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ بفضل تعالیٰ بخیریت ہوں گے۔

آپ کا گرامی نامہ مجھے موصول ہو گیا تھا۔ یادفرمائی کے لیے سراپا سپاس ہوں۔ میں نے لاہور سے روانگی کے وقت آپ سے وعدہ کیا تھا کہ آپ کی خدمت میں پروفیسر جی سی چیٹرجی کا مضمون ارسال کروں گا۔ حسن اتفاق سے مذکورہ مضمون ایک دوست کے ذریعے سے دستیاب ہو گیا ہے، چنانچہ حسب وعدہ اس کی فوٹو کاپی لف ہذا ہے۔ امید ہے آپ اسے مفید مطلب پائیں گے۔ مضمون مذکور انگریزی میں تو نہیں مل سکا البتہ اس کا اردو ترجمہ ملا ہے، یقین ہے اس سے آپ کا مطلب نکل سکے گا۔ میں نے یہ مضمون محترم چودھری ولی محمد صاحب کو فوٹو کاپی کے لیے دیا تھا، شاید انھوں نے بھی اس کی نقل آپ کی خدمت میں ارسال کر دی ہے۔

چودھری صاحب سے پچھلے ہفتے ملاقات ہو گئی۔ ہوا یوں کہ انھوں نے مجھے خط لکھا اور فون نمبر خط میں درج فرما دیا۔ میں نے فون پر ان سے رابطہ قائم کیا۔ چنانچہ ملاقات کے لیے وقت طے ہو گیا اور پروگرام کے مطابق میں ان کے دفتر چلا گیا جہاں انھوں نے میرا پُر جوش خیر مقدم کیا۔ ازاں بعد وہ مجھے جامعہ امام محمد بن سعود کے مرکز لغۃ العربیہ میں لے گئے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ انھوں نے عربی کلاس میں داخلہ لے رکھا ہے۔ چنانچہ ان کی دعوت پر میں نے بھی مذکورہ کلاس میں باقاعدہ داخلہ لے لیا ہے اور ہفتے میں چار دن (یعنی ہفتہ، اتوار، پیر، منگل) ہماری ملاقات ہوتی ہے کیونکہ یہ ایام عربی کلاس کے لیے مخصوص ہیں۔

چودھری صاحب کی دعوت پر آج میں ان کی قیام گاہ پر گیا اور کافی دیر تک نشست رہی جس میں آپ کا ذکر خیر ہوتا رہا۔ اب ان شاء اللہ ہماری ملاقات ہوتی رہے گی اور آپ کا ذکر بھی یقیناً ہوا کرے گا۔ چودھری صاحب نے خاص طور پر کہا تھا کہ خط میں ان کی جانب سے سلام و دعا آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ وہ الحمدللہ بخیریت ہیں اور خوب کام میں مصروف ہیں۔ ان کا دفتر تو میری رہائش گاہ کے قریب ہے البتہ دولت کدہ تین چار میل دور ہے لیکن یہ دوری کاغذی حیثیت رکھتی ہے کیونکہ آپ کے عزیز دوست ہیں لہٰذا میرے بھی عزیز ٹھہرے۔ میری خدمات ہر وقت ان کے لیے حاضر ہیں۔ آپ کا ہر حکم سر آنکھوں پر۔ آپ خط لکھیں تو بلا تکلف اس بات کا اظہار فرما دیں۔ اگر میں ان کی کوئی خدمت کر سکا تو مجھے خوشی ہو گی!

ایک زحمت دے رہا ہوں۔ براہ کرم تاج کمپنی (ریلوے روڈ) لاہور فون کر کے یہ امر دریافت فرمائیں کہ اگر قرآن مجید کی اشاعت کے نقطہ نظر سے کوئی پاکستانی کچھ رقم جمع کروا کر شریک کار بننا چاہے یعنی دو تین لاکھ روپے انوسٹ کرنا چاہے تو کمپنی مذکور اسے ماہوار / سہ ماہی کیا ادا کرے گی اور رقم مذکور کتنے سال تک دینی چاہیے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ یہ رقم جو تاج کمپنی بطور منافع دے گی وہ منافع متصور ہو گی یا سود؟ اس سلسلے میں قرآن مجید میں کیا ارشاد ہے اور اسلامی فقہ کیا کہتی ہے؟ چونکہ اسلامی فقہ آپ کا خاص موضوع ہے اس لیے آپ اس کی وضاحت فرمائیں۔ اس سلسلے میں علامہ اقبال کا کیا نقطۂ نظر تھا؟ اگر زحمت نہ ہو تو محترم جسٹس

مولوی مشتاق حسین صاحب یا جن سے آپ مناسب خیال فرمائیں، مشورہ فرمالیں اور مکمل تفصیلات سے سرفراز فرمائیں۔ جنھوں نے یہ سوال اٹھایا ہے وہ میرے بہت عزیز ہیں اور آپ کے غائبانہ طور پر بہت مداح۔ آپ کی تصنیف سے تو وہ اور بھی زیادہ متاثر ہوئے ہیں اور آپ کی خدمت میں سلام ودعا کے علاوہ مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

محترم جناب نظامی صاحب کو ایک خط بھیجا تھا' تادم تحریر جواب سے محروم ہوں۔ خیال ہے کہ دوبارہ خط ان کی خدمت میں تحریر کروں۔ ہوسکتا ہے، میرا خط ان تک نہ پہنچا ہو۔ اگر ملاقات ہو یا فون پر بات ہو تو میرا سلام پیش کیجیے گا۔

محترم میاں امیر الدین جناب کی خدمت میں بھی (بشرط ملاقات) سلام عرض کریں۔

میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بلا تکلف تحریر فرمائیں۔

نیاز مند

(محمد حنیف شاہد)

بخدمت گرامی، جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۷۹ء

محترمی ومکرمی حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط اور عید کارڈ مل گئے بہت بہت شکریہ!

ہماری طرف سے بھی عید مبارک قبول فرمایئے۔ خداوند تعالیٰ سے دعا ہے کہ ایسی بے شمار عیدوں کی خوشیوں سے آپ کو ہمکنار کرے۔ آپ نے اچھا کیا کہ صدر پاکستان کو بھی بذریعہ خط صورت حال سے آگاہ کر دیا۔ بہر حال ہم اس طرف سے کوشش جاری رکھیں گے۔ مجید نظامی صاحب کو بھی گاہے بگاہے ان باتوں سے آگاہ کرتے رہے۔ انشاء اللہ بہتری کی صورت نکل آئے گی۔

میں تعطیلات میں چند دنوں کے لیے ایبٹ آباد گیا ہوا تھا۔ ابھی پرسوں شام ہی لوٹا ہوں۔ مجید نظامی صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی۔ ہوسکا تو انھیں اسی موضوع پر اداریہ لکھنے کو کہوں گا۔ آج کل تو صدر صاحب بھی مدینہ منورہ میں ہیں۔ شاید آپ کی ملاقات ان سے ہوئی ہو۔ میں مجید نظامی صاحب کو آپ کا خط اور صدر صاحب کے نام خط کی نقل دکھادوں گا۔

یہ پڑھ کر خوشی ہوئی کہ آپ ستمبر میں رخصت پر پاکستان آئیں گے۔ انشاء اللہ آپ سے ملاقات

ہوگی اور اس بارے میں مزید تفصیل کے ساتھ بحث بھی کر سکیں گے۔ سعودی عرب سے کچھ میرے لیے لانے کی پیشکش کا شکریہ۔ آپ سے ملاقات ہونا بجائے خود ایک تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور ملک و ملت کی خدمت کی توفیق دے۔

میاں امیر الدین صاحب بخیریت ہیں۔ آپ کا سلام ان کو پہنچا دوں گا۔ میری نظر سے اقبال ریویو میں آپ کا مضمون ''سائمن کمیشن کی خدمت میں پنجاب مسلم لیگ کی یادداشت'' نہیں گزرا۔ پچھلے شمارے دیکھوں گا۔ کیا یہ وہی رسالہ ہے جو اقبال اکادمی شائع کرتی ہے؟ وہ تو باقاعدگی سے مجھے ملتا رہتا ہے لیکن بزم اقبال کا رسالہ باقاعدگی سے نہیں ملتا۔ بہرحال ضرور تلاش کر کے اسے پڑھوں گا۔

لاہور میں ابھی تک خاصی گرمی ہے۔ اس سال بارشیں توقع سے کم ہوئی ہیں لیکن ستمبر میں موسم یقیناً بہتر ہو جائے گا۔

والسلام
خیر اندیش
جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۹۷۹ء

محترمی محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ۔ یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ آپ خدا کے فضل سے بغیر کسی تکلیف کے ریاض پہنچ گئے۔ سعودیہ ایئر لائنز اسی طرح کی حرکتیں کرتی ہے۔ ہم بھی ایک مرتبہ مدینہ میں اسی مشکل کا شکار ہونے لگے تھے لیکن ایسی نوبت نہ آئی۔

آپ کے دوست اعجاز صاحب نے مجھے ضروری حوالہ جات میرے گھر آ کر دے دیئے تھے۔ بہت بہت شکریہ ان مضامین کو بھیجنے کا۔ مجید نظامی صاحب ۲۰ نومبر تک وہیں ہیں۔ آپ کی ملاقات ہو تو میری طرف سے بھی انھیں بہت بہت سلام پہنچا دیجیے!

باقی خیریت ہے۔

والسلام، خیر اندیش
جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۸ نومبر ۱۹۷۹ء

محترمی حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

یہاں، پروفیسر چیٹر جی کا علامہ اقبال کے بارے میں مضمون اگر آپ کو مل گیا تو ضرور ارسال کرائیے گا۔ میں آج کل دوسری جلد ''زندہ رُود'' میں اسی موضوع پر مواد اکٹھا کر رہا ہوں۔

مجید نظامی صاحب کل شام لاہور پہنچ گئے۔ میری ابھی ان سے ملاقات نہیں ہوئی۔ کسی دوست سے پتہ چلا۔

میری طرف سے حج کی سعادت نصیب ہونے پر بہت بہت مبارک باد قبول کیجیے اور میری ذات اور بچوں کے لیے آپ نے جو خصوصی دعائیں کیں ان کے لیے بھی بے حد ممنون ہوں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

نوٹ: پوسٹ بکس نمبر انگریزی میں لکھنا نوٹ کر لیا۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ ۲ کے لیے عربی ۷ استعمال ہوتا ہے۔

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۶ر جنوری ۱۹۸۱ء

محترمی و مکرمی جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ بہت بہت شکریہ!

میں نے آپ کا مضمون جو اقبال ریویو بابت جولائی ۱۹۷۸ء میں شائع ہوا تھا، دیکھ لیا ہے۔ یہ واقعی وہ یادداشت ہے، جو سائمن کمیشن کو دی گئی۔ دوسری کتاب جواب پنجاب لیجسلیٹو کونسل میں کے موضوع پر ہے، خاصی دلچسپ ہے۔ بہر حال میں ان شاء اللہ ان سب کتابوں اور مضمونوں سے کتاب ''زندہ رُود'' کی تیسری جلد لکھتے وقت استفادہ کروں گا۔

ان شاء اللہ آئندہ جولائی میں جب آپ لاہور آئے تو ملاقات ہوگی۔ ریاض کی کانفرنس کی روداد (مختصر سی) ایک خبر کی صورت میں ''نوائے وقت'' میں شائع ہوئی تھی۔ آپ نے درست لکھا ہے کہ عربوں کو متوجہ کرنے کے لیے مختلف قسم کے سمینار یا علمی جلسے کرنے کی ضرورت ہے۔ ان شاء اللہ ایسا کیا جائے گا۔

پرسوں سید نذیر نیازی انتقال فرما گئے۔ حرکت قلب بند ہونے سے موت واقع ہوئی۔ آپ اکیاسی

برس کے تھے۔ کل میانی صاحب کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ انا للّٰہ و انا علیہ راجعون۔ آج دو بجے قل ہیں۔ ان کی وفات سے اقبال شناسی کی ایک مخصوص روایت ختم ہو گئی۔

لاہور میں پچھلے چند دنوں سے سردی بڑھ گئی ہے کیونکہ پچھلے دنوں اولے پڑے تھے۔ ہائی کورٹ کا کام جاری ہے۔ تعطیلات ختم ہو چکی ہیں۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲/نومبر ۱۹۸۲ء

محترم محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ مبارک باد کا بہت بہت شکریہ۔ آپ نے میرے متعلق جن جذبات خلوص و شفقت کا اظہار اپنے خط میں کیا ہے، ان کے لیے بھی ممنون ہوں۔ واقعی اب مصروفیت بڑھ گئی ہے اور ساتھ ذمہ داری میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ ''زندہ رود'' کی تیسری جلد کوشش کروں گا کہ دسمبر ۱۹۸۲ء کے آخر تک ختم ہو جائے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ایسا ہو نہ سکے گا کیونکہ وقت نہیں نکلتا۔

''زندہ رود'' کی پہلی جلد دوسری بار شائع ہو کر بازار میں آ گئی ہے۔ دوسرے ایڈیشن کی اشاعت پر مبارک باد کا شکریہ۔ چند اضافے کیے ہیں، بالخصوص نوٹس والے حصے میں۔ متن میں چند غلطیاں رفع کی ہیں اور چند فقروں کا اضافہ کیا ہے۔

مجھے آپ کی کتاب ''مفکر پاکستان'' کا انتظار رہے گا۔ خدا کرے جلد چھپ جائے۔ ویسے تو میں نے ''زندہ رود'' لکھتے آپ کی دیگر تصانیف سے استفادہ کیا ہے اور ان کے حوالے ماخذ میں دیئے ہیں۔ اگر ''مفکر پاکستان'' میں کوئی نئی بات مل گئی جو پہلے زیر نظر نہ آئی ہو تو اس کا نوٹس بھی ''زندہ رود'' کی کسی جلد کی آئندہ اشاعت میں لیا جا سکتا ہے۔ بہر حال خدا کرے آئندہ یوم اقبال تک وہ کتاب شائع ہو جائے۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۷ مارچ ۱۹۸۳ء

محترمی حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آج آپ کا خط مل گیا۔ بہت بہت شکریہ!

مجھے ملک صاحب نے ابھی تک آپ کی کتاب ''مفکر پاکستان'' ارسال نہیں کی اور نہ ہی یہ کتاب کسی اور ذریعہ سے ملی ہے۔ بہرحال اگر آپ کے عزیز مجھے کتاب پہنچائے تو ضرور انشاء اللہ اس پر اپنے تاثرات قلم بند کر کے آپ کو بھیج دوں گا۔

میں اگلے ہفتہ کچھ عرصہ کے لیے مالدیپ (جزائر) جا رہا ہوں۔ وہاں ایک کانفرنس ہو رہی ہے اسلام کے متعلق اور مجھے حضرت علامہ کے مذہبی فلسفہ کے موضوع پر مقالہ پڑھنے کی دعوت دی گئی ہے۔

حضرت علامہ پر کانفرنس پنجاب یونیورسٹی کر رہی ہے۔ یہ کانفرنس بین الاقوامی ہوگی اور پنجاب یونیورسٹی اپنی صد سالہ جشن کی تقریبات کے سلسلہ میں یہ کانفرنس لاہور میں منعقد کر رہی ہے۔ غالباً وسط جنوری ۸۴ء کو ہوگی تین روز کے لیے لیکن ابھی تک تاریخوں کا تعین نہیں کیا گیا۔ تین مندوب ہندوستان سے، ایک یا دو مندوب بنگلہ دیش سے، شاید دو ایران اور مصر سے اور ایک امریکہ سے (کل سات مندوب) باہر کے ممالک سے آ رہے ہیں۔ باقی پاکستان سے ہوں گے۔

باقی خیریت ہے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۳۔ علامہ اقبال روڈ، لاہور

۱۸ر جنوری ۷۲ء

محترمی جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کی ارسال کردہ کتاب اور خط مل گئے۔ بہت بہت شکریہ۔ میں نے کتاب کو دیکھا ہے اور علامہ کی سیرت سے متعلق خاصا دلچسپ مواد اس میں موجود ہے۔ چونکہ سر عبدالقادر مرحوم کے علامہ کے ساتھ دوستانہ مراسم تھے اس لیے ان کے بارے میں سر عبدالقادر کے ان مضامین کا مجموعہ اقبالیاتی ادب میں اہم اضافہ ہے۔

کلیات اقبال اردو اور فارسی کی اشاعت کے متعلق مجھے شیخ نیاز صاحب آگاہ رکھتے ہیں۔ انشاء اللہ

اس سال کے اختتام سے پیشتر شائع ہو جائیں گی۔

یہ پڑھ کر مسرت ہوئی کہ آپ سر عبدالقادر کے انگریزی مضامین کا مجموعہ شائع کرنا چاہتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالوحید صاحب اس وقت پاکستان سے باہر ہیں اور غالباً مارچ کے آخر میں واپس آئیں گے۔ ان کی واپسی پر انشاء اللہ ان سے بات کروں گا۔ آپ مارچ کے وسط یا اپریل میں ایک خط اسی سلسلہ میں انھیں تحریر کر دیجیے گا۔

مجھے منشی محمد الدین فوق مرحوم کی کتاب ''مشاہیر کشمیر'' کی تلاش تھی۔ کیا مجھے کہیں سے مل سکتی ہے؟ اگر آپ کی لائبریری میں موجود ہے، چند دنوں کے لیے مجھے عطا فرمائیے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۳۔ علامہ اقبال روڈ، لاہور

مورخہ ۲۱/اکتوبر ۷۲ء

جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ

اگر آپ چودھری محمد حسین صاحب پر میرا شائع کردہ مضمون چودھری صاحب مرحوم کے بارے میں مرتب کیے جانے والے مجموعے میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اجازت ہے۔

چودھری صاحب کی اولاد (لواحقین) کچھ لاہور میں ہے لیکن ان کے بڑے صاحبزادے نفیس احمد آج کل شاید گجرات میں سول جج ہیں۔ بہر حال ان کا پتہ ہے: فضل منزل، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور

والسلام، مخلص

جاوید اقبال

☆☆☆

۳۔ علامہ اقبال روڈ، لاہور

مورخہ ۱۶/فروری

محترمی و مکرمی جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط موصول ہو گیا۔ آپ کی تصنیف ''نشان حیدر'' بھی مل گئی تھی۔ شکریہ!

''نذر اقبال'' کی تعارفی تقریب کے سلسلہ میں اپنی شمولیت کے متعلق کبھی مل کر بات کروں گا۔

بھائی منظور قادر صاحب تو آج کل شدید علیل ہیں۔ اللہ انھیں صحت دے۔ میں نے ان کی علالت کے بارے میں اخباروں میں پڑھا تھا۔

"مشاہیر کشمیر" مجھے مل گئی۔ مجھے اس کے ساتھ ہی منشی محمد دین فوق کی کتاب تاریخ اقوام کشمیر کی بھی ضرورت ہے۔ اگر ہو سکے تو یہ کتاب بھی بھجوا دیجیے۔ انشاء اللہ جلد واپس کر دی جائیں گی۔ تاریخ کشمیر کے متعلق مستند کتب اگر آپ کی نگاہ میں ہوں تو مجھے تفصیل بھیجیے۔ ممنون ہوں گا۔

آپ ٹیلی فون کر کے مجھ سے ملاقات کا بھی وقت مقرر کر لیجیے تاکہ پھیرا نہ پڑے۔

مخلص

جاوید اقبال

☆☆☆

۳۔ علامہ اقبال روڈ' لاہور

مورخہ ۱۷ر ستمبر ۷۷ء

محترمی محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کی ارسال کردہ کتاب اور خط مل گئے۔ جہاں تک مجھے خیال ہے آپ کا نام مدعوئین میں شامل ہے "اقبال کانگرس" کے بلکہ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے، میں نے وہاں کہا بھی تھا کہ آپ کو ضرور بلایا جائے۔ لیکن مجھے یہ معلوم نہیں کہ ابھی تک دعوت نامے انھوں نے ارسال کیے ہیں یا نہیں۔

میں آج چند ماہ کے لیے نیویارک جا رہا ہوں۔ واپسی نومبر کے آخری ہفتے میں انشاء اللہ ہو گی اور آپ سے ملاقات بھی ہو گی۔

لائبریری کی دو کتابیں میں نے واپس کروا دی تھیں اور میرے کارڈ پر اب کوئی کتاب لائبریری کی نہیں۔ البتہ آپ سے لیے ہوئے کریسنٹ کا تارڑ نمبر اور انجمن حمایت اسلام سلسلہ میں چند مضمون میرے پاس موجود ہیں۔ انشاء اللہ واپس آنے پر وہ بھی آپ کی خدمت میں ارسال کر دوں گا۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۲۴ر جون ۱۹۷۹ء

محترمی حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

ریاض سے آپ کا خط موصول ہو گیا۔ یاد آوری کا شکر گزار ہوں۔

یہ پڑھ کر مسرت ہوئی کہ آپ کی منشا کے مطابق ریاض یونیورسٹی میں آپ کا تقرر ہو گیا ہے اور اب آپ یونیورسٹی کے کالج آف ایجوکیشن میں تعینات ہیں۔ دو عمرے کر لینے پر بھی میری طرف سے بہت بہت مبارک باد قبول ہو۔

ریاض یونیورسٹی میں تاریخ پاکستان، تحریک پاکستان، علامہ اقبال اور قائداعظم سے متعلق معلومات کے سلسلہ میں واقعی کتب ہونی چاہئیں۔ حکومت کے اپنے طور طریقے ہوتے ہیں۔ اب یہ ذمہ داری تو دفتر خارجہ کی ہے یا مقامی سفیر کی بلکہ مقامی سفیر کے ذریعہ یا اس کی وساطت سے ایسی کتب ہدیہ کے طور پر بھی پیش کی جا سکتی ہیں۔ شاید خداوند تعالیٰ نے آپ کا تقرر ریاض یونیورسٹی میں اسی لیے کرایا ہے کہ آپ وہاں حضرت علامہ اور قائداعظم کی تعلیمات کو عربوں تک پہنچا سکیں۔ موقع پر موجود شخصیت کی ذاتی دلچسپی بھی اچھے نتائج فراہم کر سکتی ہے۔ بہر حال میں اس سلسلہ میں مجید نظامی صاحب کے ساتھ مل کر جو کچھ بھی ہو سکا' کرنے کی کوشش کروں گا۔ کیا ہی اچھا ہو کہ اس سلسلہ میں آپ ایک مدلل خط صدر پاکستان جناب جنرل ضیاء الحق صاحب کو بھی تحریر کر دیں اور انھیں اپنے تاثرات بیان کر دیں۔

آپ کی تحریریں گاہے بگاہے پڑھتا رہتا ہوں۔ صدر پاکستان کو خصوصی تحریر کریں تو اس کی ایک نقل مجھے ارسال کر دیں تا کہ اس معاملہ میں ان سے مزید بات کی جا سکے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۱۰/۱اپریل ۸۵ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب

سلام مسنون!

آپ کا خط موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ!

یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ آپ نے عمرہ ادا کیا اور ہم سب کے لیے دعا کی۔ اس کے لیے بھی ممنون ہوں۔

میں نے آپ کا خط مع دو قسطوں پر مشتمل عربی مضمون مجید نظامی صاحب کو بھجوا دیا ہے۔ اگر انھوں نے اس کا ترجمہ کرا کے نوائے وقت میں شائع کیا تو اس کی clipping آپ کو بھیج دوں گا۔ بہتر ہوتا کہ آپ

اس کا ترجمہ وہیں سے کروا کر بھیجتے۔ اب خدا جانے مجید نظامی صاحب کے پاس ایسے ذرائع ہیں بھی کہ وہ اس کا ترجمہ کرا کے شائع کر سکیں۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۲ مارچ ۸۳ء

محترمی محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا ارسال کردہ خط اور لڑکوں کے لیے دو قلم موصول ہو گئے۔ بہت بہت شکریہ۔ قلم بھیجنے کی ضرورت تو نہ تھی۔ آپ نے ایسے ہی تکلیف کی۔ لڑکوں کو میں نے حال ہی میں ایسے قلم باہر سے لا کر دے رکھے ہیں۔ بہر حال شکریہ قبول کیجیے گا۔

میں تقریباً دس دن تک مالدیپ میں رہا اور وہاں ایک کانفرنس میں حصہ لیا۔ دورہ نہایت کامیاب تھا اور بڑے دلچسپ مقالے پڑھے گئے۔

آپ کے عزیز مجھے آپ کی کتاب ''مفکر پاکستان'' کا ایک نسخہ دے گئے تھے اور اس کی وصولی کے متعلق میں نے آپ کو خط بھی لکھا تھا۔ تعجب ہے کہ آپ کو میرا وہ خط موصول نہیں ہوا۔ بہر حال آپ کی کتاب مجھے مل چکی ہے اور اس کے لیے میری طرف سے دوبارہ شکریہ قبول فرمائیے۔ میں نے کتاب ابھی پڑھی نہیں بلکہ پڑھنے کے لیے رکھی ہوگی۔ نئی ذمہ داریوں کی وجہ سے پڑھنے پڑھانے اور لکھنے لکھانے کا وقت نہیں ملتا۔ انشاءاللہ گرمیوں کی تعطیلات میں آپ کی کتاب دیکھوں گا اور اپنی کتاب ''زندہ رود'' جلد سوم کے آخری دو باب (جو لکھنے باقی رہ گئے ہیں) مکمل کروں گا۔ آج کل تو فرصت ملتی ہی نہیں۔ پورا دن تقریباً کورٹ میں صرف ہو جاتا ہے اور پھر لاہور سے باہر دوروں پر جانا پڑتا ہے۔ کبھی ملتان، کبھی بہاولپور، کبھی راولپنڈی، کبھی اسلام آباد۔

میاں امیر الدین اور میاں ایم اسلم اب خاصے ضعیف اور کمزور ہو چکے ہیں لیکن دونوں کے دماغ حاضر ہیں۔ آپ کا سلام انھیں ملاقات پر پہنچا دوں گا۔ آپ کے دوست مشتاق احمد آپ کا خط اور قلم دے گئے تھے لیکن ان سے ملاقات نہیں ہوئی۔ کہہ گئے تھے کہ ہائی کورٹ آؤں گا لیکن میں تو اب پھر ایک دو ہفتوں کے لیے راولپنڈی اور ملتان دورے پر جا رہا ہوں۔ آج شام کی فلائیٹ سے راولپنڈی روانگی ہے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۱رنومبر ۸۰ء

محترمی ومکرمی محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط ملا۔ بہت بہت شکریہ!

میں آپ کو خط لکھنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ آپ کا خط موصول ہوا۔ ''زندہ رود'' کی جلد دوم ختم ہوگئی ہے اور آج کل اس کی کتابت ہو رہی ہے۔ کتاب غالباً اگلے سال کے اوائل میں شائع ہو سکے گی۔ تیسری جلد کے لیے مواد اکٹھا کر رہا ہوں۔ اس سلسلہ میں آپ کی تصنیف ''اقبال: پنجاب لیجسلیٹو کونسل میں'' کا اشتہار کسی اور کتاب کی پشت پر دیکھا۔ پھر اپنی کتابوں میں ڈھونڈتا رہا، اسی خیال سے کہ شاید یہ کتاب میرے پاس ہو۔ لیکن میری کتابوں میں موجود نہیں۔ میں نے علامہ کی بیاگرافی تحریر کرتے وقت آپ کی اقبال پر لکھی ہوئی بیشتر کتب سے استفادہ کیا ہے۔

تیسری جلد ابھی لکھنی شروع نہیں کی۔ مواد اکٹھا کر رہا ہوں۔ تیسری جلد انشاء اللہ اگلے سال لکھنی شروع کروں گا اور اگر ہو سکا تو گرمیوں کی تعطیلات میں مکمل ہوگی۔ پھر کہیں کتابت کی نوبت آئے گی۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ ''نوائے وقت'' میں الریاض کے ایک سیمینار کے متعلق پڑھنے کا موقع ملا۔ مضمون میں تحریر کیا گیا تھا کہ وہاں کسی سیمینار میں عرب سکالروں نے علامہ اقبال کی کتاب Reconstruction of Religious Thought in Islam پر سخت تنقید کی اور کہا کہ یہ بڑی خطرناک کتاب ہے۔ نیز مضمون نگار نے لکھا ہے کہ علامہ کی کتب کا عربی ترجمہ کرنا بے حد ضروری ہے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۹/ ستمبر ۸۲ء

محترمی محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ بہت بہت شکریہ!

دراصل میں ایبٹ آباد سے ۲۰ اگست کو لاہور آ گیا اور پھر دس روز بعد کراچی روانہ ہوا۔ کراچی سے امریکہ چلا گیا کیونکہ وہاں ستمبر کے پہلے ہفتہ میں ایک کانفرنس میں حصہ لینا تھا۔ کانفرنس میں میرا پرچہ اسلامی ریاست کے موضوع پر تھا۔ کانفرنس کے اختتام پر ایک ہفتہ امریکہ میں قیام رہا اور ابھی پرسوں رات واپس

لاہور پہنچا تو ڈاک میں آپ کا خط بھی میرا منتظر تھا۔

ایبٹ آباد میں ''زندہ رود'' جلد سوم کے دو باب لکھے جا سکے۔ اس سے پیشتر تین باب پچھلے سال کی تعطیلات کے دوران ایبٹ آباد میں لکھے تھے۔ اب تک کل پانچ باب لکھے جا سکے ہیں جن کی کتابت آج کل ہو رہی ہے۔ مزید دو باب ابھی تحریر کرنے ہیں۔ میں اب تک دسمبر ۱۹۳۳ء تک حیات اقبال کا جائزہ لے سکا ہوں۔ باقی چار سال اور چار ماہ کا جائزہ آخری دو باب میں لیا جائے گا۔ کوشش کر رہا ہوں کہ کتاب اس سال دسمبر تک ختم ہو جائے۔ آخری باب خاصا طویل ہوگا کیونکہ اس میں حضرت علامہ کے ذہنی ارتقاء کی حتمی شکل کا تعین کیا جائے گا۔ بہر حال دیکھیں، میری خواہش کے مطابق یہ تصنیف کب تک مکمل ہوتی ہے۔ پہلی دو جلدوں کی طرح تیسری جلد میں بھی کہیں کہیں میں نے آپ کی ابتدا سے متعلق تصانیف کا حوالہ دیا ہے۔ ''زندہ رود'' کی پہلی جلد کا اب دوسرا ایڈیشن چھپا ہے۔ آپ نے غالباً اس کا ٹائٹل ملک رب نواز صاحب کے ہاں دیکھا ہوگا۔

جی ہاں، میں نے آپ کی ''حیات اقبال'' کا مسودہ دیکھا تھا۔ دراصل میں نے وہ مسودہ اقبال اکادمی کو اشاعت کے لیے Consider کرنے کے لیے کہا تھا۔ اسے جسٹس رحمٰن صاحب کے پاس بھیجا گیا اور مزید کئی لوگوں نے بھی اسے پڑھا۔ اسی طرح حوالوں سے بھرپور ایک نہایت ضخیم مسودہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے بھی حیات اقبال کے متعلق مجھے دیا تھا جو میں نے اقبال اکادمی کو پہنچایا۔ لیکن یہ دونوں مسودے غالباً جسٹس رحمٰن صاحب کی رپورٹ پر واپس کیے گئے تھے۔ بہر حال مجھے یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ آپ اپنی تصنیف حیات اقبال شائع کرا رہے ہیں اور وہ عنقریب شائع ہو جائے گی۔ میں اسے دیکھنا ضرور پسند کروں گا کیونکہ ممکن ہے اس میں کوئی نئی بات مل جائے۔ کتاب کی اشاعت پر امید ہے ملک رب نواز اسے مجھے بھیجنا یاد رکھیں گے۔

ہائی کورٹ پچھلے ہفتہ سے کھل گیا ہے اور میں امریکہ سے واپس آ کر اب یہیں کام کر رہا ہوں۔ امید ہے آپ بخیریت ریاض پہنچ گئے ہوں گے۔ لاہور کا چکر لگے تو اطلاع دیجیے گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۲۲ جنوری ۸۰ء

محترمی جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کے دونوں خط مل گئے۔ شکریہ! پروفیسر جی سی چیٹر جی کا مضمون بھی مل گیا بلکہ اس کی دو کاپیاں مل گئیں، ایک جو آپ نے ارسال کی اور دوسری چودھری ولی محمد صاحب نے۔ شکریہ! یہ اچھا ہوا کہ آپ کی

ملاقات چودھری صاحب سے ہوگئی اور آپ دونوں نے عربی کلاس میں داخلہ لے لیا۔ میں نے چودھری صاحب کو علیحدہ خط تحریر کر دیا ہے۔

آپ نے جس معاملہ میں میری رائے دریافت کی ہے، اس کے متعلق اتنا عرض ہے کہ میں کوئی مفتی تو ہوں نہیں جو فتویٰ دے سکوں۔ صرف اپنی رائے کا اظہار کر سکتا ہوں۔ شرعی اور قانونی نقطہ نگاہ سے کسی بھی معاملہ میں contract کے الفاظ سے فریقین کی نیتوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اگر contract میں قرض معہ سود (یا منافع) لینا مقصود ہے تو الفاظ سے نیتوں کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح اگر contract میں مقصد شراکت ہے تو بھی الفاظ سے پتہ چل سکتا ہے کہ شراکت میں فریقین کا منافع میں حصہ کیا ہے۔ آپ نے contract کی شرائط کی نقول جو مجھے ارسال کی ہیں تو ان سے نیت کا جو احساس مجھے ہوا ہے یہی ہے کہ یہ contract دراصل قرض کا ہے اور جسے آپ منافع کہہ رہے ہیں (جیسا کہ تحریر ہے) اصل میں سود ہے۔ اگر مقصد سود لینا ہو تو محض "منافع" کا لفظ استعمال کرنے سے اس کی نوعیت مختلف نہ ہو سکے گی۔ وہ منافع سود ہی سمجھا جائے گا۔ سو ارسال کردہ contract سے ظاہر ہے کہ دس ہزار کی رقم تین سال کے معین عرصہ کے لیے تاج کمپنی کو دی جائے گی اور اس کے معاوضے میں تاج کمپنی سالانہ 15% منافع (سود) دینے والے کو ادا کرے گی۔ رقم تین سال کے عرصہ میں طلب نہیں کی جائے گی بلکہ تین سال گزر جانے کے بعد واپس لی جا سکے گی۔ یہ قرض بمعہ سود کا contract نہیں تو اور کیا ہے؟ اسے کسی لحاظ سے بھی شراکت کا contract نہیں کہا جا سکتا، نہ شرعی لحاظ سے نہ قانونی لحاظ سے۔ اس سے فرق نہیں پڑتا کہ وہ دس ہزار کی رقم کس مصرف میں لائی جائے گی۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

مورخہ ۹ جولائی ۸۳ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط اور عید کارڈ مل گئے۔ بہت بہت شکریہ۔ ہماری طرف سے بھی عید مبارک قبول فرمائیے۔ یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ آج کل چودھری ولی محمد صاحب کی بیگم صاحبہ بھی ریاض میں مقیم ہیں۔ چودھری ولی محمد کے کام کی نوعیت ایسی ہے کہ انھیں دورہ پر رہنا پڑتا ہے۔ خیر اگر دورے سے واپس آئے تو ہماری طرف سے ان دونوں کو بہت بہت سلام اور دعا دیجیے گا اور ساتھ ہی عید مبارک بھی کہیے گا۔

آپ کا پروگرام پاکستان نہ آنے کی صورت میں یقیناً قابلِ رشک ہے کیونکہ آپ مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کریں گے اور عید الفطر مدینہ منورہ میں منائیں گے۔ پھر بقیہ تعطیلات طائف اور جدہ میں گزارنے کے بعد ریاض آئیں گے۔ واہ! خوب پروگرام ہے۔ اس سے بہتر ہمارے لیے اور کیا ہوسکتا ہے کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں حاضری کے دوران آپ ہمارے لیے دعا کریں۔ اس غرض کے لیے آپ کا ممنون ہوں۔

جی ہاں، میرا بڑا بیٹا منیب اب امریکہ چلا جائے گا۔ اس کا داخلہ وہاں ولانووا یونیورسٹی میں ہوگیا ہے اور وہ ۶ ستمبر ۸۳ء سے اپنا تعلیمی سال وہاں شروع کردے گا۔ اگست کے آخری ہفتہ میں یہاں سے جائے گا۔ چار سال کا کورس ہے جس میں اس کا ارادہ Brinen Administration میں BSc کرنے کا ہے۔ خدا کرے کہ وہ اپنے پروگرام کے مطابق تعلیم حاصل کر چکنے کے بعد واپس آئے۔

ہائی کورٹ ۱۶ جولائی سے بند ہورہا ہے اور میں بمطابق معمول تعطیلات ایبٹ آباد میں گزاروں گا اور وہاں ''زندہ رود'' کی جلد سوم کے آخری دو بابوں کی تکمیل کروں گا۔ ایک ہفتہ کے لیے اگست میں (یکم تا ۶ تک) شاید آسٹریا جاؤں جہاں ایک بین الاقوامی کانفرنس ہورہی ہے اور مجھے بھی پرچہ پڑھنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ باقی وقت ایبٹ آباد میں گزرے گا یا لاہور میں بلکہ لاہور میں شاید زیادہ وقت گزرے گا۔

میاں امیر الدین صاحب کی کتاب ''یادِ ایام'' چھپ چکی ہے۔ میری ان سے ملاقات ان دنوں نہیں ہوئی۔ جب بھی ان سے ملاقات ہوئی' آپ کی طرف سے انھیں مبارک باد پہنچادوں گا۔ نیز وقت ملا تو چھٹیوں میں آپ کی تصنیف مفکرِ پاکستان بھی پڑھنے کی کوشش کروں گا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ' لاہور

۲۸ر جولائی ۸۳ء

محترمی و مکرمی جناب حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کے دونوں خط موصول ہوگئے۔ شکریہ

میں پرسوں کراچی کے رستے آسٹریا جا رہا ہوں۔ کانفرنس سے فراغت کے بعد وی آنا سے بوڈاپسٹ (ہنگری) اور پراگ (چیکوسلواکیہ) جانے کا پروگرام ہے۔ واپسی انشاء اللہ وسط اگست تک ہوگی اور آتے ساتھ ہی ایک دو روز میں ایبٹ آباد جانے کا پروگرام ہے۔ ایبٹ آباد میں ''زندہ رود'' کی تیسری جلد انشاء اللہ مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ایبٹ آباد میں میرا پتہ ہے: معرفت ڈاکٹر عبدالوحید صاحب' ۶۹

حبیب اللہ کالونی، کاکول، ایبٹ آباد۔ میں وہاں تین ہفتے ٹھہروں گا اور شاید وسط ستمبر تک واپس لاہور آؤں۔

چھٹیوں میں آپ کی مفکر پاکستان پڑھنے کا وقت اگر مل گیا تو ضرور پڑھوں گا اور اپنی رائے بھی تحریر کر دوں گا۔ میری رائے کی بنیاد پر ہر کتاب میں ترمیم یا اضافے کی ضرورت کیوں پڑے گی! ہر شخص اپنے نقطہ نگاہ سے کتاب تحریر کرتا ہے گو واقعات یا facts ایک جیسے ہی ہوتے ہیں۔ کتاب کی خوبی اس بات سے نہیں ہوتی کہ اس میں facts کتنے دیئے گئے ہیں، بلکہ اس بات سے کہ کن نقطہ نگاہ سے ان facts کو analyse کیا گیا ہے۔

میری طرف سے چودھری ولی محمد اور ڈاکٹر رفیع صاحب کو سلام کہیے گا۔ انشاء اللہ ان سے بھی کبھی لاہور میں ملاقات ہوگی۔ ہم سب کے لیے دعائیں کرنے کا بہت بہت ممنون ہوں۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۳ر جولائی ۱۹۸۴ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۴ر جولائی ۱۹۸۴ء موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ افسوس ہے آپ سے پھر ملاقات نہ ہو سکی۔ میں عید کی تعطیلات کے لیے نتھیا گلی چلا گیا تھا اور ۵ یا ۶ جولائی کو واپسی ہوئی۔

میرے پاس سعودی وزیر عنقری صاحب کا مکمل پتہ موجود نہیں اور شاید آپ کو ان سے مکمل پتہ کی ضرورت ہی نہ ہو چونکہ آپ ریاض میں رہتے ہیں جو ملک کا دارالخلافہ ہے اور اگر عنقری صاحب سعودی حکومت میں اب تک وزیر ہیں تو ان کے محکمہ وزارت یا مکمل پتہ آپ وہاں مجھ سے زیادہ آسانی کے ساتھ معلوم کر سکتے ہیں۔ آپ بیشک انھیں آئندہ یوم اقبال کے موقع پر ''ریاض لٹریری کلب'' کی جانب سے ادبی نشست کی صدارت کے لیے بلوایئے بلکہ اگر ان سے ملاقات ہو تو میری طرف سے سلام بھی عرض کیجیے گا۔

چودھری ولی محمد صاحب بھی مجھے لاہور میں مل کر گئے ہیں۔ میری طرف سے ان کی خدمت میں بھی سلام پیش کیجیے گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۹ر فروری ۱۹۸۵ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۲۸ جنوری ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ یہ معلوم کر کے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ نہایت محنت سے لائبریری کا کام کر رہے ہیں اور آپ کی سابقہ خدمات کے پیش نظر آپ کے ڈین نے تنخواہ میں بھی اضافہ کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید ترقی دے۔ یہ بھی اچھا ہوا کہ آپ نے یونیورسٹی لائبریری کو علامہ اقبال سے متعلق چند کتابیں ہدیہ کے طور پر دیں اور آپ کا یہ اقدام سراہا گیا۔

''زندہ رود'' جلد سوم چھپ کر بازار میں آ چکی ہے۔ ملک رب نواز معرفت شیخ غلام علی اینڈ سنز کتب فروش، چوک انارکلی لاہور کو لکھیے تا کہ آپ کو ایک نسخہ ارسال کر دیں۔ باقی سب خیریت ہے۔ امید ہے آپ بھی بخیریت ہوں گے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

مورخہ ۱۷ر نومبر ۸۱ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط آج ہی ملا۔ یاد آوری کے لیے شکر گزار ہوں۔ اس سے پیشتر آپ کا کوئی خط مجھے موصول نہیں ہوا۔ میں پچھلے ایک ماہ سے امریکہ گیا ہوا تھا۔ ابھی پرسوں ہی واپس پہنچا ہوں۔ ہوسٹن (ٹیکساس) میں ایک بین الاقوامی کانفرنس اسلام کے موضوع پر تھی۔ اس میں ایک مقالہ پڑھا جس کا موضوع تھا اسلام میں ریاست کا تصور اور اسلامی تصور جمہوریت مغربی تصور جمہوریت سے کیونکر مختلف ہے۔ کانفرنس میں پرنس محمد بن فیصل اور بن بیلا سے ملاقاتیں ہوئیں اور خوب وقت گزرا۔ شاید دسمبر کے پہلے یا دوسرے ہفتہ میں مجھے ایک اور کانفرنس کے لیے پھر نیویارک جانے کی ضرورت پڑے۔ باقی سرکاری مصروفیات حسب سابق ہیں۔

''زندہ رود'' کی دوسری جلد جون بلکہ مئی ہی سے منظر عام پر آ چکی ہے۔ ملک رب نواز کو لکھیے کہ ایک کاپی آپ کو ارسال کر دیں۔ میں بھی انھیں کل فون کر کے کہہ دوں گا۔ تیسری جلد کے ابھی تین باب لکھے ہیں لیکن اس کے چار باب باقی ہیں۔ دراصل یہ تین باب بھی گرمیوں کی تعطیلات میں تحریر کیے، لیکن بعد میں بین الاقوامی کانفرنس میں شمولیت کے لیے دیگر قسم کے پرچے یا مقالے لکھنے میں معروف ہو گیا۔ اس لیے مزید کام کرنے کا وقت نہ ملا۔

صاحبزادے ٹھیک ہیں اور ان کی تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں۔ میاں امیر الدین صاحب کی آنکھوں کا آپریشن کامیابی سے ہوگیا ہے۔ میں انھیں کل ہسپتال میں دیکھنے گیا تھا۔ موتیا اتر آیا تھا لیکن اب آپریشن کی کامیابی کے سبب انشاء اللہ آنکھ کی بصارت بحال ہو جائے گی۔ آج صبح گھر آ گئے ہوں گے۔ شام کو پھر جاؤں گا اور آپ کا سلام انھیں پہنچادوں گا۔ میاں ایم اسلم بھی ان کے ہاں گلبرگ ہی میں مقیم ہیں۔ ہیں تو بخیریت لیکن بہت ضعیف ہو چکے ہیں۔ ان کو بھی آپ کا سلام پہنچادوں گا۔

یوم اقبال کی تقریب اپریل میں لاہور میں تو حسب سابق خوب رہی لیکن ۹ رنومبر کی تقریبات میں میں شریک نہ ہو سکا کیونکہ لاہور سے باہر تھا۔ اس مرتبہ صدر صاحب نے اقبال ایوارڈ کے لیے ایک آرڈر جاری کیا ہے اور مرکزی حکومت کی ایک کمیٹی بھی قائم کی ہے جو ہر سال ۹ رنومبر (علامہ کا یوم ولادت) کو ایوارڈ کا اعلان کیا کرے گی۔ اس کمیٹی میں مجھے بھی بحیثیت ایک رکن شامل کیا گیا ہے۔ حضرت علامہ پر سال میں بہترین اردو یا انگریزی کتاب پر پچیس ہزار روپیہ اور گولڈ میڈل کا ایوارڈ دیا جائے گا۔ اسی طرح علاقائی زبانوں میں اقبال پر تصانیف یا غیر ملکی تصانیف پر بھی ایوارڈ قائم کیے گئے ہیں۔ کمیٹی کی پہلی میٹنگ دسمبر کے پہلے ہفتہ میں ہو رہی ہے جس کے لیے انشاء اللہ اسلام آباد جاؤں گا۔

آپ آئندہ رخصت پر پاکستان آئیے گا تو ضرور مل جائیے گا۔ واقعی اس سال تو آپ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۱۸ رجنوری ۱۹۸۴ء

محترمی و مکرمی محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۹ رجنوری ۱۹۸۴ء موصول ہوگیا۔ شکریہ۔ ایوان اقبال کے لیے ایک علیحدہ کمیٹی صدر صاحب نے مقرر کی ہے جس کا کام صرف ایوان اقبال عمارت کی تعمیر ہے۔ اس کمیٹی کے چیئرمین مرکزی وزیر ثقافت ہیں اور اس میں مرکزی وزیر پیداوار کے علاوہ مختلف صوبوں کے ممبران بھی ہیں۔ اس کمیٹی کا تعلق اقبال اکیڈیمی سے قطعی نہیں۔ آج کل اقبال اکیڈمی کے ناظم پروفیسر مرزا محمد منور ہیں۔ ڈاکٹر معز الدین صاحب تو کیمبرج کی اقبال چیئر پر بیٹھے ہوئے ہیں اور ڈاکٹر وحید قریشی صاحب اردو بورڈ کے چیئرمین بن کر پہلے کراچی گئے، اب سنا ہے کہ اسلام آباد منتقل ہو جائیں گے۔

علامہ اقبال پر لکھی جانے والی کتابیں پیش کرنے کے لیے کوئی دفتر لاہور یا اسلام آباد میں قائم نہیں

کیا گیا۔ یہ کتابیں اقبال اکیڈمی ہی کو بھیجی جاتی ہیں اور اقبال اکیڈمی ہی ان کتابوں میں انعام کے لیے مستحق کتب چننے کے لیے مختلف قسم کی کمیٹیاں مقرر کرتی ہے۔ ان کمیٹیوں کے نہ تو کوئی ناظم ہیں اور نہ کوئی ناظم اعلیٰ۔ گزشتہ کمیٹیاں شاید آئندہ کے لیے بھی برقرار رکھی جائیں۔ میں اس کے متعلق فی الحال کچھ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن حضرت علامہ پر لکھی جانے والی نئی کتابیں ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی ہی کو بھیجی جانی چاہئیں۔

میں ابھی تک ''زندہ رود'' کی آخری جلد ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ وقت بہت کم نکلتا ہے۔ توقع ہے کہ اس سال کے آخر تک تیسری جلد شائع ہوگی۔ کتاب کی اشاعت پر آپ کو اطلاع دوں گا۔ ابھی تو آپ کی تصنیف ''مفکر پاکستان'' پڑھنے کا وقت بھی نہیں ملا۔

چودھری ولی محمد صاحب کی بیگم صاحبہ سے ملاقات نہیں ہوئی۔ آپ کی چودھری صاحب سے ملاقات ہو تو سلام پہنچا دیجیے گا۔

میاں محمد اسلم فوت ہو گئے۔ چند دن ہوئے ان کا چالیسواں بھی گزر گیا۔ آپ اگر پسند فرمائیں تو ان کی وفات پر تعزیت کا خط میاں امیر الدین صاحب کو لکھ سکتے ہیں۔ ان کا پتہ ہے:

''میاں امیر الدین' G42 'مین گلبرک لاہور''

میں بھی ان سے ذکر کروں گا۔ میں نے آپ کا نیا پتہ نوٹ کر لیا ہے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ لاہور

۲۳/اپریل ۱۹۸۴ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۶/اپریل ۱۹۸۴ء موصول ہو گیا اور آپ کا تبدیل شدہ پتہ بھی میں نے نوٹ کر لیا ہے۔ یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ آپ مئی کے اوائل میں پاکستان آنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور روانگی سے قبل آپ نے عمرہ کی ادائیگی اور دربار رسالت ؐ میں حاضری کا ارادہ کر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کے ارادے پورے ہوں۔ عمرہ کی ادائیگی پر میری طرف سے مبارک قبول فرمایئے اور ساتھ ہی شکریہ قبول کیجیے کہ آپ نے میرے اور میرے اہل خانہ کی صحت، تندرستی اور خوشحالی کے لیے وہاں خاص دعا فرمائی۔ پاکستان آئے گا تو ضرور ملیے گا۔ مجھے کسی تحفے کی ضرورت نہیں۔ آپ سے مل کر خوشی ہوگی۔ چودھری ولی محمد اور ان کی بیگم صاحبہ کو میری طرف سے سلام عرض کیجیے گا۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۱ر مئی ۱۹۸۵ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۳ر مئی ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی آپ کو "زندہ رود" جلد سوم مل گئی ہے۔ اب تینوں جلدوں پر مکمل ایک جلد شائع کرنے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اسی دوران حضرت علامہ کی ذات اور شخصیت کے متعلق کئی نئی باتوں کا انکشاف ہوا ہے اور نئی اشاعت میں ان نئی معلومات کا اضافہ کیا جائے گا۔

یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ آپ نے ریاض ریڈیو سے علامہ اقبال کی سیرت و کردار اور تصانیف کے متعلق انگریزی میں ایک تقریر کی جس میں ان کی اسلامی خدمات کا بھی ذکر کیا۔ خدا کرے کہ وقتاً فوقتاً آپ وہاں کے ریڈیو یا ٹی وی پر ایسی تقاریر کرتے رہیں کیونکہ عربوں کو افکار اقبال سے صحیح طور پر روشناس کرانے کی ابھی ضرورت ہے۔ اسی طرح اگر وہاں کے انگریزی اخباروں میں بھی آپ مضامین کی اشاعت کرتے رہیں تو بڑی اچھی بات ہوگی۔ اصل میں تو عربی زبان میں علامہ اقبال کے فکر کے متعلق بحث و مباحثہ ہونا چاہیے۔

میں خدا کے فضل سے بخیریت ہوں۔ کام جاری ہے۔ انشاء اللہ جب آپ لاہور تشریف لائے تو ملاقات ہوگی۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۲ر دسمبر ۱۹۸۵ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۰ نومبر ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ اس سے پیشتر مجھے آپ کا کوئی خط نہیں ملا۔ "زندہ رود" کے نئے ایڈیشن کی کتابت ابھی جاری ہے۔ مزید کسی نئی چیز کا پتہ تو نہیں چلا لیکن جو نئی باتیں اب تک معلوم ہو سکی ہیں ان کا اضافہ نئے ایڈیشن میں کر دیا جائے گا۔

لاہور میں یوم اقبال روایتی شان و شوکت سے منایا گیا۔ وزیر اعظم پاکستان نے صدارت کی اور

اعلان کیا کہ ان کی حکومت پاکستان کو حضرت علامہ کے نظریات کے مطابق چلائے گی۔

میں خود بھی پچھلے ہفتے حکومت مصر کی خواہش کے مطابق یوم اقبال کی تقریبات میں حصہ لینے کے لیے قاہرہ گیا ہوا تھا اور کل ہی لوٹا ہوں۔ وہاں بھی بڑے اہتمام سے ولادت اقبال کی تقریب کا اہتمام کیا گیا چونکہ مصر میں اقبال پر عربی زبان میں خاصا کام کیا گیا ہے۔

یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ ریاض میں پہلی بار یوم اقبال منایا گیا اور اس موقع پر حضرت علامہ کے سلسلے میں آپ کی علمی اور ادبی خدمات کے پیش نظر آپ کو مہمان خصوصی ہونے کا اعزاز دیا گیا۔

آپ نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ میں ''مفکر پاکستان'' کے بارے میں اپنے تاثرات آپ کو دوں۔ یہ سوال میری سمجھ میں نہیں آیا۔ ان کے فکر کے متعلق جو بھی میرے تاثرات ہیں وہ میں ''زندہ رود'' میں پیش کر چکا ہوں۔

جی ہاں' بانی پاکستان کے بارے میں انگریزی تصنیف Jinnah of Pakistan میں نے دیکھی ہے۔ یہ کسی امریکی مصنف نے تحریر کی ہے۔ مجھے ایک کاپی مصنف ہی نے اپنے دستخطوں کے ساتھ امریکہ سے ارسال کی تھی۔ وہ مجھے جانتا ہے اور کتاب لکھنے کے دوران مجھ سے صلاح مشورے بھی کرتا رہا جس کا اعتراف اس نے کتاب کے دیباچے میں شکریہ ادا کرنے کے ساتھ کیا ہے۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

۷رجنوری ۱۹۸۶ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۸۵ء موصول ہو گیا۔ شکریہ! ڈاکٹر سعید اختر درانی صاحب کی تالیف ''اقبال اِن یورپ'' اقبال اکیڈمی نے شائع کی ہے۔ آپ نے اگر یہ کتاب منگوانی ہے تو پروفیسر مرزا محمد منور صاحب ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی' 39-A نیو مسلم ٹاؤن لاہور کو تحریر کر دیجیے گا۔ انھوں نے ہی اس کتاب کو شائع کیا ہے یا عنقریب اس کی اشاعت ہو رہی ہے۔ ابھی تک مجھے اس کتاب کا نسخہ نہیں ملا' البتہ درانی صاحب نے اس کے اصل مسودے کی فوٹو کاپی مجھے دی تھی جس سے استفادہ کر کے ''زندہ رود'' کے نئے ایڈیشن میں اضافے کیے گئے ہیں۔

مصر میں یوم اقبال کی تقریب کا انتظام حکومت مصر کے محکمہ اوقاف نے کیا تھا اور محکمہ اوقاف کے

وزیر جناب ڈاکٹر ابوالنور صاحب نے اس کا سرکاری طور پر اہتمام کیا۔ اسی تقریب میں مجھے مہمان خصوصی کے طور پر قاہرہ بلوایا گیا تھا۔ میرے ساتھ پروفیسر مرزا محمد منور اور جناب جسٹس پیر کرم شاہ صاحب تشریف لے گئے تھے۔ ہم سب نے بڑے جلسے میں شریک ہونے کے علاوہ جامع الازہر' قاہرہ یونیورسٹی اور عین شمس یونیورسٹی میں بھی لیکچر دیئے۔ میرے ساتھیوں نے تو عربی میں تقریریں کیں لیکن میں اردو میں تقریریں کرتا رہا جن کا ترجمہ عربی میں کیا جاتا تھا۔ میرا موضوع ''اقبال اور اتحاد عالم اسلام'' ہی تھا۔ آپ اگر موسم گرما میں قاہرہ جائیں تو بہتر یہی ہوگا کہ آپ ہمارے پاکستانی سفیر جناب راجہ ظفر الحق صاحب سے ملیں۔ ان کے پاس ان تمام مصری شخصیات کے نام موجود ہیں جو اقبال سکالر ہیں اور جنہوں نے حضرت علامہ پر بہت سی کتابیں تحریر کی ہیں۔ اس سلسلے میں راجہ ظفر الحق صاحب آپ کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔

آپ کی تصنیف ''مفکر پاکستان'' کے بارے میں افسوس ہے کہ مجھے اپنے تاثرات لکھ سکنے کا وقت نہیں ملا۔ پہلے بھی مختلف قسم کی مصروفیات رہیں اور اب بھی یہی صورت ہے۔ اب ''زندہ رود'' کی بجائے ''جہان اقبال'' کی صورت میں حضرت علامہ کے تصور خودی کی مختلف جہتوں پر ٹی وی کے لیے لیکچروں کا سلسلہ جاری ہے' جن کو کتابی صورت میں بھی ڈھالنا ہے۔ ان لیکچروں کی کل تعداد پندرہ ہے اور ان میں سے ہر ایک کے لیے خاصی تحقیق اور محنت کرنا پڑتی ہے۔ علاوہ اس کے سرکاری مصروفیاوت بھی بڑھ گئی ہیں اور غیر ملکی دوروں میں بھی اضافے ہی ہوئے ہیں۔ امکان ہے کہ مارچ میں یوم اقبال کی تقریب کے سلسلے میں تہران جانا پڑے اور اسی طرح اپریل میں حیدر آباد دکن اور بھوپال کے دورے کی توقع ہے۔ دیکھیے اگر مزید نو ماہ کے بعد میں اس منصب سے ریٹائر ہو گیا (کیونکہ تب تک میری عمر باسٹھ برس ہو جائے گی) تو پھر اگر وقت ملا تو انشاء اللہ آپ کی تصنیف ''مفکر پاکستان'' پر اپنے تاثرات لکھنے کی کوشش کروں گا۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۹ جون ۱۹۸۶ء موصول ہو گیا۔ شکریہ۔ آپ کو عمرہ مبارک ہو۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران سارا وقت لاہور میں ہوں گا یا کہیں باہر بھی جاؤں گا۔ فی الحال تو او آئی سی کی ایک ذیلی تنظیم کی گورننگ باڈی کے اجلاس کے سلسلے میں غالباً جولائی کے آخری ہفتے میں استنبول جانے کا پروگرام ہے۔ اس کے بعد اگر ممکن ہو سکا تو شاید لنڈن یا امریکہ کا چکر بھی ایک آدھ ہفتے کے لیے لگالوں کیونکہ

دونوں لڑکے وہیں ہیں۔ خداوند تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کا دورہ مصر کامیاب ہو۔ مجھے توقع ہے کہ مصری سکالروں سے مل کر آپ کو مسرت ہوگی۔

والسلام‘ خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ‘ لاہور

۲/اپریل ۱۹۸۶ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب‘ سلام مسنون!

آپ کا خط موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ مجھے ملکی اور ملی خدمات کے پیش نظر اعزاز کے طور پر قائم مقام گورنر نہیں بنایا گیا۔ دراصل گورنر پنجاب دو تین روز کے لیے اجمیر شریف تشریف لے گئے تھے۔ اس لیے ان کی عدم موجودگی میں آئین کی دفعات کے مطابق قائم مقام گورنر بنایا جانا ضروری تھا اور آئین کے تحت ان حالات میں صوبے کا چیف جسٹس قائم مقام گورنر بنایا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ کسی قسم کا اعزاز نہیں ہے۔

یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ آپ نے مع اہل خانہ عمرہ ادا کیا اور ہم سب کے لیے دعا کی۔ میری طرف سے اس کے لیے شکریہ قبول فرمائیے۔ میرے پاس محمد اقبال سہیل صاحب کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر موجود نہیں۔ اس سلسلے میں براہ کرم جناب پروفیسر مرزا محمد منور صاحب‘ ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی پاکستان‘ 39-A نیو مسلم ٹاؤن لاہور سے رجوع فرمائیے۔ غالباً ان کے پاس ان کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر موجود ہیں۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ انشاء اللہ چھٹیوں میں لاہور تشریف لائے تو ملاقات ہوگی۔

والسلام‘ خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ‘ لاہور

۱۹/اپریل ۱۹۸۳

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب‘ السلام و علیکم!

آپ کا خط محررہ ۲۸/مارچ ۱۹۸۳ء مع دیگر کاغذات موصول ہو گیا جس کے لیے بہت بہت شکریہ۔ خط کے جواب میں تاخیر کا باعث مختلف قسم کی مصروفیات تھیں جن میں لاہور سے باہر یعنی اسلام آباد

وغیرہ دوروں پر جانا شامل تھے۔

آپ کے دوست مشتاق صاحب کے ساتھ میری ملاقات نہ ہوسکی۔ میں نے آپ کے ارسال کردہ کاغذات دیکھ لیے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ کریم پارک، راوی روڈ لاہور میں چند سال پیشتر ایک پلاٹ میاں جلال الدین سے خریدا گیا تھا۔ یہ پلاٹ مشتاق صاحب نے اپنی اہلیہ کے نام خرید کیا۔ میں نے یہ کاغذات میاں صلاح الدین صاحب کو دکھا دیئے ہیں۔ ان سے یہ معلوم ہوا ہے کہ محترمہ عذرا پروین صباح الدین صاحبہ کی جانب سے جو دعویٰ کیا گیا ہے اس کی بنیاد یہ ہے کہ ایسی سب کی سب رجسٹریاں جعلی تھیں تاکہ دعویٰ کے ذریعے انھیں کالعدم قرار دیا جاسکے۔ آپ نے لکھا ہے کہ مشتاق صاحب دو چار ہزار روپے فی مرلہ زیادہ دینے کو تیار ہیں لیکن میاں صلاح الدین صاحب سے بات چیت کے دوران معلوم ہوا کہ ان کے خیال کے مطابق تو زمین کی قیمت بہت زیادہ ہے یعنی لاکھوں میں جاتی ہے۔ چونکہ یہ ان کا ذاتی یا خاندانی معاملہ ہے اس لیے میں کوئی تصفیہ کرانے سے قاصر ہوں۔ بہتر یہی ہوگا کہ آپ اس سلسلہ میں میاں امیر الدین صاحب کو خط تحریر کریں۔ ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی تصفیہ کرانے کے قابل ہوسکیں۔ اراضی متنازعہ میاں صلاح الدین صاحب کی ملکیت نہیں بلکہ ان کی چچا زاد بہن محترمہ عذرا پروین جوان کے چھوٹے بھائی کی اہلیہ بھی ہیں، کی ملکیت ہے۔ چونکہ یہ ان کی ذاتی جائیداد کا معاملہ ہے اس لیے میں تصفیہ کرانے کی پوزیشن میں نہیں ہوں۔ اگر میں اس سلسلے میں کچھ خدمت انجام دے سکتا ہوں تو وہ یہی ہے کہ مشتاق صاحب اگر کبھی لاہور آئیں تو ان کو میاں صلاح الدین صاحب یا میاں صباح الدین صاحب سے ملوادوں۔ لیکن ظاہر ہے کہ ان کے ذاتی معاملے میں تصفیہ کرانے کی پوزیشن میں نہ ہوں گا۔ جس طرح میں نے عرض کیا ہے، آپ اس سلسلے میں میاں امیر الدین صاحب کو تحریر کریں۔ آپ کے ارسال کردہ کاغذات واپس بھیج رہا ہوں۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

لاہور ہائی کورٹ، لاہور

۱۷ر جون ۱۹۸۶ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا ارسال کردہ عید مبارک کا کارڈ موصول ہوگیا جس کے لیے میری طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کی عمر دراز کرے اور اس طرح کی بیشمار عیدوں کی خوشیوں

اور مسرتوں سے ہمکنار ہونے کی توفیق عطا کرے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

ہائی کورٹ، لاہور

۲۸ رنومبر ۱۹۸۳ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۲۰ رنومبر ۱۹۸۳ء موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔ میں اگست کے وسط میں یورپ سے واپس آ گیا تھا لیکن اس کے بعد ستمبر کے وسط تک ایبٹ آباد میں مقیم رہا اور ''زندہ رود'' کی تیسری جلد کی تکمیل کے لیے کام کرتا رہا۔ یورپ میں میں سالزبرگ (آسٹریا) میں ایک کانفرنس میں شامل ہونے کے لیے گیا تھا۔ اس کے بعد ویانا، بوڈاپسٹ اور پراگ میں کچھ وقت گزارا۔ دورہ نہایت کامیاب اور دلچسپ رہا۔

یوم اقبال کے روز اسی قسم کے انٹرویو کر کے اخبار والے چھاپ لیتے ہیں۔ آپ کو نوائے وقت کے اقبال ایڈیشن کا انٹرویو پسند آیا۔ شکریہ!

اس سال یوم اقبال بڑی دھوم دھام سے منایا گیا اور کئی تقریبات ہوئیں۔ ایوان اقبال کے افتتاح کے متعلق آپ نے اخباروں میں پڑھ لیا ہوگا۔ اقبال انٹرنیشنل کانگریس بھی بہت کامیاب رہی۔ اسی دوران صدر پاکستان نے حضرت علامہ پر لکھی جانے والی کتابوں پر انعامات کی منظوری بھی دی۔ بہترین کتابوں پر انعامات دینے والی کئی کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں۔ چار کمیٹیاں علاقائی زبانوں میں بہترین کتاب کے متعلق رائے دیتی ہیں۔ ایک کمیٹی اردو کی بہترین کتاب کے لیے بنائی گئی ہے اور اسی طرح ایک کمیٹی انگریزی کی بہترین کتاب کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔ ایک اور کمیٹی بھی ہے جو باہر کے ممالک میں لکھی جانے والی بہترین کتاب کا انتخاب کرتی ہے۔ پاکستان میں لکھی جانے والی بہترین انگریزی کتاب منتخب کرنے کے لیے جو کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، میں اس کا ممبر ہوں۔

افسوس ہے کہ مجھے آپ کی تصنیف ''مفکر پاکستان'' پڑھنے کا موقع نہیں مل سکا۔ میری اپنی مصروفیات کچھ اس قسم کی رہی ہیں کہ پچھلے دنوں صرف وہی کتابیں پڑھ سکا جن کا تعلق ''زندہ رود'' جلد سوم کے آخری ابواب سے تھا یا جن کو لکھنے کے لیے معلومات حاصل کرنے کی ضرورت تھی۔ انشاء اللہ وقت ملا تو ضرور وہ کتاب پڑھوں گا اور آپ کو اپنی رائے بھی دوں گا۔

چودھری ولی محمد صاحب اور ان کی بیگم صاحبہ کو میری طرف سے بہت بہت سلام کہیے گا۔ بھارت کے ادیب سرجیت سنگھ لامبا حضرت علامہ کے ہمعصر نہیں ہیں۔ وہ تو ایک نوجوان شخص ہیں اور کئی بار لاہور آ چکے ہیں۔ ان کی کتاب "نذر اقبال" اشعار کا مجموعہ ہے۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام، خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

سپریم کورٹ آف پاکستان، لاہور

مورخہ ۲/ جنوری ۸۸ء

محترمی و مکرمی جناب حنیف شاہد صاحب، السلام علیکم!

آپ کا خط مع دو مضمون موصول ہو گیا۔ بہت بہت شکریہ۔

میں ریاض چار روز کے لیے گیا تھا اور تقریباً سارا وقت ہجرہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے گزر گیا۔ بعض اوقات یہ اجلاس رات کے نو بجے تک جاری رہے اور جن احباب کو مل سکنے کا اتفاق ہوا وہ بھی یوں کہ ہوٹل انٹرکونٹینٹل کی لابی میں میرے انتظار میں بیٹھے رہتے تھے اور جو بھی فارغ لمحات ہوتے ان کے ساتھ گزرتے تھے۔ سفارت خانہ ایک مرتبہ اس لیے گیا کہ ڈاکٹر گلزار حیدر صاحب جو اسلامی فن تعمیر میں دنیا بھر میں اتھارٹی ہیں، کے لیے پاکستان کا ویزا لینا تھا۔ وہ میرے ساتھ ہی اسلام آباد آئے اور لاہور بھی پہنچے۔

انشاء اللہ پھر آنے کا موقع ملا تو ملاقات ہوگی۔ اس مرتبہ تو ایسا ممکن نہ ہو سکا۔

خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

سپریم کورٹ آف پاکستان، لاہور

مورخہ ۱/ نومبر ۱۹۸۶ء

محترمی و مکرمی جناب حنیف شاہد صاحب، سلام مسنون!

آپ کا خط مورخہ ۱۹۸۶-۱۰-۲۲ موصول ہو گیا۔ سپریم کورٹ میں جج کے منصب پر میرے تقرر پر آپ کی مبارکباد کا بہت بہت شکریہ۔ نومبر ۱۶ اور ۱۷ کو ریاض میں او آئی سی کی میٹنگ رکھی گئی ہے۔ میں انشاء اللہ ۱۵/ نومبر سے ۱۸/ نومبر تک ریاض میں ہوں گا۔

سپریم کورٹ اور قیام راولپنڈی میں ہے گو دوروں پر لاہور، کراچی وغیرہ جانا پڑتا ہے۔ آپ نے اپنے خط میں جو جنرل محمد ضیاء الحق کے نام خط کی کاپی بھیجی ہے وہ میں نے پڑھ لی ہے۔ آپ کو معلوم

ہے کہ کم از کم علاقہ اقبال کے متعلق جو کتب بھی تحریر کی جاتی ہیں وہ ایوارڈ کمیٹی کے ماہرین پڑھتے ہیں اور اس کے بعد انعامات کے لیے اپنی سفارشات پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں ایوارڈ کے لیے سفارش اس کتاب کی کی جاتی ہے جو ان ماہرین کی نظر میں انعام کی مستحق قرار پاتی ہے۔ اگر آپ کی کوئی بھی تصنیف ان ماہرین کی نگاہ میں انعام کی مستحق نہیں سمجھی گئی تو یہ واقعی افسوس کی بات ہے' لیکن میں نہیں جانتا کہ اس معاملہ میں میں یا صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کیا کر سکتے ہیں۔ بہر حال' صدر پاکستان نے آپ کے خط کی نقل اقبال اکیڈمی کے ڈائریکٹر پروفیسر مرزا منور صاحب کو بھجوادی ہے تاکہ وہ بھی اسے پڑھ لیں اور ڈاکٹر وحید قریشی بھی اسے دیکھ لیں۔

امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

☆☆☆

لاہور

مورخہ ۱۱ جنوری ۸۲ء

محترمی و مکرمی جناب محمد حنیف شاہد صاحب' سلام مسنون!

آپ کا خط مل گیا۔ شکریہ!

ایک اور کانفرنس کے سلسلہ میں مجھے شاید امریکہ جانا پڑے گا مارچ ۸۲ء میں۔ بہر حال یہ کانفرنسیں دلچسپی سے خالی نہیں ہوتیں کیونکہ بحث و مباحثہ سے دیگر مفکرین کے خیالات کا پتہ چلتا ہے اور نئی کتب سے آگاہی ہوتی ہے جو یہاں بیٹھے ممکن نہیں۔

میں نے ملک رب نواز صاحب کو فون کر دیا تھا کہ آپ کو ''زندہ رود'' کی دوسری جلد ارسال کر دیں۔ امید ہے انھوں نے ایسا کر دیا ہو۔ وہ تو آپ کے بڑے مداح ہیں۔

میاں امیر الدین صاحب اب روبصحت ہیں۔ ان کی آنکھ کا آپریشن کامیابی سے ہو گیا ہے اور آنکھ کی بصارت لوٹ آئی ہے۔ میں ان سے ملوں گا تو آپ کا سلام پہنچا دوں گا۔

اقبال ایوارڈ کے بارے میں صدر پاکستان کے آرڈر کی نقل ابھی تک دیکھنے میں نہیں آئی۔ میں میٹنگ میں شریک ہوا تھا لیکن مجھے یہ تاثر ہے کہ ابھی تک صرف صدر پاکستان کے directive (ہدایت) کی بنا پر میٹنگ ہوئی تھی۔ ہو سکتا ہے کہ آرڈر بعد میں آئے جب ایوارڈ دینے کا ڈھانچہ تیار ہو جائے۔

والسلام' خیر اندیش

جاوید اقبال

تعارف

''اقبال اور انجمن حمایت اسلام'' انجمن حمایت اسلام کے ساتھ علامہ اقبال کی تاحیات وابستگی کی تفصیل ہے۔ علامہ اقبال کی ملی نظموں کی ابتدا ۱۹۰۰ء میں انجمن کے اجلاس سے ہوئی۔ اس موقع پر نظم ''نالۂ یتیم'' پڑھی گئی۔ اس کے بعد ایسی نظموں کا ایک سلسلہ شروع ہوا۔ علامہ اقبال قریب قریب ہر سال انجمن کے سالانہ اجلاس میں اپنی کوئی نہ کوئی نظم پڑھتے تھے۔ اکثر نظمیں ترنم کے ساتھ پڑھی گئیں اور جن خوش قسمت اصحاب نے انھیں ترنم کے ساتھ اپنی نظمیں پڑھتے سنا، وہ ایسے موقعوں کو آج تک فراموش نہیں کر سکے۔ علامہ اقبال انجمن کی انتظامیہ کے مختلف عہدوں پر بھی فائز رہے اور یہ وابستگی آخری عمر تک قائم رہی۔ انجمن کے ساتھ وابستگی سے پیشتر علامہ اقبال فقط مشاعروں کے شاعر تھے لیکن اس وابستگی کے بعد مشاعرے چھوٹ گئے اور وہ شاعری کے جن ادوار سے گزرے، انھیں بجا طور پر اقبال کی ملی شاعری کہا گیا ہے۔ دراصل یہی وہ دور ہے جب علامہ اقبال نے مسلمانانِ عالم کو اپنا حیات افزا پیغام دیا جو بالآخر مسلمانانِ برصغیر کی سیاسی اور معاشرتی احیاء کا باعث بنا، ان کی اجتماعی خودی بیدار ہوئی، وہ سیاسی طور پر ایک قوم یا ملت بن کر ابھرے اور انھوں نے اپنے لیے ایک آزاد وطن یعنی پاکستان بھی حاصل کر لیا۔

اس کتاب میں جہاں علامہ اقبال کے انجمن کے ساتھ تعلق کا ذکر ہے وہاں انجمن کی تاریخ بھی قلم بند کی گئی ہے جو بجائے خود نہایت دلچسپ ہے۔ بالخصوص وہ دور جب تحریک خلافت اپنے عروج پر تھی اور ترک موالات کا زمانہ تھا۔ انجمن اپنی تاریخ کے اس دور میں ملکی سیاست کے زیر اثر تو آئی، مگر نہایت نازک حالات میں بھی وہ کسی مخصوص سیاسی نقطۂ نگاہ کی آلہ کار نہ بنی بلکہ اس نے ہمیشہ مسلمانوں کے اجتماعی مفاد ہی کو پیش نظر رکھا۔ اس سلسلہ میں روزنامہ ''زمیندار'' کے ۱۸ نومبر ۱۹۲۰ء کے شمارہ سے اخذ کردہ علامہ اقبال کا جو طویل، نادر اور تاریخی خط نقل کیا گیا ہے، وہ آج تک اُن کے مکتوبات کے کسی مجموعہ میں شائع نہیں ہوا۔

جناب محمد حنیف شاہد مولف ''اقبال اور انجمن حمایت اسلام'' مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے نہایت محنت، جان فشانی اور خلوص کے ساتھ انجمن کے ریکارڈ کا مطالعہ کیا اور یہ کام سرانجام دیا۔ یہ کتاب جہاں سیرتِ اقبال کے بعض گوشوں کو نمایاں کرتی ہے وہاں مسلمانوں کی معاشرتی زندگی کے ایک نہایت اہم تاریخی دور کی نشان دہی بھی کرتی ہے۔

جاوید اقبال

۲/جون ۱۹۷۵ء

☆ تیسواں مکتوب مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۸۵ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور
☆ اکتیسواں مکتوب مورخہ ۷ جنوری ۱۹۸۶ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور
☆ بتیسواں مکتوب مورخہ ۱۲ اپریل ۱۹۸۶ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور
☆ تینتیسواں مکتوب مورخہ ۱۷ جون ۱۹۸۶ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور
☆ چونتیسواں مکتوب مورخہ ۲۹ جون ۱۹۸۶ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور
☆ پینتیسواں مکتوب مورخہ یکم نومبر ۱۹۸۶ء سپریم کورٹ آف پاکستان
☆ چھتیسواں مکتوب مورخہ ۲ جنوری ۱۹۸۸ء چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور

حصہ دوم: پروفیسر محمد حنیف شاہد کے خطوط جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کے نام
☆ پہلا مکتوب مورخہ ۳ ستمبر ۱۹۷۲ء لاہور سے لکھا گیا۔
☆ دوسرا مکتوب مورخہ ۱۱۸ کتوبر ۱۹۷۲ء لاہور سے لکھا گیا۔
☆ تیسرا مکتوب مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۷۳ء لاہور سے لکھا گیا۔
☆ چوتھا مکتوب مورخہ ۲۴ ستمبر ۱۹۷۳ء لاہور سے لکھا گیا۔
☆ پانچواں مکتوب مورخہ ۸ جنوری ۱۹۸۰ء لاہور سے لکھا گیا۔

حصہ سوم: پروفیسر محمد حنیف شاہد کی کتب کے لیے جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کے تحریر کردہ تعارف، مقدمہ اور دیباچہ۔ کتب کے نام حسب ذیل ہیں:
☆ اقبال اور انجمن حمایت اسلام، صفحات
☆ اقبال: چودھری محمد حسین کی نظر میں، صفحات
☆ اقبال: دی گریٹ پوئٹ آف اسلام (انگریزی)، صفحات

حصہ چہارم: ''زندہ رود'' کا سیٹ پروفیسر محمد حنیف شاہد کو پیش کرتے وقت جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کے دلی جذبات اور احساسات طیب: مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۷۹ء
☆ میاں محمد شہباز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب کے نام جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کا مکتوب گرامی کہ پروفیسر محمد حنیف شاہد کی علمی و ادبی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انھیں مستحقہ انعام سے نوازا جائے۔

حواشی

Character certificate covering academic, professional and literary achievements, dated 2nd June, 1976 when he was Judge of the West Pakistan High Court.

☆☆☆

ڈاکٹر قمر سلطانہ

خطباتِ اقبال: تسہیل و تفہیم *

(ایک تعارفی تجزیہ)

Abstract:

Dr.Javed Iqbal was an eminent scholar and philosopher of Pakistan.He was a prolific writer and wrote several books.He has also authored a book on "Lectures",Reconstruction of Religious Thought in Islam.He was widely respected and admired for his professional caliber and personal qualities.He contributed several books on the subject of Iqbaliat.He believed on the notion of Allama Iqbal that there is a need for a perpetual reinterpretation and reconstruction of religious thought in Islam.In his book;"Khutbat-e Iqbal:Tasheel-o-Tafheem" he threw light on Iqbal's philosophy in detail.In this paper I intend to analyze this book, its relevance and significance and critically evaluate. However, it has been concluded that many serious problems facing Muslim society today can only be solved by resorting to 'ijtihad'.

علامہ کے لیے صرف جاوید اقبال کی ذات ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کی ہر نئی نسل فخر و انبساط کا سبب ہے جسے وہ اپنے افکار کی آغوش میں پروان چڑھتے دیکھنے کے آرزومند تھے۔ ''خطباتِ اقبال: تسہیل و تفہیم'' ڈاکٹر جاوید اقبال ہی کی تصنیف ہے، اور خطباتِ اقبال کے اُلجھے ہوئے نسبتاً دقیق نکات کو عام طالب علم کے لیے صاف اور روشن انداز میں بیان کرنے کی ایک کامیاب کوشش بھی۔

اقبال کے افکار، بنیادی تصورات اور ان کی تفصیل و اطلاق ہر دو اعتبار سے نئے، اور اسی اعتبار سے عسیر الفہم ہیں۔ لہٰذا ان کا احتیاط اور غور و فکر سے مطالعہ بھی ناگزیر ہو جاتا ہے۔ بقول ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن، صدر شعبہ علی گڑھ یونی ورسٹی:

''انھوں (اقبال) نے اسلام میں فلسفۂ دین کی تشکیلِ نو کی بنیاد رکھ دی۔ مسلمانوں کی

موجودہ اور آئندہ نسلیں اس کے لیے آپ کی ممنونِ احسان ہیں۔''

ان خطبات کو تحریر کیے تقریباً اسی (۸۰) برس گزر چکے۔ اقبال کے ہمعصروں نے، خصوصی طور پر علمائے ہند نے ان کی اس تصنیف میں کوئی دلچسپی نہیں لی، اگر لی تو سرسری اور کہیں رائے زنی کا اظہار کیا تو منفی۔ لیکن اس کی کئی وجوہات بھی ہیں۔ اوّل تو یہ کتاب انگریزی میں تھی۔ دوم، خطبوں میں بحث کی نوعیت عقلی اور فلسفیانہ تھی۔ اقبال کے بعد پہلی نسل میں ہمیں خطباتِ اقبال کے زیادہ تر اردو اور دیگر مختلف زبانوں میں تر جمے نظر آتے ہیں مگر تبصرے تقریباً مفقود ہیں۔ مطلب یہ کہ اس نسل نے کتاب کو پڑھ کر سمجھنے کی شاید کوشش نہیں کی۔

اس کے بعد دوسری اور تیسری نسلوں میں معلوم ہوتا ہے کہ خطباتِ اقبال کو سنجیدگی سے پڑھنے اور اس پر تبصرہ کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ ان میں سے بعض تبصرہ نگاروں نے کتاب پڑھ کر اپنے نتائج بھی اخذ کیے ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کی یہ تالیف اسی دوسری اور تیسری نسل کے تبصروں کے ضمن میں ایک اہم اضافہ ہے۔ جاوید اقبال نے ان مبصرین کے تبصروں کو بے لاگ بیان کیا ہے اور پھر ان کے مقابل فلسفۂ اقبال کی اساس اور نتائج کو انھی کے انداز میں بیان اور واضح کرنے کی کوشش بھی کی ہے۔

اس ضمن میں ڈاکٹر سیّد حسین نصر اسلام میں ''ارتقائیت'' کا تصور قبول کرنے والے سب مفکروں کے خلاف ہیں۔ ان کے نزدیک جدیدیت زدہ مسلمانوں کا ایک بڑا حصہ ارتقائیت کو ایمان کا رکن تسلیم کرتا ہے اور قرآنی تعلیم سے اس کے واضح تصادم کو بھی محسوس کرنے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔ اسی حوالے سے وہ اقبال کو بھی موردِ الزام ٹھہرانے میں دریغ نہیں کرتے۔

خطباتِ اقبال پر تین نسلوں پر مشتمل مختلف تبصرہ نگاروں کی آراء جاوید اقبال نے کسی تبصرے کے بغیر نقل کی ہیں، جن میں برہان احمد فاروقی، سلیم احمد، محمد سہیل عمر، الطاف اعظمی، ڈبلیو سی سمتھ اور گب کی آراء شامل ہیں تاکہ اندازہ ہو سکے کہ اس تصنیف پر بحیثیتِ مجموعی کس نوعیت کے خیالات کا اظہار کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایک تاثر جو معروف اقبال شناس مرزا محمد منور کے بیان سے ملتا ہے، یہ ہے کہ شاید اقبال کے وہ خیالات جو خطبات میں پیش کیے گئے ہیں، بعد ازاں ان میں قدرے تبدیلی آ گئی یا انھوں نے ان خیالات سے رجوع کر لیا تھا۔

اسی طرح خطبات کے بارے میں عام اعتراض یہی ہے کہ اقبال مغربی تہذیب، فلسفہ، سائنس اور ٹیکنالوجی سے بے حد متاثر تھے اور اس کے مقابلے میں اسلام کو ایک کمزور تہذیبی قوت سمجھ کر ان کی آپس میں تطبیق کرنے کی کوشش میں خطبات تحریر کیے گئے۔ اس اعتراض کی بنیاد تو اقبال کا وہ بیان ہی قرار پاتا ہے، جس میں وہ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ کو یوں پیش کرنا چاہیے تھا کہ موجودہ تمدن کو کس طرح اسلام کے قریب تر لایا جائے۔

اقبال پر یہ اعتراض ہے کہ وہ عربی نہ جانتے تھے اور ان کا مطالعۂ قرآن سطحی تھا' جیسا کہ الطاف اعظمی کا پُر زور اصرار ہے' لیکن اقبال کی حیات کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ انھوں نے بچپن ہی سے فارسی و عربی پر

عبور حاصل کرنے کی کوشش کی اور اورنٹیئل کالج لاہور میں عربی زبان پڑھائی بھی، اور اسی طرح لندن میں پروفیسر آرنلڈ کی جگہ بھی عربی زبان پڑھائی۔ تاہم اقبال نے کبھی بھی عربی زبان میں مہارت کا دعویٰ نہیں کیا۔

اقبال اپنا شمار نہ شاعروں میں کرتے تھے نہ فلسفیوں میں اور نہ ہی انھوں نے کوئی فلسفیانہ نظام تشکیل دیا۔ مصنف' جاوید اقبال کے خیال میں خطبات کو پڑھے اور سمجھے بغیر فکر اقبال سے شناسائی کا دعویٰ عبث ہے۔ اسی طرح اقبال کی تمام نثری کاوشوں یعنی مکتوبات، مقالات، خطبات، بیانات اور تصریحات کو یکجا کر کے ان کے مجموعے بھی تیار ہونے چاہئیں۔

مزید برآں' مصنف نے اس اعتراض کو بھی قیاسی قرار دیا ہے کہ وہ خطبات میں پیش کردہ اپنے خیالات سے مطمئن نہ تھے اور یہ کہ ان کی سوچ ۱۹۲۹ء تک آ کر رُک گئی تھی۔ ہوسکتا ہے کہ ''فکر اقبال: تشکیلِ جدید کے بعد'' کا عنوان کسی کتاب تحریر کرنے والے مصنف کے لیے اس اعتبار سے دلچسپی کا باعث ہو کہ خطبات' تشکیلِ جدید کے بعد اقبال کے خیالات بدل گئے تھے۔ یعنی کہ وہ گمراہی کا رستہ چھوڑ کر صراطِ مستقیم پر آ گئے تھے۔ لیکن یہ خیال رہے کہ اقبال کا ارادہ مزید دو کتب تحریر کرنے کا تھا۔ ایک بعنوان ''قرآن جیسے میں اسے سمجھتا ہوں'' (انگریزی میں) اور دوسری ''تاریخِ فقہ اسلامی'' جس کا وعدہ انھوں نے نواب آف بھوپال سے کر رکھا تھا اور جس کے نوٹس بھی میاں محمد شفیع نے کسی حد تک تیار کر لیے تھے۔ دونوں مجوزہ کتب کے موضوعات کا تعلق خطبات ہی سے ہے' اس لیے وہ ان ہی خطبات کی توسیع ہوتیں۔

فلسفیانہ تنقید کے اصول کے مطابق ایک فلسفی کے حتمی تصورات کا جائزہ اس کے انتقال کے بعد لیا جاتا ہے۔ مگر ہمارے پاس ایسا کوئی ثبوت نہیں کہ اقبال اپنی زندگی میں خصوصی طور پر ''خطباتِ تشکیلِ جدید'' میں پیش کردہ کسی بھی تصور سے منحرف ہوئے تھے۔

تالیف ''خطباتِ اقبال: تفہیم و تسہیل'' میں مصنف نے واضح کیا ہے کہ خطباتِ اقبال اور ان کی دیگر نثری کاوشوں کا مطالعہ صرف فکر اقبال سے شناسائی کے لیے ہی ضروری نہیں بلکہ ان میں کئی اہم تجاویز بھی ہیں جن میں ایک ان کی مجوزہ ''مسلم ریاست'' جس پر آج تک غور نہیں کیا گیا۔ خطبات سمیت اگر اقبال کی نثری کاوشوں کا جائزہ لیا جائے تو ان کی ''جدید اسلامی فلاحی جمہوری ریاست'' کا ماڈل صاف دکھائی دینے لگے گا۔ یہ ماڈل سعودی یا دیگر مختلف اقسام کی ''مسلم ملوکیت'' یا بیشتر مسلم ممالک میں نافذ مختلف انواع کی مطلق العنان ''آمریت''، ایرانی ''ولایتِ فقہ'' کے نظریے، طالبان کی ''گزشتہ شورائیت پر مبنی سُنّی امارت''، یا ترکی کی ''سیکولر ریاست'' سے مختلف ہے' لیکن اس تصور کو دریافت کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ نہ ہی تعلیم و تربیت' قانونی اصلاحات' معاشی تصورات یا جدید مسلم تہذیبی اسلوب سے متعلق ان کے افکار کی وضاحت کی کوشش کی گئی ہے۔

جاوید اقبال کے نزدیک سب سے اہم سوال یہ ہے کہ خطباتِ اقبال کی جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کی موجودہ نسل

کے لیے کوئی اہمیت ہے یا نہیں؟

خطبات کا اصل مقصد تو مسلمانوں کو ترغیب دینا تھا کہ کسی اور وجہ سے نہیں تو مصلحتاً مغربی تہذیب کے علوم، سائنس اور ٹیکنالوجی کی برتری کی حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے انھیں اپنے اندر جذب کر کے نہ صرف مادی اعتبار سے فائدہ اٹھائیں بلکہ ان کے ساتھ اپنی روحانی اور اخلاقی اقدار منسلک کر کے زیادہ سے زیادہ متوازن معاشرہ وجود میں لائیں اور یوں مغربی تہذیب کے مقابلے میں اپنے تمدن کی برتری ثابت کریں۔

اقبال کے نزدیک احیائے تمدن کی یہی ایک ممکن صورت تھی اور اب بھی اسی طریق کار کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ مگر مستقل مزاجی سے اس راہ پر چل سکنا اس لیے ممکن نہ ہو سکا کہ مغربی نوآبادیاتی طاقتوں کے شکنجے سے سیاسی آزادی حاصل کر لینے کے باوجود مسلم اقوام کی مغربی استعمار کے خلاف رنجشیں بدستور قائم رہیں، بلکہ اب بھی ہیں اور ان کی جدید ترین صورت بعض مسلم حلقوں میں رجعت پسندی کے رجحانات عام ہونے کے سبب دہشت گردی کا فروغ ہے اور دہشت گردی بھی خود کش بمباروں کی شکل میں۔ ہر امن پسند مسلمان اپنے ملک میں ہو یا ملک سے باہر، غیر محفوظ ہے۔

مصنف کے خیال میں اس پس منظر میں مسلمانوں کی نئی نسل کے سامنے دو ہی راستے ہیں: ایک تو یہ کہ مذہبی جوش و خروش کے ریلے میں بہہ کر سینکڑوں برس اُسی طرح پیچھے چلے جائیں جیسے وہابی تحریک یا تحریک خلافت کی ناکامی کے بعد صورتحال پیدا ہوئی تھی یعنی جتنی ترقی حاصل کی ہے کہیں شدتِ جذبات اور مقابلے کے لیے حقیقی ذرائع کے فقدان کے سبب، کسی نئے اجتماعی استعمار کے زیر اثر آ کر، ہم اسے گنوا نہ بیٹھیں۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ اس غیر یقینی و غیر معتدل دور سے کامیابی سے گزر جانے کی خاطر مصلحتاً یا خالصتاً عقلی بنیادوں پر کوئی نئی حکمت عملی وضع کریں۔ اگر موخر الذکر طریقہ اپنایا گیا تو خطباتِ اقبال کی تسہیل و تفہیم کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ کوئی عجب نہیں اگر مستقبل میں اقبال کے افکار کی روشنی میں احیائے اسلام یا احیائے تمدن اسلام نے کوئی عملی صورت اختیار کی تو پاک و ہند کے مدرسوں اور تعلیمی اداروں میں خطباتِ اقبال اور ان کی دیگر نثری کاوشوں پر مزید تحقیق کے ذریعے نئے طریقوں سے نئے مسائل کا حل تلاش کرنا پڑے۔

جاوید اقبال کے نزدیک، خطبات اقبال کے سلسلہ میں ''خطبہ اجتہاد'' سے ثابت ہوتا ہے کہ اپنے اشعار میں جمہوریت پر تنقید کے باوجود اقبال کی جدید اسلامی ریاست میں جمہوریت کا نعم البدل کوئی اور سیاسی نظام نہیں۔ اگر کوئی ہے تو ملوکیت یا آمریت ہے جو اقبال کے بقول دونوں اسلام کی روح کے خلاف ہیں۔ لہٰذا پاکستان کی جمہوری سیاست میں بار بار فوجی مداخلت، تغلب یا آمریت کے فتنہ کا مستقل طور پر خاتمہ کرنا اشد ضروری ہے یعنی فوج کو سیاسی قیادت کے ماتحت رہنا چاہیے اس پر حاوی نہیں۔

مصنف کے نزدیک، انتہا پسندی اور دہشت گردی کی جڑیں غربت، جہالت، بیماری اور معاشی و

معاشرتی ناانصافی ہیں۔ اس کا خاتمہ جمہوری نظام کے استحکام اور درست قسم کی سیاسی قیادت کے ذریعہ معاشی، تعلیمی اور طبّی اصلاحات کے فوری نفاذ سے ہوسکتا ہے۔ مزید یہ کہ یہی دو فتنے ایسے ہیں جن کا خاتمہ اقبال کی مجوزہ ریاست ''پاکستان'' کو اپنی بقا کی خاطر کرنا ہے۔ تاریخ اسلام گواہ ہے کہ مسلمانوں نے من حیث الملت بیرونی فتنوں کے علاوہ ایسے اندرونی فتنوں کا بھی مقابلہ کر کے اُن کا قلع قمع کیا ہے۔ تاریخ میں کئی جنگوں، فتنوں اور اندرونی خلفشار کی یلغار بھی اسلامی تمدن کے ارتقا کو نہ روک سکی۔

جاوید اقبال نے اردو خواں طبقہ میں خطباتِ اقبال کی تسہیل و تفہیم کی خاطر یہ کوشش کی، اس غرض سے کہ ہماری نئی نسل میں اقبال کے افکار کے مطابق احیائے تمدنِ اسلام کے جاری عمل کا شعور یا اہمیت کا احساس پیدا کیا جا سکے۔

مصنف کے نزدیک ایک مسئلہ ایسا ہے، جس پر کسی تبصرہ نگار نے توجہ نہیں دی:

وہ یہ کہ پہلے خطبے میں اقبال نے خصوصی طور پر مذہبی تجربہ بحیثیت ایک ذریعہ علم کے موضوع پر وجدان کی اہمیت کے بارے میں جو اتنی مدلل بحث کی ہے، کیا وہ اُن کے ذاتی احوال و واردات پر مبنی ہے یا انھوں نے اولیائے کرام کی تصانیف سے مطلوبہ نتائج اخذ کیے؟

اقبال کی زندگی میں بعض غیر معمولی واقعات اُن کے جاننے والوں نے ریکارڈ کیے ہیں یا انھوں نے خود اپنے خطوط میں ان کا ذکر کیا ہے۔ مثلاً ہائیڈل برگ (جرمنی) میں ان کی طالب علمی کے زمانے (اگست ۱۹۰۷ء) کا ایک واقعہ عطیہ فیضی نے بیان کیا ہے، جس میں اقبال بتاتے ہیں کہ دفعتاً گویا ان کا شعور اُن کے جسم سے الگ ہو گیا ہے۔ اسی طرح بقول غلام رسول مہر، مولانا رُومی خواب مین اقبال کو مثنوی ''اسرارِ خودی'' لکھنے کی تحریک دیتے اور مختلف مرحلوں پر انھیں روحانی اور فکری راہنمائی بھی فراہم کرتے رہے۔ بالکل اسی طرح جنوری ۱۹۲۲ء میں ''خضرِ راہ'' کا شانِ نزول بھی ایک قلبی واردات ہی بیان کی جاتی ہے۔

اقبال اپنے محبوب صوفیاء کے مزارات پر اکثر حاضری دیتے تھے اور مشائخ کے طبقہ میں جس کی بھی شہرت سنتے اس کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کرتے۔ خطبہ کی تحریر تک یہ چار غیر معمولی اقعات ہیں جن کا ذکر مختلف کتابوں میں ملتا ہے۔ ان کی مثنوی ''چہ باید کرد اے اقوامِ شرق'' بھی اسی روحانی واردات کی کارفرمائی کا نتیجہ ہے۔

مصنف نے اس امر کی جانب بھی توجہ دلائی ہے کہ تبصرہ نگاروں نے زیادہ تر اقبال کے تصورِ خدا بطور ''خودیٔ مطلق''، پر اعتراضات کیے ہیں کہ وہ اسلام کے تصورِ خدا کے مطابق نہیں ہے۔ قطع نظر اس کے کہ اسلام کا تصورِ خدا کیا ہے اور اقبال کا تصورِ خدا کس طرح اس سے مختلف ہے، ہمیں یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اقبال کو اپنا تصورِ خدا پیش کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی! اقبال تسلیم کرتے ہیں کہ فلسفہ کی جتنی بھی

تاریخیں لکھی گئی ہیں، اُن میں مختلف فلسفیوں کے افکار کے مطالعہ سے بحیثیت مجموعی فلسفہ کے بطور ایک علم تدریجی ارتقا کا پتا چلتا ہے مگر ان کی کتب میں انفرادی فلسفیوں کے گردونواح کی تفصیل نہ ہونے کے سبب یہ معلوم نہیں ہوتا کہ انھوں نے نظریات کی تدوین کن حالات میں کی اور کس ماحول کے ردِّعمل کے طور پر کی۔ اس بنا پر اقبال کسی مفکر کے فلسفہ سے شناسائی کے لیے سب سے پہلے اس کے ماحول کو پوری طرح سمجھنے کی تلقین کرتے ہیں۔ اقبال نے اپنا تصورِ خدا کس ماحول کے ردِعمل کے طور پر قائم کیا؟ ان کے زمانے میں تمدن اسلام کے زوال وانحطاط کی کیا کیفیت تھی؟ اس کو تبصرے کی زد میں لانا اور جاننا بھی اشد ضروری ہے۔

اسی طرح جاوید اقبال کے نزدیک خطبات پر تبصرہ کرنے والوں نے یہ جاننے کی کوشش نہیں کی کہ ''مسئلۂ زمان'' میں اقبال کی دلچسپی کا باعث کیا تھا! وہ برگساں سے کیوں متاثر تھے؟ انھوں نے اپنی تصنیف ''اسرارِ خودی'' جو خطبات سے کئی برس پہلے شائع ہوئی، میں امام شافعیؒ سے منسوب مقولہ ''الوقت سیف'' پر مبنی اپنی نظم میں مذکورہ بالا دونوں حدیثوں کا ذکر کس مقصد کی بنا پر کیا؟ یہ حقیقت اس نظم میں ان کے اشعار سے ہی واضح ہو جاتی ہے۔ وہ مسلمانوں کو یہ احساس دلانا چاہتے تھے کہ اپنی خودی کی پرورش کے ذریعے ''زمانِ مسلسل'' میں پھنسی ہوئی اپنی حیوانی زندگی سے نجات حاصل کر کے ''زمانِ خالص'' کی حقیقت کو پالیں۔

ایک اہم پہلو جسے نظرانداز نہ کرنا چاہیے یہ ہے کہ اقبال کے نزدیک ہر نوعیت کے عقلی یا نظری علم کے جدید انکشافات کی اہمیت قرآنی آیات یا احادیث کی روشنی میں واضح کی جاسکتی ہے اور یوں اسلام کی برتری ثابت کرنا ممکن ہے۔ قطع نظر اس کے کہ سوچ کا یہ انداز درست ہے یا غلط، اقبال کا یہ عقیدہ ہے۔ اس عقیدے کی جھلک ان کی تمام شعری تخلیقات اور نثری کاوشوں میں دکھائی دیتی ہے جن کے ذریعے وہ اسلام میں ایک نشاۃِ ثانیہ جدید حقیقت کی صورت میں دیکھنا چاہتے ہیں۔

اپنے چوتھے خطبہ میں اسلامی مذہب، فلسفہ اور تصوف کی تاریخ کی روشنی میں انسانی ''خودی'' کی دریافت، تعریف وارتقا واستحکام، انسان کے مقتدر و بااختیار ہونے کی بنا پر اس کی آزادی اور شخصی حیاتِ دوام کے مسائل پر اقبال نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان سے صاف عیاں ہے کہ اقبال کا مدعا دراصل احیائے ملّت اسلام ہے۔ اس نقطۂ نظر سے خطبہ میں پیش کردہ افکار ایک طرح کا ''صورِ اسرافیل'' ہیں جن سے غرض ایک شکست خوردہ، خوف زدہ، خوابیدہ بلکہ مردہ ملّت اسلامیہ کو از سرِ نو زندہ و متحرک کرنا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، خطبہ کی زیرِ سطح متلاطم لہر کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمانوں کی آنے والی نسلوں کو حرکت و عمل کی ترغیب دینے کی کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی جائے۔

اقبال کا یہ ایمان تھا کہ ہر نئے فکر یا نئی دریافت کو قرآنی آیات کی روشنی میں نہ صرف پرکھا جاسکتا ہے بلکہ ثابت بھی کیا جاسکتا ہے کہ اسلامی تمدن میں ان مسائل پر جو آج جدید سمجھے جاتے ہیں، غور کیا

گیا۔ اگرچہ بعض تبصرہ نگاروں نے اقبال پر مختلف قسم کے الزامات لگائے کہ وہ یورپی فکر سے متاثر تھے، عربی نہ جانتے تھے، تجدد پسند ذہنیت رکھتے تھے، قرآنی آیات کی مروجہ تفسیر سے ہٹ کر اپنے نظریات کے مطابق ان کی تاویل کرتے تھے، وغیرہ وغیرہ لیکن ان کی تحقیق ہر اعتبار سے ''با مقصد'' تھی یعنی مسلمانوں کا تمدنی احیاء کہ وہ من حیث الملّت علم اور سائنس کے میدانوں میں کسی سے پیچھے نہیں بلکہ دُنیا کی قیادت کرتے رہے ہیں اور اہل مغرب کو یہ احساس دلانا کہ علم و سائنس کے میدانوں میں جو ترقی انھوں نے کی ہے، وہ دراصل اسلامی تمدن ہی کی مرہونِ منت ہے۔ ان حالات میں سوائے اس کے اور کیا کہا جاسکتا ہے کہ اقبال کی ''تحقیق با مقصد'' پر جو تبصرہ اہلِ فکر نے کیا ہے، وہ تنقید بے مقصد یا تنقید برائے تنقید ہے۔

خطباتِ اقبال کی تسہیل و تفہیم میں جاوید اقبال نے فرمایا ہے کہ اقبال کے خطبات میں عملی اعتبار سے سب سے اہم خطبہ اجتہاد پر ہے مگر اس پر بھی کئی اعتراضات کیے گئے اور ان میں سے اکثر روایتی نقطۂ نگاہ کی نمائندگی کرتے ہیں کہ اقبال خود مجتہد یا فقیہہ نہیں تھے اور نہ ہی اجتہاد اور فقہ سے ان کا کبھی کوئی عملی واسطہ رہا۔ یہ درست ہے کہ اقبال روایتی معنوں میں مجتہد یا فقیہہ نہیں تھے مگر وہ پیشہ کے اعتبار سے وکیل یا قانون دان اور بیرسٹر تھے اور اپنے زمانے میں نافذ کردہ سلامی قوانین اور ان کی خامیوں کو بخوبی سمجھتے تھے۔ پھر بحیثیت ایک قانون دان ہی کے انھوں نے وقت کے تقاضوں کے مطابق اجتہاد کی ضرورت پر خطبہ دیا۔ وہ اجتہاد میں شرکت کی خاطر روایتی علماء کا عارضی طور پر مگر ایسے وکلاء کا مستقل طور پر موجود ہونا ضروری سمجھتے تھے جو اسلامی فقہ کے ساتھ جدید جورسپروڈنس پر بھی عبور رکھتے ہوں۔ اس طرح اجتہاد کا دروازہ بند کیے جانے پر علامہ کا جو احتجاج تھا اس کے جواب میں بھی علماء کا خیال ہے کہ اس کا سبب اہلیت وصلاحیت کا فقدان یا شرائط کے مجتمع نہ ہونے سے نہیں بلکہ ضرورت مکمل ہونے سے ہے۔

اسی طرح اقبال نے ترکِ اجتہاد کے بارے میں جن خیالات کو سراہا اور اسے جدید دور کے مطابق قرار دیا، علماء نے اس پر بھی اعتراض کیا لیکن وقت نے ثابت کر دیا کہ علماء کا اقبال کے خلاف خیال اور تاثر درست نہ تھا۔ مصنف کے خیال میں، چھٹے خطبے کی تفہیم کے سلسلہ میں بعض ایسی اہم باتیں رہ گئی ہیں جن پر ان کے نظریات کے کسی بھی حامی، مبصر یا نکتہ چیں نے غور نہیں کیا۔ پہلی تو یہ کہ اس خطبے کا پس منظر کیا تھا یا کن حالات کے ردِّ عمل کے طور اقبال نے یہ خطبہ تیار کیا؟ دوسری یہ کہ برصغیر کے مسلم علماء کی تعلیم و سوچ میں بحیثیت مجموعی اقبال کیا کمی محسوس کرتے تھے اور ان کی نگاہ میں قوت کے جدید تقاضوں سے عہدہ برآ ہونا اور اس کی خاطر مسلم معاشرہ کو کس قسم کی تعلیم سے آراستہ علماء، فقہاء اور واعظین کی ضرورت تھی؟ تیسری یہ کہ اقبال جس جدید اسلامی ریاست کی منتخب اسمبلی کو اجتہاد کا اختیار دیتے ہیں، ان کی تحریروں کی روشنی میں اس ریاست کا ماڈل کیا ہے؟ چوتھی یہ کہ اقبال نے ''توحید'' کے اصول کو انسانی اتحاد، مساوات اور آزادی کی بنیاد قرار دیتے

ہوئے اسلام کا حقیقی مقصد جو ''روحانی جمہوریت کا قیام'' قرار دیا' اس سے ان کی کیا مراد ہے؟ خطبہ کا پس منظر کیا تھا یا کس ماحول کے ردِ عمل کے طور پر یہ خطبہ تحریر کیا گیا' اقبال نے خود اس کا ذکر کیا ہے۔

اقبال کے آخری خطبے ''کیا مذہب کا امکان ہے؟'' کے ضمن میں ڈاکٹر برہان فاروقی' محمد سہیل عمر' الطاف احمد اعظمی اور مولانا سعید احمد اکبر آبادی کے تبصروں کو دیکھنے کے بعد جاوید اقبال فرماتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے تبصرہ نگاروں نے اس بات کی طرف توجہ مبذول نہیں کی کہ اقبال نے یہ مقالہ کب اور کس قسم کے سامعین کے سامنے پڑھا تھا۔ اس مقالے کو ''خطباتِ اقبال'' میں بعد میں شامل کیا گیا۔ دراصل یہ مقالہ خطبات کا حصّہ نہیں ہے بلکہ دوسری گول میز کانفرنس یعنی ستمبر/اکتوبر ۱۹۳۲ء کے بعد ارسطاطیلین سوسائٹی کی ایک سالہ پیشتر دعوت کے جواب میں تحریر کیا اور لندن میں پڑھا گیا۔ اس کے مخاطبین زیادہ تر انگریز سوسائٹی کے اراکین اور فلسفہ کے طلبہ یا اساتذہ تھے جو مذہب سے لاتعلق، یورپ میں سائنس کی ترقی اور علوم کی تحصیل کے لیے عقلی اور حواسی ذرائع پر انحصار کرنے والے ''جدید'' انسان تھے اور جن میں سے اکثر مذہب کو ان کے بانیان کے نفسیاتی اختلال کا شاخسانہ سمجھتے تھے۔ سو اقبال کا تخاطب کسی مسلم معاشرے کے افراد سے نہ تھا۔

یہ مقالہ کسی تبلیغی مشن کے حصّے کے طور پر نہیں پڑھا گیا۔ انھوں نے انسان کی زندگی کو جن حصوں میں تقسیم کیا ہے' اگر منطقی طور پر اس کا اطلاق اسلام کے سوا کسی بھی اور مذہب پر کیا جائے تو غالباً یہ تقسیم درست ثابت ہوگی۔ اگر مذہب اسلام کے بارے میں یہ تقسیم غلط ہے تو جو نقطہ ہائے نگاہ تبصرہ نگاروں نے پیش کیے ہیں، وہ بھی تسلی بخش معلوم نہیں ہوتے۔

مصنف کے نزدیک' اس خطبے کی اہمیت اعتراضات کے باعث کم نہیں ہو جاتی۔ اس کی اہمیت تب بھی تھی جب یہ پڑھا گیا اور اب بھی ہر اعتبار سے اہمیت ہے' کیونکہ گزشتہ ۷۵ برسوں میں کرۂ ارض کی حالت نہیں بدلی۔ اقبال نے اس خطبہ میں مغرب کے جدید انسان اور مشرق کے مسلمان دونوں کی نفسیاتی کیفیت اور خصوصی طور پر مایوسی کا ذکر کیا ہے۔ انھوں نے مخاطبین کو احساس دلانے کی کوشش کی ہے کہ ہر مذہب کے اعلیٰ مدارج میں ارفع مذہب کا تصور موجود ہے جو اس کے عقیدے' عبادات اور ضوابط ظاہری سے بلند تر ہے۔ اسی کے تحت ہر مذہب نسل انسانی کی بنیادی وحدت اور انسانیت کی خدمت کی تعلیم دیتا ہے۔ لیکن بقول اقبال' اگر ''حق'' کے وجود یا عمل کے بارے میں سوچوں میں اختلاف ہو تو ہم اپنے عقائد پر قائم رہتے ہوئے انسانیت ہی کی فلاح و بہبود کی طرز پر اپنی زندگی بسر کر سکتے ہیں کیونکہ یہی مذہبی یا روحانی تجربہ کی معراج ہے اور اسی کے فروغ میں انسانیت کی بقا اور اسی بنا پر انسانیت کو مذہب کی ضرورت ہے۔

جاوید اقبال بتاتے ہیں کہ اپنی وفات سے چند ماہ پیشتر یعنی یکم جنوری ۱۹۳۸ء کو نئے سال کی آمد پر

اقبال کا جو پیغام ریڈیو اسٹیشن لاہور سے نشر ہوا وہ، جسے ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسانیت سے ان کا آخری خطاب تھا' ایک اعتبار سے اسی خطبہ کی بازگشت تھا۔ اقبال نے فرمایا:

''عہدِ حاضر علم و دانش اور سائنسی اختراعات میں اپنی بے مثال ترقی پر بجا طور پر فاخر ہے۔ آج زمان و مکاں کی تمام وسعتیں سمٹ رہی ہیں، اور انسان فطرت کے راز افشا کر کے اس کی قوتوں کو اپنے مقاصد کی خاطر استعمال کرنے میں حیرت انگیز کامیابیاں حاصل کر رہا ہے۔ لیکن ترقی کے باوجود اس زمانے میں استعمار نے نہ جانے کیا کیا نقاب اوڑھ رکھے ہیں کہ ان کے سبب دنیا میں ہر جگہ قدرِ حریت اور شرفِ انسانیت کی مٹی پلید ہو رہی ہے کہ تاریخ عالم کا کوئی تاریک سے تاریک ورق بھی اس کی مثال پیش نہیں کر سکتا۔

اس دنیا میں انسانیت کی بقا، انسانیت کے احترام کو ملحوظِ خاطر رکھنے سے ہی ممکن ہے۔ پس صرف ایک ہی قسم کا اتحاد قابل عمل ہے اور اس کی بِنا اخوتِ انسانی ہے جو نسل، قومیت، رنگ و زبان سے بالاتر ہے۔ ہمیں نئے سال کی ابتداء اس دُعا سے کرنا چاہیے کہ خداوند کریم دنیا کے حاکموں کو انسانیت اور نوع انسان کی محبت عطا فرمائے۔''

جاوید اقبال نے کتاب کی تالیف میں یکسانیت اور صراحت کو ملحوظ رکھا ہے جو درج بالا مثالوں سے بالکل عیاں ہے۔ چونکہ علامہ کا فکری نظام مربوط ہے جو مسلسل ارتقا پذیر رہا ہے لہٰذا اس کا ساتھ دینا اور اس کے معیار میں مطابقت پیدا کرنا ایک مشکل امر ہے لیکن کتاب زیرِ نظر اس کی عمدہ پاسداری کا بیان ہے۔ مآخذ و حواشی قابل قدر اور واضح ہیں۔ مصنف نے عرق ریزی سے اقبال کی فکر پر اٹھائے گئے اعتراضات اور تبصروں کا نہ صرف جائزہ لیا ہے بلکہ ان کے تصورات کو ممکنہ حد تک واضح بھی کیا ہے۔

کسی قابل ذکر کتاب میں اور خوبیوں کے ساتھ درست بلکہ فصیح زبان کا ہونا بھی ضروری ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے مصنف کا اپنا اندازِ بیاں بھی متاثر کن ہے بلکہ محتاط اور فلسفیانہ خصوصیات کا حامل ہے۔ یوں کہنا نامناسب نہ ہو گا کہ تحریر کا یہ طرز سلجھے ہوئے اور منطقی طریق کا آئینہ دار ہے جو مواد پر حاکمانہ قدرت کے بغیر ہاتھ نہیں آتا' اور یہ سب اس لیے کہ ڈاکٹر صاحب کے خون میں ہی فلسفہ کی آمیزش ہے اور فلسفیانہ زبان مبہم اور غیر واضح ہو ہی نہیں سکتی۔

تاریخ ادب و فلسفہ میں اگر کتاب میں لکھے ہوئے کسی واقعہ کا حوالہ نہ دیا جا سکے، تاریخوں پر اعتبار نہ کیا جا سکے' اقتباسات کی صحت مشکوک ہو، جن تحریروں کے زماں کے آغاز و ارتقا پر استدلال کیا گیا ہو ان کا انتساب ہی محتاجِ ثبوت ہو اور تضاد بیانی سے کتاب بھری ہو تو آخر اس کتاب کا مصرف کیا ہو گا! لیکن کتاب

پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ محنت کی گئی ہے۔اس کے نقطۂ نظر اور طریق سے اختلاف کیا جا سکتا ہے مگر انکار نہیں۔ حوالہ جات عمدہ اور تحقیق کے لحاظ سے قابل قبول بلکہ قابل تعریف ہیں۔ مآخذ واضح ہیں اور غیر معتبر بھی نہیں۔ غیر معتبر راوی اور حوالے سے کہیں بھی استفادہ نہیں کیا گیا۔ مصنف نے اپنی تحریر میں تاریخ روایات کا خاص خیال رکھا ہے۔ زبان مبالغے اور عبارت آرائی سے پاک ہے۔ اندازِ بیاں موضوع کی مناسبت سے اختیار کیا گیا ہے۔

جاوید اقبال نے اقتباسات صحت متن کے ساتھ درج کیے ہیں اور جو بھی انداز اختیار کیا ہے، چاہے وہ دفاعی ہو یا جارحانہ، ایک تاثر لیے ہوئے ہے۔ مغربی اور اسلامی فکر و فلسفہ پر مصنف خود بھی ایک سند مانے جاتے ہیں۔ مزیدٗ ان علوم کے ماہرین سے استفادے کا بھی ذکر ایمان داری سے کیا ہے۔ اسلامی فلسفیانہ روایات کو ملحوظ رکھتے ہوئے خلوصِ نیت اور بیبا کی سے اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کیا ہے جو فلسفہ کی درخشندہ روایت ہے، جہاں سچ بول کے ہی سقراط بنا جاتا ہے۔

کتاب میں ہمیں کہیں بھی تقلید نظر نہیں آتی۔ وسیع مطالعہ اور آزادانہ غور و فکر کے سہارے موضوع کے تمام اہم گوشوں اور مباحث کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ انھوں نے ذیلی، ضمنی اور اضافی مآخذ تک جو رسائی کی ہے وہ ان ہی کا کمال ہے کہ اُلجھے ہوئے دقیق نکات کو اقبال کے عام قاری کے لیے صاف اور روشن کر دیا۔ ایسے کام اور کاوشیں بار بار نہیں ہوسکتیں۔ میرے خیال میں یہ تصنیف مستند ہے اور محنت کی داد نہ دینا ظلمِ عظیم کے مترادف ہوگا۔ موضوع کی تفہیم و تعبیر اور مباحث کی جامعیت کے لحاظ سے یہ بلا شک و شبہ قابل فخر کتاب ہے۔

☆☆☆

☆ ڈاکٹر جاوید اقبال، خطباتِ اقبال: تسہیل و تفہیم (لاہور: سنگ میل پبلیکیشنز، اقبال اکادمی پاکستان، اشاعت اوّل ۲۰۰۸ء)

محمد اسلم بھٹی

اپنا گریباں چاک ـــــ ایک اجمالی جائزہ

انسان کی کھوپڑی میں ایک عجیب شکل اور رنگت کا گودا یا لوتھڑا ہے۔ ایک دماغ والا کسی جاندار کا دماغ بڑے شوق سے کھاتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ ذائقے دار بھی ہے۔ اس لوتھڑے میں وہ کیا کمال ہے کہ انسان کمالات دکھاتا رہتا ہے؟ انسان کائنات کے بارے سوچتا ہے تو کبھی خالق کائنات پر مگر اس لوتھڑے کی تخلیق پر کیوں نہیں سوچتا؟ انسان سورۃ یٰسین کا مطالعہ کرے تو اس میں انسان کی حقیقت کی پہچان ایک لفظ "نطفہ" کے استعمال سے کرائی گئی ہے اور ساتھ انسان کے زمین پر لڑائی، جھگڑے اور فسادات کا ذکر بھی ہے۔ مذکورہ امور غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں۔ غور و فکر کرنے والا انسان اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو جلا بخشے تو خود نوشت کی صورت میں بڑے بڑے حقائق اور انکشافات جنم لے سکتے ہیں۔ تصنیف "اپنا گریباں چاک" کا مطالعہ کیا جائے تو بہت بڑے حقائق منکشف ہی نہیں ہوتے بلکہ حکمت و دانش سے لبریز باتیں بھی راز فشا ہوتی ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے اس کتاب کے آغاز میں زندگی پر ایسی فلسفیانہ گفتگو کی ہے کہ انسان دنگ رہ جاتا ہے۔ زندگی کیا ہے؟ اس کے متعلق بڑے بڑے شعرا، ادباء، فیلسوف، عالم اور حکما اپنے اپنے خیالات پیش کر چکے ہیں مگر جاوید اقبال کے نزدیک: "وقت کے قدیم ہونے کے مقابلے میں انسان کی زندگی کی مدت نہایت قلیل ہے۔ اس کی ابتدا تاریکی سے روشنی میں آنے اور اختتام پھر تاریکی میں واپس چلے جانے کا علم ہے۔ تاریکیوں کے درمیان روشن وقفے کا نام زندگی ہے۔" ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی زندگی میں ایک کمی محسوس کرتے تھے جو نہ پوری ہوئی تھی اور نہ کبھی ہوگی، جو بالآخر ان کی "انا" کی نشو و نما میں مداخلت کا درجہ اختیار کر گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ "بچپن میں باپ کے حوالے سے پہچانا گیا تو میں نے برا نہیں منایا کیوں کہ مجھے علم ہی نہ تھا کہ وہ کون ہیں اور کیا کرتے ہیں۔ جوان ہوا تب بھی باپ کے حوالے سے پہچانا گیا۔ زندگی میں اچھا برا اپنا مقام پیدا کیا تب بھی باپ کے حوالے سے پہچانا گیا تو مجھے بہت بُرا لگا۔ اب بوڑھا ہو چکا ہوں تب بھی باپ کے حوالے سے میری شناخت ہوتی ہے۔ عجیب اتفاق ہے میرے والد کے پرستاروں نے مجھے بڑا ہونے نہیں دیا۔ ہمیشہ چھوٹا سا بچہ ہی سمجھا گیا۔"

یہ کتاب تیرہ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب کا عنوان 'جنم پتری'' ہے۔ اس باب میں ان کی تاریخ پیدائش، مقام، وقت اور ان کے زائچے کا ذکر ہے جو علامہ اقبال کے دوست راجہ سر زیندر ناتھ جو ایک جوتشی تھا، نے بنایا تھا۔ وہ اپنے سوتیلے بہن بھائی اور اقبال کی پہلی بیوی سے علیحدگی کے متعلق بھی لکھتے ہیں کہ ان کی پہلی

بیوی سے علیحدگی کیوں ہوئی۔ اس بارے میں جو کچھ بھی تحریر کیا گیا' زیادہ تر قیاس آرائیوں پر مبنی ہے۔ اس زوجہ سے ان کے ہاں دو بچے پیدا ہوئے: معراج بیگم اور آفتاب۔ معراج بیگم جوانی ہی میں رحلت فرما گئیں۔ اقبال کی پہلی بیگم سے علیحدگی پر محققین کی مختلف آراء ہیں۔ حقیقت سے اگر جاوید آشنا نہیں تو لگتا ہے کوئی بھی نہیں ہوگا۔ عطیہ فیضی کے نام لکھے گئے خطوط سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی خواہش کے برخلاف شادی کا فیصلہ ٹھونسا گیا تھا۔

اقبال کی دوسری بیوی کا نام سردار بیگم تھا۔ اس کے بطن سے جاوید اقبال اور منیرہ پیدا ہوئے۔ اس کتاب سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ اقبال صوفیاء کے سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔ اس سلسلہ کے صوفی بزرگ سرہند شیخ احمدؒ کے مزار پر حاضری دیتے ہوئے اولاد نرینہ کی منت بھی مانی تھی اور بعد میں جاوید اقبال کو ساتھ لے کر حاضر بھی ہوئے تھے۔ جاوید اقبال 117 میکلوڈ روڈ والے گھر کا جغرافیائی حدود اربعہ یوں بیان کرتے ہیں: ''گھر میکلوڈ روڈ سے قدرے پیچھے ہٹ کر بنا تھا۔ اس کی مشرق کی سمت چھوٹا سا قبرستان تھا' جس کے ساتھ پارسی سیٹھ سدھوا کے ایکسلیئر ہوٹل کی سہ منزل عمارت تھی۔ مغرب کی طرف ڈاکٹر نہال چند کی کوٹھی تھی اور تیسرے حصہ میں غریب نومسلموں (جنھیں مصلّی کہتے تھے) کا محلّہ تھا۔ شمال مغرب میں اس گھر کی حد بندی کے پار دیال سنگھ کالج کی گراؤنڈ تھی۔'' اپنے گھر کا نقشہ اس طرح کھینچا گیا ہے کہ تمام کمرے' برآمدے' افراد اور ملازمین کے علاوہ کچن' غسل خانوں اور زنان خانوں کے مناظر بھی بیان کردیے ہیں۔ علاوہ ازیں اپنے بچپن کے دوست اور حسین یادوں کے متعلق لکھتے ہیں کہ سیٹھ صاحب کے ہوٹل میں ایک خوب صورت انگریز خاتون بھی آکر ٹھہریں جو گوروں کی میزبانی کرتی تھیں۔ ان کی بیٹی بھی ہم سب کے ساتھ کھیلا کرتی...... ایک دن کرکٹ کا گیند میرے والد کے کمرے کی کھڑکی کا شیشہ توڑ کر اندر جا گرا۔ اس روز سے کرکٹ کھیلنے پر پابندی لگادی گئی...... کبھی کبھار والد چھت پر آجایا کرتے اور ہمارے ساتھ پتنگ بازی میں شریک ہوتے...... میرا جنم دن نہیں منایا جاتا تھا لیکن میری ماں اس روز قربانی کا بکرا ضرور دیتی تھیں...... والد خود تو کسی قسم کا خون بہتے نہ دیکھ سکتے تھے لیکن مجھے حکم تھا کہ قربانی کے روز بکرا ذبح ہوتے وقت موقع پر موجود رہوں۔ ان کے بڑے بھائی آفتاب کے اپنے والد اقبال کے ساتھ تعلقات استوار نہ تھے اور نہ ہی وہ میکلوڈ روڈ والے گھر آیا کرتے تھے اور نہ ہی ان کا ذکر ملتا ہے' سوائے ایک دن کے واقعہ کے جس کے متعلق ان کا کہنا ہے: ''ایک آدھ بار بھائی آفتاب سے ملاقات ہوئی اور علی بخش نے مجھے بتایا کہ یہ تمہارے بڑے بھائی ہیں۔ ان سے ہاتھ ملاؤ۔ میں نے ان کے کندھے پر بیٹھے بیٹھے بھائی آفتاب کی طرف ہاتھ بڑھادیا' مگر دل میں سوچا کہ یہ میرے بھائی کیسے ہوسکتے ہیں' یہ مجھ سے بہت بڑے ہیں۔''

اس کتاب کے مطالعہ سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ اقبال کی دوسری بیوی سردار بیگم بھی ایک

سادہ اور معاشرتی روایات کی پاس دار، خالصتاً مشرقی اور مذہبی خاتون تھیں۔ وہ قرآن شریف اور نسوانی رسائل پڑھتے ہوئے دکھائی دیتی ہے تو کبھی انگریزی سیکھنے کی کوشش کرتی ہے۔ وہ ضعیف الاعتقاد اور توہم پرست بھی دکھائی دیتی ہے مگر وہ اس بات سے خود بھی آگاہ نہیں کہ وہ کتنی بڑی شخصیت کی بیوی ہے بلکہ اس کی سادگی اور معصومیت قابل دید ہے کہ ایک سادہ اور ست خاوند کی کاہلی کو کوستے ہوئے دکھائی دیتی ہیں۔ وہ اپنے گھر کا مذہبی رنگ یوں بیان کرتے ہیں: ''ماہ رمضان میں گھر میں والدہ اور دیگر خواتین باقاعدہ روزے رکھتیں اور قرآن شریف کی تلاوت کرتیں۔ گھر کے ملازم بھی روزے رکھتے۔ البتہ میرے والد شاذو نادر ہی روزہ رکھتے تھے، اور جب رکھتے تو ہر چند گھنٹوں بعد علی بخش کو بلوا کر پوچھتے کہ افطاری میں کتنا وقت باقی ہے...... جب عید کا چاند دکھائی دیتا تو گھر میں بڑی چہل پہل ہو جاتی...... سر پر تلے کی گول مخملی ٹوپی پہنتا اور کلائی پر باندھنے کے لیے مجھے ایک سونے کی گھڑی بھی دی جاتی جو افغانستان کے بادشاہ نادر شاہ نے مجھے تحفہ کے طور پر بھیجی تھی...... ان کی انگلی پکڑے شاہی مسجد میں داخل ہوتا اور ان کے ساتھ عید کی نماز ادا کرتا۔ نماز سے فارغ ہو کر میرے والد بمطابق معمول بارود خانہ میں میاں نظام الدین (منیرہ کے شوہر میاں صلاح الدین کے نانا) کی حویلی میں ان کے ساتھ کچھ وقت گزارتے۔ گھر واپس آکر والد کی عادت تھی کہ وہ عید کے روز سویوں پر دہی ڈال کر کھایا کرتے تھے۔'' مذکورہ اقتباس سے گھر کی مذہبی رسمیات دکھائی دیتی ہیں اور اقبال کی شخصیت کے چند پہلو بھی ابھر کر سامنے آتے ہیں اور نادر شاہ جیسے حکمران سے اچھے مراسم بھی دکھائی دیتے ہیں۔ وہ اپنے دادا شیخ نور محمد عرف نتھو کے حوالے سے نتھو کی وجہ تسمیہ بھی بیان کرتے ہیں اور محلہ چوڑی گراں کا بھی ذکر ہے جہاں دونوں باپ بیٹے کا بچپن بھاگتا پھرتا دکھائی دیتا ہے۔ اپنے والد محمد اقبال کے مرغوب کھانوں مثلاً پلاؤ، زردہ، مرغ قورمہ، شامی کباب، کریلے گوشت، آلوؤں کا بھرتا، فرنی اور خمیری روٹیوں کے ذکر کے علاوہ پسندیدہ پھل کے بارے ان کا کہنا ہے کہ گرمیوں کی دوپہر میں میاں نظام الدین، میاں امیر الدین، میاں ایم اسلم، محمد دین تاثیر وغیرہ کے ساتھ سایہ دار درختوں کے جھنڈ میں بیٹھ کر آم کھاتے تھے۔ جاوید اقبال نے پانچوں جماعت میں سنٹرل ماڈل سکول میں داخلہ لیا۔ اس سے قبل سینٹ فرانسس سکول، انارکلی (جس کے پہلو میں مقدسہ مریم بے داغ گرجا گھر بھی ہے) میں ایک سال پڑھا اور وہاں کے استاد ماسٹر تاراچند سے بہت متاثر ہوئے تھے۔

یہ خودنوشت یا آپ بیتی ایک بہتی ندی کی مانند ہے۔ اس کا تسلسل اور روانی ندی کے بہتے ہوئے پانی کی حیثیت رکھتا ہے۔ ندی کے بہاؤ کی سمت سفر کرنے سے اس کے کناروں پر ہری ہری گھاس، اونچے اونچے پیڑ، دائیں بائیں سرسبز کھیت، ان کھیتوں میں مختلف اقسام کے پھلوں کے باغات اور بڑے دل کش اور حسین وجمیل مناظر دکھائی دیتے ہیں تو انسان ان مناظر کے سحر میں گم ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس کتاب کے مطالعے سے قاری مصنف کی زندگی کے حالات، واقعات اور دل چسپ عبارت سے لطف اندوز ہوتا ہے اور اپنے

گردوپیش سے بے خبر ہو کر اضطرابی کیفیت کے عالم میں مطالعاتی سفر میں دل چسپی بڑھانے لگتا ہے۔ اس سفر کے کئی مقامات پر قاری کی آنکھوں میں آنسو بھی چھلک پڑتے ہیں۔ ایک مقام پر وہ بیان کرتے ہیں: ''شام کے قریب جب مجھے ان کے پاس لے جایا گیا تو وہ بستر پر بے ہوش پڑی تھیں۔ میں نے ان کے حلق میں شہد ٹپکایا اور روتے ہوئے کہا' اماں میری طرف دیکھیے۔ آپ نے آنکھیں کھول کر لحظہ بھر کے لیے میری طرف دیکھا اور پھر آنکھیں بند کرلیں۔ اسی شام انھوں نے غشی کے عالم میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور رات کو بی بی پاک دامن کے قبرستان میں دفنا دی گئیں۔ جب ان کی قبر کھودی جا رہی تھی تو والد قریب کے درخت تلے سوٹی کی ٹیک لیے بیٹھے تھے۔ میں نے انھیں کبھی پہلے اس قدر مغموم حالت میں نہ دیکھا تھا۔''
سردار بیگم کی بے وقت موت نے اقبال کو پژمردہ سا کر دیا تھا۔ زندگی کے سفر میں اس مقام پر اقبال کو اندر سے توڑ دیا تھا جس کے بعد ان کی زندگی کے شگفتہ دریچے وا نہ ہو سکے اور خوش مزاجیاں بحال نہ ہو سکیں۔ قارئین کو رونے پر مجبور کرنے والا یہ اقتباس دیکھیے: ''مجھے خوب یاد ہے کہ جس وقت والدہ فوت ہوئیں اور ان کی میت گھر میں پڑی تھی تو ہم دونوں بھائی بہن ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے روتے روتے والد کے کمرے میں گئے۔ وہ حسب معمول اپنی چارپائی پر نیم دراز تھے کیوں کہ ان ایام میں خود بھی بیمار رہتے تھے۔ گلا بیٹھ چکا تھا اور صاف بول نہ سکتے تھے۔ میں اور منیرہ دروازے تک پہنچ کر ٹھٹک سے گئے۔ یوں روتے کھڑا دیکھ کر انھوں نے انگلی کے اشارے سے ہمیں قریب آنے کو کہا اور جب ہم ان کے قریب پہنچے تو ایک پہلو میں مجھے اور دوسرے پہلو میں منیرہ کو بٹھالیا...... تمھیں یوں نہ رونا چاہیے۔ یاد رکھو' تم مرد ہو اور مرد کبھی نہیں رویا کرتے۔ اس کے بعد زندگی میں پہلی بار انھوں نے ہم دونوں بھائی بہن کی پیشانیوں کو باری باری چوما۔''

اس خودنوشت سے اقبال کے عارضہ قلب' دمہ' گلے کی تکلیف' شعری تصانیف کی رائلٹی اور نواب بھوپال کے مقرر کردہ پانچ سو روپے وظیفہ اور وکالت کے چھوڑ دینے جیسی معلومات کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ علامہ کی تکلیف اور شعر کی آمد کے وقت ان کی متغیر پذیر کیفیت کے متعلق لکھتے ہیں: ''وہ رات گئے تک جاگتے رہتے تھے کیوں کہ انھیں عموماً رات کو تکلیف ہوتی تھی اور جب شعر کی آمد ہوتی تو ان کی طبیعت اور بھی زیادہ خراب ہو جایا کرتی۔ چہرے پر تغیر رونما ہو جاتا۔ بستر پر کروٹیں بدلتے۔ کبھی اٹھ کر بیٹھ جاتے اور کبھی گھٹنوں میں سر دے دیتے۔ اکثر اوقات وہ رات کو دو یا تین بجے علی بخش کو تالی بجا کر بلاتے اور اسے اپنی بیاض اور قلم دوات لانے کو کہتے۔ جب وہ لے آتے تو بیاض پر اشعار لکھ دیتے۔ اشعار لکھ چکنے کے بعد ان کے چہرے پر آہستہ آہستہ سکون کے آثار نمودار ہو جاتے۔''

اس کتاب میں ایک خاص قابل ذکر نام آنٹی ڈورس کا ہے جسے ''آپا جان'' کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ وہ ایک جرمن خاتون تھیں اور اس کے ذمے جاوید اقبال اور منیرہ کی دیکھ بھال کرنا تھی۔ انھوں نے اپنے

فرائض تادم مرگ بڑے احسن طریقے سے نبھائے۔ ۲۱/اپریل ۱۹۳۸ء کو اقبال کی وفات کے بعد باپ کے سائے سے آزاد ہوئے۔ ایم اے انگریزی کیا۔ اس کے بعد ''راوی'' اور ''ادب لطیف'' جیسے رسائل میں ان کے مضامین اور افسانے چھپنے کا ذکر ہے۔

قیام پاکستان کے وقت مصنف تقریباً تیئس برس کے تھے۔ تقسیم کے حالات و واقعات اپنی آنکھوں سے دیکھے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں تاریخی رنگ بھی بدستور رکھائی دیتا ہے۔ البتہ فسادات نے مصنف کی زندگی پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے۔ ان اثرات کا اظہار ان کے افسانوں اور ڈراموں کے ذریعے بھی ہوتا ہے، جس کے متعلق وہ لکھتے ہیں: ''ہر حساس پڑھے لکھے شخص پر خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان، فسادات نے گہرا اثر چھوڑا۔ یہ بات تو کسی کے ذہن میں بھی نہ تھی کہ پاکستان کے وجود میں آنے پر اتنی جانوں کی قربانی دینا پڑے گی...... اسی طرح قائداعظم کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ اتنی خون ریزی کے بعد پاکستان بنے گا۔''

مصنف نے اپنی زندگی عیش و عشرت سے گزاری۔ کیمبرج یونی ورسٹی میں دوران تعلیم ٹینگو ڈانس بھی سیکھا اور مغربی طرز کے رقص وسرود میں دل چسپی اس قدر بڑھی کہ اینگلو انڈین لڑکیوں کے ساتھ رقص کرنا زندگی کا حصہ بن گیا اور مغربی تہذیب میں خود کو رنگ لیا۔ انھوں نے کیمبرج سے ''برصغیر میں مسلم سیاسی فلسفہ کا ارتقاء'' کے موضوع پر پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور ساتھ بیرسٹری کی ڈگری بھی حاصل کی۔

اس کتاب کے مطالعہ سے خودنوشت کے ساتھ سفرنامے کا احساس بھی ہوتا ہے کیوں کہ انھوں نے تقریباً ساری دنیا کی سیر کی۔ شاید ہی کوئی ایسا ملک ہو جو رہ گیا ہو۔ اپنے تمام اسفار کو اس طرح بیان کیا ہے کہ ایک سفرنامے کا گماں ہونے لگتا ہے۔ دوسرے رخ سے دیکھا جائے تو ان کی زندگی سفیر اسلام اور سفیر پاکستان کی حیثیت اختیار کر جاتی ہے۔ اس کتاب کا نصف حصہ پڑھنے کے بعد اس بات کا بھی احساس ہوتا ہے کہ یہ پاکستان کے سیاست دانوں، سیاست اور عدلیہ کی تاریخ ہے مگر گفت گو، تاریخی حقائق اور ذاتی مشاہدات کی ترتیب سے دل چسپی اور تجسس برقرار رہتا ہے۔

سکندر مرزا، ایوب خاں، قدرت اللہ شہاب، ذوالفقار علی بھٹو، یحییٰ خاں، جنرل ضیاء الحق، بے نظیر بھٹو، میاں نواز شریف جیسی شخصیات سے وابستہ تھے اور خاصے تعلقات تھے۔ عدلیہ کی گروہ بندی، مخالفتوں اور مخاصموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ سیاست دان عدلیہ میں کس طرح تبدیلیاں کرتے ہیں، اپنے مفادات کی خاطر کیسے کیسے جج تعینات کرتے ہیں اور جج صاحبان کی جی حضوریوں پر انکشافات کے پردے چاک ہوتے ہوئے دیکھ کر انسان کا دل اُمڈ آتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ''مگر اب میاں نواز شریف کی مسلم لیگی حکومت تھی۔ اس لیے اٹارنی جنرل چودھری محمد فاروق نے اعتراض کیا کہ ہم انھیں جج کیوں بنائیں، وہ تو پیپلز پارٹی کی مقرر کردہ

جج تھیں۔ چنانچہ ہٹائی گئیں۔ پس مسلم لیگی حکومت کے دوران ناصرہ کا جج بنایا جانا ممکن نہ تھا...... کیوں کہ ان کا پیپلز پارٹی سے کوئی تعلق نہ تھا۔ یہ پولیٹکل پارٹیوں کی آپس میں منافرت کے سبب میرٹ کا قتل تھا...... لاہور ہائی کورٹ کے مقدمے میں چیف جسٹس مولوی مشتاق حسین کی سربراہی میں بنچ نے بھٹو کو مجرم قرار دے کر انھیں پھانسی کی سزا سنائی...... جیسے میں عرض کر چکا ہوں کہ مولوی مشتاق حسین دوستی کے ساتھ دشمنی بھی پوری طرح نبھاتے تھے۔ دشمنوں کو کبھی معاف نہ کرتے تھے۔"

وہ اپنی سفری روداد بیان کرتے وقت اس ملک کے اختصار کے ساتھ تاریخی حقائق و واقعات یوں اسلوب کا حصہ بناتے ہیں کہ قاری کو محسوس ہوتا ہے کہ وہ کوئی اسلامی تاریخ کا مطالعہ کر رہا ہے۔ مثلاً اپنے ایک سفر کی روداد یوں بیان کرتے ہیں: "میدان کربلا دیکھ کر المیۂ کربلا نگاہوں کے سامنے پھرنے لگا۔ یہ سب مقامات خاموشی سے آپ کو دیکھتے رہتے ہیں۔ بصرے کی تاریخ کی اسلام میں عجیب وغریب اہمیت ہے۔ یہاں حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ کی فوجوں کے درمیان عبرت ناک جنگ جمل ہوئی...... بغداد ہی وہ شہر تھا جس کا ذکر الف لیلے میں ایک عجیب وغریب شہر کی صورت میں آتا ہے۔ جس کے بازار، حمام، محلات، باغات، کتب خانے اور مدرسے دنیا بھر میں مشہور تھے...... آخری عباسی خلیفہ معتصم باللہ کو ہلاکو خان کے حکم پر غالیچے میں لپیٹ کر ڈنڈے مار مار کر ہلاک کر دیا گیا تا کہ اس کے خون کا قطرہ زمین پر نہ بہے۔"

لکھنے کو بہت کچھ ہے بلکہ بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے مگر اختصار کو ضامن تحریر قرار دیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ اس کتاب پر ایم اے کا مقالہ لکھا جا سکتا ہے کیوں کہ اس میں ڈاکٹر جاوید اقبال اور منیرہ کا بچپن، جوانی اور شادیوں کے ساتھ اقبال کی زندگی کے حقائق و واقعات اور خاص کر زندگی کا آخری حصہ قابل مطالعہ ہے۔ ڈاکٹر جاوید اقبال کے عدالتی فیصلے، دنیا کے اسفار، کانفرنسیں اور ان میں پڑھے گئے مختلف موضوعات پر مقالات اسلام اور پاکستان کی تشہیر کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ پاکستانی سیاست کا کلچر، سیاست دانوں کے کردار، اقربا پروری، عدلیہ کی گروہ بندی، عدلیہ کے مسائل اور مجبوریاں جیسے انکشافات بڑی جرات کی دلیل ہیں۔ اسفار کے ساتھ دوسرے ممالک کے سماجی حالات، قانون سازی، کھانے اور تہذیب و ثقافت سے بھی شناسائی ہوتی ہے۔ یہ کتاب سیاسی، سماجی، عدالتی، ذاتی اور داخلی و خارجی بلکہ بین الاقوامی سطح پر واقعات و حقائق کا ایک خزینہ ہے۔ جس سے ہر باشعور قاری کو مستفید ہونا چاہیے۔

☆☆☆

Volume:62 April 2015 to Dec. 2015 No. 2-4

IQBAL

Quarterly Journal of the Bazm-i-Iqbal

Editor:

Prof. Muhammad Haneef Shahid

Sub Editor (Honorary):

Dr. Muhammad Naeem Bazmi

BAZM-i-IQBAL
2-CLUB ROAD , LAHORE , PAKISTAN
PHONE : 042-99200851
bazmeiqbal@gmail.com